مجموعہ خواب نامہ صدیقی

حضرت مولانا پیرزادہ محمد صدیق صاحب نقشبندی مجددی

قریشی بک ایجنسی

۴۔ صادق مارکیٹ۔ ندیم شہید روڈ سمن آباد
لاہور

سلسلہ تالیفات قریشی بک ایجنسی لاہور نمبر ۸۴

مجموعہ خواب نامہ صدیقی

جسمیں

ہر قسم کے خواب کی تعبیر کے علاوہ متعدد مفید اور ضروری معلومات درج ہیں

حضرت مولانا پیرزادہ محمد صدیق صاحب نقشبندی مجددی

قریشی بک ایجنسی لاہور

فہرست مضامین مجموعہ خواب نامہ صدیقی

نمبر شمار	عنوان	صفحہ	نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱	سرورق	۱	۱۹	خواب مرض	۱۷
۲	فہرست مضامین	۲	۲۰	خواب بوجہ زیادتی خلط	۱۸
۳	دیباچہ	۵	۲۱	خواب بسبب بے اعتدالی دماغ	۱۸
۴	خواب اور اس کی حقیقت	۷	۲۲	خواب ہائے بیداری	۱۹
۵	حکیموں اور فلسفیوں کا عقیدہ	۷	۲۳	رویائے صادقہ۔ سچے خواب	۲۱
۶	خواب طبعی	۷	۲۴	نفس انسانی۔ نفس ناطقہ	۲۲
۷	خواب غیر طبعی	۷	۲۵	چند اہم رویائے صادقہ	۲۲
۸	اسلام اور خواب	۸	۲۶	احادیث و خواب	۲۴
۹	علم تعبیر خواب	۹	۲۷	حکمائے اشراقی کی رائے	۲۴
۱۰	حکمائے مشائین کا نقطہ خیال	۱۰	۲۸	صوفیائے عظام کا خیال	۲۵
۱۱	خواب پریشان	۱۰	۲۹	دیگر علمائے اسلام کا عقیدہ	۲۷
۱۲	خواب پریشان کیسے نظر آتے ہیں	۱۰	۳۰	متکلمین کے خیالات	۲۸
۱۳	باطنی حواس خمسہ	۱۱	۳۱	سرسید کا عقیدہ	۳۱
۱۴	حسِ مشترک	۱۱	۳۲	علمائے تعبیر خواب	۳۲
۱۵	قوت خیال	۱۲	۳۳	تصانیف متقدمین	۳۲
۱۶	وہم یا واہمہ	۱۴	۳۴	آداب برائے معبر	۳۳
۱۷	قوت حافظہ	۱۴	۳۵	آداب برائے صاحب خواب	۳۶
۱۸	قوتِ متصرفہ	۱۵	۳۶	خواب کی قسمیں	۳۷

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۳۷	فلسفیانہ اقسام	۳۷
۳۸	اقسام معبرین	۳۷
۳۹	اصل خواب	۳۷
۴۰	اقسام اضغاث	۳۸
۴۱	اقسام خواب دروغ	۳۸
۴۲	جھوٹے اور بے اصل خواب	۳۹
۴۳	فرق خواب بہ لحاظ مراتب	۴۰
۴۴	اوقات کا اثر خواب پر	۴۱
۴۵	سچے خوابوں کی تاریخیں۔	۴۲
۴۶	نقشہ ساعات روزانہ	۴۲
۴۷	نقشہ ساعات سعد و نحس	۴۳
۴۸	خواب فراموش کی یاد آوری	۴۵
۴۹	معبر کے لیئے دیگر ضروری ہدایات	۴۶
۵۰	عجائبات خواب	۴۷
۵۱	خواب اختیاری۔ طریق۔	۴۷
۵۲	خواب مبہم اور اس کی تعبیر	۵۰
۵۳	تعبیر خواب نامہ مجمل و غیرہ مفصل	۵۱
۵۴	ان خوابونکی تعبیر جنکے اول حرف (آ) آتا ہے	۵۳
۵۵	〃 〃 〃 〃 〃 (الف) 〃	۵۶
۵۶	〃 〃 〃 〃 〃 (ب) 〃	۶۵
۵۷	〃 〃 〃 〃 〃 (پ) 〃	۷۵
۵۸	〃 〃 〃 〃 〃 (ت) 〃	۷۸
۵۹	ان خوابوں کی تعبیر جنکے اول حرف (ٹ) آتا ہے	۸۰
۶۰	〃 〃 〃 〃 〃 (ث) 〃	۸۱
۶۱	〃 〃 〃 〃 〃 (ج) 〃	۸۱
۶۲	〃 〃 〃 〃 〃 (چ) 〃	۸۳
۶۳	〃 〃 〃 〃 〃 (ح) 〃	۸۴
۶۴	〃 〃 〃 〃 〃 (خ) 〃	۸۶
۶۵	〃 〃 〃 〃 〃 (د) 〃	۸۷
۶۶	〃 〃 〃 〃 〃 (ڈ) 〃	۹۰
۶۷	〃 〃 〃 〃 〃 (ذ) 〃	۹۱
۶۸	〃 〃 〃 〃 〃 (ر) 〃	۹۱
۶۹	〃 〃 〃 〃 〃 (ز و ژ) 〃	۹۳
۷۰	〃 〃 〃 〃 〃 (س) 〃	۹۶
۷۱	〃 〃 〃 〃 〃 (ش) 〃	۱۰۴
۷۲	〃 〃 〃 〃 〃 (ص) 〃	۱۰۴
۷۳	〃 〃 〃 〃 〃 (ض) 〃	۱۰۷
۷۴	〃 〃 〃 〃 〃 (ط) 〃	۱۰۷
۷۵	〃 〃 〃 〃 〃 (ظ) 〃	۱۰۷
۷۶	〃 〃 〃 〃 〃 (ع) 〃	۱۰۹
۷۷	〃 〃 〃 〃 〃 (غ) 〃	۱۱۰
۷۸	〃 〃 〃 〃 〃 (ف) 〃	۱۱۱
۷۹	〃 〃 〃 〃 〃 (ق) 〃	۱۱۲
۸۰	〃 〃 〃 〃 〃 (ک) 〃	۱۱۳

نمبرشمار	عنوان	صفحہ
۸۱	ان خوابوں کی تعبیر جنکے اول حرف (گ) آتا ہے	۱۱۶
۸۲	" " " " (ل) "	۱۱۹
۸۳	" " " " (م) "	۱۲۰
۸۴	" " " " (ن) "	۱۲۵
۸۵	" " " " (و) "	۱۲۸
۸۶	" " " " (ہ) "	۱۲۹
۸۷	" " " " (ی) "	۱۳۱
۸۸	علم قیافہ یا نوشتہ تقدیر	۱۳۲
۸۹	علم قیافہ مردانہ۔ انسانی بدن	۱۳۳
۹۰	زنانہ قیافہ۔	۱۴۵
۹۱	قیافہ یدین	۱۴۸
۹۲	قیافہ انگشت	۱۵۱
۹۳	قیافہ ہتھیلی	۱۵۲
۹۴	قیافہ ناخن	۱۵۳
۹۵	خطوط ید یعنی ریکھا	۱۵۸
۹۶	خط تقدیر	۱۶۴
۹۷	امریکہ کی پامسٹری	۱۶۸
۹۸	ریکھا شاستر یا سامدرک ودیا	۱۷۳
۹۹	خال۔ تل کا قیافہ	۱۷۶
۱۰۰	اعضاء کی پھڑکن کا قیافہ	۱۷۷

نمبرشمار	عنوان	صفحہ
۱۰۱	پاس انفاس یا سرودھا ودیا	۱۷۹
۱۰۲	منحوس تواریخ۔ کامیابی کے ایام	۱۸۳
۱۰۳	مبارک مہینے چور کی گم شدگی چور کی شناخت	۱۸۵
۱۰۴	ہار جیت مقدمہ۔ حساب ابجد شگون نیک و بد	۱۸۷
۱۰۵	سفر کی مبارک تاریخیں بہ لحاظ سمت	۱۸۹
۱۰۶	سفر کی منحوس تاریخیں بہ لحاظ سمت	۱۸۹
۱۰۷	سفر کے مبارک ایام اور شگون	۱۹۰
۱۰۸	سفر کے منحوس ایام اور شگون	۱۹۱
۱۰۹	شگون سفر۔ مبارک سفر منحوس ایام	۱۹۲
۱۱۰	مبارک آغاز۔	۱۹۳
۱۱۱	مہینوں کا اثر ولادت پر۔ یوم پیدائش کے اثر	۱۹۴
۱۱۲	بہ طریق دیگر	۱۹۴
۱۱۳	بچہ کا نام رکھنا بطریق نجوم	۱۹۷
۱۱۴	فالنامہ دیوان حافظ رحمۃ اللہ علیہ	۱۹۹
۱۱۵	رسالہ علم قیافہ	۲۰۱ تا ۲۰۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

خواب ایک عام چیز ہے۔ کہ اسے ہر ادنیٰ۔ اعلیٰ۔ بوڑھا۔ بچہ، مرد و عورت دیکھتا ہے پھر اس کا سلسلہ زمانہ آدم علیہ السلام سے لے کر تا ایں دم جاری ہے۔

علم تعبیر خواب' ایک اہم راز ہے۔ ایک شریف فن ہے'۔ جسے خداوند تعالیٰ نے اولاً اکثر انبیاء علیہم السلام کو عطا کیا۔ اور پھر علمائے امت محمدیہ کے حصے میں آیا۔ جو انبیاء کے حقیقی وارث و جانشین ہیں۔

متقدمین و متاخرین علماء میں سے ابن سیرین وغیرہ اکثر علمائے اکرام اس فن شریف کے حامل ہوتے آئے ہیں۔ اس لیے اس فن سے کسی نہ کسی حد تک واقف ہونا ہر مسلم کے واسطے ضروری ہے۔

علم تعبیر خواب کی مجمل اور مفصل کتب عربی اور فارسی زبانوں میں موجود ہیں۔ لیکن آج عوام تو کیا' خاص بھی اس خزانہ سے مستفید و مستفیض نہیں ہو سکتے۔

ان وجوہات کو مدنظر رکھتے ہوئے راقم الحروف نے ارادہ کیا۔ کہ ایک مکمل تعبیر خواب نامہ اُردو زبان میں تالیف کروں۔ اس پر جناب محمد حفیظ اللہ صاحب قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی لاہور کی فرمائش پھر اصرار۔ لہٰذا میں اس کار اہم پر کمربستہ ہو گیا۔ حتیٰ کہ آج بہ توفیق ایزد متعال اس کی تکمیل ہوتی ہے۔

یہ صحیح ہے کہ اردو زبان میں بھی چند خواب نامے موجود ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے۔ کہ وہ تشنہ اور نامکمل ہیں۔ پھر ان کا اسلوب و ترتیب بہ طرز قدیم ہے۔ جن سے لوگوں کا مطلب پورا نہیں ہوتا۔ اس لیے خاص و عام ایک مکمل و مفصل تعبیر خواب نامہ کے طالب اور متلاشی تھے پس الحمد للہ کہ آج وہی شاہد رعنا خلعت تکمیل سے آراستہ ہوتا ہے۔

ہم نے خواب کی جدول دینے سے پہلے بطور تمہید متعلقات۔ خواب بھی بالتفصیل درج کر دیئے ہیں۔ مثلاً فلسفہ خواب۔ کہ حکماء خواب کے متعلق کیا عقائد رکھتے ہیں۔ اور علمائے عظام

کی کیا رائے ہے۔

پھر علم تعبیر کی اہمیت، اس فن کے آئمہ اور ان کی تصنیفات کی فہرست بھی شامل کر دی ہے۔ اور اس کے بعد معبّر اور صاحب خواب کے آداب درج کر دیئے ہیں۔ تاکہ طالب ہر پہلو سے راہ نمائی کر سکے۔

ساعات سعد و نحس کی تفصیل بھی آ گئی ہے۔ اس طرح اقسام خواب، صادق و کاذب رویا کی شناخت کے طریق بھی بیان کر دیئے گئے ہیں۔ مراتب کے لحاظ بھی نوجوان کا فرق و امتیاز آشکارا کر دیا گیا ہے۔

پھر یہ بھی بتا دیا گیا ہے۔ کہ خواب پر زمانہ۔ فعل اور اوقات کا اثر بھی پڑتا ہے۔ نیز یہ کہ بہار و خزاں کے ایک ہی خواب کی تعبیریں کیوں باہم مختلف اور متضاد ہوتی ہیں۔ اور کن تاریخوں کے خواب سچے ہوتے ہیں۔

خواب فراموشی کی یاد آوری اور مجہول اور فہیم خرابیوں کی تعبیروں کے طریق بھی بتا دیئے گئے ہیں۔ عجائبات خواب کی تفسیر بھی دل چسپی سے خالی نہیں ہے۔

مفصل خواب نامہ سے پہلے ایک مجمل تعبیر نامہ بھی شامل کتاب کر دیا گیا ہے۔ جو مفاد سے خالی نہیں۔

پھر خواب نامہ کے بعد علم قیافیہ۔ پاس انفاس۔ قیافہ یدین وغیرہ متعدد و مفید و ضروری معلومات عجیبہ کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔

الغرض کتاب ہٰذا ہر پہلو سے دل چسپ اور مکمل بنا کر شائقین با تمکین کی خدمت اقدس میں پیش کی جاتی ہے۔ تاکہ اس سے کامل استفادہ ہو سکے۔

ہمیں امید ہے۔ کہ شائقین اور علم دوست احباب ان اوراق کے مطالعہ و ملاحظہ سے بے حد مسرور و محظوظ ہوں گے۔ اور اس کی نظیر صرف اسے ہی پائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

آخر میں آپ سے درخواست ہے۔ کہ آپ اس کتاب کی خصوصیات کا تذکرہ اپنے احباب سے بھی فرما کر انہیں اس کتاب کی خریداری پر آمادہ فرمائیں۔ فقط والسلام۔

راقم آثم

۱۰ فروری ۱۹۳۰ء { (پیرزادہ) محمد صدیق صدیقی ظفر والوی عفا اللہ عنہ۔

خواب اور اُس کی حقیقت

خواب ہر فرد و بشر دیکھتا ہے۔ خواب مردوں اور عورتوں کو آتے ہیں۔ خواب بچے، بوڑھے، نوجوان، جاہل، اور عالم، الغرض ہر درجہ ہر رتبے اور عمر کے انسان کو نظر آتے ہیں۔ لیکن حقیقت خواب سے بہت کم انسان واقف ہیں۔

حکیموں اور فلسفیوں کا عقیدہ } خواب کیوں اور کیسے نظر آتے ہیں؟ حکماء فلاسفہ یعنی علمائے طبعی ان سوالوں کا جواب حسب ذیل دیتے ہیں۔

فلسفیوں کے نزدیک خواب نظر آنے کی وجہ یہ ہے۔ کہ مرطوب انجرے بدن سے دماغ کی طرف چڑھتے ہیں۔ تو اسی سبب سے انسان کو مختلف قسم کے خواب نظر آتے ہیں۔ ان کا قول یہ بھی ہے۔ کہ جب انسان کے تمام حواس اور قوتیں آرام و سکون میں ہوتے ہیں۔ اور جسم بھی آسائش و راحت میں ہوتا ہے۔ نیز غذا ہضم ہو چکتی اور وہ جسم میں تحلیل ہو کر جزو بدن بن جاتی ہے تو بالعموم ایسے وقت آدمی کو خواب نظر آتا ہے۔ جسے خواب طبعی کہا جاتا ہے۔

قول ثانی یہ ہے۔ کہ جب روح، حواس کا استعمال چھوڑ دیتی ہے۔ تو پھر آدمی کو خواب نظر آتے ہیں۔

قول ثالث۔ خواب ایک دماغی اور طبعی فعل ہے۔ اس لیے کہ اس سے انسانی قوتیں آرام حاصل کرتی ہیں خصوصاً قوائے فکر و تخیل کو راحت ملتی ہے۔ ان ہر دو قوے کا تعلق روح نفسانی سے ہے۔ اور ان کا موضوع دماغ ہے۔ خواب سے روح نفسانی راحت پاتی ہے۔

حکماء کے نزدیک خواب کی دو اقسام ہیں۔ یعنی طبعی اور غیر طبعی۔

خواب طبعی۔ یہ خواب اندرونی گرمی کی حفاظت کرتا نیز حرارت غریزی پیدا کرتا ہے۔

خواب غیر طبعی۔ یہ تین قسم کے ہوتے ہیں۔ جن کی تفصیل یہاں غیر ضروری ہے۔

پھر خواب ایک فعل ہے۔ جس کا تعلق مغز سر کے ساتھ ہے۔ اور اس کی تفصیل حکمائے قدیم نے بھی اپنی تصانیف میں درج کی ہے۔

اسلام اور خواب

یورپ کے اہل علم کہتے ہیں۔ کہ انسان شروع سے جو کچھ دیکھتا ہے۔ ان کی صورتوں کے نقش دماغ پر رہ جاتے ہیں۔ اور یہی خواب میں نظر آتے ہیں۔ لیکن خواب کی اہمیت اور حقیقت ان اقوال سے بہت زیادہ بالاتر ہے ؎

ایمان نہیں وہ جنس جسے لے آئیں دوکان فلسفہ سے
ڈھونڈے سے ملے گی عاقل کو یہ قرآن کے سیپاروں میں

خواب درحقیقت سماوی اطلاع ہے۔ جس کے ذریعے خداوند تعالیٰ اپنے بندوں کو بشارت دیتا یا انہیں تنبیہ کرتا ہے۔ تاکہ وہ گناہ اور نقصان سے محفوظ رہیں۔ اور عبادت و نیکی کریں۔
انسان نے خواب ابتدا ہی سے دیکھا ہے۔ اکثر انبیاء اور بزرگان دین نے بھی اہم خواب دیکھے۔ پھر خدائے تعالیٰ نے اکثر پیغمبروں اور بزرگوں کو علم تعبیر عطا فرمایا۔
قرآن کریم اور حدیث شریف میں خواب (رویا) کا ذکر موجود ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خداوند تعالیٰ کا یہ حکم خواب ہی میں تو ہوا تھا۔ کہ فرزند کی قربانی کرو۔ اور وہ اس پر آمادہ ہو گئے۔ جیسا کہ بارھویں سیپارہ میں ذکر آتا ہے۔ اس سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام نے حضرت حوّا کو خواب میں دیکھا اور پھر بیداری میں۔
اسی طرح خداوند تعالیٰ نے بارھویں پارے میں فرمایا ہے۔ کہ ہم نے (حضرت) یوسف علیہ السلام کو علم تاویل الاحادیث یعنی علم تعبیر خواب سکھایا۔ آپ نے بھی گیارہ ستاروں اور آفتاب و ماہتاب کو سجدہ کرتے دیکھا تھا۔ اور آپ کے بھائی اسی وجہ سے آپ کے دشمن ہو گئے تھے۔
حضور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو قبل نبوت سب سے پہلے ایک مقرب فرشتہ خواب[1] میں نظر آیا۔ جس نے آنحضرت کو نبوت کی بشارت دی۔ اور آپ جب بیدار ہوئے۔ تو اس کی تعبیر صحیح

[1] روایت از حضرت عبداللہ بن عباسؓ۔

ہوئی۔ یعنی آپ کو پیغمبر بنا دیا گیا۔

حضرت رسول کریم نے بعد معراج بھی ایک خواب دیکھا۔ جس کا ذکر چھبیسویں پارہ میں موجود ہے۔ جو علماء جسمانی معراج کے قائل نہیں۔ بلکہ روحانی معراج کے معتقد ہیں۔ وہ معراج کو بھی خواب ہی بتاتے ہیں۔ جس کی دلیل لفظ "رؤیا" ہے۔ جو قرآن شریف میں اس موقع پر مذکور ہے۔ اور ظاہر ہے۔ کہ رؤیا کے معنی ہیں خواب۔

خدا تعالیٰ نے حضرت یوسف علیہ السلام کو تعبیر خواب کا علمی معجزہ عطا کیا۔ مگر وہ بالآخر پیغمبری معجزہ بن گیا۔ خواب صالحین بے شک و شبہ ان کے واسطے بشارت ہے۔ جیسا کہ حدیث شریف میں مذکور ہے۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ چناں چہ حدیث نبوی ہے کہ خواب صالح مرد، نبوت کا چھبیسواں ($\frac{1}{26}$) حصہ ہے

حضرت رسول کریم اکثر خواب دیکھتے رہے۔ اور وہ سب سچ ہوتے رہے۔ ان کے اور دوسرے پیغمبروں کے سوالوں کے جواب خدائے تعالیٰ کی طرف سے خواب میں مل جایا کرتے تھے۔

نبی کریم کا قول ہے۔ کہ "خواب ایک وحی ہے۔ جس کے ذریعہ خدائے تعالیٰ اپنے بندوں کو نیکی، بدی کی اطلاع کر دیتا ہے۔ تاکہ وہ حکم خداوندی سے غافل اور مغرور نہ ہو جائے۔

ایک موقع پر حضور رحمۃ اللعالمین نے فرمایا۔ کہ میرے بعد وحی کا سلسلہ تو منقطع ہو جائے گا۔ تاہم سلسلہ مبشرات قائم رہے گا۔ اور مبشرات سے مراد مردان صالح کے خواب ہیں۔

حضرت علی کرم اللہ وجہ کا قول ہے۔ کہ خواب بھی عجائبات قدرت میں سے ایک ہے۔ جو خیر و شر کی اطلاع دیتے ہیں۔ مذکورہ بالا تفاصیل سے خواب کی حقیقت اور تعبیر کی اہمیت بخوبی ظاہر ہے۔

علم تعبیر خواب خداوند تعالیٰ نے اپنے فضل خاص سے علم تعبیر خواب حضرت یوسف علیہ السلام اور پھر حضرت دانیال حکیم کو عطا فرمایا۔ اور پھر دیگر بزرگان عظام کو۔ پس اس سے اس علم و فن کی عظمت اور فضیلت ہویدا ہے۔ گویا معتبر علما،

---

[1] ابو الفضل حسین بن ابراہیم [2] چند دہریہ خیالات کے مسلمانوں کے علاوہ باقی سب مسلمان جسمانی معراج کے معتقد ہیں۔

وارث انبیار ہیں۔ کیوں کہ وہ لوگ انبیار کے علم کے حامل ہیں۔ ہمارے زمانہ کے جو علمار اس فن شریف سے تعلق رکھیں۔ انہیں بھی اس امر کا ضرور خیال رکھنا چاہیئے۔ کہ وہ علم تعبیر کی واقفیت حاصل کریں۔

حکمائے مشائین کا نقطۂ خیال

حکمار کا جو طبقہ علامات اور دلائل کے ساتھ بحث کرتا ہے۔ وہ مشائین کہلاتا ہے اس گروہ نے خواب کی اقسام بہ تفصیل ذیل بتائی ہیں۔

اوّل۔ خواب پریشان یا کاذبہ۔ یعنی بے اصل اور بے نتیجہ۔

دوم۔ بوجہ بیماری نظر آنے والے خواب۔ ان کا تعلق بھی تعبیر وغیرہ سے نہیں ہے۔

سوم۔ رویائے صادقہ۔ یعنی سچے خواب۔ درحقیقت تعبیر کا تعلق صرف ان ہی قسم کے خوابوں کے ساتھ ہے۔

(۱) خواب پریشان

خواب پریشان یہ ہے۔ کہ انسان سوتے ہوئے ایسی چیزیں اور واقعات دیکھے جو سامنے موجود نہ ہوں۔ یا غیر موجود آواز کو سنے۔ حالانکہ وہ بے خبر پڑا سو رہا ہو۔ اور اس کی آنکھیں بند ہوں۔ اور قوت سماعت بھی معزول اور بیکار ہو۔

اگرچہ ایسے خواب کا تعلق تعبیر سے نہیں ہے۔ تاہم یہ سوال کیا جا سکتا ہے۔ کہ آخر ایسا خواب کیوں نظر آتا ہے۔ اور اس کے اسباب و وجوہ کیا ہیں۔

خواب پریشان کیسے نظر آتا ہے } اس کا مجمل جواب یہ ہے۔ کہ قوت متصرفہ انسان کو خواب پریشان دکھاتی ہے۔

یعنی قوت حس مشترک پر نقوش بناتی اور گزشتہ یادداشت حافظہ سے نکال کر واہمہ (محل ادراک) میں لے آتی ہے۔ اور بس اسی کا نتیجہ خواب پریشان کا نظر آنا ہے۔

قوت متصرفہ۔ یہ باطنی پانچ قوتوں میں سے ایک قوت ہے۔

فلاسفروں نے دماغ کو تین حصص میں منقسم کیا ہے۔ اور ایسے ہر حصہ کو بطن کہا ہے۔
بطن اول۔ یہ بہ شکل مثلث ہے۔ اور سب سے بڑا ہے۔ یہ مقام ہے۔ حس مشترک اور خیال کا۔
بطن دوم۔ گول اور چھوٹا ہے۔ مقام قوت متصرفہ اور قوت واہمہ۔
بطن سوم۔ مربع نما شکل کا ہے۔ مقام قوت حافظہ۔

باطنی حواس خمسہ

ظاہری حواس خمسہ کی مانند (جس سے ہم دیکھتے، سنتے، سونگھتے، چھوتے اور چکھتے ہیں۔ باطن میں بھی پانچ حواس حسب ذیل ہیں۔ جن کے مقام دماغ کے اندر ہیں۔ جیسا کہ مذکور ہوا۔

(۱) حس مشترک۔ اس کا مقام ہے۔ بطن اول کا اگلا حصہ اور فرض (وظیفہ) یہ ہے۔ کہ اسے جو صورتیں ظاہری حواس (باصرہ۔ لامسہ وغیرہ) کے ذریعہ حاصل ہوں ان کا ادراک کرے، اور ان کو محسوس کرے۔ دراصل یہ قوت ہی مدرک بالذات ہے یعنی ظاہری حواس خمسہ محض آلات ادراک ہیں، اور بس۔

حس مشترک تمام محسوسات ظاہری کا مشترکہ مرکز ہے۔ اور چونکہ یہی قوت ادراک کا حقیقی ذریعہ ہے۔ اور اس کے بغیر انسان محسوس نہیں کرسکتا۔ لہذا اسے لوح النفس کا نام بھی دیا گیا ہے۔

آنکھ کسی شے کو اسی وقت تک دیکھتی ہے۔ جب تک وہ آنکھوں کے سامنے رہے۔ یعنی وہ جوں ہی آنکھ سے اوجھل ہو جاتی ہے۔ قوت باصرہ اسے دیکھ یا محسوس نہیں کرسکتی۔ مگر انسان شے کو اس کے بعد بھی محسوس کرتا ہے۔ پس یہ احساس یا ادراک حس مشترکہ ہی کے ذریعہ ہوتا ہے۔ یعنی اس شے کا نقش حس مشترک پر رہ جاتا ہے۔

اگر ہم روشن شمع کو دیکھ کر آنکھیں بند کرلیں۔ تو ہم روشنی کو پھر بھی محسوس

کریں گے۔ حالانکہ اس وقت ہماری قوت باصرہ کام نہیں کرے گی۔ پس یہ احساس و ادراک قوت حس مشترک ہی کے ذریعہ ہوتا ہے۔

یہی حال آوازاور سردی، گرمی کے اثر کا بھی ہے۔ جب ہمارے کان اور قوت لامسہ اپنے فرائض ادا کر چکتی ہیں۔ تو حس مشترک احساس کرتی ہے۔ کیوں کہ وہ اس سے پہلے آواز یا سردی گرمی کا نقش حاصل کر چکی ہوتی ہے۔

(۲) قوتِ خیال۔ مقام بطن اول کا پچھلا حصہ ہے۔ اور اس کا فرض یہ ہے۔ کہ حس مشترک سے محسوس شدہ صورتیں محفوظ رکھے۔ چنانچہ ایسی تمام صورتیں یہی محفوظ رہتی ہیں۔ اور اس کے حاصل و محسوس شدہ صورتوں کا خزانہ یہی ہے۔ خواہ وہ کسی ظاہری حواس کے ذریعہ محسوس کی گئی ہوں۔ صورتوں کی طرح آوازوں، خوشبویات وغیرہ کا خزانہ بھی اسی کے اندر جمع ہوتا ہے۔

حس مشترک جو کچھ کہ ظاہری حواس سے حاصل کرتی ہے۔ وہ اُسے محفوظ نہیں رکھ سکتی۔ کیوں کہ اس میں یہ قابلیت نہیں ہے۔ پس وہ اسے خیال کے حوالے کرتی ہے جو اسے محفوظ کر لیتا ہے۔ کیوں کہ اس میں یہ قابلیت موجود ہے۔ حس مشترک صرف ادراک کرتی ہے۔ اور قوت خیال صرف حفاظت۔

قوت خیال ہر قسم کی صورتوں اور تصویروں کا خزانہ ہے۔ پانچوں حواس جو جو کچھ دیکھتے، سنتے، چکھتے، سونگھتے اور چھوتے ہیں۔ ان کی تصاویر خیال کے خزانہ میں محفوظ ہو جاتی ہیں۔

جب ہماری آنکھ ایک چیز پر پڑتی ہے۔ تو حس مشترک اس کا ادراک کرتی، اور خیال اس کی تصویر دماغ کے اندر محفوظ کر لیتا ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ جب ہم اپنے مدت کے بچھڑے ہوئے کسی دوست کو دیکھتے ہیں۔ تو پہچان لیتے ہیں۔ کیوں کہ اس کی تصویر خیال کے مرقع میں محفوظ ہوتی ہے۔ اس سے بہت پیشتر ہماری آنکھ کے فوٹو نے اس کی تصویر لی تھی۔ حس مشترک نے اسے محسوس کیا تھا۔ اور خیال نے اس کی تصویر محفوظ کر لی تھی۔ پس اس کے ساتھ دوست کو ملا کر سمجھ لیا گیا۔ کہ یہ ہمارا پہلا

دیکھا ہوا دوست ہے۔

جانے پہچانے دوستوں کی تصویریں خزانہ خیال میں محفوظ ہوتی ہیں۔اس سے ان کو بے تکلف فوراً پہچان لیا جاتا ہے۔ اس طرح جو شخص مدت کے بعد نظر آتا ہے۔ اسے ہم ذرا دیر میں پہچانتے ہیں۔کیوں کہ اس کی تصویر خزانہ خیال میں دب جاتی ہے۔اس لیے دیر کے بعد اس کا خاکہ حس مشترک پر آتا، اور ہم اسے دیر میں شناخت کرتے ہیں۔

بہت سی صورتیں مدت دراز گزر جانے کے بعد خزانۂ خیال سے مٹ بھی جاتی ہیں اس محو ہو جانے کو اصطلاح میں ذہول کہتے ہیں۔

ذہول اور نسیان (بھول) میں فرق ہے۔ اور وہ نہایت نازک ہے۔

نسیان کی صورت یہ ہے۔کہ مدت گزر جانے کی وجہ سے ہر ایک چیز کو عارضی طور سے بھول جائیں۔مگر کوشش کر کے اور یاد دلانے سے یاد آجائے۔

مگر ذہول مستقل بھول ہے۔فراموش شدہ چیز پھر یاد نہیں آتی۔کیوں کہ اس کی تصویر خزانۂ خیال سے ہمیشہ کے لیے محو ہو جاتی ہے۔ مگر یہ قدیم فلسفیوں کے خیالات ہیں۔

فلسفہ جدید کا یہ دعوے ہے۔ کہ انسان اپنے یوم پیدائش سے لے کر آخری سانس تک جو کچھ دیکھتا، سنتا، سونگھتا، چکھتا اور چھوتا ہے۔ان سب کی تمثیل ہمارے ذہن میں محفوظ رہتی ہے۔یعنی وقت کی درازی ان کو بالکل محو نہیں کر دیتی بلکہ دھندلی اور تاریک کر دیتی ہے۔

یاد رہے کہ یہاں صورت یا تصویر کا مفہوم وہ ذہنی تمثیل ہے۔جو کسی چیز کے دیکھنے، کسی آواز کے سننے، کسی خوشبو کے سونگھنے، کسی شے کے چکھنے یا کسی چیز کے چھونے سے خیال کو حاصل ہوتی ہے۔

الغرض قوت خیال میں اشیاء کے نقوش موجود ہونے ہی کا یہ نتیجہ ہے۔ کہ ہم سابقہ دیکھی ہوئی اشیاء کو پہچان لیتے ہیں۔ ورنہ دوسری صورت میں یہ محال ہوتا یعنی قوت خیال کے فقدان کی صورت میں۔

(۳) وہم یا واہمہ

مقام درمیانی بطن کا پچھلا حصہ۔ لیکن دراصل یہ قوت تمام دماغ پر چھائی رہتی ہے۔

قوت وہم کا فرض یہ ہے۔ کہ یہ معانی جزئیہ کا ادراک کرتی ہے۔ چنانچہ شخصی عداوت یا محبت کے جذبات کا ادراک اس کا وظیفہ ہے۔

معانی جزئیہ وہ ہے۔ جس کا مفہوم صرف ایک ہی شخصیت تک محدود ہو۔ مثلاً زید ایک شخص واحد ہے۔ جس سے مراد صرف اور کوئی ذات وغیرہ نہیں۔ اس کے خلاف لفظ انسان، جس سے تمام انسان مراد ہو سکتے ہیں یا گھوڑے جس سے بہت سے گھوڑے سمجھے جا سکتے ہیں۔ پس یہ مفہوم یا معانی کل ہے۔

قوت وہم انسان پر سخت غالب ہے۔ حتیٰ کہ یہ بسا اوقات عقل پر بھی غالب آجاتی ہے۔ اس کی ایک سادہ مثال یہ ہے۔ کہ اگر کسی نالے پر دو تین فٹ چوڑا تختہ پل کی بجائے رکھا ہو تو وہ اس پر چلنے سے ڈرتا ہے۔ اور اسے وہم ہو جاتا ہے۔ کہ وہ دریا میں گر پڑے گا۔

حالانکہ عقل کا فتوٰے یہ ہے۔ کہ اس قدر عرض کے تختے پر چلنے سے کچھ نقصان نہیں ہوگا۔ مگر وہم غالب آکر انسان کو اس سے باز رکھتا ہے۔

تفصیل مذکورہ بالا سے ظاہر ہے۔ کہ قوت واہمہ آدمی کو احتیاط کا سبق دیتی رہتی ہے۔ نیز ہر وقت اس کی حفاظت کرتی ہے۔ اور اس واسطے انسان عقل کی طرح اس کا بھی محتاج ہے۔ لیکن اگر وہم عقل کو مستقل طور پر مغلوب کر لے۔ تو یہ خطرناک صورت ہے۔ اس اجمال کی تفصیل آئندہ آئے گی۔

۴۔ **قوت حافظہ**:۔ مقام بطن سوم ہے۔ اور اس میں وہ معانی جزئیہ جمع ہوتے رہتے ہیں۔ جو وہم کے ذریعہ حاصل ہوتے ہیں۔ پس یہ قوت واہمہ کا خزانہ ہے۔

واہمہ معانی جزئیہ کا مقام ادراک ہے۔ جیسا کہ پہلے بھی لکھا جا چکا ہے۔ پس

حافظہ میں صحیح شدہ معانی جُزئیہ نفس انسانی کے سامنے اسی صورت میں آسکتے ہیں ۔ جب خزانہ حافظہ سے نکل کر واہمہ میں آجائیں۔

واہمہ حسِّ مشترک سے مشابہ ہے۔ اسی طرح کہ۔

جب صورت مطلوب خزانہ خیال سے نکل کر حسِّ مشترک پہ آتی ہے۔ تو نفس اس کا ادراک کرتا ہے ۔ اور جب مطلوب خزانہ حافظہ سے نکل کر واہمہ پہ آتی ہے تو نفس اس کا ادراک کرتا ہے۔

تمام معانی اور مفاہیم یک بارہی حافظہ سے نکل کر نفس کے سامنے نہیں آ جاتیں۔ بلکہ یکے بعد دیگرے یاد آتی ہیں۔ مگر ان میں ربط و سلسلہ باقی رہتا ہے۔ یہی حال حسِّ مشترک کا بھی ہے۔

آدمی مختلف مسائل پہ ایک ہی وقت میں نہ سوچتا اور نہ تقریر کرسکتا ہے۔ کیوں کہ حافظہ کے خزانہ سے معلومات ترتیب کے ساتھ نکلتی ہیں۔

قوت واہمہ۔ غور و فکر میں صرف مدد دیتی ہے ۔ مگر حقیقی غور و فکر کام ہے قوت عاقلہ کا۔ یہی وجہ ہے۔ کہ بوقت غور و فکر کلی اور جزئی دونوں قسم کے معانی میں انسان کی امداد کرتے ہیں۔ خزانہ حافظہ سے کسی چیز کا نکل جانا ذہول ہے ۔ اور عارضی حالت نسیان ۔

۵ ۔ قوت متصرفہ:۔ مقام بطن دوم کا اگلا حصہ۔ اس قوت کا یہ فرض ہے ۔کہ جو تصاویر خزانہ خیال سے اور جو معانی حافظہ سے ملیں۔ ان کو باہم ربط دے یا ایک کو دوسرے سے علیحدہ علیحدہ کرے، یا ملائے۔

خزانہ خیال میں اشیاء کی تصویریں اور خزانہ حافظہ میں جزئی معانی جمع رہتی ہیں ۔ پس یہ ہر دو جنسیں الگ الگ بھی دیکھی جاسکتی ہیں۔ اور مرکب صورت میں بھی۔

مرکب کی مثال یہ ہے۔ کہ اگر ہم چاہیں، تو ایک ایسی شکل فرض کر سکتے ہیں۔ جس کے دس سر اور بیس ہاتھ ہوں۔ اور ایسی شکل ہمارے خیال میں موجود ہو جاتی ہے ۔ پس یہی خدمت قوت متصرفہ کے سپرد ہے ۔

یہی قوت بڑے کو چھوٹا اور چھوٹے کو بڑا بنا دیتی ہے۔ یہ سو گز کا انسان اور ایک بالشت کا ہاتھی بنا کر انسان کے سامنے پیش کر دیتی ہے۔ الغرض پورا پورا تصرف کرتی ہے۔

جب عقل بوقت غور معانی موجودہ کو اس قوت کے ذریعہ حاضر کرتی ہے۔ تو اس کا نام متصرفہ ہوتا ہے۔ لیکن جب واہمہ کسی شکل سے کام لیتی ہے۔ تو اُسے اصطلاحاً متخیلہ کہتے ہیں۔

مذکورہ بالا تفاصیل سے ذہین ناظرین بہ آسانی سمجھ سکتے ہیں۔ کہ خواب پریشان کا دکھاتا ان قوتوں کا کرشمہ ہے۔ خصوصاً قوت متصرفہ کا جو عجیب و غریب اشکال اور واقعات پیش کر دیتی ہے۔

جب سوتا ہوُا آدمی خواب دیکھتا ہے۔ تو ہوتا یہ ہے۔ کہ قوت متصرفہ، حس مشترک پر صورتیں بناتی ہے۔ علاوہ ازیں وہ حافظہ کے خزانے سے گزشتہ یادیں بھی نکال کر محل ادراک یعنی واہمہ میں لے آتی ہے۔ بس اس عمل کا نتیجہ خواب ہے۔

انسان کی تمام مصروفیت اور اس کے حواسوں کا کام کرنا، نیز غور و فکر اور تعقل اسے بیداری میں خواب نہیں دیکھنے دیتی۔ کیوں کہ قوت متصرفہ اس حالت میں حس مشترک پر صورت گری نہیں کر سکتی۔ علاوہ ازیں غور و فکر بھی مانع آتا ہے۔ کیونکہ اس کی حاضری میں قوت متصرفہ کو اس قدر مہلت نہیں ملتی۔ کہ وہ حس مشترک پر نقاشی کر سکے۔

آدمی جب سوتا ہے۔ تو وہ نہ تو کام میں مصروف ہوتا ہے۔ نہ اس کے حواس کام کرتے ہیں۔ اور نہ وہ غور و فکر ہی ہوتا ہے۔ پس قوت متصرفہ میدان خالی دیکھ کر اپنے کام میں مصروف ہو جاتی ہے۔ اور آدمی کو دور از عقل خواب دکھاتی ہے۔

نیند کی حالت میں نفس انسانی ہر غذا کے ہضم کرنے اور دوران خون وغیرہ دیگر تدابیر جسمانی میں مدد کرتا ہے۔ کیوں کہ اگر وہ ایسا نہ کرے۔ تو بدہضمی وغیرہ ہو کر انسان بیمار ہو جائے۔ بہر حال اس وقت نفس انسانی غور و فکر سے مستغنی ہو جاتا ہے۔

اس لیے قوت متصرفہ شتر بے مہار یعنی آزاد مطلق بن کر حسِّ مشترک پر نقش کرتی ہے۔ اس وقت حسِّ مشترک بھی بے کار ہوتی ہے۔

انسان خواب بعض وقت بالکل قدرتی اور معمولی دیکھتا ہے۔ یعنی بالکل ویسے ہی جیسے وہ کام بیداری میں کرتا یا دوسروں کے کام دیکھتا ہے۔ مثلاً کسی کے پاس جانا، یا کسی کا اس کے پاس آنا، پڑھنا، پڑھانا، کھانا، پینا وغیرہ۔ اور ایسا اس وجہ سے ہوتا ہے۔ کہ قوت متصرفہ خزانہ خیال سے صورتیں نکال کر ان کے بالکل ویسے ہی نقوش حسِّ مشترک پر بنا دیتی ہے۔ یعنی ان میں اپنی طرف سے کچھ تبدیلی یا تصرف نہیں کر دیتی۔ اس واسطے بھی قدرتی خواب نظر آتے ہیں۔

لیکن ہمیشہ ایسا ہی نہیں ہوتا۔ بلکہ قوت متصرفہ، خزانیہ خیال کی شکلوں میں بہت کچھ تصرف اور حیرت انگیز تصرف کرتی ہے۔ کسی سے ٹانگ لیتی ہے اور کسی سے پاؤں اور کہیں سے سر۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے۔ کہ آدمی بے سروپا خواب دیکھتا ہے۔ مثلاً وہ خواب میں ایک ایسی ہستی کو دیکھتا ہے۔ جس کا سر ہاتھی کا، ہاتھ انسان کے اور جسم شیر کا ہو۔ یا جسم انسان کا اور چہرہ شیر کا۔ اور یہ قوت متصرفہ کی بے شعوری سے ہوتا ہے۔ کیوں کہ وہ انسان کے سوتے ہی اپنے منصب سے محروم ہو جاتی ہے کیوں کہ عقل بھی آرام میں ہوتی ہے۔

(۲) خواب مرض

جو خواب بطور بیماری نظر آتے ہیں۔ حکماء نے ان کی حسب ذیل دو اقسام بتائی ہیں۔

(۱) اخلاط اربعہ:۔ سودا، بلغم وغیرہ کی زیادتی کی وجہ سے خواب نظر آنا۔

(۲) روح دماغی میں سردی یا گرمی کی افراط سے خواب دکھائی دینا۔

خواب بوجہ کثرت خلط

جب انسان کی طبیعت میں کسی ایک خلط (سودا، صفرا) وغیرہ کا غلبہ ہو کر مزاج کا اعتدال جاتا رہتا ہے۔ تو اس خلط کے ہم رنگ بخارات دماغ کی طرف چڑھتے ہیں۔ چنانچہ اگر مزاج میں بلغم کی زیادتی ہو۔ تو سفید رنگ کے ابخرات دماغ کی طرف جاتے ہیں۔ اور پھر قوت متصرفہ اسی رعایت و لحاظ سے اسی رنگ کی چیزیں خزانۂ خیال سے لے کر حس مشترک پر منقش کرتی ہے۔ جس کی وجہ سے انسان خواب میں سفید رنگ کی چیزیں، چاول، سفید کپڑا وغیرہ دیکھتا ہے۔

علیٰ ہذا القیاس سودا کے بخار کی حالت میں سیاہ چیزیں، صفرا کے غلبہ کی صورت میں زرد اشیاء اور افراط خون میں آگ وغیرہ سرخ چیزیں خواب میں نظر آتی ہیں۔ کیوں کہ اسی رنگ کے ابخرے دماغ کی طرف چڑھتے ہیں۔

خواب بہ سبب بے اعتدالی روح دماغی

روح دماغی سے مراد وہ لطیف بخار (دھواں) ہے۔ جو عموماً دماغ کے ہر حصے پر چھایا رہتا ہے۔ پس اگر اس میں سردی آ جائے۔ تو انسان کو خواب میں سرد چیزیں نظر آتی ہیں۔ برف بارش وغیرہ۔

خشکی بڑھ جانے کی وجہ سے پہاڑ وغیرہ نظر آتے یا پیاس لگتی، اور گلا خشک ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے آدمی بڑبڑاتا اور ڈر جاتا ہے۔ چونک پڑتا ہے۔

رطوبت کی کثرت سے دریا چشمے وغیرہ خواب میں دکھائی دیتے ہیں۔ اور اس کی اصل فاعل قوت متصرفہ ہوتی ہے۔ وہی خزانۂ خیال سے حسب حال چیزیں نکال کر حس مشترک پر نقش کرتی ہے۔

اس قسم کے خواب میں بھی بے ترتیبی عام ہے۔ کیوں کہ خواب قوت متصرفہ کے افعال کا نتیجہ ہوتا ہے۔ اور یہ قوت خود مختاری کی حالت میں بالکل بے غیر اور بے شعور

ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ پہلے بھی مذکور ہو چکا ہے۔

اس قسم کے تمام خواب، پہلی قسم کے خوابوں کی مانند بھی بے معنی اور بے نتیجہ اور کاذب ہیں۔ یعنی شرمندہ تعبیر نہیں۔ ان میں نہ ہدایت و بشارت ہے۔ اور نہ نتیجہ۔ بلکہ وہ علامت مرض ہیں اور بس۔

خواب ہائے بیداری

ایسا اکثر ہوتا ہے۔ کہ انسان کی جونہی آنکھ جھپکتی ہے۔ اور وہ دراصل ابھی سو نہیں جاتا۔ کہ اسے خواب نظر آجاتا ہے۔ اور وہ گھبرا کر پورے طور پر بیدار ہو جاتا ہے۔ لیکن بعض اوقات انسان مکمل بیداری کی حالت میں بھی خواب دیکھتا ہے یعنی اپنی آنکھوں کے سامنے ایسی چیزیں موجود پاتا ہے۔ جو اصل میں موجود نہیں ہوتیں۔

اگر اعضائے رئیسہ (دل، دماغ، معدہ) پر کسی بیماری کا غلبہ ہو۔ تو ایسی حالت میں نفس انسانی ہمہ تن بیماری سے مصروف جنگ ہو جاتا ہے۔ اور بطریق کامل طبیعت کی مدد کرتا ہے۔ اس وجہ سے نفس غور و فکر میں قوت متصرفہ سے کام نہیں لیتا۔ اس سبب سے مانع عقل زائل ہو جاتا ہے۔ پھر مانع حس، مرض کے غلبہ سے کمزور ہو جاتا ہے۔ اس واسطے متصرفہ بے عنان اور مختار مطلق بن کر حس مشترک پر نقاشی کر کے انسان کو بیداری ہی میں خواب دکھلاتی ہے۔ جس کا تجربہ ہر شخص کو کم و بیش ہوتا ہے۔

دماغ کے اگلے حصے میں خرابی پیدا ہو جانے سے بھی جاگتے میں خواب نظر آجایا کرتے ہیں۔ کیوں کہ اس حصے میں سب سے آگے حس مشترک اور اس کے بعد بالترتیب خیال، متصرفہ، واہمہ اور حافظہ کا قیام ہے۔ پس حس مشترک، خیال اور متصرفہ خراب ہو جانے کی وجہ سے یہ قوتیں اپنا کام نہیں کر سکتیں۔ صحت کی حالت میں عقل متصرفہ سے غور و خوض میں مدد لیتی ہے۔ مگر متصرفہ بیماری کی حالت میں اس سے قاصر رہتی ہے۔ یعنی عقل کے قابو سے نکل کر شتر بے مہار ہو جاتی ہے۔ پس خزانہ خیال

سے صورتیں بے تکلف نکال نکال کر ان کی نقاشی حس مشترک پر کرتے لگتی ہے۔ اور اس طرح بھی انسان کو بیداری ہی میں خواب نظر آجایا کرتے ہیں۔

جب کوئی شخص تقریر کرتے وقت کوئی عجیب وغریب نقشہ الفاظ میں پیش کرتا ہے یا ہم خوب محو ہو کر کسی ناول کا کوئی دل کش سین پڑھتے ہیں۔ تو ہم پہ بیداری ہی کی حالت میں خواب کی سی حالت طاری ہو جاتی ہے۔

خوف کی وجہ سے بھی ہم جاگتے ہی میں بھوت وغیرہ خیالی شکلیں دیکھتے ہیں۔ جو حقیقت میں کچھ نہیں ہوتیں۔

اس طرح جس عزیز سے ہمیں بے حد الفت ہے۔ اور ہم اس کی یاد میں محو ہو جاتے ہیں۔ تو اس کی شکل بیداری ہی میں ہمارے سامنے آموجود ہوتی ہے۔ اگرچہ حقیقت میں وہ شخص ہمارے سامنے نہیں ہوتا۔ بلکہ کالے کوسوں دور رہتا ہے۔ لیکن یہ حالت ہو جاتی ہے۔ کہ:۔

دل کے آئینے میں ہے تصویر یار
جب ذرا گردن جھکائی دیکھ لی

تقریر یا مطالعہ کے وقت پورا پورا نظارہ آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے کامل تصویر کھنچ جاتی ہے۔ ایسی حالت میں نفس انسانی اور باتیں نظرانداز کر کے صرف ادھر ہی متوجہ ہو جاتا ہے۔ انسانی حواس خمسہ ظاہری بھی دوسری طرف سے توجہات ہٹا کر ہمہ تن ادھر ہی متوجہ ہو جاتے ہیں۔ اور اسی طرح مانع حس اور مانع عقل قائم نہیں رہتے۔ پس قوت متصرفہ مطلق آزاد ہو کر ہمیں بیداری ہی میں گویا خواب دکھا دیتی ہے۔ مگر یہ حالت عارضی ہوتی ہے۔ کیونکہ نفس انسانی زیادہ دیر تک ادھر متوجہ نہیں رہ سکتا۔ لہذا یہ طلسم جلدی ٹوٹ جاتا ہے۔

خوف کی حالت میں بھی بے وجود چیزیں نظر آنے لگتی ہیں۔ یا کوئی معمولی چیز خوفناک شکل میں نمودار ہو جاتی ہے۔ اس کا سبب یہ ہے۔ کہ خوف کی حالت میں انسان کی ظاہری اور باطنی حواس نفس انسانی کے قابو سے باہر ہو جاتے ہیں۔ اور اس کے احکام کی

تعمیل نہیں کرتے۔ پس ایسی حالت میں قوت متصرفہ اپنی معمولی کارگزاری دکھاتی ہے کیوں کہ اب وہ عقل کے دباؤ سے آزاد اور مختار مطلق ہوتی ہے۔

جب کوئی شخص تمام اشیاء سے بے نیاز اور بے توجہ ہو کر اپنی تمام تر توجہ کسی ایک غیر حاضر شے کی طرف ہی منعطف کر دیتا ہے۔ مثلاً ایک عاشق اپنے مطلوب کی یاد میں محو ہو کر اپنے ظاہری اور باطنی حواس سے کام نہیں لیتا۔ تو بس قوت ہی کی بادشاہی ہوتی ہے۔ چنانچہ وہ حسب معمول خزانہ خیال سے تصویریں نکال نکال کر حس مشترک پر ان کی نقاشی کرتی اور اس طرح عاشق وارفتہ کو اس کے محبوب کا چہرہ دکھا دیتا ہے۔ اگرچہ وہ خیال ہوتا ہے۔ لیکن عاشق اسے مجسم ہی سمجھتا ہے۔ کیوں کہ اس کی دیگر قوتیں اور حواس اس وقت معزول ہوتی ہیں۔

بہر حال قوت متصرفہ بیداری کی حالت میں بھی اپنی کارگزاریوں سے بالکل بے نیاز نہیں ہو جاتی۔ بلکہ جاگتے ہی میں خواب دکھاتی ہے۔

رویائے صادقہ یعنی سچے خواب

صرف اس قسم کے خوابوں کا تعلق تعبیروں سے ہے۔ ایسے خواب انسان کے لیے بشارت ہوتے ہیں یا تنبیہ۔ تاکہ وہ توبہ اور اپنے اعمال کی اصلاح کرے۔

رویائے صادقہ کا وجود اسلامی کتاب و سنت اور فلسفہ اسلام نے تسلیم کیا ہے اس بنا پر اسلام میں تعبیر خواب ایک مستقل فن بن گیا ہے۔ جس کے بہت سے عالم گزرے ہیں رویائے صادقہ کی حقیقت یا فلسفہ یہ ہے۔ کہ نفس ناطقہ کبھی کبھی جسمانی تعلقات سے آزاد ہو کر عالم قدس کی طرف متوجہ ہو جایا کرتا ہے۔ اس لیے کہ اسے اس کے ساتھ خاص مناسبت ہے۔ عالم قدس میں تمام حقائق جمع ہیں۔ پس انسانی نفس اس میں سے کسی غیبی نور کا ادراک و احساس کرتا ہے۔ تو اسے قوت متصرفہ بہ شکل واقعہ پیش کرتی ہے۔

اطلاع کبھی تو بالکل اصلی شکل میں ہوتی ہے۔ اور بعض وقت مجازیں۔ یہی وجہ ہے۔ کہ خواب کبھی تو بالکل سیدھے اور صاف صاف ہوتے ہیں۔ مگر کبھی کبھی در پردہ

اور اسی وجہ سے ان کی تعبیر و تاویل کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔

نفس انسانی یا نفس ناطقہ

اس چیز کا دوسرا نام روح ہے۔ یہ ایک لطیف جوہر ہے۔ جو انسان کے جسم کا مددگار ہے۔ حیوانات مطلق اور انسان کے سوا باقی مخلوق اس سے محروم ہے۔ اس جوہر کی تکمیل کمال انسان ہے۔ یہ ایسا پاک جوہر ہے۔ جو جسم اور جسمانیت سے مختلف شے ہے۔ اور اس سے بالاتر۔ انسان اسی کے ذریعہ ہر قسم کی ترقی کرتا ہے۔ اور چونکہ دیگر حیوانات میں نہیں ہوتا۔ اس واسطے وہ انسان کی مانند ایجاد و اختراع کرنے سے عاجز ہے۔

روح یا نفس ناطقہ گویا ایک نور ہے۔ اس لیے وہ عالم نورانیت یا عالم قدس کے ساتھ خاص نسبت رکھتا ہے۔ اور اس کی طرف طبعی میلان رکھتا ہے۔

پس انسان کے اعمال صالح ہونے کی صورت میں نفس ناطقہ عالم قدس کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔ اور خدا کے غیبی خزانہ میں سے کچھ نہ کچھ دیکھ سکتا ہے۔ پس یہی عالم رویائے صادقہ کی حقیقت ہے۔

اسی واسطے انسان کا نیک اعمال اور پاکیزہ خصلت ہونا ضروری ہے۔ ورنہ بداعمال اور سیاہ دل انسان کو یہ دولت میسر نہیں آسکتی۔ تاہم رویائے صادقہ کا نظر آنا صرف مسلم و مومن تک محدود نہیں۔ بلکہ غیر مسلم بھی سچے خواب دیکھتے رہے ہیں۔ مثلاً شاہ مصر نے خواب دیکھا۔ جس کی تعبیر حضرت یوسف علیہ السلام نے بتائی۔ اور اسی طرح جیل خانہ کے قیدیوں نے بھی خواب دیکھے۔

چند اہم رویائے صادقہ

(۱) حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خواب میں دیکھا۔ کہ وہ اپنے فرزند اسماعیل کو ذبح کر رہے ہیں۔ یہ دیکھ کر انہوں نے سمجھا۔ کہ خداوند تعالیٰ قربانی فرزند کا حکم دیتا ہے پس وہ اسماعیل کی قربانی پر آمادہ ہو گئے۔ مگر خداوند تعالیٰ نے انہیں بچا لیا۔

(۲) حضرت یوسف علیہ السلام نے خواب میں دیکھا، کہ چاند، سورج اور ستارے انہیں سجدہ کر رہے ہیں۔ اس خواب کی تعبیر مدت کے بعد یہ نکلی۔ کہ حضرت یوسف کے والد بزرگوار حضرت یعقوب علیہ السلام اور ان کے فرزند مصر میں ان کے پاس پہنچے۔ جو اس وقت ان کی امداد کے محتاج تھے۔

(۳) شاہ مصر نے خواب دیکھا۔ کہ سات موٹی گائیں سات دبلی گائیوں کو کھا رہی ہیں۔ پھر دیکھا کہ سات ہری بالیں سات خشک بالوں سے لپٹی ہوئی ہیں۔

شاہی معبر اس خواب کی تعبیر بیان کرنے سے قاصر رہے۔ مگر حضرت یوسف علیہ السلام نے بتایا۔ کہ یہ آنے والی قحط سالی کی پیش گوئی ہے۔ چنانچہ اس خواب کی تعبیر یہی نکلی۔

(۴) دو آدمی حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ قید تھے۔ ا... نے دیکھا۔ کہ وہ شراب تیار کرتا ہے۔ اس کی تعبیر یہ بتائی گئی۔ کہ و... وہ شاہی خدمت پر بحال ہوا۔ اور بدستور ساقی بنا۔

دوسرے نے جو باورچی تھا۔ دیکھا، کہ اس کے سر پر روٹیاں ہیں۔ اور ان کو نوچ نوچ کر چڑیاں کھا رہی ہیں۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے اس کی تعبیر یہ بتائی۔ کہ اُسے پھانسی ہوگی۔ اور چیل، کوے اس کا مغز کھائیں گے۔

اس خواب کی تعبیر بھی سچی نکلی۔ اور باورچی کو سزائے موت دی گئی۔

یاد رہے۔ کہ شاہ مصر، ساقی اور باورچی مومن و مسلم نہ تھے۔ بلکہ غیر مسلم تھے۔ مذکورہ بالا تمام خوابوں کا ذکر قرآن کریم میں آیا ہے۔

(۵) حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ سے پہلے خواب دیکھا۔ کہ مکہ معظمہ تسخیر کر لیا گیا ہے۔ اور مسلمان کھلے طور پر حج کر رہے ہیں۔ بعض بال کترو ا رہے ہیں۔ اور بعض سر منڈا رہے ہیں۔

آخر کار اس خواب کی بھی تعبیر نکلی۔ کہ مسلمان مظفر و منصور مکہ معظمہ اور کعبہ شریف میں فاتحانہ داخل ہو گئے۔ اور مشرکین مکہ مغلوب ہوئے۔

ان تمام خوابوں کی تفصیل قرآن کریم میں موجود ہے۔ یہ رویائے صادقہ کی صداقت کا ایک زبردست اور ناقابل تردید ثبوت ہے۔

احادیث اور خواب

احادیث نبوی میں ہر قسم کے خوابوں کے ذکر آتا ہے۔

حضرت ابوہریرہ روایت کرتے ہیں۔ کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ خواب تین قسم کے ہیں۔ اول خداوند تعالیٰ کی طرف سے بشارت، دوم حدیث النفس۔ سوم شیطان کی طرف سے تخویف۔

اسی طرح عوف بن مالک راوی ہیں۔ کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ خواب کی تین اقسام ہیں (۱) شیطان کی طرف سے ڈرانے والی باتیں (۲) انسان کے بیداری کے خیالات (۳) نبوت کا چھبیسواں حصہ یعنی رویائے صادقہ۔

مفسرین نے لکھا ہے۔ کہ حدیث النفس سے مراد خواب پریشان ہے اور تخویف شیطان کا مفہوم خواب سے سبب مرض ہے۔ کیوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شیطان کا لفظ بیماری کے معنی میں بھی استعمال فرمایا ہے۔

یاد رہے۔ کہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلے رویائے صادقہ ہی دیکھا تھا۔ اور اس کے بعد وحی کا سلسلہ شروع ہُوا تھا۔ چنانچہ ایک حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے۔ جس کا مضمون یہ ہے۔ کہ حضور کی وحی کا آغاز رویائے صادقہ سے ہُوا۔ اور آپ کے خواب مثل روز روشن ظاہر اور درست ہوتے تھے۔

حکمائے اشراقی کی رائے

خواب وغیرہ عالم روحانی کی مثالیں ہیں۔ عالم مثال میں ہر قسم کی اشیاء کی مثالیں موجود ہوتی ہیں۔ خواہ انسان ان سے واقف ہو۔ یا ناواقف۔ اس

واسطے خواب میں بھی ایسی ہی چیزیں عموماً نظر آتی ہیں۔
عالم دو ہیں۔ ایک تو یہی عالم شہادت، جسے ہم دیکھتے اور محسوس کرتے ہیں۔ بحالت بیداری۔ دوئم عالم مثال۔ جس میں ظاہری دنیا کی تمام گذشتہ، موجودہ اور مستقبل واقعات موجود رہتے ہیں۔ اور یہ عالم گویا عالم ظاہری کا واسطہ ہے۔
عالم مثال، عالم مادی اور عالم مجردات کے درمیان گویا ایک برزخ ہے۔ اقلیم ہفتم بھی اسی کا نام ہے۔ اس عالم میں ہر شے کی تمثیل مادہ سے مجرد ہو کر یعنے محض روحانی پائی جاتی ہے۔ اس میں مرئیات کے علاوہ دیگر محسوسات۔ ذائقہ۔ بو وغیرہ کی مثالیں بھی موجود رہتی ہیں۔ مگر وہ مثالیں عالم ظاہر کو کسی مظہر کے بغیر نظر نہیں آتیں۔ البتہ انسان کی قوت خیالیہ وغیرہ ان اشیاء کی مثالوں کی مظہر بن سکتی ہیں۔

صوفیائے عظام کا خیال

یہ گروہ حکمائے اشراقی کا ہم خیال ہے۔ حضرت ابن عربی فرماتے ہیں۔ کہ دیگر عالموں کی طرح ایک عالم مثال بھی ہے۔ عارف کو ان مثالوں میں اپنا نفس بھی نظر آتا ہے۔ اور خواب میں نظر آنے والی اشیاء عالم مثال کی صورتیں ہیں۔
متصوفین کا عقیدہ ہے۔ کہ رویائے صادقہ صرف وہی نیک انسان دیکھ سکتے ہیں۔ جو معتدل مزاج۔ پاکیزہ مشرب اور عابد و پرہیزگار ہیں۔ کہ ایسے ہی انسانوں کا نفس عالم قدس کی طرف متوجہ ہو کر عالم قدس میں کسی تمثیلی شے کا مشاہدہ کر سکتا ہے جس کی وجہ سے اسے رویائے صادقہ آ سکتا ہے۔
ان لوگوں کا یہ بھی خیال ہے۔ کہ خداوند تعالیٰ نے انسان کو ظاہری حواس خمسہ کی طرح باطنی حواس بھی عطا کیے ہیں۔ اور ان کی تعداد بھی پانچ ہے۔ یعنی روحانی باصرہ جسمانی حامسہ وغیرہ۔

روحانی حواس۔ عالم مثال کی بھی اشیاء دیکھ سکتے ہیں۔ اور ظاہری حواس صرف اس ظاہری دنیا اور مافیہا کا مشاہدہ کر سکتے ہیں۔

روحانی حواس موت کے بعد بھی روح کے اندر موجود رہتے ہیں۔ اس واسطے روح ان کے ذریعہ عالم شہادت اور عالم مثال کا ادراک و احساس کر سکتی ہے۔

واقعات خواب روحانی حواس کے ذریعہ محسوس ہوتے ہیں۔ اور ان میں بعض واقعات عالم ظاہری کے ہوتے ہیں۔ اور بعض عالم مثال کے۔

عالم مثال یا عالم روحانی میں ماضی، حال اور مستقبل کی تصویریں موجود رہتی ہیں۔ اس واسطے انسان خواب میں گذشتہ واقعات بھی دیکھتا ہے۔ اور زمانہ موجودہ کے واقعات بھی۔ اور مستقبل کے مشاہدات بھی۔ اور یہ سب خواب کے ذریعے دیکھتا ہے۔ یعنی رویائے صادقہ کے ذریعہ۔ خواہ واقعات حقیقت کے رنگ میں نظر آئیں۔ یعنی بعینہٖ و بجنسہٖ جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خواب یا مجاز کے پردے ہیں۔ جیسے حضرت یوسفؑ۔ شاہ مصر اور مصری قیدیوں کے خواب تھے۔ جیسا کہ مذکور ہوا۔

بہرحال رویائے صادقہ ایک نعمتِ غیر مترقبہ اور عطیہ الٰہی ہے۔

بعض دیگر علمائے اسلام کا عقیدہ

شیخ ابن سینا:۔ ماضی، حال اور مستقبل کے تمام واقعات خدا تعالیٰ اور مقرب فرشتوں کے علم میں موجود ہیں۔ نفس انسانی بارگاہ قدس اور فرشتوں کی طرف طبعاً مائل ہے۔ اور عالم قدس کی طرف سے بخل بھی نہیں۔ بلکہ فیض کھلا ہے۔ انسان میں حصول کی استعداد چاہیئے اور بس۔

جب انسان سو جاتا ہے۔ اور تدبیر بدن سے ذرا فارغ ہوتا ہے۔ تو ایسی حالت میں اس کا نفس کئی عینی امر کا مشاہدہ کرتا۔ اور اس کے بعد قوت متخیلہ کی طرف آمادہ ہو جاتا ہے۔

اب قوت متخیلہ اس اَمر کو کسی مناسب قالب میں ڈھال کر اس کا نقش حس مشترک پر بناتی ہے۔ کبھی حقیقت کے رنگ میں اور کبھی برنگ مجاز۔

تاہم خواب رویائے صادقہ نہیں ہوتے۔ کیوں کہ اکثر خواب دن کے خیالات کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ اور یہ قوت متخیلہ کا کرشمہ ہوتے ہیں۔ جن کا نقش وہ حس مشترک پہ بناتی ہے۔

بیماری، اخلاط کا غلبہ اور انسانی ضروریات کا خیال بھی خواب دکھاتے ہیں۔ اور یہ سب خواب پریشان کے ضمن میں شمار ہونے کے قابل ہیں۔

صبح کے وقت کے خواب اکثر رویائے صادقہ ہوتے ہیں۔ کیوں کہ اس وقت طبیعت ساکن اور راحت پذیر ہوتی ہے۔ قوت متخیلہ کو بھی سکون ہوتا ہے۔ پس ایسے وقت میں انسانی نفس عالم قدس کے مشاہدہ کا مشتاق ہوتا ہے۔ پس قوت متخیلہ یہ خدمت انجام دیتی ہے۔ یعنی انسان کو رویائے صادقہ دکھاتی ہے۔ (کتاب شفا)

۲۔ **علامہ ناصر الدینؒ**:۔ بعض وقت قوت متخیلہ حس مشترک پر صورتیں نقش کرتی ہے۔ پس یہی حقیقت ہے خواب کی۔ اگر اس وقت نفس انسانی عالم قدس کی طرف مائل ہو جائے۔ تو رویائے صادقہ دیکھتا ہے۔ کہ نفس ناطقہ کو عالم قدس سے خاص مناسبت ہے۔ اس لیے وہ ادھر متوجہ رہتا ہے خصوصاً تدابیر بدن سے فراغت کے بعد وہ اس وقت عالم مثال کے معانی ادراک کرتا ہے۔ جنہیں قوت متخیلہ حسب حال جامہ پہناتی اور اس کا نقش حس مشترک پر بناتی ہے۔ پس وہ معانی محسوس ہو کر مشاہدہ میں آتے ہیں۔ پھر اگر معانی اور صورتوں میں کافی مناسبت ہوتی ہے۔ تو خواب سیدھا، سچا اور صاف ہوتا ہے۔ ورنہ مجاز اور استعارہ کے اندر اور ایسی حالت میں وہ تعبیر کا محتاج ہوتا ہے۔

(دیکھو تفسیر انوار التنزیل)

۳۔ **حضرت شاہ ولی اللہؒ**:۔ حقیقت رویائے صادقہ یہ ہے۔ کہ

جب روح کو حجابات سے فرصت ملتی ہے، جس کے وجوہ مخفی ہیں۔ اور کامل تامل کے بغیر نہیں معلوم ہوتے) تو وہ (روح) اس لائق ہو جاتی ہے۔ کہ اس پہ مخزن جود و خیر سے کمال علمی کا فیضان ہو۔ پس اس پہ اس کی استعداد کے مطابق (جو اس کے علوم خاص کا مادہ ہے) کچھ فیضان ہو جاتا ہے۔ خواب ایک نوع کی آلہی تعلیم ہے۔

۵۔ علامہ ابن خلدون:۔ حقیقت رویا یہ ہے۔ کہ نفس ناطقہ (بوقت خاص) تفسیر واقعات اپنے نفس (روحانی ذات) میں دیکھ لیتا ہے۔ اس لیے کہ جب نفس انسانی روحانیت میں ہوتا ہے۔ تو اس وقت عالم ذوات روحانیہ کی مانند اس میں بھی صورتیں موجود ہوتی ہیں۔

نفس کو روحانیت کا یہ رتبہ کب اور کیونکر حاصل ہوتا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ جب نفس مواد جسمانی سے مجرد ہو جائے۔ ایسا تجرد نیند میں عارضی طور پر ایک ولحظہ کے واسطے ہو جاتا ہے۔ پس جب نفس کو جسمانی قید سے رہائی مل جاتی ہے۔ تو وہ مستقبل واقعات کا اقتباس کرتا ہے۔ اور پھر اپنے آلات ادراک کی طرف رجوع وعود کرتا ہے۔ پس اسی اقتباس کا نام رویا ہے۔ لیکن اگر اقتباس غیر واضح ہو۔ تو ایسا خواب تشنۂ تعبیر رہ جاتا ہے۔

متکلمین کے خیالات

متکلمین۔ یعنی علم کلام کے عالم مسلم علمار۔ جو اسلام کو فلسفہ سے تطبیق دیتے ہیں۔ رویائے صادقہ کے قائل نہیں ہیں۔ وہ یہ بات تسلیم نہیں کرتے۔ کہ خواب میں انسان کو ملائے اعلےٰ سے علمی فیضان حاصل ہوتا ہے۔ ان کا صاف عقیدہ یہ ہے۔ کہ خواب باطل خیالات ہیں۔ اور بس۔ ان کا کوئی سچا ماخذ نہیں۔ اور وہ دنیاوی واقعات سے محض اتفاقاً مطابق ہو جاتے ہیں۔

یہ گروہ باطنی حواس کا بھی قائل نہیں ہے۔ بلکہ اس کا عقیدہ ہے۔ کہ خیال حس

شترک کا خزانہ ہے۔ وہ خیال کی تعریف صرف یہ کرتے ہیں۔ کہ وہ کسی واقعہ سے مشابہ امر ہے۔ یعنی واقعی نہیں۔ اور اس کی دو اقسام ہیں۔ صحیح اور باطل۔

خیال صحیح کی مثال جغرافیہ کی اصطلاحات۔ محور، منطقہ وغیرہ ہیں۔ جس کا درحقیقت ماخذ اور منشا ہے۔ صحیح خیال کی ہستی حقیقی شے سے وابستہ ہے۔

خیال باطل کی مثال خواب ہے۔ جس کا حقیقت سے کچھ تعلق نہیں ہے۔ خدائے تعالیٰ اور فرشتوں کا علم اس صورت میں نہیں ہے۔ کہ معلوم کی صورت عالم کی ذات میں حاصل ہو۔ بلکہ علم تو ایک نسبت اور تعلق ہے۔ جو عالم اور معلوم کے درمیان ہے۔ اس کا خارج میں وجود نہیں ہے۔ پس علم منشا یا ماخذ ہونے کی قابلیت نہیں رکھتا۔

خواب واقعہ سے مطابق نہیں ہوتا۔ بلکہ خود واقعہ خواب کے مطابق ہوتا ہے آدمی جس طرح بیداری میں خیال کرتا ہے۔ کہ میرے پاس روپیہ آئے گا۔ یا کوئی شخص مہمان آئے گا۔ وہ اسی طرح کی باتیں خواب میں بھی سوچتا ہے۔ اور بس۔

البتہ پیغمبروں کے خواب سچے ہوتے ہیں۔ اور ان کے خواب آیندہ واقعات کے مطابق ہوتے ہیں۔ اور یہ منشائے ایزدی کے مطابق ہوتا ہے۔ پس نبیوں کا خواب وحی اور مومن صالح کا خواب ۱/۴۶ نبوت ہے۔

انبیاء ہمیشہ اور صلحا اکثر اپنے ذہن میں درست خیالات لانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اور یہی وجہ ہے۔ کہ ان کے خواب سچے ہوتے ہیں۔

نیند ادراک کی ضد ہے۔ پس نیند میں ادراک نہیں پایا جاسکتا۔ اس لیے سوتے ہیں۔ نظر آنے والی صورتیں حقیقی ادراک نہیں۔ بلکہ خیال باطل ہے۔

بعض متکلمین باطنی حواس کا وجود تسلیم کرتے ہیں۔

لیکن ابو الحق متکلم مذکورہ عقیدہ کے خلاف ہیں۔ چنانچہ وہ رویا کو خیال باطل نہیں سمجھتے۔ بلکہ حقیقی ادراک تسلیم کرتے ہیں۔

ان کا قول ہے۔ کہ ہم جس طرح بیداری میں اشیاء کو محسوس کرتے ہیں۔ اسی طرح

عالم خواب میں بھی چیزیں دیکھتے ہیں۔ پس دونوں حالتیں حقیقی ادراک ہیں۔
نیند ادراک کی ضد ضرور ہے۔ مگر کیا یہ ممکن نہیں۔ کہ سوتے میں جس جزو کے ساتھ ادراک قائم ہو۔ اس کے ساتھ نیند کا تعلق نہ ہو۔ کسی شخص کو خواب دیکھنے کے وقت ساری بصارت بیدار ہو سکتی۔ اور سننے کے وقت قوت سماعت بیدار ہو سکتی ہے۔
یہ سچ ہے۔ کہ بحالت بیداری احساس کی شرائط نیند میں نہیں پائی جاتیں۔ تاہم یہ بھی تو کہا جاسکتا ہے۔ کہ یہ شرطیں احساس بیداری کے واسطے ہیں۔ اور سوتے میں ان کے بغیر بھی احساس ممکن ہے۔
مگر عام متکلمین رویائے صادقہ کے قائل نہیں۔ بلکہ اس کی تکذیب میں طویل طویل دلائل پیش کرتے ہیں۔ جن کی نقل یہاں بے سود ہے۔
گروہ معتزلہ کہتا ہے۔ کہ خواب خیال باطل ہے۔ کیونکہ جب تک کوئی چیز ہمارے سامنے نہ ہو۔ ہم اسے نہیں دیکھ سکتے۔
اسی طرح آواز سننے کے واسطے یہ ضروری ہے۔ کہ آواز سے ہوا میں تموج پیدا ہو۔ اور وہ ہمارے کان تک پہنچے۔ مگر خواب میں جو شکلیں نظر آتی ہیں۔ یا جو آوازیں سنی جاتی ہیں۔ درحقیقت ان کا وجود نہیں ہوتا۔ لہٰذا خواب کی حقیقت خیال باطل سے مختلف نہیں۔ یہ محض خیال خام ہے۔

سرسیّد کے دہریہ خیالات

سرسید مرحوم نے اپنی تفسیر میں مسئلہ رویا پر تفصیلی روشنی ڈالی ہے۔ وہ اختلاف شدید کرتے ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ "ملائے اعلیٰ" محض مفروضہ ہے۔ اس کا حقیقت وصداقت کے ساتھ کچھ تعلق نہیں ہے۔ فرشتوں کا کچھ وجود حقیقت نہیں۔ متعلقہ حدیثیں ثابت نہیں کرتیں۔ اور وہ سب صوفیوں یا اسی قسم کے دیگر لوگوں کے

اقوال ہیں۔ یعنی قول نبی نہیں۔

شاید زہد و مجاہدہ اور طریق سلوک کی رو سے حقیقت نفس اور ملائے اعلےٰ کی کیفیت منکشف ہوئی ہوں۔ مگر ہم کیسے تسلیم کریں۔ کہ جو کچھ منکشف ہوا وہ حقیقت ہے۔ یا وہی خیالات جو متشکل ہو گئے ہیں۔ جس طرح کہ اور خیالات متشکل ہو جاتے ہیں۔ گویا سرسید کشف و کرامات کو محض خیالات متشکلہ بتاتے ہیں۔

سرسید کہتے ہیں۔ کہ ظاہری قوتوں کے علاوہ اور کوئی قوت خواب نہیں دکھاتی۔

حضرت یوسف علیہ السلام کے خواب (جن کا نفس پاک تھا) اور قید خانہ کے جوانوں کا خواب جو مشرک و فاجر تھے، یا شاہ مصر کا خواب (جو خدا سے تعلق نہیں رکھتا تھا) اس اختلاف کے باوجود یکساں مطابق تھے۔ اسی قسم کے تھے۔

اس سے ثابت ہے۔ کہ بجز قوائے نفس انسانی کے اور کوئی قوت خواب دیکھنے میں موثر نہیں ہے۔ اگرچہ خواب واقعہ کے عین مطابق ہو۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے پہلے خواب میں گیارہ ستاروں اور سورج چاند کو اپنے آپ کو سجدہ کرتے دیکھا۔ وہ ان کے ماں، باپ اور گیارہ بھائی تھے۔ ماں باپ کی عظمت کی وجہ سے وہ بھائیوں کو بھی معظم تصور کرتے تھے۔ مگر والدین انہیں زیادہ چاہتے تھے۔ اور ماں باپ نیز بھائی اسی وجہ سے ان کے مطیع تھے۔ لہذا ان کے دل میں یہ بات جانشین ہو گئی۔ کہ والدین اور بھائی میری قدر کرتے ہیں۔ یہ بات ان کے دماغ میں منقش ہوئی۔ تو قوت متخیلہ نے ان کے والدین اور بھائیوں کو سورج، چاند اور ستارے بنا ڈالا۔ حضرت یوسف علیہ السلام اجرام سماوی کو ہمیشہ دیکھتے۔ اور ان کا باہمی فرق بھی جانتے تھے۔ اور یہ بات ان کے ذہن میں تھی۔ پس قوت متخیلہ نے اسے ممثل کیا۔ لہذا انہوں نے خواب میں دیکھا۔ کہ سورج چاند اور ستارے مجھے سجدہ کر رہے ہیں۔ اور یہ کوئی عجیب بات نہیں۔

اس واقعہ کے ایک مدت بعد حضرت یوسف علیہ السلام اور ان کے بزرگوں کا

مصر میں جمع ہو جانا محض حسن اتفاق تھا۔ کیوں کہ قرآن مجید سے یہ بات نہیں پائی جاتی کہ حضرت یعقوب علیہ السلام (جو پیغمبر تھے) یہ سمجھتے تھے، کہ حضرت یوسفؑ اس رتبہ پر پہنچیں گے۔ کہ والدین اور بھائی انہیں سجدہ کریں گے۔

قرآن کریم سے صرف اس قدر معلوم ہوتا ہے۔ کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے حضرت یوسف علیہ السلام سے کہا تھا۔ کہ خدا تجھے حوادث عالم فال تعلیم کرے گا اور اپنی نعمت تجھ پر اور اولاد یعقوب پر اس طرح پوری کرے گا۔ جس طرح اس نے ابراہیم اور اسحاق پر پوری کی ہے۔

گویا سرسید کے نزدیک حضرت یوسف کا حاکم مصر ہونا وغیرہ خواب کی تعبیر نہیں تھی۔ بلکہ صرف بیان یعقوب تعبیر تھا۔ یعنی خدا تمہیں حوادث عالم کا مآل تعلیم کرے گا۔

اس سلسلے میں سرسید نے بہت کچھ لکھا ہے۔ جس کی نقل یا اقتباس بے فائدہ ہے۔

علمائے تعبیر خواب

اس امر میں شک کی گنجائش نہیں۔ کہ علم تعبیر خواب شریف اور اہم علم و فن ہے جس کے حامل انبیاء صلحاء اور بزرگان دین رہے ہے۔ چنانچہ بعض کامل معبرین کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں۔

حضرت دانیال علیہ السلام حکیم۔ حضرت یوسف علیہ السلام۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ۔ محمد ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ۔ محمد ابراہیم کرمانی۔ جابر مغربی اسمٰعیل بن اشعث۔ حافظ ابن اسحاق۔ فخری۔ خالد اصفہانی۔ محمد بن شاہ۔ علامہ ابو الفضل۔ حسین بن ابراہیم محمد طفلیسیؒ۔

تصانیف متقدمین:۔ اس فن و علم میں زبان عربی اور فارسی کے اندر متقدمین بزرگوں کی حسب ذیل قابل قدر کتب موجود ہیں۔ جن میں سے اکثر سے ہم

نے بھی استفادہ کیا ہے۔

کتاب تقسیم۔ کتاب اصول، کتاب جامع، دستورِ ارشاد، کتاب تعبیر (اسمٰعیل)، کتاب تعبیر (حافظ)، کتاب مرجین۔ منہاج التعبیر، کنز و یافی، بیان التعبیر، دستور الروس حمل الدلائل والمنافات، مبادی التعبیر، انفاح التعبیر، حقائق الرویا، کافی الرویا، مفرح الرویا، کتاب تعبیر ابن سیرین، تحفۃ الملوک، متقدمۃ التعبیر، تعبیر الرویا۔

آداب برائے معبّر

ضروری ھدایات: - جو عام لوگوں کو ان کے خواب بتانے کی خدمت اپنے ذمے لے۔ اسے امور ذیل کا خیال رکھنا چاہیئے۔

(۱) معبر پارسا۔ صاحب علم اور خاموش پسند ہو۔ بوقت دریافت تعبیر بیدار اور ہوشیار رہو۔ خواب بہ احتیاط تمام سنے۔ اور صاحب خواب کے درجہ کا لحاظ رکھے۔ موسم کا بھی لحاظ رکھے۔ اور تمام امور معلوم کرنے کے بعد حسب اصول علم وفن صحیح تعبیر بتائے۔ سمجھ میں نہ آئے۔ تو کچھ نہ بتائے۔ معبر کا تجربہ کار ہونا ضروری ہے۔

(۲) اگر خواب سخت ہو تو حسب موقع تعبیر بتائے۔ فضول حصہ نظر انداز کر دے۔ تمام خواب ہی لغو ہو۔ تو اس کی تعبیر بھی کچھ نہ بتائے۔ اگر صاحب خواب سے تعبیر چھپانی ہو۔ تو اس قسم کے سوالات کرے۔ جن کے جوابوں سے معلوم ہو جائے۔ کہ وہ ناخوش ہے۔ ویسی ہی حسب حال تعبیر بتا دے۔ اور اگر اس طرح بھی کچھ نہ معلوم ہو۔ یا وہ نہ بتائے، تو پھر اس کا نام یا طبیعت یا بدصورتی و خوبصورتی یا بیان و گفتگو راستی یا ناراستی وغیرہ کا لحاظ رکھ کر تعبیر بتائے۔ مگر بری تعبیر کا چھپانا اچھا ہے۔

(۳) معبّر کو جنس۔ صفت اور طبیعت کا لحاظ رکھنا چاہیئے۔ جنس سے ہر قسم کے درخت اور جانور مراد ہیں۔ اور ان کی تعبیر مذکر ہوتی ہے۔ صفت یہ ہے۔ کہ معبّر یہ معلوم کرے۔ کہ درخت کونسا ہے۔ اور جانور کونسی قسم اور جنس کا اور کس صفت کا

ہے۔ درخت آم کی تعبیر عربی مرد نہیں ہو سکتی۔ کیوں کہ یہ درخت عرب میں نہیں ہوتا۔ پس عجمی مرد بلکہ ہندی مرد تعبیر ہو گی۔

اسی طرح گھوڑے کی تاویل عربی مرد' اور ہاتھی کی تعبیر ہندی مرد ہو گی۔ طبیعت سے مراد قسم ہے۔ مثلاً پھل دار درخت کی تعبیر' مال دار مرد ہے۔ مگر اخروٹ ہو۔ تو وہ مال دار بخیل' بدمعاملہ اور بُرا مرد ہو گا۔ جانور کو اڑتے دیکھنا صاحب خواب کے نظر کرنے کی دیل ہے۔ جانور کی طبیعت کا لحاظ رکھنا بھی ضروری ہے۔ مثلاً کُتا وفادار اور کوا چالاک و بدعہد مرد کی تعبیر دیتا ہے۔

(۴) معبّر کو چاہیئے۔ کہ وہ آہستگی اور ہوشیاری کے ساتھ خواب سنے۔ اور اس پر غور کرے۔ اور اس پر وقت صرف کرے۔ جلدی نہ کرے۔ صاحب خواب کا مذہب اور عقیدہ معلوم کرے۔ راستی و دروغ جانچے۔ معبر خواب کو باطہارت ہو کر سُنے۔

(۵) اگر کوئی شخص اپنا خواب بھول جائے۔ تو معبّر کو چاہیئے۔ کہ اس سے توجہ کرائے۔ کیوں کہ فراموشی دیل گنہ گاری ہے۔ کیوں کہ فرشتہ لوح محفوظ سے آدمی کو خواب دکھاتا ہے۔

(۶) معبّر کو چاہیئے۔ کہ وہ پہلے صاحب خواب کا نام۔ مقدور رتبہ۔ مذہب سیرت و خصلات اور عقل و فہم معلوم کرے۔

خواب دیکھنے کا وقت معلوم کرنا بہت ضروری ہے۔ یہ بھی دریافت کرے کہ خواب دن میں دیکھا یا رات کو۔ یہ بھی دیکھے۔ کہ صاحب خواب اپنا خواب بیان کرتے وقت کیا حرکات کرتا اور خواب کس طریق سے بیان کرتا ہے۔ معبر کو فارسی مہینے کی فصل اور عربی مہینے کا دن معلوم کرنا چاہیئے۔ اور اس کے بعد صحیح صحیح تعبیر بتانی چاہیئے۔

اچھا نام:۔ اگر صاحب خواب کا نام یا اس کے باپ کا نام پیغمبروں کے نام پر ہو۔ مثلاً احمد یا اسمعیل وغیرہ، تو معبّر کو چاہیئے کہ وہ اس کے حساب اور فال سے مبشر تعبیر کرے۔

بُرا نام:۔ نام بُرا ہو۔ تو تعبیر شر و فساد پر مبنی ہو گی۔

نیک وقت۔ یک شنبہ (اتوار) حصہ اول میں تعبیر مبارک ہے۔ یہی حال دو شنبہ

(سوموار) کے حصہ اوّل کا ہے۔

منحوس وقت: ۔روز سہ شنبہ (حصہ اول) میں یعنی منگل کو تعبیر نہیں پوچھنی چاہیئے کہ یہ وقت نحس ہے۔

چہار شنبہ (بدھ) حصہ اول بھی منحوس ہے۔ پس ان واقعات میں تعبیر نہ بتائے۔

ساعات نیک: ۔بروز پنج شنبہ (جمعرات) حصہ اول مبارک وقت ہے۔ روز جمعہ حصہ اول بھی مبارک ہے۔

(۷) معبّر کو غیر معمولی علم و عقل اور وسیع تجربہ کی ضرورت ہے۔ ورنہ کامیابی محال ہے۔ اس کی نظر ہر طرف ہونی چاہیئے۔ روایت ہے کہ خلیفہ مہدی نے خواب میں دیکھا کہ اس کا چہرہ سیاہ ہوگیا۔ درباری معبّر اس کی تعبیر سے عاجز رہے۔ مگر حضرت ابراہیم کرمانی نے یہ تعبیر بیان کی۔ کہ خلیفہ کے صاحب زادی پیدا ہوگی۔ درباری معبّروں نے اس کی دلیل پوچھی۔ تو حضرت کرمانی نے قرآن کریم کی چند آیات پڑھیں۔ جن کا ترجمہ یہ ہے۔ (جب ان لوگوں کو دختر پیدا ہونے کی بشارت دی جاتی ہے۔ تو ان کے چہرے پر غم کی سیاہی چھا جاتی ہے) یہ تعبیر درست نکلی۔ چنانچہ خلیفہ کے دختر تولد ہوئی اور خلیفہ نے حضرت کرمانی کو بیش بہا انعام دیا۔ بات یہ ہے۔ کہ ایک سیر علم کے واسطے ایک من عقل و فہم کی ضرورت ہے۔

اسی طرح ایک شخص نے خواب دیکھا۔ کہ لوگوں نے اسے خصّی (اختہ) کر دیا ہے تعبیر پوچھی۔ تو معبّروں نے حسب ذیل مختلف تعبیریں بتائیں۔

(۱) تم جلد مر جاؤ گے (۲) تم اپنے بیٹے سے جدا ہو جاؤ گے (۳) تیزی اور قوت میں خلل پڑے گا (۴) نسل منقطع ہو جائے گی (۵) تم اپنی بیوی کو طلاق دو گے وغیرہ۔

چند روز بعد اس شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی۔ اور اپنے بیٹے کے ساتھ سمندر کا سفر کیا۔ مگر اس کا جہاز ڈوب گیا (اسی اثنا میں ایک مچھلی نے اس کا عضو مردانہ اور خصیتین نگل لیے۔ اس کا بیٹا اور مال تباہ ہوا۔ اور اسی طرح تمام کی تمام تعبیریں پوری ہوگئیں۔

(۸) معبّر کو چاہیئے۔ کہ وہ گورستان میں خواب کی تعبیر نہ بیان کرے۔

آداب برائے صاحب خواب

(۱) ہر آدمی کو چاہیئے۔ کہ وہ باوضو سویا کرے۔ اور سوتے وقت خدائے تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اپنے آپ کو اس کی سپرد کرے۔ اس سے پناہ مانگے۔ برکت چاہے۔ اس کی حمد کرے عاجزی کرے۔ مغفرت چاہے۔ توبہ کرے۔ نیک خواب دیکھنے کی توفیق مانگے۔ داہنی کروٹ سوئے۔ اسی کروٹ بیدار ہو۔ اور اس وقت اللہ تعالیٰ کو یاد کرے۔

(۲) اگر نیک خواب دیکھے۔ تو خدا کا شکر کرے۔ اور صدقہ بھی دے۔ حدیث شریف میں آیا ہے۔ کہ ایسا خواب اپنے مومن بھائیوں اور دوستوں سے بیان کرے۔

(۳) اگر برا خواب دیکھے تو فوراً اَعُوْذُ بِاللہِ اور لَاحَول پڑھے۔ اور خواب کا ذکر کسی سے نہ کرے۔ تاکہ نقصان سے محفوظ رہے۔ نیز سورۂ اخلاص پڑھے۔ اور اپنے بائیں ہاتھ کی طرف پھونک مار کر دم کرے۔ اور دعا کرے کہ خدایا اگر یہ نیک خواب ہے۔ تو اس کی نیکی عطا کر۔ ورنہ شر و نقصان سے محفوظ رکھ۔

(۴) خواب دیکھنے والے کو چاہیئے۔ کہ وہ معبّر کے سامنے اپنا خواب ٹھیک ٹھیک بیان کرے۔ نہ کوئی بات اپنی طرف سے بڑھائے۔ اور نہ گھٹائے۔ بالکل سچ سچ کہہ دے۔ ورنہ تعبیر درست نہ ہوگی۔ بلکہ نقصان ہوگا۔ کیوں کہ خواب اللہ اور بندے کے درمیان ایک امانت ہے۔

(۵) خواب جھوٹ موٹ گھڑ کر بیان کرنا گناہ ہے۔ پس اس سے ہر شخص کو پرہیز کرنا چاہیئے۔

(۶) اگر کوئی صاحب خواب اپنا خواب بھول جائے۔ تو اسے استغفار کرنا چاہیئے تاکہ وہ عذاب الٰہی سے محفوظ رہے۔

(۷) بے دینوں، جاہلوں، دشمنوں اور عورتوں سے خوابوں کی تعبیر نہیں پوچھنی چاہیئے۔

(۸) جس روز ابر، بارش یا برف باری ہو۔ خواب کی تعبیر نہیں پوچھنی چاہیئے۔
(۹) سورج چڑھتے یا ڈوبتے وقت بھی تعبیر نہیں پوچھنی چاہیئے۔
(۱۰) جو شخص صحیح خواب دیکھنا چاہے۔ اسے چاہیئے کہ زیادہ کھانا نہ کھائے تاکہ دماغ کو ابخرے نہ چڑھ سکیں۔ لیکن بہت کم بھی نہ کھائے۔ کیونکہ ایسی حالت میں خواب بھی پریشان آتے ہیں۔
(۱۱) بے علم اور جاہل لوگوں سے حتی الامکان تعبیر نہ پوچھے۔
(۱۲) اگر کوئی شخص خواب دیکھنے کی نیت سے سو جائے۔ اور خواب میں بکری وغیرہ ایسا جانور دیکھے۔ جس کا گوشت کھایا جاتا ہے۔ تو اس کی تعبیر تباہی ہے۔ اگر وہ عمدہ اور شیریں کھانا کھائے۔ یا بند دروازہ اس کے واسطے کھول دیا جائے۔ تو ایسا خواب مبارک ہے۔ اس شخص کو نفع حاصل ہوگا۔ اور وہ نیک راہ چلے گا۔
(۱۳) خواب دیکھنے کے بعد بالکل نہ سوئے۔ ورنہ خواب کی تعبیر بدل جائے گی۔
(۱۴) رات کو خواب کی تعبیر کسی سے نہ پوچھے۔

خواب کی قسمیں

فلسفیانہ اقسام:۔ (۱) طبعی (۲) غیر طبعی۔
اقسام معبّرین:۔ چار ہیں (۱) امر (حکم دینے والا) (۲) زاجر (باز رکھنے والا) (۳) منذر (ڈرانے والا) (۴) مبشر (بشارت دہندہ)
حدیث نبوی میں خواب کی یہ تین قسمیں بتائی گئی ہیں (۱) زندگی میں مومنوں کی بشارت دینے والے (۲) غمگین کرنے والے (۳) خواب پریشان۔
اصل خواب:۔ جناب امام جعفر صادقؑ کا قول ہے۔ کہ خواب کی اصل حسب ذیل تین اقسام پر مبنی ہے۔
(۱) حکم (۲) متشابہ (۳) اضغاث و اکلام یعنی خواب پریشان۔ اس قسم کے خواب مفسد، دائم الخمر، یا نابالغ بچے یا بینگن، مسور وغیرہ مولد سودا غذائیں کھانے والے

لوگ دیکھا کرتے ہیں۔ اضغاث کہتے ہیں۔ گھاس کے کھلے مٹھوں کو۔ پس یہ خواب بھی ایسے ہی پریشان ہوتے ہیں۔

حضرت محمد ابن سیرین نے خواب کے دو اقسام قرار دیئے ہیں۔ ایک حکم یعنی خواب درست۔ دوم اضغاث۔

اقسام اضغاث (۱) نمائش شیطانی سے خواب آنے (۲) نفسانی باتوں سے (۳) طبیعت یا ہوا کے غلبہ سے۔

قول کرمانی رح: خواب کی تین اقسام ہیں (۱) خدائے تعالیٰ کی طرف سے بشارت (۲) شیطانی وسواس (۳) خیال خود۔

قول مغربی رح: خواب کی دو اقسام ہیں (۱) سچا خواب (۲) جھوٹا خواب۔

اقسام خواب درست (۱) تبشیر (۲) تہدید (۳) الہام۔

(۱) تبشیر۔ ملک الرویا (فرشتہ خواب) جو اس کا مؤکل ہے۔ لوح محفوظ کی اطلاع صاحب خواب کو دے۔

(۲) تہدید۔ فرشتہ خواب آنے والی تکلیف سے آگاہ کرے۔ تاکہ آدمی گناہ سے توبہ کرے۔ اور شر سے محفوظ رہے۔

(۳) الہام۔ خدائے تعالیٰ ملک الرویا کو خواب دکھانے کا حکم دیتا ہے۔ تاکہ خواب دیکھنے والا صدقہ دے۔ جہاد کرے۔ خدائے تعالیٰ سے رجوع کرے۔ گناہ سے باز رہے۔ اور لوگوں سے عدل و احسان کے ساتھ پیش آئے۔

اقسام خواب دروغ:۔ (۱) ہمت (۲) علت (۳) شیطانی یعنی خواب پریشان۔

(۱) ہمت۔ حالت بیداری کا خیال خواب میں آجائے۔ بس اس کی کچھ اصلیت نہیں۔ اور نہ اس کی تعبیر ہی صحیح ہے۔

(۲) علت۔ بیمار غافل سوئے تو خواب آئے۔ پس یہ خواب بھی بے اصل و بے تعبیر ہے۔

(۳) شیطانی۔ ناممکن چیز خواب میں دیکھنا۔ یا غسل واجب ہونا۔ اس کی بھی

تعبیر معتبر نہیں۔

جھوٹے اور بے اصل خواب

اگر کوئی شخص خواب میں فصد کھلوائے۔ یا رنگ دیکھے۔ یا اپنے آپ کو عیش کرتا دیکھے تو معبّر کو چاہیئے۔ کہ وہ صاحب خواب کے چہرے کو غور سے دیکھے۔ اور حالات کی تفصیل بھی کرے۔ پس اگر اس میں خون کا غلبہ پایا جائے۔ اور وہ گوشت و شراب وغیرہ کا زیادہ استعمال کرتا ہو۔ تو اس کا خواب بوجہ غلبہ خون کے ہوگا۔ اور اس کی کچھ تعبیر نہ ہوگی۔

(۲) اگر کوئی شخص خواب میں گرم موسم، چراغ، آگ وغیرہ چیزیں دیکھے۔ اور صاحب خواب زرد رنگ اور لاغر ہو۔ باتیں زیادہ کرے۔ تیزی ہو۔ تو خواب بے معنی ہے۔ کیونکہ خواب صفرا کے غلبہ کا نتیجہ ہے۔ اور وہ شخص پیاز، لہسن، مصالحہ وغیرہ گرم چیزیں زیادہ کھاتا ہے۔

(۳) اگر کوئی شخص خواب میں برف، بارش وغیرہ سرد چیزیں دیکھے۔ اور دہی دودھ وغیرہ زیادہ کھائے۔ تو یہ بلغم کے غلبہ کی علامات ہیں۔ اور اس کا خواب بھی بے تعبیر ہوگا۔

(۴) اگر کوئی شخص خواب میں سانپ، بچھو سیاہ چیزیں دیکھے۔ اور ڈرے۔ تو اس کا خواب بھی بے تعبیر ہوگا۔ کیوں کہ یہ علامات سودا کے غلبہ کی ہیں۔ جو بینگن۔ پیاز اور گوشت وغیرہ زیادہ کھانے کا نتیجہ ہے۔

اگر کوئی صاحب خواب متفکر اور سوچ میں ہو۔ اس کے چہرے کا رنگ سیاہی مائل ہو۔ اور وہ بے وجہ منہ اور داڑھی پر ہاتھ پھیرے۔ تو یہ بھی علامات سودا ہیں۔ اور اس کا خواب بھی بے تعبیر ہوگا۔

(۵) اگر کوئی شخص خواب میں بھی اپنے آپ کو برف یا بارش کے درمیان دیکھے یا سردی میں پھنسا ہوا۔ اور بوقت بیداری اپنے آپ کو سردی میں پائے۔ یعنی اس کا کپڑا سر کا ہٹا ہو اور اترا ہوا ہو۔ تو اس کا خواب بے تعبیر ہوگا۔ کیونکہ اس کا سبب محض سردی ہے۔

(۶) اگر کوئی شخص خواب میں گرمی، دھوپ یا حرارت دیکھے۔ اور بیدار ہو کر اپنے

آپ کو گرم کپڑوں میں دبا یا جائے۔ تو اس کا خواب بھی بے تعبیر ہو گا۔

(۷) اگر آدمی بائیں کروٹ سو رہا ہو یا چت سوتا ہو۔ اور اس کا ہاتھ سینے کے اوپر ہو۔ اور وہ خواب میں بڑ بڑائے اور ڈرے۔ تو وہ خواب بھی بے تعبیر ہو گا۔

(۸) اگر بیمار آدمی خواب میں درد تکلیف دیکھے۔ تو اس کا خواب بھی بے تعبیر ہو گا۔

(۹) اگر کوئی شخص خواب میں اپنے آپ کو پیشاب کرتا دیکھے۔ اور بیداری کے بعد اس کے کپڑے پیشاب سے تر ہوں۔ تو اس کا خواب بھی بے اصل اور بے تعبیر ہو گا۔ خواب میں پیشاب کا غلبہ ہونا بھی یہی حکم رکھتا ہے۔

(۱۰) اگر کوئی پیشہ ور خواب میں اپنے اوزار دیکھے۔ تو اس کے خواب کی تعبیر بیان کرنے سے پہلے اس سے یہ دریافت کر لینا ضروری ہے۔ کہ وہ دن میں کیا کام کرتا رہا تھا اور رات کو کس خیال میں سویا تھا۔

فرق خواب بہ لحاظ مراتب

(۱) بادشاہوں کے خواب مقابلتاً عموماً درست ہوتے ہیں۔ اور انبیاء کے بالکل سچے

(۲) قاضی، مفتی، فقیر، عالم کا خواب بھی عوام سے معتبر ہوتا ہے۔

(۳) آزاد کا خواب۔ غلام سے زیادہ درست ہوتا ہے۔

(۴) مردوں کے خواب کو عورتوں کے خواب پر فضیلت ہے۔

(۵) عورتوں اور غلاموں کے خواب ایک درجہ رکھتے ہیں۔

(۶) مرد صالح کا خواب فاسق و فاجر سے بہتر ہے۔

(۷) مومن کے خواب کو کافر پر ترجیح ہے۔

(۸) دولت مند کے خواب کو محتاج کے خواب پر فضیلت ہے۔ اس کے اچھے خواب کا اثر جلد اور بد کا دیر میں ہوتا ہے۔

(۹) خواب درویش (گداگر) بے حقیقت سا ہے۔ کیوں کہ اس کا دل پریشان رہتا ہے۔ اس کے اچھے خواب کا اثر دیر میں اور برے کا جلد ہوتا ہے۔

(۱۰) بالغ کا خواب نابالغ سے معتبر ہے۔

(۱۱) نابالغ کے خواب کی بھلائی برائی ماں باپ کو پہنچتی ہے۔ بچوں کا خواب بعض عالموں نے درست اور بعض نے نادرست بتایا ہے۔

(۱۲) مست اور جنبی کا خواب معتبر ہے۔

(۱۳) حائضہ عورت کا خواب تعبیر رکھتا ہے۔

(۱۴) مسلمان کا خواب کافر کے خواب سے معتبر ہے۔

(۱۵) دانا کا خواب نادان کے خواب سے معتبر ہے۔

(۱۶) بوڑھوں کا خواب بچوں سے زیادہ معتبر ہے۔

(۱۷) آزاد عورت کا خواب کنیز سے زیادہ معتبر ہے۔

اوقات کا اثر خواب پر

(۱) دن کا خواب رات کے خواب سے قوی ہوتا ہے۔ رات کے پہلے حصے کا خواب نامعتبر اور آدھی رات کا پریشان ہوتا ہے۔ البتہ صبح کا خواب معتبر ہے۔

(۲) رات کے خواب کی تعبیر پانچ سال میں ظاہر ہوتی ہے۔ اور آدھی رات کے خواب کی تعبیر چھ ماہ بعد۔ مگر صبح کے خواب کی تعبیر دس روز کے اندر ہی ظاہر ہوجاتی ہے۔ خواب کا وقت دن کے جس قدر قریب ہوتا ہے۔ اسی قدر خواب کی تعبیر جلد ظہور میں آتی ہے۔

(۳) خواب اوقات کے لحاظ سے اثر ڈالتا ہے۔ مثلاً اگر کوئی شخص رات کو خواب دیکھے کہ وہ سبیل پر بیٹھا ہے۔ تو اس کی تعبیر نفع اور ترقی ہے۔ لیکن اگر یہی خواب دن میں دیکھا جائے۔ تو اس کی تعبیر بیوی کو طلاق دینا ہے۔ اگر کوئی شخص دن میں دیکھے۔ کہ مرغ نے کتے کو پکڑ لیا۔ تو اس کی تعبیر یہ ہے۔ کہ صاحب خواب بیمار ہوگا۔ اگر رات کو یہی خواب دیکھے۔ تو احمق مرد سے واسطہ پڑے گا۔

(۴) اگر کوئی شخص اپنے خواب کی تعبیر صبح سے لے کر آدھی رات تک پوچھے۔ تو اقبال مندی کی دلیل ہے۔ اور اس کے بعد زوال کی علامت۔

(۵) سورج نکلنے سے ذرا پہلے کا خواب زیادہ معتبر ہے۔ سورج چڑھ کر اونچا ہو جانے کے وقت کا خواب بھی معتبر ہے۔

(۶) موسم سرما کے خوابوں کی تعبیر ضعیف ہوتی ہے۔

(۷) فصل بہار کے خواب مبارک ہوتے ہیں۔ لیکن تعبیر بمدت سے نکلتی ہے۔

(۸) فصل گرما کے خواب کی تعبیر قوی اور جلد ظہور پذیر ہوتی ہے۔

(۹) فصل خزاں کے خواب کی تعبیر درست نہیں ہوتی۔

خواب کی تاریخیں

ان تاریخوں کے خواب سچے ہوتے ہیں۔ ۶-۷-۸-۹-۱۰-۱۵-۱۶-۱۹-۲۶-۲۷-۳۰

ان تاریخوں کے خواب کا نتیجہ دیر بعد ظاہر ہوتا ہے۔ ۲-۵-۱۱-۱۲-۱۶-۱۷-

ان تاریخوں کے نیک و بد دونوں طرح کے خواب سچے ہوتے ہیں۔ ۲۲-۱۲-۲۱-۲۴-

نقشہ ساعات روزانہ

یہ معلوم کرنا ضروری اور فائدہ سے خالی نہیں ہے۔ کہ فلاں وقت کس ستارہ کی ساعت ہے، پس نقشہ مندرجہ صفحہ آئندہ سے مختلف اوقات کی ساعات بہ آسانی معلوم کی جا سکتی ہیں۔

ہر دن کے سامنے جو پہلا ستارہ درج ہے۔ اس کا عمل و اثر صبح ۶ بجے سے ۷ بجے تک رہتا ہے۔ پھر دیگر تحریر شدہ ستاروں کا بہ ترتیب اثر ہوتا ہے۔ جو ایک ایک گھنٹے تک رہتا ہے۔ یعنی ایک ایک گھنٹے کے بعد بدل جاتا ہے۔

اس حساب سے بارھویں خانہ کا ستارہ شام کے ۵ بجے سے ۶ بجے تک عامل اور اثر انداز رہتا ہے۔

علیٰ ہذا القیاس رات کے ستاروں کا حال ہے۔ وہ حسب ترتیب تحریر شدہ ایک ایک گھنٹے کے واسطے عامل ہوتے اور اپنا اپنا اثر دکھاتے ہیں۔ اور تمام رات یہی حال رہتا ہے۔ حتیٰ کہ پھر صبح کے ستارہ کا دورہ آ جاتا ہے۔

	۶ بجے سے ۷ بجے تک	۷-۸	۸-۹	۹-۱۰	۱۰-۱۱	۱۱-۱۲	۱۲-۱	۱-۲	۲-۳	۳-۴	۴-۵	۵-۶
ہفتہ دن	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
〃 رات	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
اتوار دن	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
〃 رات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
سوموار دن	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
〃 رات	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل دن	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
〃 رات	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ دن	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
〃 رات	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات دن	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
〃 رات	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ دن	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
〃 رات	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر

نقشہ ساعات سعد و نحس

خواب کی تعبیر ساعات سعد یعنی نیک میں معلوم کرنا یا معبر سے دریافت کرنا چاہیئے۔ ذیل کے نقشہ سے معلوم ہو سکے گا۔ کہ فلاں فلاں ساعت نیک اور فلاں فلاں منحوس ہیں۔ پس تعبیر یا دیگر کام ساعات نیک ہی میں کریں۔

دن یا رات بارہ بارہ گھنٹوں میں منقسم ہے۔ اسی طرح دن اور رات کے چار چار پہر ہوتے ہیں۔ اس حساب سے ایک ایک پہر تین تین گھنٹہ کا ہوا۔

نقشہ میں سعد و نحس کی کیفیت پہروں کے حساب سے درج کی جاتی ہے۔ چاند کی تاریخوں کے سلسلے سے

نقشہ

قمری تاریخ	دن کے چار پہر				رات کے چار پہر			
	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴
۱	سعد	نحس	سعد	نحس	نحس	نحس	سعد	سعد
۲	نحس	نحس	سعد	سعد	سعد	نحس	سعد	نحس
۳- ۱۳	نحس	نحس	نحس	سعد	سعد	نحس	نحس	سعد
۴- ۲۴	نحس	سعد	سعد	نحس	نحس	نحس	سعد	نحس
۵	سعد	سعد	سعد	نحس	سعد	سعد	نحس	نحس
۶	س	ن	س	ن	ن	س	ن	ن
۷- ۲۹	س	س	س	ن	س	س	ن	ن
۸	ن	ن	س	ن	ن	ن	ن	ن
۹- ۲۱	س	س	س	س	س	ن	س	ن
۱۰- ۲۲	س	س	ن	ن	ن	ن	س	س
۱۱- ۲۵	س	س	س	ن	س	س	س	س
۱۲	ن	س	س	س	س	ن	ن	س
۱۳	ن	ن	ن	ن	ن	س	ن	ن
۱۴	س	ن	س	ن	ن	ن	س	س
۱۵- ۲۶	س	س	ن	ن	س	س	ن	ن
۱۶	ن	س	س	ن	ن	س	ن	س
۱۷- ۲۷	س	س	س	ن	س	س	ن	س
۱۸- ۲۸	ن	ن	ن	س	س	ن	ن	ن
۱۹	س	س	ن	س	ن	س	س	س
۲۰- ۳۰	س	ن	ن	س	ن	ن	س	س

خواب فراموش کی یاد آوری

خواب دیکھ کر بھول جانے کے اسباب حسب ذیل چار ہیں۔
(۱) کثرت گناہ (۲) مختلف کاروبار کرنے (۳) نیت کی کمزوری (۴) طبیعت کا اختلاف و تبدیلی۔

طریق اول:۔ جب کوئی شخص معبّر کے پاس آکر کہے۔ کہ وہ اپنا خواب بھول گیا ہے تو معبر کو اس سے کہنا چاہیئے۔ کہ وہ اپنے کسی عضو پر ہاتھ رکھے۔ اس کے مطابق اس کا خواب سمجھ لے۔

اگر صاحب خواب سر پر ہاتھ رکھے تو معبّر سمجھے کہ اس نے خواب میں پہاڑ دیکھا ہے۔
اگر صاحب خواب آنکھ پر ہاتھ رکھے تو معبّر سمجھے کہ اس نے خواب میں چشمہ آب تلخ دیکھا ہے۔
اگر صاحب خواب ناک پر ہاتھ رکھے تو معبّر سمجھے کہ اس نے خواب میں دامنِ کوہ دیکھا ہے۔
اگر صاحب خواب رخسار پر ہاتھ رکھے تو معبّر سمجھے کہ اس نے خواب میں سرسبز جنگل مرغزار دیکھا ہے۔
اگر صاحب خواب منہ پر ہاتھ رکھے تو معبّر سمجھے کہ اس نے خواب میں عمدہ چشمہ دیکھا ہے۔
اگر صاحب خواب کان پر ہاتھ رکھے تو معبّر سمجھے کہ اس نے خواب میں غار شگاف دیکھا ہے۔
اگر صاحب خواب داڑھی پر ہاتھ رکھے تو معبّر سمجھے کہ اس نے خواب میں گھاس دیکھا ہے۔
اگر صاحب خواب پیٹ پر ہاتھ رکھے تو معبّر سمجھے کہ اس نے خواب میں دریا دیکھا ہے۔
اگر صاحب خواب عضو خاص پر ہاتھ رکھے تو معبّر سمجھے کہ اس نے خواب میں خرابات دیکھا ہے۔
اگر صاحب خواب کندھے پر ہاتھ رکھے تو معبّر سمجھے کہ اس نے خواب میں محل، بلندی دیکھا ہے۔
اگر صاحب خواب بازو پر ہاتھ رکھے تو معبّر سمجھے کہ اس نے خواب میں درخت میوہ دار دیکھا ہے۔
اگر صاحب خواب انگلیوں پر ہاتھ رکھے تو معبّر سمجھے کہ اس نے خواب میں درخت کی چھوٹی شاخیں دیکھی ہیں۔
اگر صاحب خواب مقعد پر ہاتھ رکھے تو معبّر سمجھے کہ اس نے خواب میں سنڈاس دیکھا ہے۔
اگر صاحب خواب گھٹنہ پر ہاتھ رکھے تو معبّر سمجھے کہ اس نے خواب میں پشتہ زمین دیکھا ہے۔
اگر صاحب خواب پنڈلی پر ہاتھ رکھے تو معبّر سمجھے کہ اس نے خواب میں درخت بے ثمر دیکھا ہے۔

طریق دوم:۔ جو شخص اپنا خواب بھول گیا ہو۔ اس سے نام پوچھو۔ اور نام کے حرف گن کر ابجد کے حساب سے اس میں سے نو۔ نو عدد چھوڑتے جاؤ۔ اور باقی پر حسب ذیل حکم لگاؤ۔

اگر ۹ عدد باقی رہیں تو اس نے کسی شہر کو خواب میں دیکھا ہے۔ جس کی تعبیر فساد ہے۔
اگر ۸ عدد باقی رہیں تو اس نے سفر کرتے یا نکاح کرتے خواب میں دیکھا ہے۔ جس کی تعبیر نیک ہے
اگر ۷ عدد باقی رہیں تو اس نے کتا یا درندہ خواب میں دیکھا ہے۔ جس کی تعبیر لڑائی ہے۔
اگر ۶ عدد باقی رہیں اور صاحب خواب اہل شر ہو تو اس نے نیک فرشتے خواب میں دیکھے ہیں تو ترقی تعبیر ہے
اگر ۶ عدد باقی رہیں اور صاحب خواب اہل مفسد ہو اور شیطان خواب میں دیکھا ہے۔ جسکی تعبیر فساد اور تباہی ہے
اگر ۵ عدد باقی رہیں تو اس نے گھوڑے ہتھیار کو خواب میں دیکھا ہے۔ جسکی تعبیر سفر ہے۔
اگر ۴ عدد باقی رہیں تو اس نے آسمان ستارے کو خواب میں دیکھا ہے۔ جس کی تعبیر بلندی ہے۔
اگر ۳ عدد باقی رہیں تو اس نے کسی کو کام کے واسطے کہتا خواب میں دیکھا ہے۔ جسکی تعبیر عالی مرتبہ ہے
اگر ۲ عدد باقی رہیں تو اس نے کسی کو مبارک کام کے واسطے کہتا خواب میں دیکھا ہے۔ جسکی تعبیر نفع ہے
اگر ۱ عدد باقی رہے تو اس نے کسی کو مبارک کام کے واسطے کہتا خواب میں دیکھا ہے۔ خوف دور ہو۔

معبّر کے لیے دیگر ضروری ہدایات

(۱) صاحب خواب کا نام نیک ہونا کامیابی کی دلیل ہے۔ احمد۔ اسمٰعیل۔ فضل وغیرہ اچھے نام ہیں۔ صاحب خواب کو نیکی اور خوشی حاصل ہوگی۔

(۲) برا نام بدفال ہے۔ یعنی رنج اور شر و فساد کی دلیل ہے۔

(۳) اگر صاحب خواب تعبیر دیکھتے وقت گھوڑے یا خچر کے قریب کھڑا ہو۔ تو فال مبارک ہے۔ مگر سفر پیش آئے گا۔ خصوصاً جب گھوڑے وغیرہ پر زین بھی کسا ہوا ہو۔

(۴) اگر تعبیر دریافت کرتے وقت کوا تین بار (کائیں کائیں کائیں) کرے۔ تو یہ مبارک فال ہے۔ مگر اس کی دو آوازیں شر و فساد کی دلیل ہیں۔ پانچ بھی بد ہیں۔ چار بار آواز بھی مبارک ہے۔ اور چھ بار بھی۔ طاق تعداد میں خیر ہے۔ اور جفت

میں شروفساد

(۵) غلام کا خواب اس کے آقا کو فائدہ یا نقصان پہنچاتا ہے۔

عجائبات خواب

(۱) بعض لوگ ایسے کند ذہن اور کمزور حافظہ کے دیکھے گئے ہیں۔ جو بیداری کی حالت میں ایک معمولی شعر تک درست نہیں پڑھ سکتے۔ مگر انہیں خواب میں مشکل اشعار پڑھتے دیکھا گیا ہے۔ اور پھر وہ بیدار ہو کر بھی درست پڑھنے لگتے ہیں۔

بہت سے بے علم آدمی خواب میں عمدہ اور شائستہ الفاظ بولتے اور عقل و حکمت کے نکتے بیان کرتے ہیں۔ اور پھر بیداری میں بھی ان کو دہرا دیتے ہیں۔

(۲) آدمی خواب میں کسی جھوٹی یا بناوٹی بات یا چیز دیکھتا ہے۔ مگر اس کی تعبیر بعینہٖ اس کے فرزند یا برادر کے حق میں پوری ہو جاتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں دیکھا۔ کہ ابوجہل اسلام لے آیا ہے۔ مگر اس کی تعبیر یہ نکلی۔ کہ عکرمہ بن ابوجہل مسلمان ہوا۔ کسی نے خواب میں دیکھا کہ اسد ابیر کہ مسلمان ہو گیا۔ مگر درحقیقت اس کا فرزند عباس اسلام لایا۔

(۳) چھوٹا بچہ خواب دیکھے۔ تو اس کی تعبیر اس کے ماں باپ کے حق میں نکلتی ہے۔

(۴) بقول حضرت علی کرم اللہ وجہہ خود خواب ایک عجوبہ ہے۔ کہ جو کچھ سوتے میں مفروضہ طور پر دیکھا جاتا ہے۔ وہی بیداری میں پورا ہو جاتا ہے۔

خواب اختیاری

سرسید مرحوم نے اپنی تفسیر القرآن کے اندر تفسیر سورہ یوسف میں لکھا ہے۔ کہ بعض لوگ دوسرے اشخاص کو خواب دکھانے کی اس قدر مشق کر لیتے ہیں۔ کہ وہ سوتے ہوئے آدمی کے پاس بیٹھ کر بہ آسانی تمام اور ایسی سہولت سے کہ وہ بیدار نہ ہو جائے وہ لوگ سونے والے کی قوت حسانیہ یا سامعہ کو ایسے طریق سے اثر مطلوبہ پہنچاتے ہیں کہ

وہ سونے والا مطلوبہ خواب دیکھ لیتا ہے۔

طریق خواب اختیاری

انسان حسبِ ذیل طریق سے خواب دیکھ سکتا ہے۔

جب موسم معتدل ہو۔ یعنی نہ زیادہ گرمی ہو اور نہ سردی۔ آرام کے واسطے ایک ایسا مکان انتخاب کریں۔ جو صاف اور کسی قدر ہوادار ہو۔ پس اس کے اندر اپنا پلنگ بچھائیں۔ بستر صاف ستھرا اور سفید ہونا چاہیئے۔ مکان بالکل علیحدہ اور خالی ہونا چاہیئے یعنی اس میں کسی کی آمد و رفت نہ ہو۔ خصوصاً اس رات کو یہاں کوئی بھی نہ آئے۔

خواب دیکھنے والے کو بھی معتدل مزاج اور خوش ہونا چاہیئے۔ اس کے دماغ کے درست ہونے کی بھی ضرورت ہے۔ اور غذا بھی لطیف اور سبک کھاتا ہو۔ وہ عمل کے وقت بھی نہ بالکل بھوکا ہو۔ اور نہ سیر۔ سونے سے پہلے غسل کر کے پاکیزہ لباس پہننا چاہیئے۔

بہرحال وہ شخص بستر پر لیٹ جائے۔ اور لیمپ کو دھیما کر کے دور رکھ دے اور اب اپنے دونوں ابروؤں کی جگہ یعنی پیشانی اور ناک کا درمیانی مقام ٹکٹکی باندھ کر دیکھتا رہے۔ اور جس شخص کو یا جس جگہ کو دیکھنا ہو۔ اس کا تصور باندھے۔

اس عمل سے تھوڑی دیر میں غنودگی آجائے گی۔ اور مطلوبہ خواب نظر آئیگا بلکہ عجائب و غرائب نظارے نظر آئیں گے۔ جو درست ہوں گے۔

ایسی حالت میں اگر اس سوتے والے سے سوالات کیے جائیں۔ تو وہ جواب دے گا۔ جو صحیح ہوں گے۔

سونے سے پہلے اپنے کسی دوست کو ہدایت کر دینی چاہیئے۔ کہ وہ علی الصبح آکر جگا دے۔ اگر معمولی طور پر آنکھ نہ کھلے۔ تو منہ پر بھیگا کپڑا پھیرے۔ یا دماغ پر آبِ سرد ڈالے۔

یہ عمل اسرار میں سے ہے۔ اور اسی وجہ سے قابل قدر ہے۔

خواب میں کام کرنا

اس سے بھی عجیب تریں بات خواب میں کام کرنا ہے۔ یورپ کے ایک ڈاکٹر نے جو دماغ کا معالج تھا۔ خواب میں کام کرنے کے بہت سے واقعات بیان کیے ہیں۔ جو بغرض دلچسپی لکھے جاتے ہیں۔

ایک مصور لیڈی بیداری میں ایک خاطر خواہ تصویر نہیں بنا سکی۔ کئی بار باوجود کوشش کے ناکام رہی۔ لیکن وہ ایک رات سوتے سوتے اٹھی۔ اور دو گھنٹے میں نہایت عمدہ تصویر تیار کر کے رکھ دی۔ لیکن اسے تصویر کا بنانا یاد نہیں تھا۔

اسی طرح ایک مضمون نگار۔ بیداری میں ایک فرمائشی مضمون لکھنے سے معذور رہا۔ اور آخر کار وہ اس خیال سے دست بردار ہو گیا۔ لیکن جب ایک ہفتہ بعد اس کا مضمون اخبار میں چھپا۔ اور ایڈیٹر نے اس کا بہت بہت شکریہ ادا کر کے اس کی تعریف کی تو وہ حیران ہو گیا۔ اڈیٹر نے اس کے ہاتھ کا مسودہ دکھا دیا۔ لیکن اسے نہ مضمون لکھنا یاد تھا اور نہ ڈاک میں ڈالنا۔ اس نے یہ دونوں کام خواب میں کیے تھے۔

ایک نوجوان نے خواب دیکھا۔ کہ وہ کسی پہاڑ کی چوٹی پر کھڑا ہے۔ اس نے وہاں سے ایک عقاب کا گھونسلا اتارا۔

اس نے بیدار ہو کر بیان کیا۔ کہ میں نے یہ خواب دیکھا۔ مگر وہی گھونسلا اس کے پلنگ کے نیچے موجود تھا۔

معلوم ہوا کہ اس نے یہ سب کچھ خواب کی حالت میں دیکھا تھا۔ اور اس کا خواب صرف خیالی خواب نہیں تھا۔ بلکہ عملی خواب تھا۔

دماغی ڈاکٹر نے اس قسم کے دو ایک واقعات اور بھی بیان کیے ہیں۔ مثلاً ایک فوجی کپتان نے خواب دیکھا۔ کہ وہ اپنی محبوبہ کی فرمائش سے پھول لایا ہے۔ اور وہ پھول اس کے پلنگ پر موجود تھے۔

کہتے ہیں کہ انگلستان کے ایک لارڈ نے حالت خواب میں عمدہ ناول درجن

کے ایک شاعر نے خواب میں ایک مشہور اور دلآویز نظم لکھی تھی۔

خواب مبہم اور اس کی تعبیر

اگر کوئی شخص معبّر کے روبرو ایسا خواب بیان کرے، جس کی تعبیر نہ ہو سکے تو معبّر کو چاہیئے کہ وہ کاغذ پر خواب دیکھنے والے کے نام کے اعداد ابجد کے حساب سے نکالے۔ اور ان کو جمع کر کے گیارہ پر تقسیم کرے۔ پس باقی پر حسب قاعدہ ذیل کا حکم لگائے۔

اگر تقسیم کے بعد صرف ایک باقی رہے۔ تو صاحب خواب سے کہے کہ اسے ناکامی ہوگی۔

اگر تقسیم کے بعد صرف دو باقی رہیں تو نقصان اور رنج ہو۔ مگر انجام خیر ہو۔

اگر تقسیم کے بعد صرف تین باقی رہیں تو تین آدمیوں سے مدد ملے۔

اگر تقسیم کے بعد صرف چار باقی رہیں تو علم نجوم حاصل ہو۔

اگر تقسیم کے بعد صرف پانچ باقی رہیں۔ تو فوجی افسر بنے۔ غیب سے ہتھیار ملیں۔

اگر تقسیم کے بعد صرف چھ باقی رہیں تو ۶ دن یا ۶ ماہ یا ۶ سال بعد دولت ملے۔ ترقی ہو۔

اگر تقسیم کے بعد صرف سات باقی رہیں تو چوپایوں سے فائدہ ہو۔

اگر تقسیم کے بعد صرف آٹھ باقی رہیں تو حادثہ کا خطرہ ہے۔ نہایت احتیاط کرے۔

اگر تقسیم کے بعد صرف نو باقی رہیں تو فال بد ہے۔ مگر آخر میں کامیابی ہو۔

اگر تقسیم کے بعد صرف دس باقی رہیں تو متقی اور مستحق ثواب ہے۔

اگر تقسیم کے بعد صرف گیارہ باقی رہیں تو کامیابی ہو۔ سرداری ملے۔

دیگر

معبّر کو چاہیئے۔ کہ صاحب خواب کا کلام غور سے سنے۔ اور اس کی زبان سے جو کلمہ نکلے۔ اس کا پہلا حرف یاد رکھے۔ اور اس کے مطابق حسب ذیل قاعدہ سے اس کے خواب کی تعبیر بیان کرے۔

اگر صاحب خواب کی زبان سے پہلا حرف الف نکلا ہو تو وہ امن و سلامتی پر دلالت

کرے گا۔ یا صاحب خواب کو گھوڑا یا اونٹ ملے گا۔

ب۔ بلا	ض۔ تکلیف
ت۔ تائید الٰہی	ط۔ خوشی
ث۔ ثابت قدم و ثنا خواں	ظ۔ ظلم
ج۔ جمال و جلال	ع۔ علم۔ عرفان
ح۔ حیات درجۂ کمال۔	غ۔ غصہ۔ غم
خ۔ خیر و خوبی شامل حال ہو۔	ف۔ ترقی یافتہ
د۔ دولت و نعمت ملے۔ خاتمہ بالخیر ہو	ق۔ طاقت
ذ۔ خوش رہے۔	ک۔ کمال۔ کفایت
ر۔ رتبہ بڑھے۔	ل۔ لطف
ز۔ ترقی دولت یا نقصان ہو۔	م۔ محبت
س۔ عمر بڑھے۔ یا ترقی ہو۔	ن۔ نعمت۔ فتح۔
ش۔ شادی۔ شہادت۔ شر۔ شرک شراکت۔ شمانت وغیرہ۔	و۔ وقار۔ وفا۔
ص۔ صبر۔ صعوبت، وغیرہ۔	ہ۔ ہدایت یا بھول، ہلاکت۔
	ی۔ یمین و یسار رہے۔

تعبیر خواب نامہ مجمل یعنی غیر مفصل

یا

اصول تعبیر خواب

خواب	تعبیر
درخت	انسانی رتبہ

تعبیر	خواب
عورت۔	پاخانہ پرندے، سامان زینت وغیرہ۔
دولت، صحت، اولاد	غلہ۔ میوہ، پھل
خلق مروت اور سخاوت	باغ۔ پھول۔ خوشبو۔
حکومت۔ سرداری۔	دریا، چشمہ۔ آلات جنگ
خوف اور دشمنی	شیر۔ درندے۔ چرندے۔
میراث یا اخلاق حسنہ	روغن دودھ وغیرہ
لہو ولعب	نشا
عذاب	فواحشات۔
خوب صورت عورت	بیضہ مرغ۔
سختی۔ تکلیف	پتھر
صاحب خواب غیبت کرے۔	تازہ گوشت
خزانہ مال	کنجدائی
نجات	کشتی
تکلیف ومصیبت	بادشاہ کا مکان میں آنا۔
عورت	لباس پوشاک
مرد فاسق	کوا
زن فاسقہ	چوہا
زن	استخوان پہلو
زن	چوکھٹ
صنعت و دستکاری کی دلیل	طویل ہاتھ
چغل خوری۔	لکڑیاں لانا
نفاق۔	بیماری

خواب	تعبیر
بندوق یا پتھر مارنا	کسی کی عیب جوئی کی جائے۔
ہاتھ دھونا	مایوسی
بیڈھا	مرد عزیز
مرد بنام فضل	مبارک
	الف
آبلہ دیکھنا	زیادتی کی دلیل۔ اپنے بدن پر ہو تو مطلوبہ مال ملے۔ حاجت پوری ہو۔ شادی اور اولاد ہو۔ اگر آبلہ سفید ہو تو خوف دور ہو۔
آب قوس دیکھنا	قوی مالدار مگر بخیل و بے فیض مرد یا عورت سے واسطہ پڑے
آتش کدہ سے کچھ حاصل کرنا	اسی قدر ذلت ہو۔ بدی سے نجات پائے۔ آخر میں پشیمانی ہو۔
آرد گیہوں یعنی آٹا کے رنگ کا شگوفہ دیکھنا	رنج یا بیماری ہو۔
آزاد دیکھنا	غلام کو غلامی سے نجات ملے۔ قرض یا بیماری دور ہو۔ حج یا توبہ کرے۔ غم دور ہو۔ خوشی ہو۔ بدمزاجی نیک مزاجی سے بدل جائے۔
آسمان اول میں اپنے آپ کو دیکھنا	موت قریب یا سفر درپیش آئے۔ یا رتبہ و عزت بڑھے۔
〃 دوم 〃 〃	علم و عقل حاصل ہو۔
〃 سوم 〃 〃	عزت و اقبال کو ترقی ہو۔ ہر جگہ وقار ہو۔
〃 چہارم 〃 〃	بادشاہ کا مقرب اور دوست بنے۔
〃 پنجم 〃 〃	خوف اور ڈر ہو۔
〃 ششم 〃 〃	بہتری۔ نعمت اور دولت حاصل ہو۔
آسمان کے دروازے بند پانا	کسی مرد بزرگ کی وجہ سے کاروبار بند ہو جائے۔
آسمان نہ دیکھ سکنا	مرد بزرگ کی زیارت سے محروم ہو جائے۔

خواب	تعبیر
آسمانی فرشتوں کو اپنے پاس سے گزرتے دیکھنا	علم و حکمت حاصل ہو۔ دنیا میں مشہوری ہو۔
آسمانی فضا میں اُڑنا	برکت و نعمت حاصل ہو۔ درجات میں ترقی ہو۔
آسمان پر سیدھا اڑکر پہنچنا	نقصان یا رنج ہو۔ کسی دوست سے تکلیف ہو۔
آسمان پر واپس نہ آنے کی نیت سے جانا	بزرگی اور بادشاہی پائے۔ بڑے کام میں کامیابی حاصل ہو۔
آسمان سے ندا سننا	برکت و سلامتی حاصل ہو۔
آسمان سے پرندے کی گفتگو سننا	خوشی ہو، یا کوئی خوشی کی خبر ملے۔
آسمان میں بنیاد باندھنا	موت قریب ہو۔ لیکن اگر بنیاد دنیا کی مانند زینت وغیرہ سے ہو۔ تو یہ دلیل مغروری کی ہے۔
آسمان سے شہد کی بارش دیکھنا	نعمت حاصل ہو۔ رزق زیادہ ملے۔
آسمان سے خاک کی بارش دیکھنا	کم ہو تو نیک اور زیادہ مقدار ہو۔ تو بدفال ہے۔
آسمان سے بچھو سانپ یا پتھر کی بارش	ملک پر عذاب الٰہی نازل ہو۔ قحط کا اندیشہ ہو۔
آسمان سے لٹکنا	کاروبار کی ترقی ہو۔ دوکانداری میں برکت ہو۔
آسمان ہفتم پر جاکر واپس نہ آنا	موت قریب ہو۔ خاتمہ بالخیر ہو۔ نیک مرد کے لیے نیک فال اور بدمرد کے لیے بدفال ہے۔
آسمان اور اس کے درمیان بنیاد بنانا۔	مغرور ہو جانے کی دلیل ہے۔ دنیا میں رسوا ہونے کی فال ہے۔
آسمان کے دروازے کھل جانا	دعا قبول ہو۔ نیک فال ہے۔ دل کی مراد پوری ہو۔
آسمان گر پڑنا	عذاب نازل۔ یا کوئی مصیبت پیش آئے۔
آسمان کو سبز دیکھنا	ملک میں بہتری ہو۔ بارش کی نشانی ہے۔
آسمان کو سفید دیکھنا۔	رنج آوے یا وبا پھیلے۔

تعبیر	خواب
جنگ اور خون ریزی۔ یا آپس میں ناچاقی ہو۔	آسمان کو سرخ دیکھنا
فتنہ اور مصیبت اور قحط و وبا کا اندیشہ ہے۔	آسمان کو سیاہ دیکھنا
علم دین کی ترقی اور اسلام کو عروج ہو۔	آسمان کو زیادہ روشن دیکھنا
گردش ایام کے دن قریب ہوں۔	آسمان کو چکر کھاتے دیکھنا
بے دینی اور گمراہی کی دلیل ہے۔	آسمان کی پرستش کرنا
ملک میں نعمتیں نازل ہوں۔ ہر چیز ارزاں ہو۔	آسمان سے گیہوں جو کی بارش
ترقی اور سبزی کی دلیل ہے۔	آبادی دیکھنا
خیر و نفع پائے۔ کسی جگہ ملازمت ملے۔	آباد جگہ میں قیام کرنا
آدمی کا بدن دیکھنا غم اور مصیبت کی دلیل ہے۔	آدمی
بلا اور مصیبت نازل ہو۔	آباد مکان گرنا
بزرگی اور ولایت پائے۔ گفتگو سنے تو علم حاصل ہو۔	آدم علیہ السلام
رتبہ اور بزرگی ملے۔ مگر چاندی کا آئینہ مکروہ ہے۔	آئینہ دیکھنا
بے دھوئیں کی آگ دیکھنا شاہی قرب کی علامت ہے۔ کشود کار ہو۔	آگ دیکھنا
شاہی قوت کی دلیل ہے۔ مگر دھوئیں کے ساتھ ستمگری کی دلیل ہے۔	آگ جلانا
کسی عابد زاہد سے ملاقات ہو۔	آگ کی روشنی دیکھنا
ظالم بادشاہ کو سجدہ کرے۔ اس کا خادم بنے۔	آگ پوجنا
مصیبت یا بلا آئے۔	آگ کی چنگاری یا انگاری
لوہے کی انگیٹھی اچھا ہونے کی دلیل ہے۔ اور مٹی کی انگیٹھی اس کے خلاف۔	آگ کی انگیٹھی دیکھنا
مال اور نعمت ملے۔	آٹا
آواز مرد دلیل بزرگی ہے۔ اور عورت کی اس کے خلاف۔	آواز
غم اور مصیبت آنے۔	آواز جانور

خواب	تعبیر
آرہ سے درخت کاٹنا	مالک درخت سے جدائی ہو اور اسے تکلیف دے۔
آلوچہ۔ آلو بخارا	حسب موسم مال مطلوبہ ملنے کی دلیل ہے۔ ورنہ بیماری کی آمد۔
آنکھ	صاحب نظر کو دیکھے تو ہدایت پائے۔ سیاہ چشم دیکھے تو فرزند ہو۔ گریہ چشم نحوست کی علامت ہے۔
آڑو	زرد بیماری کی دلیل۔ شیریں اور حسب موسم ہو تو مال ملے
آنکھ کا حکیم	لوگوں کی عیب جوئی کرے۔
آنسو	سرد آنسو دلیل خوشی، گرم آنسو دلیل تکلیف و رنج۔
ابرک	تھوڑا ابرک سختی کی دلیل ہے۔ اس کا جمع کرنا مکر سے مال جمع کرنے کی دلیل ہے۔
ابرک محلول کا بدن پر ملنا	آگ سے محفوظ رہنے اور شاہی ظلم سے محفوظ رہنے کی دلیل ہے۔
ابرک کھانا	مصیبت اور سختی سے مال حاصل کرے۔
ابرک ضائع کرنا	مال ضایع ہو۔
ابابیل کسی سے لینا	بچھڑے ہوئے دوست سے ملاقات ہو۔ جو مالدار اور عقل مند ہو۔
ابابیل مار ڈالنا یا پھینکنا	دوست سے جدا ہو رنج و تکلیف اٹھائے۔
ابابیل مادہ دیکھنا	مال دار اور عقل مند عورت سے شادی ہو۔
ابابیل پاس سے اڑ جانا	امیر دوست سے جدائی۔
ابابیل کو پکڑ لینا	خوف و غم دور ہو۔ خوشی ہو۔
اڑنا ایک جگہ سے دوسری جگہ	سفر درپیش آئے۔ رتبہ اور عزت بڑھے۔
اڑنا آسمان کی طرف	نقصان ہو۔ اگر آسمان میں گم ہو کر زمین پر نہ آئے۔ تو موت کی فال ہے
اڑنا قبلہ کی طرف اور واپس آنا	سفر سے جلد نفع ہو۔ بشرطیکہ اس کے پر ہوں۔

تعبیر	خواب
انقلاب حالات کی دلیل ہے۔	اُڑنا بے پروں کے
اپنی بیوی کو طلاق دے۔ دوسری شادی کرے۔ یا کنیز خریدے گا۔	اڑنا اپنے کوٹھے سے دوسرے کوٹھے پر
حج کرے۔ مقامات مقدسہ کی زیارت نصیب ہو۔	اڑنا آسمان کی فضا اور نواح میں
موت قریب ہو۔ پس توبہ کرے۔	اڑنا اپنے گھر سے نامعلوم مقام کو
علامت بیماری ہے۔ اور زندگی کی ہلاکت۔ مگر آخر میں شفا پائے۔	اڑنا پروں سے مگر پروں کا پرندوں سے مختلف ہونا
اگر صاحب خواب صالح ہو۔ اور اذان مشہور جگہ میں دے تو وہ حج کرے۔	اذان دینا یا سننا
مکروہ بات پیش آئے۔ فاسق دیکھے تو چوری کے جرم میں گرفتار ہو۔	اذان نامعلوم جگہ دینا
ہدایت کرنا۔ بزرگی پانا۔ اور رتبہ بلند ہونے کی نشانی ہے	اذان مسجد یا منارے سے دینا
بیوی سے محبت کرنے۔ اور اس کی طرف زیادہ مائل ہونے کی نشانی ہے۔	اذان دینا سوتے ہوئے بستر کے اندر
مفلسی ہو۔ گھر میں سے کوئی ہلاک ہو۔	اذان اپنے گھر میں دینا
زندیق یا منافق یا مرتد ہو جانے کی علامت ہے۔	اذان کنویں سے دینا
جاسوسی کرے اور محکمہ سی۔ آئی۔ ڈی میں ملازمت کرے	اذان گلی کوچے میں دینا
ظلم کرے یا کسی کا مال ناحق چھین لے۔	اذان غلط دینا
موت جلد آئے یا کوئی بیماری پیش آئے۔	اذان بیوی کے ساتھ دینا
اس کے ماں باپ جھوٹ بولیں۔ اور فریب کریں۔	اذان دیتے بچے کو دیکھنا
دین اور دنیا کا نقصان ہو۔ صدقہ دینا چاہیئے۔	اذان حمام میں دینا
اتفاقاً کسی سفر کے پیش آنے کی علامت ہے۔	اذان قافلہ یا لشکرگاہ میں دینا

خواب	تعبیر
اذان دینا قیدی کا قید خانہ میں	رہائی پائے یا سزا میں تخفیف ہو۔
اذان دینا ہنسی مذاق میں	موت آئے یا سخت تکلیف ہو۔
اذان پہاڑ کے اوپر دینا	بادشاہ کو ہدایت کرے۔ بلند مرتبہ حاصل ہو۔
اذان مکان کے گوشے میں	حق میں خیانت کرے۔ امانت ضایع ہو۔
اذان سرد خانہ میں	جلد سفر کرے۔ مصیبت پیش آئے۔
اذان دینا پہاڑ میں	ظالم قوم کے ہاتھ میں گرفتار ہو۔ لوگ اس سے بدعہدی کریں
اذان دینا تخت یا کسی آدمی پر چڑھ کر ہنسی اور مذاق میں	عقل گم ہو جائے۔ یعنی پاگل ہونے کا اندیشہ ہے۔
اذان دوسرے کی سننا	عبادت میں کاہلی کرنا۔ مگر ہدایت پائے۔
اذان۔ اقامت نماز سننا	خلق خدا کی خدمت کرے۔ پرہیز گار ہو۔
ازار بند مضبوط دیکھنا	مردانہ قوت کی زیادتی ہو۔
ازار بند پرانا دیکھنا	قوت مردمی کے کمزور ہونے کی دلیل ہے۔
اژدہا اپنے پاس دیکھنا	بزرگوں سے فیض پائے۔
اژدہے سے جنگ کرنا	دشمن سے لڑائی ہو
اژدہے کو زیر کرنا	دشمن پر فتح پائے۔ اور کامیابی کا منہ دیکھے۔
اژدہے کو مار کر اس کا گوشت کھانا	دشمن کو مار کر نفع پائے۔
اژدہا آدمی کو کھا جائے	دشمن سے خوف ہلاکت ہو۔
اژدہے کی پشت پر بیٹھنا اور اسے زیر کرنا	سخت دشمن سے صلح ہو۔ اور اس سے فائدہ پہنچے۔
اسبغول دیکھنا	رنج و فکر ہو۔
اسبغول کھانا	نقصان ہو۔ کسی سے خطرہ ہو۔
استغفار کرنا	فرزند اور دولت ملے۔ توبہ قبول ہو۔

اسطرلاب (زائچہ)	اگر کہیں سے ملے تو شاہی مشیر بنے۔ اور افسر فوج بنے۔
اسطرلاب ضایع ہونا	رتبہ اور عزت جائے۔ نوکری سے معزولی ہو۔
اسطرلاب میں سورج کو دیکھنا	شاہی خدمت ملے۔ نفع ہو۔ کاروبار میں ترقی ہو۔
اجوائن پھینکنا یا دینا	غم دور ہو۔ خوشی نصیب ہو۔
اجوائن دیکھنا یا کھانا	فکر، غم یا نقصان ہو۔ خطرہ جان ہو۔
اخروٹ سے کھیلنا	کسی سے لڑائی جھگڑا ہو۔ ہاتھا پائی کی نوبت آئے۔
اخروٹ عمدہ کھائے	حلال مال ملے۔ خوشی و خورمی سے زندگی بسر ہو۔
اخروٹ خراب مغز کھانا	مال حرام حاصل ہو۔ یا چوری کا مال ملے۔
اخروٹ بدمزہ کھانا	بخیل سے واسطہ پڑے۔
اخروٹ کے مغز سے تیل نکالنا	بخیل سے نفع ہو۔ اور تجارت میں ترقی ہو۔
افیون دیکھنا یا کھانا	فکر اور غم ہو۔ پریشانی سے چہرہ زرد ہو۔
السی یا اس کا کپڑا دیکھنا	حلال مال ملے۔ روزگار میں ترقی ہو۔
السی کے تخم کھانا	بہت نفع ہو۔ دولت مندی کی نشانی ہے۔
امامت کرنا	قوم کا سردار ہو۔ لوگ عزت کریں۔
امامت کی دعوت پانا	بادشاہ بنے۔ انصاف کرے۔ یا کمیٹی یا پنچایت کا ممبر بنے
امامت میں خرابی	نقصان کی دلیل ہے۔ اور کسی تکلیف کے آنے کی نشانی ہے
امامت بیٹھ کر کرنا	طویل بیماری کی نشانی ہے۔
امامت ایک پہلو پر	جلد موت آئے۔ خاتمہ بالخیر کی دعا کرے۔
امام کو خواب میں دیکھنا	رتبہ اور بزرگی پائے۔
امامت کسی دوسرے کے سپرد کرنا۔	غم ہو۔ لیکن جلد ہی کوئی خوشی دیکھے
امام کے ساتھ گھر میں جانا یا اس سے کچھ لینا یا امام کے ساتھ کھانا کھانا	غم ہو۔ لیکن جلدی کسی طرف سے خوشی کی خبر آئے

تعبیر	خواب
دولت اور ولایت ملے۔ یا امام بنے	امام کے ساتھ جہاد پر جانا
کمزوروں کا والی بنے۔ غریبوں کا خیال رکھے۔	امامت عورتوں کی کرنا
حاکم بنے۔ اور اپنے ہم عمروں پر حکومت کرے۔	امام کا نماز جنازہ پڑھانا
دیکھے تو فرزند اور کھائے تو روزگار ملے۔	آم دیکھنا یا کھانا
خوشی و مسرت کی دلیل ہے۔	آم سرخ
غم و پریشانی دور ہونے کی دلیل ہے۔	آم کا درخت دیکھنا
ملازمت سے سبکدوش ہو۔	آم گرتے دیکھنا
بڑی مبارک اور اچھی خواب ہے۔ غیب سے کچھ ملے گا	آم کا تحفہ لینا
کسی عزیز کو کوئی فیض ملے اور خوشی کی خبر ملے۔	آم کسی کو دینا
حلال مال ملے، نفع ہو۔	امرود موسمی اور عمدہ کھانا
بیمار ہو۔ خرچ کی زیادتی ہو۔	امرود زرد دیکھنا یا کھانا
فکر اور غم ہو۔ کسی عزیز سے جدائی ہو۔	امرود ترش اور بدمزہ
کسی بزرگ سے فائدہ پہنچے	امرود بادشاہ کو کھاتے دیکھنا
کسی حسینہ سے نفع ہو۔	انار درخت سے توڑ کر کھانا
مال جمع کرے۔ دولت ملے۔ کامیاب تاجر بنے۔ مسافر کا سفر مبارک ہو۔ ترش ہو تو غم اور فکر درپیش ہو۔	انار شیریں دیکھنا یا کھانا
دولت ملے اور خوش حال ہو۔	انار نامعلوم مزہ
کسی سے لڑائی ہو۔ اور عزت برباد ہو۔	انار سرد موسم میں کھانا
تکلیف یا رنج پہنچے۔	انار ترش کسی سے لینا
غم یا پشیمانی حاصل ہو۔	انجیر کھانا یا جمع کرنا یا لینا
بیمار ہو۔ سیاہ انجیر دیکھنا غم کی علامت ہے۔	انجیر زرد دیکھنا یا کھانا
نقصان سے خالی ہے۔	انجیر سبز موسمی

خواب	تعبیر
انجیل دیکھ کر پڑھنا یا منہ زبانی پڑھنا	باطل پرست بن جائے خود رائے ہو۔ عیسائیوں سے کچھ فائدہ ہو
انجن دیکھنا	زور آور اور شہ زور ہونے کی علامت ہے۔
انجن کو چلتے دیکھنا	کسی جگہ سفر کرنے کی ضرورت پیش آئے۔
انجن کو خود چلانا	کسی جگہ نوکری ملنے کی دلیل ہے۔
انگور خام کھانا	ناپائدار چیز تکلیف و مصیبت سے حاصل ہو۔
انگور خام فروخت کرنا یا کسی کو دینا	غم میں کمی ہو۔ خوشی کی امید ہو۔
انگور خام گوشت میں کھانا	نیک فال ہے۔ اور کسی جگہ سے مال ملنے کی امید ہے۔
اُلو دیکھنا یا اس سے جنگ ہونا	کسی سے لڑائی جھگڑا ہو۔ عزت خراب ہو۔
اُلو کسی سے لینا یا اپنے پاس ہونا	چوری کا مال ملے یا حرام کی کمائی حاصل ہو۔
اُلو کا گوشت کھانا	چور کا مال کھائے۔ رشوت سے روپیہ حاصل ہو۔
انگلی داہنے ہاتھ کی غائب ہونا	فرزند یا بھائی مر جائے یا ان پر مصیبت آئے۔
انگلیاں الٹ پلٹ کر رکھنا	تنگ دست ہو جائے۔ اور مفلسی کی نشانی ہے۔
انگلیاں جمع کرنا	بھائیوں اور فرزندوں کا کام درست کرے۔
انگلیوں کی مٹھی باندھنا	خاندان کا کاروبار بند ہو جائے۔
انگوٹھا کٹا ہوا دیکھنا	زوال دولت۔ زوال مرتبہ
انگشت شہادت کا کٹنا	نمازیں قضا ہوں یا نماز کی عادت جاتی رہے۔
انگشت میانی کٹ جائے	شہر کا بزرگ یا بادشاہ مر جائے۔
انگشت میانی سے اگلی انگلی کٹنا	نقصان مال کا اندیشہ ہے یا جان کا خطرہ۔
انگشت چھوٹی کٹنا	پوتا مر جائے یا کسی دور کے رشتہ دار کے مرنے کی خبر آئے۔
انگلیاں پاؤں کی دیکھنا	آرائش کا شوق ہو یا سفر درپیش ہو۔
انگلیاں پاؤں کی سخت اور قوی	شادی ہو۔ خوبصورت عورت ملے۔ یا کہیں دولت ہاتھ آئے۔
انگلیاں پاؤں کی کمزور	شادی میں ناکامی ہو۔ عورت سے ناچاقی ہو۔

تعبیر	خواب
کام خراب ہو جائیں۔ اور چلتا ہوا کاروبار بند ہو جائے۔	انگلیاں ہاتھ اور پاؤں کی جڑی ہوئی دیکھنا۔
عزیزوں سے جدائی ہو۔ رشتہ داروں سے ناچاقی۔	انگلیوں کا گرنا جھڑنا
گھر میں سے کوئی فوت ہو یا کسی مقدمہ میں پھنس کر قید ہو۔	انگلی کا ٹوٹ جانا
مال کا نقصان اور بیوی سے فساد اور عزیزوں سے رنج رہے۔	انگشت شہادت سے خون نکلنا
گھر میں لڑائی ہو۔ لیکن بعد میں صفائی ہو۔	انگلی سے دودھ نکلنا
گرمی اور خشکی بڑھنے کی دلیل ہے۔	آلہ مقیاس الحرارت دیکھنا
کسی سے جدائی ہو یا لڑائی ہو۔	آرہ دیکھنا
دو دوستوں کو جدا کرنے کا باعث ہو۔	آرہ چلانا
کسی آفت کا پیش خیمہ ہے۔	آرہ کش دیکھنا
حسب لیاقت کچھ ملے۔ بادشاہی۔ دولت وغیرہ۔	انگوٹھی کسی سے مہر کے لیے لینا
نفع ہو۔ یا اور کسی طرح کا فائدہ ہو۔	انگشتری جنگ یا نماز میں لینا
حکومت پائے۔ عہدہ میں ترقی ہو۔	انگوٹھی بادشاہ یا حاکم با اختیار سے لینا
مشکلات یا مصیبت آئے۔ ملازمت سے برطرف ہو۔	انگوٹھی ضائع ہو جائے
نوکری جاتی رہے۔ لیکن پنشن یا وظیفہ ملے۔	انگوٹھی کا ٹوٹنا اور نگینہ کا رہ جانا
مال و ملک میں سے کسی کو حصہ دینا۔ یا مال و متاع فروخت کرنا۔	انگوٹھی کسی کو دینا یا بیچ دینا
نیک فال ہے۔ مال حلال ملے یا بیوی یا فرزند وغیرہ ملے	انگوٹھی چاندی کی دیکھنا
کسی مال حرام کا مالک بنے۔	انگوٹھی سونے کی
جمع کیا ہوا مال ضایع ہو۔	انگوٹھی لوہے کی یا مخلوط دھات کی یا تانبے کی
منحوس ہے۔	انگوٹھی
طاقت حاصل کرے۔ دشمن پہ غلبہ پائے۔	انگوٹھی لوہے کی پہننا
دشمن سے نفع حاصل کرے	انگوٹھی پیتل یا تانبے کی

خواب	تعبیر
انگوٹھی بلور کی	عام لوگوں سے کچھ ملے۔ صاف دل آدمیوں سے نفع ہو۔
انگوٹھی امانتاً دینا یا بخشنا پھر واپس ملنا	کسی عورت سے شادی کرنے کی کوشش کرنا۔ مگر ناکام رہنا۔
انگوٹھی توڑ ڈالنا	عزیزوں سے جدا ہو۔
انگوٹھی دو نگینے والی کسی سے لینا	اگر شادی کا ارادہ ہے تو بیوہ عورت ملے۔
انگوٹھی کے دو نگینوں میں سے ایک کا گرنا	اگر دو بیویاں ہوں تو ایک فوت ہو جائے۔
انگوٹھی کی مُہر لگانا بند خط پر	پوشیدہ شے حاصل ہو۔
انگوٹھی سے کھلے خط پر مُہر لگانا	کوئی چیز آشکارا حاصل ہو۔
انگوٹھی نگینہ دار ضایع کر دے	رتبہ جائے یا فرزند فوت ہو جائے مال ضایع ہو۔ معزول ہو۔
اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھنا	دیدار حق نصیب ہو۔ نعمتیں ملیں
اللہ تعالیٰ سے دنیاوی دوست پانا	دولت مندی اور فارغ البالی ہو۔
اللہ تعالیٰ اس کا نام دوسرا رکھے	بزرگی پائے۔ اور صاحب ریاضت ہو۔
اخبار دیکھنا یا پڑھنا	علم کی زیادتی اور عقل کی فراوانی کی دلیل ہے۔
اخبار بیچنا	ضمیر فروشی اور عیب کی دلیل ہے۔
اخبار لکھنا	دولت ملنے کی دلیل ہے۔
اخبار چھاپنا	قرض دار اور مفلسی کی نشانی ہے۔
اخبار پوسٹ کرنا	امتحان میں کامیابی کی دلیل ہے۔
اسرافیل (فرشتہ) کو دیکھنا	قوت بزرگی۔ اہل علم اور رتبہ پائے۔
ادریسؑ پیغمبر کو دیکھنا	کامیاب ہو۔ انجام بخیر ہو۔
ایوبؑ 〃 〃 〃	مایوسی کے بعد کامیابی ہو۔
ابوبکر صدیقؓ کو دیکھنا	خوشی اور تخت حاصل ہو۔ بزرگی اور عقل اور صاحب علم ہو
ابوہریرہؓ یا انسؓ بن مالکؓ 〃 〃	سنت نبوی کا عامل ہو۔ اور دولت دین پائے۔

خواب	تعبیر
اندھیرے سے سیاہی حاصل کرنا	گمراہ ہو جائے۔ اور کسی باطل فرقہ کا پیرو ہو۔
اندھیرے سے روشنی میں آنا	ہدایت پائے۔ گمراہی چھوڑ کر نیک بخت اور پرہیزگار ہو۔
اندھیرے سے روشنی میں آنا اور پھر تاریکی میں جانا	کاروبار کی ترقی اور زوال کی نشانی ہے۔
اندھیری اور تاریکی دیکھنا	ملک میں وبا پھیلے مصیبت آئے۔ اور قحط نازل ہو۔
انڈا مرغی کا دیکھنا	شادی کی دلیل ہے۔ خوش قسمتی کی علامت ہے۔
انڈا پکا ہوا کھانا	مال بعد مشقت ملے۔ لیکن جلد خرچ ہو جائے۔
انڈا نیم پختہ کھانا	مال حرام کھائے۔ غم ہو۔ اور مشقت اٹھائے۔
انڈا معہ چھلکا کھانا	کفن چور بنے یعنی لوگوں کو فریب دیکر مال حاصل کرے
انڈا دینا	حریص جماع ہو۔ شادیاں زیادہ کرے۔
اونٹ کے بچے پر سواری کرنا	سفر پہ جائے۔ شاید خداوند کریم حج نصیب کرے۔
اونٹ کا کودنا	غم اور فکر ہو۔ لیکن اس سے جلد نجات ہو۔
اونٹ کو پاگل دیکھنا	ناکامی ہو اور مقصد پورا نہ ہو۔
اون دیکھنا	مال حلال حاصل ہونا۔
اولہ پڑنا۔ ژالہ باری	بادشاہ سے تکلیف پہنچے۔ ملک پر مصیبت آئے۔
اوجھری	حلال جانور کی ہو تو مال حلال ملے۔ گوبر سے پر ہو تو حرام مال ملے
اہرن لینا	کسی بڑے آدمی سے فائدہ پہنچے یا صحت ہو۔
ایلوا (تلخ دوا) کھانا۔	غم ہو یا کسی تکلیف کا سامنا ہو۔
اینٹ جمع کرنا	مال جمع کرے۔ یا عمارت بنائے۔
اینٹ دیوار سے نکالنا	کسی کا مال اڑانا۔ یا کسی تکلیف کا سامنا ہو۔
اینٹ کے ٹکڑے کرنا۔	اپنا مال ضایع کرنا۔ یا عمارت میں نقصان اٹھانا
اسرافیل فرشتہ	اصل صورت میں عزت اور رتبہ کی دلیل ہے۔

تعبیر	خواب
کوئی فتنہ اٹھے یا وبا پھیلے۔	اسرافیل کے ہاتھ میں صور
ب	
خاص نعمت اور روزی ملے۔ مگر مشکل سے حاصل ہو۔ غم اور بیماری دفع ہو۔ مغز کی تعبیر زیادہ اچھی ہے۔	بادام لینا یا مغز
مرد بخیل سے کوئی چیز سختی سے ملے۔ یا مال سختی سے ملے۔ یا چھوڑی ہوئی ملازمت ملے۔ یا قید سے قیدی رہا ہو۔	بادام مع چھلکا یا بادام تلخ کا تیل نکالنا
سردار سے عزت اور رتبہ حاصل ہو۔ تعلیم حدیث حاصل کرے	بات کرنا عربی زبان میں
رئیسوں کا مصاحب بنے۔ ان سے نفع پائے۔	بات کرنا فارسی زبان میں
میراث ملے۔ کسی سے مال ملے	بات کرنا ایرانی زبان میں
چالاک اور عقل مند آدمی سے ملاقات ہو۔	بات کرنا اردو زبان میں
بہادری اور جنگ جو ہونے کی نشانی ہے۔	بات کرنا ترکی زبان میں
کسی سخت ظالم اور بے رحم سے واسطہ پڑے	بات کرنا پشتو زبان میں
سفر سے بخیریت واپس گھر جانے کی نشانی ہے۔	بات کرنا پنجابی زبان میں
معقولات میں مصروف ہو۔ کسی جگہ ملازمت ملے	بات کرنا انگریزی زبان میں
مختلف ممالک کا سفر کرے۔ اور نفع حاصل ہو۔	بات کرنا تمام زبانوں میں
اپنے گناہوں سے توبہ کرے اور خدا کی عبادت کرے۔	بات کرنا جسم کے کسی اور عضو سے
مطلوب پائے۔ اور دل کی مراد حاصل ہو۔	باجرہ کھانا
تکلیف کے بعد مال ملے۔ کم مقدار میں کم نفع	باجرہ بکثرت پاس ہونا
سرداری ملے۔ اور نوکری میں ترقی ہو۔ روزگار میں ترقی	بادشاہ کا جامہ وکلاہ دینا
درازی عمر اور بلندی اقبال کی دلیل ہے۔	بادشاہ کے سر پر عمدہ کلاہ
بدفال ہے۔ بادشاہ ہو تو شکست کی دلیل۔	بادشاہ کے سر پر میلی کلاہ

خواب	تعبیر
بادشاہ کے سر پر پگڑی	بادشاہ عادل ہو۔ اور رعیت پر مہربان ہو۔
بادشاہ کا ہوا پر قبضہ کرنا	دنیا کا بادشاہ ہو۔ اور کسی اور ملک کو فتح کرے۔
بادشاہ بن جانا	دولت ملے۔ درجات میں ترقی ہو۔
بادشاہ کا کسی کے مکان میں آنا	خرابی شہر و ملک کی دلیل ہے۔
بادشاہ کا مرجانا	مکان کا کوئی حصہ خراب ہو یا فکر و بیماری ہو۔
بادشاہ اچھے محل کو کعبہ دیکھے	سلطنت لازوال ہو۔ دشمن سے خوف ہو۔
بادشاہ کسی کو سلام کرے یا سلام لے	دلی مقصد پورا ہو۔ فکر و غم سے نجات ہو
بادشاہ کے ہاتھ میں رسہ	انصاف اور راست بازی کی دلیل ہے۔
بادشاہ کے قریب بیٹھنا	بادشاہ سے نفع ہو یا حاکم وقت مہربان ہو۔
بادشاہ کا شہر میں داخلہ	رحمت اور بارش کی نشانی ہے۔
بادل سیاہ دیکھنا	غم کی علامت ہے۔ صدقہ دینا چاہیئے۔
بادل گرجنے والا	حاکم یا عوام سے خوف یا کسی ظالم کی طرف سے تکلیف
بادل گرجنے والے کے ساتھ بارش	دوکانداری میں تکلیف۔ لیکن نفع زیادہ ہو۔
بادل گرجنا سخت بارش	کسی خوف کی وجہ سے طبیعت پریشان ہو۔
بادل کا سخت گرجنا	بادشاہ کی ہیبت چھا جائے۔
بادل گرجے بجلی چمکے	بادشاہ سے ظلم ظاہر ہو یا حاکم وقت سختی کرے۔
بادرنگ (پھل) کھانا	مراد پوری اور حاجت روا ہو۔ محبوب سے ملاقات ہو۔
بارانی	بادشاہی خدمت میں ہو تو عزت بڑھے۔ دارین کا فائدہ ہو۔
بارانی پشمی وریشمی وغیرہ	نیک فال ہے۔ کسی کام میں جلدی فائدہ ہو۔
بارانی زرد	غم اور بیماری کے آنے کی نشانی ہے۔
بارانی نیلگوں	گناہ صغیرہ یا کبیرہ کا ارتکاب کرے۔

خواب	تعبیر
بارانی سفید	نفع اور نیک بختی کی دلیل ہے۔
بارش موسمی	نیک فال ہے۔ بہتری ہو۔ اور ہر کام میں فائدہ ہو۔
بارش سخت محدود مقام میں	بیماری اور ہلاکت کی دلیل ہے۔
بارش دھیمی	نفع اور بھلائی۔ اور کسی دوست سے نفع کی امید۔
بارش سخت سیاہ اور دھندلی	بیماری اور ہلاکت کی دلیل ہے۔
بارش کے پانی سے مسح کرنا	خوف دور ہو۔ خوشی کا ظہور ہو۔
بارش سر پہ ہونا	سفر میں نفع ہو۔ تجارت میں کامیابی ہو۔
بارش دوسرے کے سروں پہ	ملک میں وبا اور قحط پڑے
بارش کی آواز آنا	شہرت و عزت ہو۔ دور دور مشہوری ہو۔
بارش سخت اور نہریں جاری	شاہی عتاب سے محفوظ رہے۔
بارش ہوا سے	قحط اور بیماری کی دلیل ہے۔
بارش شہد کی	نعمت اور دولت ملے۔ یا کسی دوست سے نفع ہو۔
بارش کا صاف پانی پینا	راحت ملے بہتری ہو۔ یا نوکری کا بندوبست ہو۔
باز پرندے کو پکڑنا یا لینا	رتبہ بڑھے یا نوکری میں ترقی ہو۔
باز سفید ہاتھ پہ	شاہی عنایت حاصل ہو۔ اور خطاب ملے۔
باز ہاتھ پر گر کر مر جائے	دولت مند سے مفلس ہو جائے یا دیوالہ نکل جائے۔
باز سفید پانا	شاہی مصاحب کا رتبہ بڑھے۔ عام آدمی کو مال ملے۔
باز بخشش میں لینا	فرزند صاحب جمال اور خوش قسمت پیدا ہو۔
باز کا کوٹھے پر بیٹھنا	نئے بادشاہ کی مصاحبت اور فایدہ ہو۔
باز کا بھاگ کر چلا جانا اور عورت کے دامن میں چھپنا	عورت کے خوبرو فرزند پیدا ہو۔ مرد دیکھے تو لڑکی ہو
باز کو مار ڈالنا	مصاحب ہو۔ تو معزول ہو۔ عام آدمی کو رنج ہو۔

خواب	تعبیر
باز کے پاؤں میں سونے چاندی کے گھونگرو	لڑکی پیدا ہو۔ یا زمین کی پیداوار زیادہ آئے
باز کا ہاتھ سے اڑ جانا	بادشاہ کی حکومت جائے۔ عام آدمی کو رنج ہو۔
بازو کا قوی ہونا	عزیزوں سے فائدہ ہو یا بھائی پیدا ہو۔
بازو کمزور	کسی عزیز کا صدمہ ہو یا بھائی بیمار ہو جائے۔
بازو کا کٹ جانا	بھائی یا دوست یا شریک مر جائے۔
بازوبند سونے کا اپنے بازو پر	بھائی یا کسی اور سے رنج پہنچے۔
" چاندی " "	اپنی یا بہن کی دختر کی شادی ہو۔ عورت دیکھے تو نعمت و راحت ملے
بازوبند لوہے یا چاندی کا پاس ہونا	بھائی سے مدد ملے یا کسی دوست سے فائدہ ہو۔
بازوبند ٹوٹ جائے۔	بھائی کی موت۔ یا کسی عزیز کی ناگہانی موت۔
باغ سرسبز کی سیر کرنا	فرزند صالح پیدا ہو یا نیک عورت سے نکاح ہو۔
باغ آڑوؤں کی سیر کرنا	خوش قسمت فرزند پیدا ہو یا دولت ملے۔
باغ میوہ دار کی سیر	کسی پہاڑ پر جانے کی دلیل ہے۔
باغ خزاں زدہ سے پتے جھاڑنا	غم اور تکلیف پہنچے۔ اور کوئی حادثہ پیش آئے۔
باقلہ موسمی کھانا یا بے موسمی	رنج و غم ہو یا کوئی دوست جدا ہو
باقلہ دیکھنا	کسی دوست سے ملنے کی آرزو پوری ہو۔
بانسری بجانا یا سننا	فکر اور غم ہو۔ مگر بجانے والا دوسروں کی بھلائی کرے
بالاپوش (اوورکوٹ)	دین و دنیا کی برتری۔
باورچی کا کام کرنا	اگر عمدہ کھانا پکائے۔ تو نیک فال ہے۔ بہتری کی امید ہے
بائیسکوپ دیکھنا	غم دور ہو۔ طبیعت میں سرور ہو۔
بائیسکوپ چلانا	تجارت میں فائدہ ہو۔ اقبال بلند ہو۔
بائیسکوپ کے اشتہار بانٹنا	روزی پراگندہ۔ طبیعت حیران ہو۔

تعبیر	خواب
تجارت میں کامیابی کی دلیل ہے۔	بائیسکوپ کی مشین خریدنا
ملازمت ملے۔ تنخواہ معقول ہو۔	بائیسکوپ کی مشین چلانا
آمدنی سے خرچ زیادہ ہو	بائیسکوپ کا ٹکٹ لینا
مہمانوں کی کثرت اور خرچ کی زیادتی	بائیسکوپ کا ٹکٹ دینا
تماشے کا شوق ہو۔ اور اس میں روپیہ صرف ہو	بائیسکوپ کا فلم خریدنا
راہ باطل اختیار کرے۔ کسی جرم میں سزا پائے۔	بت کی پرستش کرنا
مطلوبہ محبوبہ حاصل ہو۔ وصال کی خواہش پوری ہو۔	بت چاندی کی پرستش
مکروہ خواہش ہو۔ انجام کی خیر نہیں۔	بت سونے کا
دنیاوی خواہشات دین کے پردے میں حاصل کرے	بت لوہے یا پیتل کا
منافق بن جائے یا منافقوں سے دوستی پیدا کرے	بت لکڑی کا
حکومت کی دلیل ہے۔ امتحان میں کامیابی ہو۔	بت جواہرات کا
حیرانی، پریشانی اور مفلسی کی دلیل ہے۔	بت گھر میں
کسی دوست کے ہاں فرزند پیدا ہو۔	بٹیر پکڑنا
کسی دوست کے فوت ہونے کی علامت ہے۔	بٹیر کا ہاتھ سے اڑ جانا
حلال روزی کھائے یا دوست سے فائدہ پہنچے۔	بٹیر کا گوشت کھانا
کسی جگہ معقول ملازمت کا بندوبست ہو۔	بجلی کو ہوا یا بادل سے پکڑنا
ترقی، نعمت کی فراخی۔ اور روزگار کی وسعت کی دلیل۔	بجلی چمکنا ہوا کے ساتھ
کسی خوش خبری کے ملنے کی دلیل ہے۔	بجلی کا لمپ دیکھنا
کسی لاٹری کے نکلنے سے انعام ملے۔	بجلی کی روشنی دیکھنا
کامیابی اور صحت کی نشانی ہے۔	بجلی کی تار لگانا
دیانت دار نوکر ملنے کی دلیل ہے۔	بجلی کی گھنٹی لگانا
مال ملنے اور ترقی ہونے کی نشانی ہے۔	بجلی کی انگیٹھی لگانا

خواب	تعبیر
بجلی کا پنکھا دیکھنا	پہاڑ پر جانے کی دلیل ہے
بچھو کا کاٹنا	دشمن ملامت کرے۔ رنج ہو۔
بچھو کو مار ڈالنا	دشمن پر فتح ہو۔ حاسد ذلیل و خوار ہو
بچھو کا مارنے کے بعد زندہ ہو جانا	دشمن مکرر آزار دے۔ اور تکلیف کے درپے ہو۔
بچھو ہاتھ میں	لوگوں کی بدی کرے۔ اور خلق خدا سے برا سلوک کرے
بچہ بن کر پڑھنا	غم میں گرفتار ہو۔ اور پریشانی حاصل ہو۔
بچہ خوب صورت دیکھنا	نیک فال ہے۔ دولت ملنے کی نشانی ہے۔
بچہ بدصورت دیکھنا	نفع ہو۔ لیکن چند دن کے بعد نقصان ہو۔
بچھڑا گائے کا پانا	فرزند پیدا ہو۔ یا دولت ملے۔
بچھڑا مادہ پانا	دختر پیدا ہو۔ یا ملازمت ملے۔
بچھڑا سفید دیکھنا	نیک بخت فرزند ہو۔ اور والدین خوش حال ہوں۔
بخشش کرنا	کارِ خیر میں بخشش۔ فرزند کی شادی کی دلیل ہے۔ بری جگہ صرف فساد کی دلیل ہے۔
بربط باجا بجانا	سخن سازی یا مذاق میں فساد ہو۔
بربط ٹوٹ جائے	باطل گوئی سے توبہ کرنے کی دلیل ہے۔
بربط بجانا بیمار کا	پیغام موت ہے۔ توبہ کرنی چاہیئے۔
برف دیکھنا سردی میں	ملک میں وبا یا فساد پھیلے۔ یا قحط ہو۔
برف گرنا گرم ملک میں	قحط اور غم کی علامت ہے۔
برف خریدنا	کسی کام میں نقصان ہو۔
برف کھانا	بیماری کی علامت ہے
برف بیچنا	صحت کی علامت ہے۔
برف میں دوڑنا	پریشانی اور حیرانی ہو۔

تعبیر	خواب
مکر سے کوئی شے حاصل کرے۔ مراد بر آئے۔	برمے سے سوراخ کرنا
ناجائز چیزوں کی تجارت کرے۔	بردہ فروشی یا بہائم فروشی کرنا
رنج اور سختی کے بعد مال ملے۔ روزگار کا تنزل	بڑھاپے کے آثار جسم پہ
جمع شدہ مال تلف ہو جائے۔ یا دوکانداری کم ہو۔	بوڑھا ہو جانا
فساد اور گناہ سرزد ہوں۔ پس توبہ کرے	بخار (تپ) دوامی
درازی عمر کی دلیل ہے۔	بخار طویل
عمر کم ہو۔ یا کسی بیماری میں مبتلا ہو۔	بخار تھوڑی دیر کا
مفلسی کی ذلیل اور رنج و غم کا امکان ہے۔	بدن اپنا کمزور دیکھنا
دولت ملے اور خوشی نصیب ہو۔	بدن اپنا فربہ دیکھنا
درازی عمر کی دلیل ہے۔	بدن فولادی ہو جائے
مال میں نقصان ہو۔	بدن ننگا دیکھنا
اہل و عیال میں بیماری پیدا ہو	بدن پہ پھنسیاں دیکھنا
سود کھائے۔ فساد کرے۔ پس وہ توبہ کرے	بدہضمی ہونا
مال و نعمت ملے۔ یا کہیں سے خوش خبری آئے۔	بطخ دیکھنا
مصیبت نازل ہو۔ یا کسی سے جھگڑا ہو۔	بطخیں بہت سی دیکھنا
مالدار عورت کا ہم سفر ہو۔ اس سے باتیں کرے۔	بطخ کا باتیں کرنا
خرابی۔ دشمن کا غلبہ وغیرہ۔	بغل دیکھنا
حرام کا مال ملے۔ یا چوری سے دولت ملے۔	بغل سے بدبو
مراد ملے۔ دشمن پہ غالب آئے۔	بغل میں ہاتھ دینا
نیک ہو تو فال نیک ہے۔ چھوٹے لڑکے سے بغل گیری فرزند کی علامت۔	بغل گیر ہونا واقف سے
دشمن سے صلح ہو۔ اور ہمیشہ کے لیے دشمن زیر ہو۔	بغل گیر ہونا شیر سے

خواب	تعبیر
بزازی کرنا بے قیمت	غم اور نقصان ہو۔ اور پریشانی و تردد و فکر لاحق ہو۔
بزازی تبادلہ پارچہ	مراد حاصل ہو۔ اور تجارت میں فائدہ ہو۔
بزاز کو دیکھنا	زینت دنیا کی دلیل ہے۔ اور خوش قسمتی کی نشانی ہے۔
بستر بدلنا	پہلی عورت کو طلاق اور دوسرا نکاح
بستر اپنا دوسرے کے قبضے میں	عورت کا چال چلن مشتبہ ہونے کی دلیل ہے۔
بستر نامعلوم	نقصان کی دلیل ہے۔ کسی حادثہ کی خبر آئے۔
بستر میلا دیکھنا	عورت کے اخلاق میں فرق آئے۔
بکری اجنبی کو مار ڈالنا	بڑے آدمی پر فتح پائے یا بڑے آدمی کی دوستی حاصل ہو۔
بکری کی کھال اتارنا	کہیں سے خزانہ ملے یا نوکری ملے۔
بکری پر سوار ہونا	بزرگوں سے مکر و حیلہ اور عزیزوں سے چالاکی۔
بکری کے سینگ توڑ ڈالنا	فتح پانا۔ دشمن کا مغلوب ہونا۔
بکری کا بچہ لینا	فرزند پیدا ہو۔ یا کسی دوست کی ملاقات ہو۔
بکری کے بچہ کا گوشت کھانا	عورت کا مال کھائے۔ عزیزوں میں شادی ہو۔
بگلا مار کر گوشت کھانا	عورت کے مال میں سے کچھ کھائے۔
بگلا دیکھنا	عورت کا مال کھائے۔ عزیزوں میں شادی ہو۔
بلبل کا اڑ جانا	فرزند یا غلام ضائع ہو جائے۔ تجارت میں نقصان ہو۔
بلبل کا ہاتھ میں مر جانا	فرزند یا غلام مر جائے۔ یا کسی دوست کو نقصان پہنچے۔
بلبلیں بہت سی	غلام بکثرت خریدے۔ یا بہت سے نوکر رکھے۔
بلبلا دیکھنا	زوال کی علامت ہے۔ بیمار ہو تو موت کی نشانی ہے
بلی واقف کا آنا	واقف چور چوری کرے۔ لیکن چوری مل جائے۔
بلی ناواقف	اجنبی چور چوری کرے۔ باوجود تلاش کے نہ مل سکے۔
بلی کا پکڑنا	اجنبی چور چوری کرے۔ اور پکڑا جائے۔

خواب	تعبیر
بلغم نکال کر بھیڑ میں پھینکنا	مالی نقصان ہو۔ یا کسی عزیز کے بیمار ہونے کی خبر آئے۔
بلغم سفید عمدہ جگہ پھینکنا	روپیہ اچھے کام میں خرچ کرے۔
بلور پاس ہونا یا لینا	ایسی عورت سے شادی ہو جس سے موافقت نہ ہو۔
بلور پاس سے چلا جانا	عورت کو طلاق دیوے یا نوکری سے معزول ہو۔
بلور بکثرت پاس ہونا	عورتوں کے ذریعے سے مال ملنے کی نشانی ہے۔
بلوط کا درخت دیکھنا	حلال روزی ملے اور تجارت میں ترقی ہو۔
بلوط کا پھل کھانا	حلال کی روزی نصیب ہو۔ اور رزق کی فراخی ہو۔
بلوط کی چھال	مال اور نعمت کی فراوانی کی نشانی ہے۔
بلوط دوسروں کے گھر میں	لوگ اس کے پاس امانتیں رکھیں۔
بنفشہ موسم میں دیکھنا	عورت سے کچھ ملے یا فرزند پیدا ہو۔
بنفشہ درخت سے جدا دیکھنا	غم ہو۔ فکر و رنج زیادہ ہو یا بیمار ہو۔
بنفشہ عورت درخت سے توڑے	طلاق پائے یا بیوہ ہو یا معلقہ ہو۔
بنفشہ کا دستہ لینا یا دینا	عورت خاوند دونوں کے درمیان جدائی ہو۔
بنیاد رکھنا	دنیاوی فائدہ۔ مگر نامعلوم جگہ ہو تو نقصان دارین ہو۔
بنیاد رکھنا شہر کی	بہت سے آدمیوں کو اپنی پناہ میں لے۔
بندر کے پاس بیٹھنا یا اسے مار ڈالنا	دشمن پر غالب آئے۔ بشرطیکہ بندر مطیع نظر آیا ہو۔
بندر سے جنگ	بیماری یا جسمانی عیب۔ مگر شفا پائے۔
بندر کا گوشت کھانا	بیمار۔ لیکن چند دن بعد صحت ہو۔
بندر کسی سے لینا	دشمن پیدا ہوں۔ اور روزانہ لوگوں سے لڑائی ہو۔
بوریا دیکھنا	مرد خسیس یا غیر شریف عورت سے واسطہ پڑے۔
بوریا بننا مکمل	مراد حاصل ہو۔ یا نماز کی عادت ہو۔

خواب	تعبیر
بوریا گھر کے واسطے بننا	شادی ہو۔ خانہ آبادی ہو۔ یا فرزند پیدا ہو۔
بوسہ لینا	دوستی ہو۔ مراد حاصل ہو۔ دوست خود آکر ملے۔
بوسہ لینا اجنبی کا	خلاف توقع نفع ہو کہیں غیب سے روپے ملنے کی نشانی ہے۔
بوسہ لینا واقف کا	دوست و شناسا سے فائدہ ہو۔
بھوں (ابرو) دیکھنا	بے عیب ہوں تو زینت کی دلیل ہے۔
بھووں کا گرنا	بدنصیبی اور نقصان کی دلیل ہے۔ بدنامی۔ بددینی۔
بھویں سفید ہونا	موت کی نشانی ہے۔
بہی (پھل) دیکھنا	سرداری ملے۔ نفع ہو یا فرزند ہو یا بیماری آئے جبکہ بہی زرد دیکھے۔
بہار کا موسم بروقت	بادشاہ سے ملاقات ہو۔ یا کسی بزرگ کی زیارت ہو۔
بہار میں گرمی یا سردی	بادشاہ سے نقصان پہنچے۔ یا اپنے کسی عزیز سے تکلیف ہو۔
بہشت دیکھنا	خوشی ہو۔ بشارت ملے۔ کسی جگہ عمدہ ملازمت ملے
بہشت کے میوے کھانا:	علم و دانش بڑھے۔ مگر والدین ناخوش ہوں۔
بہشت سے واپسی	بیماری اور موت کی دلیل ہے۔ بیماری سے نجات مشکل
بہشتی طوبے کے نیچے بیٹھنا	سعادت کونین حاصل ہو۔ دین دنیا کی فراخی ہو۔
بھوت کا دیکھنا	مکار دشمن سے واسطہ پڑے۔ اور تکلیف پہنچے۔
بھوت پر غالب آنا	دین درست ہو جائے۔ اور دشمن مغلوب ہو۔
بھینس دیکھنا	نیک مرد سے نفع ہو یا نیک عورت فربہ اندام ملے۔
بھوک لگنا	حرص وطمع ہو۔ یا کوئی مصیبت آئے۔
بھیڑیے سے جنگ	بادشاہ یا کسی سردار سے دشمنی ہو۔
بھیڑئیے کا دودھ پینا	خوف ہو یا مشکل کام کرے جس کا نتیجہ اچھا نہ ہو۔
بھیڑئیے کا گوشت کھانا	ظالم بادشاہ سے مال ملے یا کسی کی امانت میں خیانت کرے
بھیڑئیے کو مار ڈالنا	نیکی سے منحرف ہو۔ مسلمان اس سے نفرت کریں۔

خواب	تعبیر
بھاگنا دشمن یا موذی سے	شر سے محفوظ رہے۔ دشمن پر فتح پائے
بہرہ ہو جانا	مفلس ہو۔ غم۔ دین کی تباہی۔ نامرادی۔
بیت المعمور دیکھنا	حج کرے۔ عزت پائے۔ اور لوگ اس کی عزت کریں۔
بیلنا روئی بیلنے کا دیکھنا	تنگی کا وقت آنے کو ہے۔ ہوشیار رہے۔
بیلنا ملنا کسی سے	نفع ہو۔ عمارت بنانے میں کامیابی ہو۔
بیلچہ (کدال) دیکھنا	مراد پوری ہو۔ اور عزت حاصل ہو۔
بیلچہ سے کام نہ کرنا	ناکامی کی دلیل ہے۔ اور جس کام کو شروع کیا ہے اس میں نقصان ہے۔
بیمار دیکھنا اپنے آپ کو	صحت کی نشانی ہے۔
بیمار سے تندرست ہو جانا	بیماری طول پکڑے۔ ہلاکت کی دلیل بھی ہے۔
بے ہوش ہو جانا	حیرانی و پریشانی۔ مگر انجام نیک ہو۔
بیج بونا یا کھانا	بزرگی اور سرداری ملے۔ اور لڑکا یا لڑکی پیدا ہو۔
بیج بونا اپنی زمین میں	کسی اچھے خاندان میں شادی ہو۔
بیج شیریں کھانا	اولاد سے نفع حاصل ہو۔
بیج تلخ کھانا	اولاد سے تکلیف ہو۔ اور ہر وقت فکر رہے۔
بیر میوہ کھانا	مال ملے۔ اور حلال کی روزی نصیب ہو۔
بیروں کی بوری	مال بکثرت ملے۔ خوشی حاصل ہو۔
بیٹھنا زمین پر مطمئن	سفر میں کامیابی ہو۔ مراد پوری ہو۔ سونے کی بھی یہی تعبیر ہے۔
بیٹھنا گھوڑے وغیرہ پر	نیک فال ہے۔ اور سرداری کی دلیل ہے۔

پ

خواب	تعبیر
پانی پر چلنا یا تیرنا	کامیابی اور مراد پوری ہونے کی علامت ہے۔
پانی عمدہ پینا	درازی عمر کی نشانی ہے۔ دریا کا پانی پینا بادشاہ سے فائدہ ہو

تعبیر	خواب
بدفال ہے۔ بیماری کی نشانی ہے۔	پانی بے مزہ پینا
شاہ عالم گیر بنے۔ زمینداری یا تجارت میں ترقی ہو۔	پانی دریا کا تمام پی جانا
زوجہ مر جائے۔ اور فرزند زندہ رہ جانے کی دلیل ہے۔	پانی گرنا برتن ٹوٹ کر
بلا محنت و مشقت روزی کا سامان ہو۔	پانی نلکا سے نکالنا
دوستوں اور عزیزوں سے نفع پہنچے۔	پانی پمپ سے کھینچنا
بیوی کے حق میں بدفال ہے۔ مرد کے لیے بہتر ہے۔	پارہ کی کان میں جانا
فریبی عورت سے نجات پائے۔	پارہ فروخت کرنا یا دیکھنا
مال دنیا جمع کرنے بخل کرے یا مکروہ عورت ملے۔	پاخانہ بنانا
اپنا مال کسی فضول جگہ خرچ کرے۔	پاخانہ میں قضائے حاجت کرنا
ناجائز طریق سے مال جمع کرنے میں لگا رہے۔	پاخانہ میں گر پڑنا
نصف مال ضایع ہو جائے۔	پاؤں ٹوٹنا یا کٹنا
مفلسی کی دلیل ہے۔ یا سفر کرے۔	پاؤں دونوں ضایع ہو جانا
عمر دراز ہو۔ مال قائم رہے۔	پاؤں لوہے یا پیتل کا بن جانا
پیغام افلاس و موت۔ اور ناکامی کی دلیل ہے۔	پاؤں شیشے کا
دور دراز کا سفر درپیش ہو۔	پاؤں بکثرت
غم ہو۔ چاندی کی ہو تو غم کم ہو۔	پازیب مرد کے پاؤں میں
نیک فال ہے۔ شوہر خوش رہے۔	پازیب عورت کا پہننا
نیک فال ہے۔ فرزند پیدا ہونے کی نشانی ہے۔	پتے درخت کے دیکھنے
نقدی ملے۔ یا جنس وغیرہ کہیں سے ہاتھ آئے۔	پتے تازہ لینا
مال کو نقصان پہنچے۔ کاروبار میں خسارہ ہو۔	پتے خشک دیکھنا
روپیہ ہاتھ آئے۔ اور تجارت میں فائدہ ہو۔	پتے میوہ دار درختوں کے لینا
غم خوری کی دلیل ہے۔ یا غصہ کھانے کی۔	پِتّہ آدمی کا کھانا

خواب	تعبیر
پتہ جانور کا [illegible]نا	بد[illegible]ی اور غیبت کی عادت ہو
پتھر سفید لینا	سردار سے نفع ہو یا حکومت سے فائدہ ہو۔
پتھر سیاہ لینا	عربی سردار سے ملاقات ۔ یا کسی مسجد کا امام ہو۔
پتھر سرخ	رئیس ہمسایہ سے فائدہ ہو یا کسی عورت سے مال ملے
پتھر پہاڑ سے لینے	اگر وہ سیاہ یا سفید ہوں ۔ تو منافقت کی دلیل ہے۔
پٹھے جسم کے خشک ہو جانے یا ٹوٹ جانے	دولت چلی جائے ۔ یا پیغام موت ہے یا دوستوں سے جدائی ہو۔ خاندانی ضعف کی دلیل ہے۔
پٹھے مضبوط ہو کر پر لگ جانا	سرداری اور بزرگی حاصل ہو۔ قوت حاصل ہو۔
پروں سے اُڑنا	ملازمت میں ترقی ہو۔ اقبال زیادہ ہو۔
پر مرغ کے لینا	نیک کام کرے۔ اور کسی مسجد میں چندہ دے ۔
پر لگے ہوئے گرنا	رتبہ کم ہو۔ نقصان ہو یا نوکری سے برطرف ہو۔
پردہ دروازہ کا	خوف اور غم لاحق ہو۔ مگر نجات ملے
پردہ ضایع ہو جائے	بیوی کو طلاق دے ۔ عورت دیکھے تو بیوہ ہو۔
پروازی کرنا	اپنے ہم پیشہ سے دولت مند ہو۔
پرندہ کا اڑ کر آنا	حاجت پوری ہو۔ اور فرزند پیدا ہو۔
پرندہ کا اڑ کر چلا جانا	نقصان مال اور جان کا خطرہ ۔
پروانہ پشت سے اُڑنا	شادی و فرزند کی بشارت یا ملازمت ملنے کی دلیل ہے۔
پروانہ کو مار ڈالنا	ہلاکت اور دولت کا نقصان ۔
پری کو دیکھنا	دولت اور بزرگی ملے ۔ خوشی و راحت ہو۔
پری خوب صورت	خوب صورت عورت سے شادی ہو۔
پری بدصورت	غم و افسوس ہو یا کسی بدصورت عورت سے تعلق ہو۔
پری کا چلا جانا	مال و دولت میں نقصان ہو۔

خواب	تعبیر
پستہ کا مغز پاس دیکھنا	مال و نعمت ملے۔ بخیل سے فائدہ ہو۔
پسلی بائیں پہ ورم	بیوی اور کنیز حاملہ ہوں۔
پسلی سرخ	وفات فرزند یا کسی عزیز کی موت
پسلی پہ دونوں ہاتھ	غم کی نشانی ہے۔
پسلی کی ہڈی ٹوٹنا	کنیز کا غم یا کنیز کے چلے جانے کا افسوس۔
پستان سے دودھ جاری	دختر کے حق میں نیک فال ہے۔ مال حلال پائے۔
پستان سے خون	حرام مال ملے یا اولاد نافرمان ہو۔
پستان بے حد دراز	دختر پیدا ہو۔ یا ہمشیرہ پیدا ہو۔
پستان مرد میں دودھ جمع ہونا	شادی کی دلیل ہے۔ نیز فرزند پیدا ہو۔ دولت مند ہو۔
پستان بند عورت دیکھے	عزت و رتبہ بڑھے۔
پستان بند مرد دیکھے	بدفال ہے۔ اور بے روزگاری کی دلیل ہے۔
پشت ٹوٹ جانا	مددگار کا مر جانا
پشت پر زخم	رنج اور تکلیف ہو۔ لیکن جلد راحت نصیب ہو۔
پشت مضبوط ہو	فرزند پیدا ہو۔ یا بھائی پیدا ہو۔
پشت پر کچھ اٹھانا	مصیبت کی دلیل ہے۔
پشتہ ٹیلے پر بیٹھنا	رتبہ بڑھے۔ اور عزت اور روزگار بڑھے۔
پشتہ پر کھڑا ہونا	مال اور عزت حاصل ہو۔
پشتو میں بات کرنا	نقصان ہو۔ جان کا خطرہ ہو۔ کسی لڑائی میں شامل ہو۔

ت

خواب	تعبیر
تابوت (جنازہ) دیکھنا	مراد حاصل ہو۔ خوف ناک دشمن پر فتح پائے۔
تاریکی دیکھنا	فال بد ہے۔ جان کا خطرہ ہے۔

خواب	تعبیر
تاریکی اپنی آنکھ کی	بینائی بڑھ جائے۔ حافظہ تیز ہو۔
تانبا دیکھنا	کسی سردار یا بادشاہ سے فیض پائے۔
تربوز دیکھنا	عزت بڑھے۔ نعمت و دولت ملے۔
ترش میوہ کھانا	رنج یا نقصان ہو۔ اور تجارت میں نقصان ہو۔
تکیہ	عزت اور مرتبہ بڑھے۔
تلوار اور جملہ ہتھیار	دشمن پر فتح ہو۔ دوستوں سے فائدہ ہے۔
تل دیکھنا	آقا سے فائدہ ہو۔ یا حاکم وقت عزت کرے۔
تنور دیکھنا	کسی مصیبت کے آنے کا اندیشہ ہے۔
تھوک منہ سے بہنا	مال اور دولت بہت بڑھے۔
تھوکنا کسی پر	کسی سے دشمنی اور جھگڑنے کی دلیل ہے۔
توپ دیکھنا	دشمن پر فتح حاصل ہو۔ کامیابی کی دلیل ہے۔
توپ چلانا	شاہی خدمت ملے یا مرتبہ بلند ہو۔
توت و شہتوت	نفع کثیر ہو۔ طیب مال ملے
توت کا درخت	خوب صورت عورت سے شادی ہو یا کسی دولتمند سے فیض پائے۔
تخت دیکھنا یا تخت پر بیٹھنا	عیش یا حکومت ملے یا ملازمت کا بندوبست ہو۔
تار دیکھنا	درازی عمر کی نشانی ہے۔
تار خبر آنا	پریشانی کی دلیل ہے۔ صدقہ دو۔
تار خبر بھیجنا	کسی مصیبت کا آغاز ہو۔ لیکن انجام نیک ہو۔
تار کسی کو لکھ کر دینا	کسی خوش خبری کے ملنے کی نشانی ہے۔
تاڑ دیکھنا	پھل دلیل آوارگی۔ اور درخت رنج کی دلیل ہے۔
تال مکھانہ	پھل پھول قوت کی دلیل۔ مگر درخت بیماری در کمزوری کی دلیل ہے

تعبیر	خواب
علائق دنیا سے بے تعلقی، اولاد کے حق میں بد فال۔	تالاب میں نہانا
دولت خرچ ہو۔ چند روز عیش کرے۔	تنبورہ دیکھنا
مراد بر آئے۔ راحت ملے۔	تیر مارنا
رتبہ بڑھے۔ عورت دیکھے تو شوہر ملے۔ بادشاہ دیکھے تو ملک ملے	تاج سر پر دیکھنا
نوکر کے بھاگ جانے کی دلیل ہے۔	تازیانہ (کوڑا)
دوست سے فائدہ نہ ہو۔ عزیزوں سے تکلیف ہو۔	تازیانہ کسی کو مارنا
کسی سے دوستی کا ٹوٹ جانا پیغام مرگ ہے۔	تبر (کلہاڑی) لینا
بشارت ہے۔ کسی خوش خبری کے آنے کا نشان ہے۔	تار برقی پیغام
کسی کے عشق میں مبتلا ہو۔ دولت کا نقصان ہو۔	تھئیٹر دیکھنا
قسمت بد اور آوارہ گردی کی نشانی ہے۔	تھئیٹر میں پارٹ کرنا

ٹ

تعبیر	خواب
فوج کا سردار بنے	ٹڈی دل دیکھنا
نوکر سے راحت ملے۔ شادی ہو	ٹھیلہ دیکھنا
قبیلہ یا قوم کا سردار بنے۔	ٹھوڑی لمبی دیکھنا
بے عزتی کی دلیل ہے۔ یا مال حرام ملے	ٹخنے سے کھیلنا اور شور کرنا
غم ہو یا اولاد فوت ہو۔	ٹخنہ ٹوٹ جانا
حلال ہو تو مال حلال ملے۔ ورنہ مال حرام ہاتھ آئے۔	ٹخنہ جانور کا پانا
جھگڑا یا لڑائی ہو۔ کسی مصیبت میں مبتلا ہو۔	ٹخنہ دیکھنا یا دکھانا
کسی عزیز کو نقصان یا رنج ہو۔	ٹوٹنا اپنے کسی عضو کا
نقصان ہو یا کسی کے فوت ہونے کی اطلاع ملے	ٹوٹنا یا توڑنا کسی چیز کا
کسی گم شدہ دوست کے آنے کی نشانی ہے۔	ٹم ٹم دیکھنا

تعبیر	خواب
عیش و خوشی میں خلل ہو۔	ٹوٹنا باجہ کا
عزت و رتبہ پائے مال ملے یا نوکری ملے۔	ٹھپہ یا مہر پانا
عورت اگر حاملہ ہو تو فرزند پیدا ہو	ٹہنی درخت کی لینا
کسی رشتہ کی طرف سے ناامیدی ہو۔	ٹہنی باریک
لڑکی کی شادی سے سرخرو ہو۔	ٹہنی درخت میوہ ترش
بیٹے کی شادی ہو یا عورت نیک ملے	ٹہنی درخت میوہ شیریں
ہموار جنگل میں عزت و رتبہ پائے۔	ٹیلا
سفر درپیش ہو۔ انجام بخیر ہو۔	ٹکٹ ریل
دریائی سفر کا ارادہ ہو۔ اور اس میں کامیابی ہو۔	ٹکٹ جہاز
کسی دوست کی خیریت کا خط آئے۔ دل کا اطمینان ہو۔	ٹکٹ ڈاک خانہ
کسی سفر کے لیے گھر سے باہر جانا پڑے۔	ٹانگہ پر سوار ہونا
مہمان آئیں اور خرچ زیادہ ہو۔	ٹانگہ خرید کرنا۔
کسی کام میں کسی سے شراکت ہو۔ لیکن فائدہ نہ ہو۔	ٹانگہ میں گھوڑا جوتنا
تجارت میں نقصان ہو یا نوکری سے جواب	ٹانگہ سے گر پڑنا
عزت و مرتبہ بڑھنے کی دلیل ہے۔	ٹرام پر سوار ہونا
سخت محنت سے روزی نصیب ہو۔	ٹٹو پر سوار ہونا

ج

خوش عورت سے شادی ہو۔	جسکر
جن کے ساتھ دیکھے وہ آپس میں صلح کریں۔	جنگ ہوتے دیکھنا
دشمن پہ فتح۔ غم دور ہو۔ اور آزادی حاصل ہو	جنگل دیکھنا
سفر۔ مہم سخت۔ بیگانوں سے جدائی۔	جوتا پہننا

خواب	تعبیر
جوں دیکھنا	کمزوری دماغ کا عارضہ ہو۔ حافظہ کمزور ہو۔
جھنڈا سفید	لوگوں میں عزت بڑھنے کی دلیل ہے۔
〃 سبز	کسی درویش اور بزرگ کی زیارت ہو۔
〃 سرخ	اپنی یا اپنے بیٹے کی شادی ہو۔
〃 زرد	بیماری۔ تکلیف مگر جان کی خیر۔ صدقہ دینا چاہیئے۔
〃 سیاہ	قوم یا فوج کا سردار بنے۔ سیاحت کرے۔
جسم اپنا دیکھنا	ننگا دیکھے تو مفلسی کی نشانی ہے۔
جنتری خریدنا	عمر زیادہ اور تندرستی حاصل ہونے کی نشانی ہے۔
جنم پتری بنانا	مرد کے لیے بدفال۔ عورت و بچے کے لیے زیادتی عمر۔
جیل دیکھنا	کسی مصیبت کا پیش خیمہ ہے۔ صدقہ دینا چاہیئے۔
جنازہ	صحت۔ درازی عمر۔ ترقی دولت کی نشانی ہے۔
جھولا جھولنا	لہو ولعب اور ہوس کی زیادتی میں روپیہ خرچ ہو۔
جہاز	رنج وغضب سے نجات ملے۔
جہاز ہوائی دیکھنا	امتحان میں پاس ہونے کی دلیل ہے۔
جہاز ہوائی پر سوار ہونا	کسی اچھی جگہ ملازمت حاصل ہو۔
جوان کسی کا سر کاٹے	دشمن کا سر کاٹے تو ظالم بنے۔ دوست کا کاٹے تو مال و راحت پائے
جونک دیکھنا	کسی یتیم کا مال کھانے کی نشانی ہے۔
جنوں کی ہمراہی	فریب میں پھنس کر نقصان اٹھائے۔
جبرائیل فرشتہ	خوش ہوں تو دشمن پر فتح ہو۔ ناخوش دیکھے تو غم ہو۔
جبرائیل کا کچھ دینا	شاہ وقت قدر کرے۔ رتبہ بڑھے یا خوف لاحق ہو۔
جعفر صادق رح کو دیکھنا	حج اور جہاد کرے۔ لوگوں میں باعزت ہو
جادو کرنا۔	کار باطل و بے ہودہ کرے۔ معمول کے واسطے فتنہ ہے۔

خواب	تعبیر
جھاڑو دینا	نقصان مال ہو۔ گھر میں بیماری سے نقصان ہو۔
جھاڑو دوسرے کے مکان میں	اس شخص سے مال ملے۔ یا اس مکان سے چوری کرے
جبّہ عمدہ پہننا	نیک بخت بیوی کی دلیل ہے۔

چ

چاندی کا زیور پانا یا دیکھنا	غم دور اور خوشی حاصل ہو۔ مال ملے۔ خوبصورت بیوی ملے
چاندی کھوٹی	زوال دولت۔ کچھ مال ضائع ہو۔
چاند ہاتھ یا گود میں	خوبصورت عورت سے شادی یا فرزند ہو۔ عورت کو کم درجہ شوہر ملے
چاند گرہن دیکھنا	اسقاط حمل ہو یا مفلسی آئے یا دولت ہاتھ سے جائے۔
چاندنی چاند کی دیکھنا	راحت اور حاکم سے فیض پہنچے۔ لوگوں میں عزت ہو۔
چاندی دینا	کسی فریب میں پھنسے۔ لیکن رہائی پائے۔
چاندی گلانا	کسی سے سخت دشمنی ہو۔
چاول دیکھنا	محنت کے بعد مال ملے اور برکت ورحمت نازل ہو۔
چادر دیکھنا	باعصمت بیوی پائے یا نیک لڑکی پیدا ہو۔
چائے پینا	مراد پوری ہو۔ صحت کامل ہو۔ مقدمہ میں فتح ہو۔
چشمہ	نعمت وبرکت حاصل ہو۔ چشمہ گھر میں دیکھے تو خیر وبرکت پائے۔
چکی دیکھنا	تکلیف اور محنت سے دن گذریں۔
چاقو دیکھنا	دشمن کے ہلاک ہونے کی خبر آئے۔
چاقو لینا	دشمن پر قابو پانے کی دلیل ہے۔
چور دیکھنا	بری صحبت میں رہنے کی دلیل ہے۔
چڑیا گھر دیکھنا	دوستوں سے فائدہ ہو۔ دوستی زیادہ ہو۔
چکی بے دانہ چلتے دیکھنا	بے نتیجہ گفت گو سے وقت ضائع ہو۔

خواب	تعبیر
چلتے ہوئے اذان دینا	دولت ملے اور حج کرے
چوہا	نیک اور خوب صورت بیوی ملے۔
چوہے کو کھاتے دیکھنا	جس کی چیز کھائے۔ اسے نقصان ہو۔
چونچ دیکھنا	خوب صورت عورت سے شادی ہو۔
چھال درخت	مفلسی پریشانی دور ہو۔ کسی گم شدہ دوست کی خبر آئے۔
چھینکنا	جلد مراد برآئے۔ تنگی کے دن ختم ہوں۔
چیل دیکھنا	کسی چیز کے چوری ہو جانے کی دلیل ہے۔
چیل کو گھر سے نکلتے دیکھنا	خانہ ویرانی کی دلیل ہے۔ صدقہ و خیرات دے۔
چیخنا چلانا	خوف اور پریشانی لاحق ہو۔
چراغ خوب روشن	عمر درازی۔ شادی۔ فرزند اور دولت ملے
چراغ روشن کرنا	مسجد بنائے یا کوئی اور فیض جاری کرے۔
چراغ بجھانا	ویرانی اور موت کی دلیل ہے۔
چراغ دان دیکھنا	نقصان مالی۔ خانہ ویرانی وغیرہ۔
چاند دیکھنا	خوب صورت بیوی ملے۔ یا فرزند ہو۔ امیر ہو جائے۔
چوکھٹ دیکھنا	نیک عورت سے شادی ہو۔
چوکھٹ چومنا	کسی کے عشق میں مبتلا ہونا۔

ح

خواب	تعبیر
حج کرنا	دلی مراد اور امید پوری ہو۔
حجر اسود کو بوسہ دینا	کسی بزرگ سے فیض پائے۔
حرم شریف میں جانا	دنیاوی غم دفع ہو۔ خوش نصیب ہو۔
حق تعالیٰ کو حساب لیتے دیکھنا	خوشی ہو۔ مسافر بعد کامیابی گھر آئے۔

تعبیر	خواب
عیش اور عمر درازی نصیب ہو۔	حلوا کھانا
فکر اور غم دور ہو۔ گناہ سے پاک ہو۔ عیش حاصل۔	حمام کرنا
عورتوں سے رنج پہنچے ۔	حمام سرد دیکھنا
مراد پوری ہو۔ طبیعت عیش کی طرف مائل ہو۔	حمام بنانا
خیر و برکت حاصل ہو۔ پانی پیئے تو دولت ملے ۔	حوض دیکھنا
گنہ گاری کی دلیل ہے۔ توبہ کرے اور خیرات دے	حیض ہونا عورت کو
گناہ سے توبہ کرے ۔ اور نیک کاموں میں مشغول ہو۔	حیض سے پاکی
بدکاری کی دلیل ہے ۔	حیض مرد کو
عزت بڑھے ۔ حاکم سے نفع ہو۔ خیر و برکت ہو۔	حلال کرنا
مکار عورت سے تکلیف اور ذلیل ہونے کی دلیل ہے۔	حرام کرنا (یعنی زنا کرنا)
سختی یا مرض کا حملہ، مگر انجام بخیر	حمام میں پیشاب کرنا
راحت، خوشی اور دولت حاصل ہو۔	حوّا (علیہ السلام)
خیر۔ راحت ۔ شہادت ۔ لوگوں میں رسوخ ہو ۔	حسنؑ (امام)
دوست دشمن بن کر پیش آئیں ۔	حسینؑ (امام)
محنت اور عذاب میں مبتلا ہو۔	حساب کرنا
آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہونے کی دلیل ہے ۔	حساب کی کتاب خریدنا
کسی دوست سے ملنے کی نشانی ہے	حقہ پینا
عاشق کو معشوق ملے ۔ اور محبت زیادہ ہو۔	حقہ تازہ کرنا
کسی نئے دوست کی ملاقات ۔ یا دوست سے تحفہ ملے	حقہ خرید کرنا
دوست سے جدائی ہو۔	حقہ کسی کو دینا
عورت سلیقہ مند ملے	حقہ کی چلم خریدنا
تکلیف ہو۔ تو فال بد ہے ۔ ورنہ نیک ۔	حقنہ کرانا

تعبیر	خواب
علم قرآن حاصل کرے	حکمت و فلسفہ پڑھنا
مبارک فال ہے۔ کسی بزرگ سے ملاقات ہو۔	حرم کعبہ دیکھنا
فرزند پیدا ہو۔ مقدمہ میں فتح ہو۔	حوض کوثر

خ

تعبیر	خواب
کسی مصیبت کا پیش خیمہ صدقہ دینا چاہیے۔	خاک کی بارش دیکھنا
سخت بیماری آئے۔ توبہ کرنی چاہیئے۔	خانہ بیگانہ میں تنہا
دینداری۔ وراثت پائے۔ بشارت۔ فکر جمع مال۔	خطبہ پڑھنا
عورت سے مال ملے۔	خچر کا گوشت
ذلیل اور رسوا ہونے کی نشانی ہے۔	خچر پر سوار ہونا
بیماری۔ رنج اور خوف کی دلیل ہے۔	خچر مادہ کا دودھ پینا
درازئی عمر اور عیش نصیب ہو۔	خچر کو اپنے پر سوار دیکھنا
ترقی رزق۔ منافع بہت ہو۔	خربوزہ
نیک بختی اور بلند بختی کی دلیل ہے۔	خربوزہ کا کھیت
کاروبار میں مددگار کی ضرورت اور راحت نصیب ہو	خط پڑھ کر مضمون سمجھنا
رازدار اور دیانت دار مشہور رہو۔	خط مہر لگا ہوا دیکھنا
راز ظاہر ہو جائے۔	خط کھلا ہوا
حلال مال سے فائدہ ہو۔	خرگوش
قبض کی شکایت ہو۔ ناگہانی تکلیف ہو۔	خشخاش
خوش قسمت سے ملاقات ہو۔	خطیب سے ملنا
عزت بڑھے۔ فرزند پیدا ہو۔ خوشی ہو۔	خطبہ دیکھنا
کسی بزرگ سے ملاقات ہو۔ اور کوئی فائدہ پہنچے۔	خطبہ سننا

تعبیر	خواب
بیگانوں سے دشمنی۔ اپنوں سے محبت بڑھے۔	خلال کرنا
رزق میں ترقی ہو۔ مال ہاتھ لگے۔	خوان
عمر دراز پائے۔ دوستوں میں اضافہ ہو۔	خوان پہ کھانا
نیک بیوی ملے۔ ہر آفت سے محفوظ رہے۔	خود دیکھنا
درخت میں سال خوش حالی کی آمد۔ خرمن میں دولت کی دلیل ہے	خوشہ
مشک وغیرہ دولت دین ملنے کی دلیل ہے۔	خوشبو
امن اور چین سے زندگی بسر کرے	خون کرنا
نعمت حاصل ہو۔ اور بیکاری دور ہو۔	خون میں لوٹنا
حرام کا مال ملے۔ چوری کا مال لے کر عیش کرے۔	خون کھانا
بیماری سے لاغری و کمزوری ہو۔	خیاری
شادی۔ سرداری اور حکومت کی دلیل ہے۔	خیمہ وخرگاہ
بہت مال ملے۔ یا ذلیل ہو۔	خاک کھانا
دولت کے لیے جدوجہد۔ کامیابی۔	خاک پہ چلنا
کسی اجنبی آدمی سے مال ملنے کی دلیل ہے۔	خشک لکڑی

د

تعبیر	خواب
راست بازی اور عمر درازی کی دلیل ہے۔	دانت گرنا
مال کثیر جمع کرے۔ فرزند یا دختر یا عزیزوں سے جدائی ہو۔	دانت اکھاڑنا
خوشی ہو۔ غم دور ہو۔ نوکری مل جائے۔	دانت سامنے کے دیکھنا
فرزند یا بہن یا کسی خویش یا عزیز کے مرنے کی خبر آئے۔	دانت سامنے کے گرنا
بیمار ہو۔ لیکن صحت جلد پائے۔	دانت سونے کا
تکلیف سخت۔ بربادیٔ مال۔	دانت چاندی کا

تعبیر	خواب
سخت حرص۔ موت کا اندیشہ	دانت لکڑی کا
کسی کا خون کرے عورت دیکھے تو اس کا رنج دور ہو۔ مراد پوری ہو	داہنے ہاتھ میں مہندی
بیماری لاحق ہو۔ لیکن جلد صحت ہو۔	درخت خاردار اور بے ثمر
بہت مال اور بڑھتی دولت ملے	درخت پھل دار اور پتے۔
تکلیفٔ انجام بخیر۔ نیک سیرت۔ ولادت فرزند۔	درخت دیکھنا
خوف سے نجات ملے۔ مگر درخت خرما پر چڑھنا برا ہے۔	درخت پر چڑھنا
ترقی مرتبہ ورزق کی نشانی ہے۔	درم یا دینار
عمدہ بات سننا اور قبول کرنا۔	درم نثار کرنا
علم دین اور روزی حسب ضرورت ملے۔ شادی فرزند۔	درم لینا
نیک عورت سے شادی ہونا۔	دروازہ دیکھنا
رزق میں کشائش ہو۔	دروازہ کشادہ دیکھنا
مفلسی آئے۔ اور تنگی سے دن گذریں۔	〃 بند 〃
سرداری ملے۔ یا سفیر بنے۔	〃 کا حلقہ دیکھنا
بد فال ہے۔ بد عورت سے واسطہ پڑے۔	〃 گھر سے دور
خوف دشمن سے بھاگے تو مراد پائے۔ ورنہ آفت میں بتلا ہو	دشمن سے بھاگنا
صاحب دل اور اہل تدبر کہلائے۔	دل دیکھنا
کسی بزرگ سے ملاقات ہو۔	دلال دیکھنا
عورت بجائے تو خوشی کی دلیل ہے۔	دف بجانا
طاقت یا عورت سے دولت پائے۔ فن میں کامل ہونا۔	دودھ دوہنا یا پینا
رنج اور بیماری کے آنے کی وجہ سے لاغر ہو۔	دودھ بھیڑ کا پینا
بیوی سے کمال الفت کرے۔	دودھ عورت کا
بادشاہ سے ملاقات ہو۔ یا کسی امیر سے فائدہ ہو۔	دوشالا

خواب	تعبیر
دختر پیدا ہوتی دیکھنا	عورت دیکھے تو صاحب اولاد ہو۔ مرد دیکھے تو دولت ملے
دودھ حرام جانور کا پینا	بیماری یا خوف میں مبتلا ہو۔ یا کسی دوست سے تکلیف ہو۔
دودھ حلال جانور کا پینا	حلال روزی ملے۔ یا خوب صورت عورت سے شادی ہو۔
دریا دیکھنا	بادشاہ سے دولت ملے یا امتحان میں کامیاب ہو۔
دریا میں تیرنا	آرام کی زندگی بسر ہو۔ دولت اور مال کی زیادتی ہو۔
دریا میں ڈوبنا	مصیبتوں میں مبتلا ہو۔ کوئی ناگہانی آفت آئے۔
دریا کی موج دیکھنا	محنت اور غم کی دلیل ہے۔
دریا کے پار ہونا	مقصد میں کامیابی ہو۔
دریا یا نہر میں غسل	شفا۔ خوشی حاصل ہو۔ تائب ہو۔
دلدل دیکھنا یا اس میں پھنسنا	پشیمانی۔ مالی نقصان۔ کسی مصیبت میں گرفتار ہو۔
دوزخ سے نکلنا	تکمیل دین۔ گناہوں کا کفارہ۔ مصیبت سے نجات۔
دوزخ میں آنا	توبہ کرنی چاہیئے۔ صدقہ و خیرات دینی چاہیئے۔
دوزخ کا عذاب دیکھنا	دنیاوی جھگڑوں میں مبتلا ہو
دونوں ہاتھوں میں مہندی	عورت کو نیک فال۔ مرد طلب معاش میں تکلیف اٹھائے
دکان میں بیٹھنا	عزت، بزرگی اور رتبہ پائے۔
دوات	بیوی حاملہ ہو۔ عورت دیکھے تو دولت ملنے کی نشانی ہے۔
دومنزلہ مکان	بیوی کی موجودگی میں دوسرا نکاح۔
دردناک اپنے آپ کو دیکھنا	اولاد کی طرف سے غم دیکھے۔
دہی	حلال روزی ملے۔ فکر و خوف رہے۔
دھواں	فتنہ اور جنگ کی دلیل ہے۔
دیو	بدشکل غم کی، اور خوب صورت علم کی ترقی کی دلیل ہے۔
دیگ	عمدہ محل ملے۔ یا تنخواہ میں ترقی ہو۔

تعبیر	خواب
علم، دولت اور دین نصیب ہو۔ عورت دیکھے تو لڑکی پیدا ہو۔	دینار سُرخ
رتبہ بڑھے ۔ عورت دیکھے تو شادی ہو۔	دیوار
جسے دیکھے وہ مال دار ہو جائے ۔	دیوانہ
جہاز کا سفر درپیش ہو یا کسی دوسرے ملک میں جانے کا اتفاق ہو	دوربین دیکھنا
حکومت و عزت بڑھنے کی نشانی ہے ۔	دربار دیکھنا
عزت کے بعد ذلت اور ذلت کے بعد دوبارہ ترقی ہو۔	دلی شہر دیکھنا
ناداری کی دلیل۔ رزق اور روپے کی تنگی۔	دوات خالی
مراد حاصل ہو۔ روزگار کا معقول انتظام ہو۔	دوات میں سیاہی
رتبہ کم ہو جائے ۔	دیوار سے گرنا
بیوی کا انتقال ۔ خانہ ویرانی	دروازہ بند ہونا
ذلت اور موت کی دلیل ہے ۔ صدقہ خیرات دے	دروازہ جل جانا
عورت کو طلاق دے ۔ یا مکان فروخت کرے ۔	دروازہ دوسرا بنانا

ڈ

تعبیر	خواب
عزت اور رتبہ بڑھے۔ لوگوں میں عزت ہو۔	ڈاڑھی دیکھنا
نعمت اور دولت کی ترقی ۔ روزگار کی وسعت ۔	ڈاڑھی لمبی دیکھنا
قرض میں مبتلا ہو۔ آمدنی کم خرچ زیادہ ۔	ڈاڑھی خشخاشی دیکھنا
گمراہی اور زوال دولت کی علامت ہے ۔	ڈاڑھی تراشنا
اس کا شوہر سفر سے واپس آئے ۔ اس کی مراد پوری ہو۔	ڈاڑھی عورت کے
شادی کا کہیں اچھی جگہ انتظام ہو۔	ڈاڑھی لڑکی کے
مراد پوری ہو۔ عزت رتبہ بڑھے ۔ دلی مقصد حاصل ہو۔	ڈاڑھی سفید
لہو و لعب اور فضول خرچی میں مبتلا ہو۔	ڈاڑھی اکھاڑنا

تعبیر	خواب
کسی عالم باعمل کی صحبت سے فیض پائے۔	ڈاڑھی میں خضاب لگانا
مالدار کا مال بڑھے۔ اور فقیر کے قرض میں ترقی ہو۔	ڈاڑھی گھنی دیکھنا
پریشانی اور شرمندگی حاصل ہو۔ کسی عزیز سے تکلیف ہو	ڈاڑھی کے بال اکھاڑنا
کاروبار میں ترقی اور فارغ البالی۔	ڈکار لینا
لوگوں میں مشہوری ہو۔	ڈھولک بجانا
ضعف قلب و جگر کی بیماری میں مبتلا ہو۔	ڈرنا
شاہی پناہ میں جائے یا دوست سے فائدہ ہو۔	ڈھال ہاتھ میں۔

ذ

تعبیر	خواب
حرام مال ملے یا بیمار ہو۔	ذبح کرنا حرام جانور کا
بادشاہ سے فائدہ کثیر ہو۔	ذبح کرنا حلال جانور کا
اولاد کثیر ہو۔ نیک بخت اور صاحب نصیب ہو۔	ذکر (یعنی اعضائے تناسل) دراز
لوگوں میں عزت اور حکومت میں رسوخ حاصل ہو۔	ذیلدار بننا
لاٹری نکلے۔ یا کہیں سے انعام پائے۔	ذخیرہ دیکھنا
شعر و شاعری کا شوق ہو۔	ذوق کا دیوان پڑھنا

ر

تعبیر	خواب
سفر کی دلیل ہے۔ یا کسی عزیز کے آنے کی امید ہے۔	ریل دیکھنا۔
پیغام موت یا کسی غیر ملک میں سفر جانے کی تیاری۔	ریل میں سوار ہونا
نیک فال اور دین داری کی علامت ہے۔	رحل
مراد پوری ہو۔ مگر سفر کرے۔	رستے میں غبار
خوف اور بے نتیجہ دشمنی۔	راکھ یا ریت

ران دیکھنا	خوشی، بیوی کے عزیزوں سے ملاقات ہو۔ پریشانی اور مشکل حل ہو
راجہ سے ملنا	تنخواہ میں ترقی، امتحان میں کامیابی کی دلیل ہے۔
رام رام کرنا	ہندو کے لیے نیک، مسلمان کو توبہ کرنی چاہیئے۔
رسّی	سفر اور دینداری، خلق خدا کو فیض
رسّی سے باندھنا	حکومت کی طرف سے سفر درپیش آئے۔
رکابی	خیر و برکت کی نشانی ہے۔
رگ چیرنا	فکر اور غم ہو۔ تکلیف میں اضافہ ہو۔
روٹی کھانا	نعمت ملے۔ مگر غم بھی ملے۔
روشنی	دیندار بن جائے۔ فرزند پیدا ہو۔
روٹی	دوست پائدار ملے۔ اور فائدہ حاصل ہو۔
روزہ رکھنا	کھیت محفوظ رہے۔ آدمی بدیوں سے بچے۔
رونا	راحت اور آرام سے بسر ہو۔ دین دنیا سے بے پروائی ہو۔
رسی گلے میں باندھنا	جس کے گلے میں باندھے اس کی روزی کا انتظام کرے
روزن دیکھنا	تجارت کرے۔ اس میں فائدہ ہو۔
رائی	بدنامی۔ دوست سے نزاع، مصیبت میں مبتلا وغیرہ
رشوت	آقا سے پشیمانی۔ دنیا میں رسوائی۔
رہزن	مکار عورت سے واسطہ پڑے۔
ریچھ دیکھنا	مال اور فکر میں حیرانی۔ زبردست دشمن سے خوف۔
ران ٹوٹنا	عزیزوں سے جدائی۔
ران دبلی نیلی ہو جائے	عزیزوں کو نقصان
رستہ بتانا	کسی گنہ گار کو نصیحت کرے
رستہ بھول جانا	بیکاری اور بے روزگاری کی نشانی ہے۔

خواب	تعبیر
رات دیکھنا	چاندنی ہو تو بہتر اندھیری ہو تو بدفال
رخسار خود سرخ	عزت بڑھے۔ اور کہیں سے خوشی کی خبر وصول ہو۔
رضوان	نجات ہو۔ اور مشکلات کا خاتمہ ہو۔
رفو کرنا	لڑائی جھگڑا سے نجات ہو۔ نااتفاقی دور ہو۔

(ز) اور (ژ)

زانو قوی دیکھنا	عمدہ روزگار ملے۔ رزق میں ترقی ہو۔
زبان	زیادہ بولنے کی عادت پڑے۔
زبان بندی	آفت میں مبتلا ہو۔ کسی کی چغلی میں مبتلا ہو۔
زبان منہ کے باہر	لوگوں کی بدگوئی کرنے سے بے عزت ہو۔
زبان پر بال	گالی گلوچ اور جھگڑے میں غرق ہو۔
زبان تیز چلے	لکچرار ہو۔ اور بناوٹی باتوں سے لوگوں کو خوش کرے
زاہد بن جانا	نیک اعمال کرنے کی توفیق ہو۔
زراعت	اطمینان اور بے پروائی حاصل ہو۔
زراعت خود کرنا	شفا اور دینداری حاصل ہو۔
زراعت کاٹنا	مال ملے۔ خلاف امید فائدہ ہو۔
زرد آلو	بیمار ہو۔ لیکن جلدی شفا ہو۔ کسی دوست سے تکلیف ہو۔
زرد میوہ جات	پریشانی اور رنج و غم دامنگیر ہو یا کسی عزیز رشتہ دار سے تکلیف ہو۔
زعفران	عالم بزرگ سے ملاقات، نیک اعمال کی شہرت۔
زکوٰۃ دینا	سوداگری سے منافع ہو۔ زراعت اچھی ہو۔
زمزم پینا	علم بزرگی اور رتبہ ملے۔ حج نصیب ہو۔
زمرد	دینداری اور بہادری میں نام پائے۔

خواب	تعبیر
زمین ہموار	نعمت اور دولت ملے
زمین میں بنیاد رکھنا	کار دنیا بخوبی ہو۔ ہمت بڑھے۔ دوکان میں ترقی ہو۔
زمین کھودنا	تکلیف ہو۔ فریب سے مال ملے۔
زمین کھود کر پانی نکالنا	کاشت میں فائدہ ہو۔
زمین کا لرزہ اور زلزلہ	شاہی عتاب کی علامت ہے۔
زمین میں کچھ دبانا	کوئی شے گم ہو یا سفر کرے یا کسی عزیز کی موت ہو۔
زنان خانہ	فرزند پیدا ہو۔ خوشی و راحت کی نشانی ہے۔
زنجیر پہننا	دلیل گنہ گاری ہے۔ کسی مقدمہ میں قید ہو۔
زنجیر دروازہ پر دیکھنا	اچھے نوکر ملیں۔ اور مال حفاظت سے رہے۔
زنجیر گردن میں	بدعورت سے واسطہ پڑے۔
زمین میں گرنا	تکلیف جلاوطنی یا موت۔ توبہ کرنی چاہیئے۔
زنبور	متلون مزاجوں سے واسطہ پڑے۔ سفلہ مزاجی۔
زندہ کو مردہ دیکھنا	مریض صحت پائے۔ حاجت براری۔ گم شدہ چیز مل جائے۔
زندہ کو قبر میں دیکھنا	رنج اور سختی پیش آئے۔ مجرم قید ہو جائے۔
زہر کھانا	بے وجہ کا غم و غصہ۔ کام کرکے پشیمانی ہو۔
زہرہ	راحت ملے، حسینہ سے شادی ہو۔ یا شاہی دربار میں رسائی ہو۔
زیتون	خیر و برکت حاصل ہو۔ اور ہر طرح سے شادمانی ہو۔
زینت انگشت	فرزند۔ دوست سے ملاقات ہو۔
زین	حسین عورت سے شادی ہو۔
زلف	عشق۔ فرقت۔ دیوانگی وغیرہ میں مبتلا ہو۔
زینہ	عزت اور رتبہ میں ترقی ہو۔
زخم اپنے بدن پر	مال ملے۔ دوسرے کے بدن کا زخم نقصان کی دلیل ہے۔

تعبیر	خواب
لوگوں کی غیبت اور چغلی کرنے کی عادت ہو۔	زخمی کرنا تلوار سے
خیر و برکت ہو۔کثرت مال و دولت کی علامت ہے۔	زبرجد
دیندار بن جائے ۔ یا یہودیوں سے مناظرہ کرے	زبور پڑھنا
مردوں کو غم کی دلیل۔عورتوں کے واسطے نیک فال	زر (سونا۔روپیہ وغیرہ)
علامت بیماری ہے۔	زرد رنگ کی چیزیں
غم ہو یا رنج زیادتی غم یا بیماری کی علامت ہے ۔	زرشک (دوا)
دشمن سے محفوظ ہے۔زرہ کا ضایع ہونا مغلوبی کی دلیل ہے۔	زرہ پہننا
حرام کا مال ہاتھ آئے۔	زنگار لینا
خفیف بیماری کی علامت اور شدید زکام سخت مرض کی علامت ہے	زکام
دینی ضعف کی علامت ہے۔توبہ استغفار کرے۔	زنار ہاتھ میں
مال۔نعمت۔اور خادم ملے ۔	زنبیل اپنے پاس
ہلاکت کی دلیل ہے یا کسی مقدمہ میں ماخوذ ہو۔	زندان میں
ہر طرح دین و دنیا کی فلاح کی علامت ہے ۔	زیرہ
نعمت و دولت یا حکومت ملے	زمین دیکھنا
مفلسی اور فاقہ کشی کی نوبت آئے۔	زمین کھود کر مٹی کھانا
اس علاقہ کے لوگوں کو بادشاہ سے تکلیف پہنچے	ژالہ پڑنا

س

دشمن سے تکلیف ہو۔ سیاہ ہو تو دولت ملے۔	سانپ دیکھنا
بادشاہ سے ملاقات ہو یا خزانہ ملے ۔	سانپ فرماں بردار
دشمن سے فائدہ ہو۔اور غیب سے روزی ملے	سانپ سے باتیں کرنا
مخفی راز معلوم ہو۔ دشمن تباہ و برباد ہو۔	سانپ مارنا

خواب	تعبیر
سانپ چھت سے گرے	حاکم یا بادشاہ سے رنجش، اور بزرگوں سے ناراضگی۔
سانپ گھر کے اندر	بیوی کے ہاتھوں نقصان یا بیوی کا کسی اور سے تعلق ہو۔
سانپ کا گوشت کھانا	دشمن سے رہائی ملے۔ اور مقدمہ میں فتح ہو۔
ساگ دیکھنا	لڑائی جھگڑے سے اضطراب ہو۔
ساگ کی ٹہنی ہاتھ میں	فتنہ وفساد سے احتیاط۔
ستارہ دیکھنا	حاکم یا بادشاہ مہربان ہو۔ اور ملازمت کا بندوبست ہو۔
ستارے بے شمار	دولت اور حکومت میں حصہ ملے۔ اور خوشی حاصل ہو۔
ستارہ کھانا	غم ہو یا مال چوری چلا جائے۔
سر	خوب صورت بیوی یا نیک عورت سے واسطہ پڑے۔
سر پہ آدمی	دشمن پر فتح ہو۔ سرداری ملے۔
سر جدا ہونا	عزیزوں سے جدائی۔ حاکم وقت سے فائدہ۔
سر اپنا چھوٹا دیکھنا	زوال کی دلیل ہے۔ تنخواہ میں کمی۔ کاشت برباد۔
سر جانور کا کٹا ہوا	نفع اور عزت حاصل ہو۔ بشرطیکہ حلال جانور کا سر ہو۔
سر اپنا جانور کی طرح	اس جانور کی طاقت آئے جس کی شکل کا سر ہو۔
سر میں تیل ڈالنا	زیادہ فکر کی علامت، معتدل زینت کی دلیل ہے۔
سر کے بال گرنا	قرض ادا ہو۔ اور سود سے نجات حاصل ہو۔
سر کے بال مونڈنا	اخفائے راز۔ آقا سے رنجش۔ مگر محرم میں نیک فال ہے۔
سر کے بال کھلے دیکھنا	سفر سے واپسی۔ کنوارے کی شادی۔
سر کے بال کٹے دیکھنا	عورت دیکھے تو شوہر سے قطع تعلق ہو۔ مرد دیکھے تو مفلسی کی دلیل ہے
سر اپنا کٹا دیکھنا	ہزار ہا درم یا دینار پائے یا روپیہ یا اشرفیاں۔
سر اپنا منڈانا	گھر میں رنجش۔ بیوی سے ناچاقی ہو۔
سیالکوٹ شہر دیکھنا	کھیل کود میں ترقی کرے یا فوج میں ٹھیکہ ملے۔

تعبیر	خواب
آموں کا تحفہ ملے یا مراد حاصل ہو۔	سہارن پور شہر دیکھنا
کسی عزیز دوست سے فائدہ پہنچے۔ حاکم مہربان ہو۔	سالن کھانا
کسی مصیبت میں گرفتار ہونے کی نشانی ہے۔	سپاہی دیکھنا
عقل۔ بینائی۔ مال اور خزانہ ملے۔	سرمہ
حسین عورت سے شادی ہو۔	سرمہ دانی
خوشی کی نشانی ہے۔	سرمہ لگانا
بزرگی کی علامت ہے۔	سورہ قرآن پڑھنا
عمر دراز اور خاتمہ بالخیر۔	〃 فاتحہ 〃
مبارک دشمن کے شر سے محفوظ۔ مال خوشی اور شفا حاصل ہو	〃 بقر 〃
برائیاں دور ہوں۔ پاکباز بنے۔	〃 آل عمران 〃
ورثہ پائے۔ خاندان میں وسعت ہو۔	〃 سورہ نساء 〃
مال۔ نعمت اور بزرگی بڑھے۔	〃 مائدہ 〃
برکت کونین حاصل ہو۔	〃 انعام 〃
مومن کامل ہو۔ انجام بخیر ہو۔	〃 اعراف 〃
نیکی کرے۔ مبارک ہے۔	〃 انفعال 〃
رزق میں کشائش ہو۔ مراد حاصل ہو۔	〃 یونس 〃
زراعت میں ترقی ہو۔ عزت و رتبہ بڑھے	〃 ہود 〃
سفر کرے۔ مال پائے مگر تکلیف کے بعد۔	〃 یوسف 〃
عابد و قرآن خوان بنے	〃 رعد 〃
متقی ہو۔ کار خیر کرے۔	〃 ابراہیم 〃
مراد حاصل ہو۔ بزرگی پائے۔	〃 حجر 〃
حلال روزی ملے۔ دیندار بنے۔	〃 نحل 〃

تعبیر	خواب
رتبہ بڑھے۔ قرب حاصل ہو۔	سورہ بنی اسرائیل پڑھنا
مصیبت سے ایمن ہو۔ عمر دراز پائے۔ دیندار مشہور رہو۔	؍ کہف ؍
مصیبت سے نجات ہو۔	؍ مریم ؍
دشمن مغلوب۔ کارخیر میں حصہ لے۔	؍ طٰہٰ ؍
متقی و پرہیزگار ہو۔ سعادت کونین حاصل ہو۔	؍ انبیاء ؍
خدا کی راہ میں مال خرچ کرے۔	؍ حج ؍
بہشت نصیب ہو۔ مرد متقی بنے۔	؍ مومنون ؍
حق پرست کامل بنے۔	؍ فرقان ؍
علم و حکمت حاصل ہو۔	؍ نور ؍
پناہ حق میں جائے۔ گناہ سے پاک اور مجتہد بنے۔	؍ شعراء ؍
بزرگی پائے۔ مال ملے۔ نعمت حاصل ہو۔	؍ نمل ؍
مال و نعمت پائے۔ عابد و متقی ہو۔	؍ قصص ؍
امان خداوندی میں رہے۔ خلق کو فیض پہنچائے۔	؍ عنکبوت ؍
مرد متقی اور مجاہد ہونے کی دلیل ہے۔	؍ روم ؍
عابد ہو۔ انجام بخیر ہو۔	؍ سجدہ ؍
دولت اور دین پائے۔	؍ احزاب ؍
زاہد و عابد بنے۔	؍ سبا ؍
انجام بخیر ہو۔ مرد متقی بنے۔	؍ فاطر ؍
عمر دراز پائے۔ فرزند صالح کا باپ بنے۔	؍ یٰسٓ ؍
عمر دراز۔ انجام بخیر۔ عشق رسول۔	؍ صافات ؍
دولت اور بزرگی میں ترقی ہو۔	؍ ص ؍
نجات پائے۔ ایمان قوی پائے۔	؍ زمر ؍

تعبیر	خواب
مخلص مومن ہو، دین کی نگہداشت کرے، نجات پائے۔	سورۂ مومن پڑھنا
قربِ حق حاصل ہو۔ ہادی بنے۔	" فصّلت "
نجات پائے۔ عمر دراز ہو۔	" حمٓ عسق "
راست باز۔ نیک کرم اور عابد بنے	" زخرف "
مطیع حق و راست باز بنے۔ مال پائے۔	" دخان "
تائب ہو۔ خدا کی طرف رجوع ہو۔	" جاثیہ "
مطیع والدین۔ عجائبات دیکھے	" احقاف "
دشمن پہ غالب آئے۔ ہر آفت سے محفوظ رہے۔	" محمد "
مراد پائے۔ فتح یاب ہو۔	" فتح "
باحیا، باعجت ہو۔ کسی کی غیبت نہ کرے۔	" حجرات "
عابد بنے۔ لوگوں پہ احسان کرے۔ روزی میں برکت ہو	" ذاریات "
نیک مرد بنے۔ مشکل آسان، کام میں برکت ہو۔	" قٓ "
دشمن پہ فتح پائے۔ امداد باری ہو۔	" طور "
بابِ رحمت کھلے۔ دشمن پہ فتح پائے۔ فرزند تولد ہو۔	" نجم "
دشمن پہ غالب آئے۔ مشکل آسان۔ دشمن کا جادو ناکام۔	" قمر "
جھوٹ اور حرام سے پرہیز کرے۔ مال پائے اور سعادتِ کونین	" رحمٰن "
تائب ہو۔ اور عابد و زاہد۔	" واقعہ "
روزی تکلیف سے پائے۔ عافیت بخیر ہو۔	" حدید "
عورتوں سے جھگڑا ہو۔	" مجادلہ "
دشمن پہ فتح پائے۔ دیندار ہو۔ انجام بخیر ہو۔	" حشر "
راست بازی کی آزمائش میں کامل نکلے۔	" ممتحنہ "
مجاہد بنے۔ شہید ہو۔	" صف "

خواب	تعبیر
سورۂ جمعہ پڑھنا	توبہ کرے۔ راہِ خیر اختیار کرے۔
〃 منافقون 〃	منافقت سے توبہ کرے۔
〃 تغابن 〃	صدقے بہت دے۔ کمزوروں کی مدد کرے۔ خوشحال اور راستباز ہو۔
〃 طلاق 〃	نیک دیندار بنے۔ اور عورتوں کے ساتھ گفتگو کرے۔
〃 تحریم 〃	حرام سے توبہ، گھر میں نفاق۔
〃 ملک 〃	عذابِ قبر سے آزاد ہو۔ انجام بخیر ہو۔ بزرگ ہو۔
〃 قلم 〃	خیرات دے۔ احسان کرے۔ صاحبِ قلم ہو۔
〃 حاقہ 〃	فرائض خداوندی ادا کرے۔ نیک خصلت ہو۔ شریعت کا پابند رہے
〃 معارج 〃	خیر کثیر کرے۔ اور خوف سے امین رہے۔
〃 نوح 〃	توبہ کرے۔ انجام بخیر ہو۔ نیکی کرے۔
〃 جن 〃	توبہ کرے۔ جن، دیو، پری وغیرہ کے شر سے محفوظ رہے۔
〃 مزمل 〃	نماز شب کا پابند رہے۔ عابد رہے۔
〃 مدثر 〃	نیک اعمال کرے۔ اور نیک سیرت رکھے
〃 قیامت 〃	تائب ہو۔ شہادت پائے۔
〃 دہر 〃	ایمان کامل نصیب ہو۔ دشمن ناکام ہوں۔
〃 مرسلات 〃	کذب سے تائب ہو۔ راست باز ہو اور روزی فراخ ہو۔
〃 نبار 〃	متوکل اور خداترس رہے۔ کارِ خیر اور کارِ عظیم انجام دے
〃 نازعات 〃	نزع میں خوف نہ ہو، تائب ہو، نجات پائے اور مکر و حیلہ سے پاک ہو۔
〃 عبس 〃	بے خوف ہو، روزے رکھے۔ مگر ترش رو ہو۔
〃 تکویر 〃	دردِ چشم سے محفوظ ہو۔ سفر کرے۔ خوف سے نجات پائے۔
〃 انفطار 〃	خداترس اور مائل نیکی ہو۔ شاہی دربار میں عزت پائے۔
〃 تطفیف 〃	دیانت دار ہو، راست باز اور انصاف شعار۔

تعبیر	خواب
انجام بخیر ہو۔ نجات۔ نسلِ کثیر۔	سورۂ انشقاق پڑھنا
غم ہو، انجام بخیر۔ غم سے نجات۔	" بروج "
فرزند صالح پیدا ہو۔ جس سے خوشی ہو۔ خوب رد بھی ہو۔	" طارق "
عابد بنے، مشکل آسان ہو۔	" اعلیٰ "
توبہ کرے خوف قیامت سے نجات پائے، بزرگی اور رضائے الٰہی حاصل کرے	" غاشیہ "
کارِ خیر اور نیکی کرے۔ مگر اس کی ہیئت کم ہو جائے۔	" فجر "
صدقہ دینا چاہیئے۔ احسان کرے۔ بلاؤں سے محفوظ رہے	" بلد "
بلاؤں سے محفوظ رہے۔ کارِ فاسد کرے۔	" شمس "
زکوٰۃ و خیرات دیتا رہے۔	" لیل "
غریبوں مسافروں کی مدد کرے۔	" ضحیٰ "
مشکل آسان ہو۔ مراد حاصل ہو۔	" الم نشرح "
نیک سیرت ہو۔ تکلیف سے نجات پائے۔ نفع اٹھائے	" تین "
علم دین حاصل کرے۔ نیک خصلت اور عالم بنے۔	" علق "
ثواب شبِ قدر حاصل کرے۔ رتبہ پائے مراد پائے	" قدر "
تائب ہو۔ لوگوں کو ہدایت کرے۔	" بینہ "
بے دینوں کو ہلاک اور انصاف کرے نیکوں کا شریک کار ہو۔	" زلزال "
خاندان میں ہر دلعزیز ہو۔ جہاد کرے کامیاب ہو۔	" عادیات "
نجات پائے۔ کارِ خیر کرے۔ کونین میں عزت پائے۔	" قارعہ "
صالحین کی زیارت، بزرگوں سے میل۔ اور اونچے گھر سے ملاقات۔ دنیا سے ہاتھ اٹھائے۔	" تکاثر "
صابر تاجر ہو۔ مگر نقصان اٹھائے۔	" عصر "
زبان آور، ہر دل عزیز بنے۔ حریص سخی قیامت سے بیخوف	" ہمزہ "

تعبیر	خواب
ظالم کا مددگار ہو۔ دشمن پر فتح پائے۔ مراد حاصل ہو۔	سورۂ فیل پڑھنا
خوف و ہراس دور ہو۔ احسان کرے۔	″ قریش ″
پابند نماز ہو۔ دشمن پر فتح پائے۔ بے دینوں سے بچے۔	″ ماعون ″
مال و نعمت ملے۔ خیرات کرے۔ بزرگوں سے عطیہ ملے۔	″ کوثر ″
مال دنیا پر مغرور ہو۔ اور بدعتی بنے، غم سے نجات پائے	″ کافرون ″
توکل اختیار کرے۔	″ نصر ″
قریبی بنے اسے عذاب الٰہی سے ڈرنا چاہیئے اور بدلوگوں سے بھی	″ تبت ″
عابد و موحد اور دیندار بنے، دین و دنیا کی مراد پائے۔	″ اخلاص ″
جادو سے محفوظ رہے۔ اور بد دعا کے شر سے بھی	″ فلق ″
روزی فراخ، شر سے محفوظ۔	″ ناس ″
سینا نیک فال ہے۔ عورت دیکھے تو لڑکی پیدا ہو۔	سوزن، سوئی
نقصان ہو۔ کسی عزیز سے تکلیف پہنچے۔	سوزن گم ہو جانا
دشمن مہربان ہو یا لڑکی کا رشتہ کرنا۔	سوئی کسی کو دینا
بہتری ہو۔ روزگار میں ترقی ہو۔	سوئیاں بے شمار
نقصان ہو۔ کسی قریبی رشتہ دار سے عداوت ہو۔	سوسمار (سانڈا) کا کاٹنا
دشمن پر غالب آئے۔	سوسمار کو مار ڈالنا
شاہی راز سے آگاہی۔ محکمۂ خفیہ پولیس کی ملازمت۔	سوراخ میں گھسنا
بخار میں مبتلا ہونے کی نشانی ہے۔	سوراخ جسم سے خون نکلتا
اہل و عیال کی طرف سے خوف ہو۔ روزی کی کمی ہو۔	سوراخ شکم میں
مال و دولت ملے، محبوب سے وصال ہو۔	سرمہ ہاتھ میں دیکھنا
خوشی ہو۔ فرزند پیدا ہو۔	سرمہ کی سلائی
خلال روزی ملے اور کاروبار میں ترقی ہو۔	سرسوں

تعبیر	خواب
نعمت ملے اور نوکری میں ترقی ہو۔	سیم کے پھل اور تخم
مال ملے مرتبہ بڑھے۔	سرکہ
غم دیکھے، لیکن جلدی دور ہو جائے۔	سونا
مصیبت اور ہلاکت کی علامت ہے۔	سونا گلانا
کام بڑی اور انتظام میں کامیابی تجارت میں فائدہ۔	سونا دینا
سخاوت اور مروت میں شہرت اور دین کے کاموں میں قوی ہو	سونا بہت سا پانا
عورت کو دولت ملے۔ دوست خیانت کرے۔	سونا امانت دینا
مکروہ بات سننا، رنج، نقصان، مفلسی۔	سونا نثار کرنا
عہدہ اور سرداری ملے۔ کسی جگہ زمین مفت ملے۔	سولی
مصیبت پڑے، گنہ گار اور بدنصیب ہونے کی علامت ہے۔	سور
حرام کا مال ملے اور چوری سے گرفتار ہو۔	سور کا دودھ
نعمت اور دولت بڑھے، فرزند پیدا ہو	سورج
صحت، طاقت اور حکومت ملے، لوگوں میں عزت بڑھے۔	سورج کی مانند اپنا منہ
نیک فال ہو، ترقی ہو۔ ملازمت میں توسیع ہو۔	سورج کی روشنی
دولت اور حکومت ملے۔ شادی ہو، یا لڑکا پیدا ہو۔	سورج کا آسمان سے اترنا
دین اور حکومت ملے۔ برادری میں عزت ہو۔	سورج چاند اور ستارے
ایک دو نیک فال اور زیادہ بدفال۔	سوئی بڑی
خوش تقریر اور صاحب تاثیر ہو۔	سان (چاقو وغیرہ تیز کرنے کا آلہ)
قوم کی سرداری ملے۔ کسی بڑے افسر سے ملاقات ہو۔	سیاہی
اہل قلم ہو تو نقصان پہنچے، جاہل ہو تو مرض آبلہ یا برص میں مبتلا ہو۔	سیاہی کپڑے پہ
عیش و فرزند حاصل ہو۔ خوشی کی خبر ملے۔	سیب
بہادری میں مشہور ہو۔ کسی پہلوان پہ فتح پائے۔	سینہ کشادہ

خواب	تعبیر
سینہ تنگ	دوستوں سے فائدہ اور راحت، لیکن آپ بخیل۔
سی، رغ	مال ملے یا حکومت کی طرف سے عہدہ ملے۔

ش

خواب	تعبیر
شانہ	ہمدرد دوست ملے کنواری عورت سے شادی ہو۔
شانہ کرنا	رنج دفع ہو، مرض دور رہو۔ عورت کی الفت میں مشغول ہو۔
شہر والوں سے گفت گو	شہر میں قحط یا فساد یا لڑائی ہنگامہ برپا ہو۔
شامیانہ	کسی بزرگ سے فائدہ پہنچے، دولت ملے۔
شراب	دشمنی، لڑائی، بربادیٔ عزت، حرام مال ملے۔
شربت	درازیٔ عمر کی دلیل ہے۔ اور وصلِ محبوب کی نشانی ہے
شراب سے مست ہونا	مال یا سرداری ملے، شراب کی مستی غم کی دلیل ہے۔
شطرنج کھیلنا	لہو و لعب میں مبتلا ہو۔ مگر جیتنا کامیابی کی دلیل ہے۔
شفتالو	بیمار ہو اور خرچ کی زیادتی ہو۔
شفق آسمان پر	بروقت بارش ہو۔ فصل اچھی ہو۔ رزق کافی ملے۔
شکر قند	فرزند پیدا ہو یا حلال مال ہو یا اچھی بات سنے
شلغم	دیہات میں شادی ہو یا دیہات سے روپیہ ملے۔
شمع	حسین بیوی سے شادی ہو۔ قوم یا فوج کی سرداری ملے۔
شمع روشن	خوشی ہو، عمر دراز ہو۔
شمشیر، تلوار	غم ہو، حکومت یا بیوی یا فرزند سے دوامی جدائی۔
شملہ باندھنا	حکومت پائے یا عالم دین ہو۔
شملہ شہر دیکھنا	سردی سے بخار ہو یا زکام سے بیمار ہو۔
شکار	فرماں بردار بیوی سے شادی، دلی مراد پوری۔

خواب	تعبیر
شہد کی مکھی	کسی آدمی سے فائدہ ہو۔ لیکن بعد میں نقصان ہو۔
شمعدان	بیوی سے آرام ملے۔ صحت قوی ہو۔
شہد	بیمار کو صحت ہو۔ مال ملے۔ نفع ہو۔ سرداری پائیے۔
شیر دیکھنا	قوی اور دشمن پر غالب رہے۔ مقدمہ میں فتح ہو۔
شیر مطیع ہو۔	صاحب قوت۔ فوجی افسر یا بادشاہ بنے۔
شیر سے بھاگنا	مقدمہ بازی سے خلاصی ہو۔
شیر کا گوشت کھانا	شاہی خزانہ ملے۔ کسی اچھی جگہ ملازمت کا بندوبست ہو۔
شیطان مطیع	دشمن مغلوب۔ دولت اور دین حاصل ہو۔
شیطان پر فریفتہ	کسی بازاری عورت کے عشق میں مبتلا ہو۔
شیرۂ انگور	شاہی خدمت ملے۔ یا دکانداری ترقی پر ہو۔
شیشہ	بیماری سے صحت ہو۔ کسی بزرگ سے ملاقات ہو۔
شوربا پینا	جسمانی طاقت بڑھے۔ مال ہاتھ آئے۔
شعلۂ آتش	مصیبت اور بلا کی آمد ہو۔ صدقہ دینا چاہیے۔
	ص
صحبت کرنا عورت سے	اس کے مخفی راز سے مطلع ہو۔ عورت فرمانبردار ہو۔
صحبت کرنا اجنبی عورت سے	اگر دل پر اثر رہے۔ تو اس سے نفع کثیر ہو۔
صحبت کرنا واقف عورت سے	نیک فال ہے۔ لیکن دولت کا زوال ہے۔
صحبت کرنا باکرہ سے	مراد پوری ہو۔ مگر بعد میں مشکل پڑے۔
صحبت کرنا مرد سے	تباہ حال ہونے کی علامت ہے۔ صدقہ وخیرات دے۔
صراف	دیندار اور نیک و بد میں صاحب تمیز ہو۔
صحرائے نامعلوم	سفر دور دراز پیش آئے۔ کسی نامعلوم جگہ سے فائدہ حاصل ہو

تعبیر	خواب
کسی جگہ سے رشتہ کا پیغام آئے۔	صحرائے معلوم
نیک بیوی یا ہمدرد دوست ملے۔	صراحی
عمر دراز ہو اور دولت زیادہ ہو۔	صلح کرانا
دیانت۔ بزرگی اور نیک نامی نصیب ہو۔	صندل
دین میں کمزوری۔ اور لامذہب بننے کی نشانی ہے۔	صحن میں سونا
حسین عورت سے شادی ہو۔ آمدن زیادہ خرچ کم۔	صندوق
صفائے قلب کی دلیل ہے۔	صابون
کسی اچھے مکان میں جگہ ملے یا کسی انگریز عورت سے ملاقات ہو۔	صابون انگریزی دیکھنا
بیماری سے شفا پائے۔	صدقہ دینا
دل سخت ہو۔ لیکن ہر بلا سے محفوظ رہے۔	صدقہ کھلانا
نقل مکان کرے۔ نعمتیں حاصل ہوں۔	صالح پیغمبرؑ
کامل دیندار ہو۔ اور دیانت دار وغیرہ۔	صحابہؓ رسول اکرم صلعم
دیندار کا دین مضبوط ہو۔ فاسق کا فسق بڑھے۔	صرافی کرنا
خوشی اور بہتری ہو۔	صحرا (جنگل)
نیک اور پرہیزگار ہونے کی نشانی ہے۔	صفا مروہ دیکھنا
اگر گھر کے اندر کرے تو بُرا۔ باہر کرے تو بہتر۔	صفائی کرنا

ض

تعبیر	خواب
نفع ہو۔ اور جس کی دعوت کھائے وہ مہربان ہو۔	ضیافت دعوت کھانا
دل سخت ہو اور مال ضائع ہو۔	ضیافت کھلانا
اسی شخص سے فائدہ ہو اور آپس میں محبت ہو۔	ضیافت دینا
کمزوری اور ناتوانی کی دلیل ہے۔	ضعیف آدمی دیکھنا

خواب	تعبیر
ضمانت دینا	بیماری سے صحت ہو۔
ضمانت کا روپیہ ادا کرنا	کسی دوست سے تکلیف اور کسی عزیز سے رنج۔

ط

خواب	تعبیر
طشت ۔ طاس ۔ طبق ۔ طباق	کثیر نعمت ملے ۔ اور نوکری ملے ۔ کاروبار زیادہ ہو
طاق	عورت یا خزانہ ملے ۔ تنخواہ میں ترقی ہو۔
طبلہ	دولت ملے ۔ حسین بیوی یا حکومت ملے۔
طہارت کرنا	بیمار کو شفا ہو۔ قیدی کو قید سے رہائی ہو۔ مقدمہ ختم ہو۔
طالب علم دیکھنا	امتحان سے کامیابی اور مقدمہ کی فتح یابی کی دلیل ہے۔
طالب علم بننا	اگر مکتب میں جائے تو ترقی ہو اگر سکول یا کالج میں جائے تو نوکری ملے
طبل (نقارہ)	چور کی چوری ظاہر ہو۔ چغل خور بدنام ہو۔
طلاق دینا	مالدار بن جائے یا کسی دوسری عورت سے شادی کرے۔
طمانچہ	جس کے مارے اُسے آرام پہنچے ۔
طوطی	خوشی اور ترقی کی دلیل ہے ۔ یا دختر پیدا ہو۔
طوق (ہنسلی)	مراد بر آئے ۔ عورت دیکھے تو شوہر کی طرف سے خوشی ہو۔
طویلہ	خالی بدفال ۔ گھوڑوں سے پُر دولتمندی کی دلیل ہے۔
طرّہ لٹکنا	علم یا سرداری ملے ۔ یا نوکری میں ترقی ہو ۔
طبیب معالج	نیک فال ہے بشرطیکہ اس کے علاج سے تندرست ہو۔
طبیب	نیک فال ہے بیماری رفع ہو۔
طعام	بدفال ہے لیکن زیادہ طعام دیکھنا اچھا ہے ۔
طعام بے مزہ	غم و اندوہ ۔ تجارت اور کاشت میں نقصان ۔
طاعون (پلیگ)	فتنہ اور بلا آئے ۔ زیادتی مرض ہو۔ غم و فکر کا اندیشہ ہے

تعبیر	خواب
کسی عزیز سے دشمنی ہو۔ یا کسی دوست سے عداوت ہو	طعنہ دینا
رتبہ کم ہو۔ نوکری کے چھوٹنے کا اندیشہ ہو۔	طلاق بیوی کو دینا
کسی ناگہانی آفت کے در پیش آنے کی دلیل ہے۔	طلاق کا کاغذ لکھنا
مرد و عورت میں محبت اور الفت بڑھے۔	طلاق مانگنا
غم اور مصیبت کی دلیل ہے۔	طنبور
فرزند یا عزیز سفر کو جائے۔ اور خیریت سے گھر آئے۔	طوطا اڑ جائے۔
نیک اور پاکیزہ ہو تو عزت بڑھے ورنہ نقصان۔	طوطا بولنا

ع

نیک نام اور درباریوں میں شامل ہو۔	عالم کو دیکھنا
بادشاہ کا منشی بنے یا بادشاہ سے فیض پائے معزز بنے۔	عطار کو دیکھنا
عزت اور رتبہ بڑھے، عام خلقت میں نام پائے۔	عقیق کو دیکھنا
علم حقیقت حاصل کرے، راحت و عیش پائے۔	عینک کو دیکھنا
عزت پائے امیر دار بنے یا جسکے ہاتھ میں ہو وہ حاکم ہو۔	عصا دیکھنا
فارغ البالی، خوشی، رتبہ بڑھے۔	علم پڑھنا
نعمت اور مال ملنے کی دلیل ہے۔	عمارت بنانا
کسی مالدار عورت سے شادی ہو۔	عمارتِ جدید بنانا
عورت کو طلاق دے یا نوکری سے استعفا دے۔	عمارت گرانا
دین دنیا کی برکات حاصل ہوں۔ عزت بڑھے۔	عمامہ (پگڑی)
دولت دین پائے۔ عزیزوں سے نفع اٹھائے۔	عطر لگانا
حکمت اور طب میں دستگاہ کامل ہو۔	عطر نکالنا
کسی مفلس اور درویش کی خدمت کرنی چاہئے۔	عطر کسی کو دینا۔

خواب	تعبیر
عود	ضائع شدہ اور گمشدہ مال مل جائے۔
عورت	مال ملے، خوشی حاصل ہو۔
عورت باکرہ	تجارت میں نفع ہو اعزت بڑھے۔
عورت بیوہ کی گود میں	مراد پوری ہو۔ دولت بڑھے۔
عورت کے بازو	بیکاری سے پریشانی، حصول جاہ میں سرگردانی ہو۔
عورت کے ہاتھ	بڑوں سے برائی دیکھے، نیکوں سے امداد پہنچے۔
عورت ضعیف	آرام اور نعمت ملے، مرتبہ میں ترقی ہو۔
علماء کو خوش دیکھنا	ترقی اور کامیابی کی دلیل ہے۔
علماء کو برہم دیکھنا۔	بدفال ہے۔ مذہبی جھگڑوں پر فساد ہو۔
عطارد ستارہ۔	عزت بڑھے اور شاہی میر منشی بنے۔
عزرائیل آسمان پہ	آدمی زمین پہ ہو تو یہ معزولی کی دلیل ہے۔
عزرائیل قریب	پیغام موت۔ صدقہ و خیرات دینا چاہیئے۔
عزرائیل خوش	شہادت نصیب ہو۔ یا عمر دراز ہو۔
عزرائیل سے کشتی میں گرنا	جلد مرجائے یا اتفاقیہ موت ہو۔
عزرائیل کو پچھاڑنا	کسی سخت مرض میں گرفتار ہو کر شفا پائے۔
عزرائیل سلام کرے۔	موت شہادت، بیمار کیلئے موت تندرست کیلئے خوف
عزرائیل شیریں چیز دے۔	موت اتفاقیہ ہو۔
عزرائیل غصہ سے دیکھے۔	خطرے اور سختی کی موت اور دیر تک بیمار رہ کر فوت ہو
عزرائیل تلخ چیز دے۔	جان کندن کا سخت عذاب ہو۔
حضرت عمر فاروقؓ کو دیکھنا	انصاف پائے، بہادری اور شجاعت میں نام پیدا کرے۔
عربی زبان بولنا	عالم و فاضل اور نیک ہونے کی دلیل ہے۔
عربی پڑھنا	کسی رئیس آدمی کی لڑکی سے شادی ہو۔

خواب	تعبیر
عربی لکھنا	نیک بخت خاتون سے فائدہ حاصل ہو۔
عربی آدمی دیکھنا	شجاعت و بہادری میں نام ہو۔
عربی گھوڑا دیکھنا	شہسوار اور نیک نام ہونے کی دلیل ہے۔
عمرہ کرنا	دل کی امید پوری ہو۔ دوست کی ملاقات ہو۔
عجائب گھر دیکھنا	کسی اچھے محکمہ میں ملازمت ملے۔
عجائب گھر میں سونا	نوکری سے اداس ہو کر استعفا دے۔
عامل دیکھنا	دل کی مراد حاصل ہو۔
عامل بننا	نوکری پر مستقل ہو، تنخواہ میں ترقی ملے۔
عامل کو تحفہ دینا	دوستوں اور عزیزوں سے کوئی تحفہ ملے۔
عمل کرنا کسی وظیفہ کا۔	عاقبت بخیر ہو۔ دنیا میں زندگی آرام سے گزرے۔
حضرت عثمانؓ کو دیکھنا	قرض ادا ہو۔ مفلسی دور ہو۔
عراق کا آدمی ملنا	عیش و عشرت کی طرف طبیعت راغب ہو۔
عراق کا بادشاہ بننا۔	اپنے دفتر کا ہیڈ کلرک ہو یا اپنے گاؤں کا نمبردار
عمر بتانا	بیماری اور مفلسی کی نشانی ہے۔
عمر کم بتانا	موت کی نشانی ہے۔ توبہ و استغفار کرے۔
عمر دریافت کرنا	مریض صحت پائے اور تندرستی حاصل ہو۔
حضرت علیؓ کو دیکھنا	دولتمند ہو اور صاحب وجاہت ہو۔
عیسائی بادشاہ کو دیکھنا	امن کی نشانی ہے لیکن دوستوں سے خطرہ ہے۔
عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان سے اُترتے دیکھنا	بارش ہونے کی دلیل ہے۔

غ

غبار اپنے منہ پر	بدامنی ہو یا پریشانی ہو یا مقدمہ میں شکست ہو۔

خواب	تعبیر
غبار اٹھتا دیکھنا	جھگڑا اور خوف لاحق ہو مگر آخر میں خوشی ہو۔
غبار درمیان زمین و آسمان	فساد برپا ہو یا ملک میں بیماری پھیلے۔
غبارہ دیکھنا	ملازمت ملنے کی دلیل ہے۔
غسل کرنا	فکر اور غم دور ہو۔ بیماری سے صحت ہو۔
غش کھانا	کسی ناگہانی آفت کا سامنا ہو۔
غرق ہونا (دریا میں)	بیماری سے صحت، قید سے رہائی۔
غلط پڑھنا	کسی عزیز کی بیماری کی خبر آئے۔
غلام	دیکھنے والا آزاد رہے، قیدی کو رہائی ہو۔
غوطہ لگانا	فکر و محنت سے دولت ملے یا لاٹری کا انعام نکلے۔
غمگین ہونا	خوشی و مسرت کی خبر آئے، چوری شدہ مال واپس ملے۔

ف

خواب	تعبیر
فرشتہ دیکھنا	عزت و رتبہ حاصل ہو، علم حقیقت حاصل ہو، آفت سے محفوظ رہے
فرشتہ سے جنگ کرنا	پیغام موت ہے۔ صدقہ و خیرات کرنی چاہئے۔
فرشتوں کا گروہ	قتل ہو یا کوئی عالم وفات پائے یا کسی عالم پر مصیبت آئے۔
فرشتگان مقرب کو خوش دیکھنا	نعمت و کامیابی حاصل ہو۔ عزت بڑھے۔
فرشتوں کے ساتھ لڑنا۔	عزت، شہادت، اور نجات نصیب ہو۔
فرشتوں کو زمین پر دیکھنا	وبا پھیلے، عوام و خواص اور علمائے دین وفات پائیں۔
فرشتے بازار میں	بازار میں اگر دکان ہو تو برکت کی دلیل ہے۔
فرشتے، حاملان عرش۔	بادشاہِ وقت سے فائدہ ہو یا دوست سے مال ملے۔
فرشتے کا روک دکھنا	جلد موت آئے۔
فقیر دیکھنا	مفلسی اور تنگی کی نشانی ہے۔

خواب	تعبیر
فقیر کو سلام کرنا	مفلسی اور تنگی سے چھٹکارا پائے۔
فلالین کپڑا خریدنا	عورت خوبصورت ملے۔
فوج دیکھنا	زراعت و تجارت میں فائدہ ہو۔
فوج میں بھرتی ہونا	دور دراز کا سفر درپیش ہو۔
فاختہ دیکھنا	بے دین عورت سے واسطہ پڑے۔
فرج	غم کی دلیل ہے۔ پردے کی باتیں ظاہر ہوں۔
فالودہ	بیمار شفا پائے، لیکن حالت پریشان رہے۔
فصد کرانا	بیماری سے صحت ہو اور گناہوں سے تائب ہو۔
فوّارہ	غم دور، خوشی حاصل، نیک بخت، مگر دولت کا زوال
فیروزہ	عمر دراز ہو۔ فتح مند ہو۔ فرزند پیدا ہو۔
فالسہ کھانا	ماں باپ کی طرف سے کوئی خاص فائدہ ہو۔
فرنی کھانا	رشتہ دار قریبی سے ملاقات ہو۔

ق

خواب	تعبیر
قبر کھودنا	محل بنائے، دولت پائے اور نوکری میں ترقی ہو۔
قتل کرنا	ترقی فضول جگہ سے دولت پائے یا بڑا گناہ کرے۔
قد کوتاہ	پریشانی اور بے قدری ہو لوگوں میں ذلیل ہو۔
قدم	عورت کو خاوند سے آرام ملے، آرائش زیادہ ہو، مال ملے
قرآن شریف پڑھنا	روزی حلال، امانت یا میراث ملے۔
〃 〃 لکھنا	تبرکاتِ دارین حاصل ہوں، حکمت سیکھے۔
〃 〃 کسی سے پڑھنا	اہم کام میں ترقی ہو، یا کسی کی معرفت ملازم ہو۔
〃 〃 کا ورق کھانا	پیغام موت یا بیماری سخت آئے، توبہ کرنی چاہیے۔

تعبیر	خواب
غم اولاد، روزی کم ہو، یا کسی کی امانت لے کر نہ دے۔	قسم کھانا
محبوب بیوی سے رنجش۔ دوست کی دوست سے ناچاقی	قینچی
فکر وغم دور ہو۔ عورت دیکھے تو سعادت مند فرزند جنے۔	قربانی کرنا
پیغام موت یا کسی مقدمہ میں گرفتار ہو۔	قصاب (قصائی)
آتے دیکھے تو مراد بر آئے، ورنہ تباہی دیکھے	قافلہ
سفر کرے یا کسی کام کا قصد۔ اچھا نو کرلے۔	قفل
خوشی دیکھے۔ اور دولت بے اندازہ ہاتھ آئے۔	" کھولنا
پریشانی ہو۔ آمدنی کم ہو۔ تجارت میں نقصان۔	" بند کرنا
عشق و پریشانی لاحق ہو۔ مطلوب ناراض ہو۔	قمری
پرہیزگار اور دیندار بن جائے۔ دوستوں سے نفع ہو۔	قلعہ
صاحب حکمت و ولایت ہو یا فرزند تولد ہو۔	قلم
دین میں پختگی۔ سفر کا ارادہ ملتوی کرے	قیدخانہ دیکھنا
گناہ سے توبہ کرے۔	قے کرنا
کوئی حادثہ پیش آئے۔	قرنا بجانا
بادشاہ کے انصاف کی دھوم ہو۔	قیامت برپا دیکھنا
زرد رنگ بیماری اور سرخ خونریزی کی دلیل ہے۔ اور سبز خوشی اور سفید اچھا ہونے کی علامت ہے۔	قوس قزح دیکھنا
زندگی آرام سے گزرے۔ عزت اور مال ملے۔	قصر دیکھنا
کسی بزرگ سے ملاقات نصیب ہو۔	قبرستان جانا
اگر اپنے رشتہ دار کی ہو تو نیک ہے ورنہ بد۔	قبر پر فاتحہ پڑھنا
مکان کی تعمیر کی دلیل ہے۔	قبر پختہ بنانا
کسی مقدمہ میں یا کسی بیماری میں مبتلا ہو۔	قبر گرانا

تعبیر	خواب
	ک
کپڑے کی تجارت میں فائدہ ہو۔	کاتنا
تکلیف یا بیماری یا دولت مندی۔ دین سے بے خبری۔	کافر ہونا
دیانت داری اور بزرگی میں شہرت حاصل کرے۔	کافور
بشارت یا عمدہ عورت سے نکاح ہو۔	کان دیکھنا
کسی غریب کی طرف سے کسی خوشی کی خبر پائے۔	کان میں اذان دینا بچہ کے
عجیب حالات اور افسانے سنے۔ کہیں سے خوش خبری پائے۔	کان درانہ
ترقی، شادی اور روزگار جلدی مل جائے۔	کبوتر
جھگڑا دشمنی بڑھے۔ دوستوں سے ناراضگی ہو۔	کپڑا بیچنا
تہمت، بہتان اور رسوائی کا اندیشہ ہے۔	کپڑے میں خون
دینداری، نیک مرد سے فیض۔ عورت دیکھے تو شوہر کی خبر آئے	کپڑا لباس
اولاد کی خوشی اور عزیزوں سے راحت ہو۔	کلفی بنانا
کسی سرد ملک کی نوکری ملے یا بیوی صحت پائے۔	کلفی کھانا
حافظہ تیز ہو۔ کسی جگہ ملازمت ملے۔	کتاب پڑھنا
کسی کالج یا سکول میں نوکری لگے۔ ان پڑھ ہو تو رزق ملے	کتاب خریدنا
اگر پانی سے پُر دیکھے تو دولت مند بننے کی نشانی ہے۔	کنواں دیکھنا
تجارت میں فائدہ ہو۔ روزگار کی ترقی ہو۔	کنواں کھودنا
فرزند پیدا ہو۔ عورت دیکھے تو شوہر کی طرف سے خوف۔	کپڑا پاؤں کا
فکر۔ خوف، دشمن پر فتح۔ عورت دیکھے تو فرزند ہو۔	کپڑا ہاتھ کا
ضعیف دشمن سے مقابلہ۔	کُتا
سفلوں کی باتوں سے رنج ہو۔ لیکن بعد میں خوشی ہو۔	کُتے کا بھونکنا

خواب	تعبیر
کتے کا کاٹنا	دشمن سے مقابلہ ہو۔ لیکن دشمن زیر ہو۔
کتے کا مطیع کرنا	ادنیٰ درجہ کا دوست ملے۔ جس سے فائدہ نہ ہو۔
کبوتر کا گوشت	خوب صورت عورت سے شادی۔ عورت سے نفع۔
کبوتر کا غول	خوشی اور خوب نفع حاصل ہو۔ دوستوں کی کثرت ہو۔
کچھوا	علم یا دولت حاصل ہو۔ دریائی سفر پیش آئے۔
کچھوا ناپاک جگہ	پریشانی، علم کو نقصان، شہرت کی بدنامی۔
کژدم (بچھو)	عزیز سے تکلیف و ملال۔ کسی آفت کا پیش خیمہ۔
کشتی کرنا	غم اور پریشانی دور۔ خوشی اور آرام ملے۔
کشتی	پریشانی اور مفلسی لاحق ہو۔ دریائی سفر درپیش ہو۔
کشتی پر سوار ہونا	حکومت کی طرف سے کسی شعبہ کا انچارج ہو۔
کشتی سے اترنا	مصیبت سے رہائی پائے۔ قید سے آزادی حاصل ہو۔
کشتی ڈوبنا	والدین فوت ہوں یا نوکری سے برطرف ہو۔
کشتی خشکی میں	گنہ گاری میں مبتلا ہو۔ کسی عیب کی وجہ سے بے عزت ہو۔
کاجل	اولاد سے خوشی اور آرام۔ دوستوں سے فائدہ۔
کاغذ دیکھنا	سادہ کاغذ دیکھے تو مراد بر آئے، لکھا ہو تو روپے ملنے کی امید ہے۔
کعبہ	میراث علم ملے۔ سرداری، بزرگی اور پرہیز گاری۔
کاشت کار	غیب سے مال ملے یا کسی بزرگ سے ملاقات ہو۔
کژدم مارنا	دشمن کی غیبت یا راز افشا کرے یا دشمن کی موت واقع ہو۔
کلنگ	شاہی انعام حاصل ہو۔ دوستوں میں عزت ہو۔
کلنگ کا شکار	نفع کثیر ہو۔ عہدہ ملے۔ کام میں ترقی ہو۔
کلاہ (ٹوپی)	پریشانی رفع ہو۔ عمر دراز ہو اور سرداری ملے۔
کلید	بادشاہ سے دولت اور منصب ملے۔

خواب	تعبیر
کلید سے دروازہ کھولنا	بڑا عہدہ ملے اور تنخواہ میں ترقی ہو۔
کفن پہننا	شاہی خلعت اور انعام ملے۔ عمر دراز ہو۔
کلام پرندے سے	بڑی میراث پائے یا کہیں سے دولت ہاتھ آئے۔
کمند	سخت کام میں مدد کی ضرورت ہو۔ جوانمرد ثابت ہو۔
کمان بنانا	فرزند تولد ہو۔ یا نوکری مل جائے۔
کمان کھینچنا	خوشی اور سفر درپیش آئے۔ جس سے فائدہ ہو۔
کمان سے تیر مارنا	سفر، دشمن پر غلبہ، بیوی۔ بھائی یا فرزند سے ملاقات ہو۔
کمر بند باندھنا	مردانہ طاقت اور شہرت بڑھے، لوگوں میں عزت ہو۔
کنجشک	عزت اور بزرگی بڑھے۔ حلال روزی نصیب ہو۔
کنجشک کا گوشت	مال بڑھے اور قوت کی ترقی ہو۔
" کے بچہ کا گوشت	فرزند پیدا ہو یا گم شدہ عزیز کی خبر ملے۔
" کا گھونسلا۔	عورتوں کے کاموں میں تخفیف حاصل ہو۔
کوئلہ	تکلیف، بیماری، مصیبت، خوف، دشمنی وغیرہ۔
کوزہ	حسین اور فرمانبردار بیوی ملے۔
کرکٹ کھیلنا	امتحان میں کامیابی۔ اور نوکری کے ملنے کی امید۔
کرکٹ دیکھنا	عزیز دوست کا خط آئے، یا کوئی خوشی ہو۔
کشمیر جانا	خوبصورت عورت ملے یا اولاد خوبصورت پیدا ہو۔
کشمیرا خریدنا	خوش پوشی اور امارت کی نشانی ہے۔
کیکر کا درخت دیکھنا	عمر طویل ہونے کی نشانی ہے۔
کستوری دیکھنا	فرزند پیدا ہو یا شادی ہو۔
کنگھی	شفا، مراد پوری ہو۔ قرض سے فارغ ہو۔
کنگھی ٹوٹی ہوئی دیکھنا	کسی بیماری میں مبتلا ہونے کی نشانی ہے۔

خواب	تعبیر
کنگھی کا ہاتھ سے گرنا	بیماری یا موت کی علامت ہے۔ صدقہ دینا چاہیئے۔
کھیت	علم اور نعمت کی ترقی۔ امتحان کی کامیابی۔
" جنگل میں	دشمن کے حملہ کا خوف ہو۔ لیکن آخر میں دشمن زیر ہو۔
" خشک	اولاد سے راحت۔ ترقی رزق اور ترقی تنخواہ۔
" کاٹنا	حسین بیوی سے جدائی۔ یا قتل، یا کسی مقدمہ میں گرفتار۔
کنوئیں میں گرنا	حاکم کی معزولی۔ نوکری سے موقوفی یا کوئی اور صدمہ۔
کیچڑ میں گرنا	شفا، خوشی، راحت حاصل ہو۔ دل کا مقصد ملے۔
کیلا	نعمت اور امن وسلامتی کی دلیل ہے۔
کرتہ پہننا	مفلسی سے نجات ہو۔ قرض ادا ہو۔
کرتا سینا	دوکانداری میں برکت۔ یا ملازمت کا بندوبست۔

گ

گاجر دیکھنا	موسم میں مال و دولت کی کثرت، بے موسم خوف اور غم کی دلیل۔
گائے سفید دیکھنا	خوبصورت عورت سے شادی ہو۔
گائے زرد رنگ	بخار، سردرد، زکام سے بیمار ہو۔
گالی دینا	حالت خراب ہو جائے۔ کسی سے تکلیف ہو۔
گدھا دیکھنا	ترقی مال و دولت اور اولاد کی خوشی۔
گدھے کو ذبح کرنا	روزی میں خلل، تدبیر میں ناکامی۔ حیران و پریشان۔
گدھی کا دودھ	مراد پوری ہو۔ مریض صحت یاب ہو۔ والدین مہربان ہوں۔
گدھا اندھا	مال امانت چوری ہو یا گم ہو جائے یا کہیں رکھ کر بھول جائے۔
گدھے کو خچر بنا دیکھنا	مال ملے، سفر سے نفع ہو۔ تجارت میں فائدہ ہو
گدھے کو بلی بنا دیکھنا	چوری سے فائدہ ہو۔ لیکن بعد میں نقصان۔

خواب	تعبیر
گدھے کی آواز	خرابیٔ صحت، برے کام کی طرف رغبت۔
〃 کا پیشاب	بدنامی۔ سوزاک کی بیماری ہو۔
گدھا پشت پر	نیک فال ہے۔ بخت یاوری کرے۔ اقبال بلند ہو۔
گرم پانی پینا	بخار یا کوئی اور سخت بیماری آئے صدقہ وخیرات کرنا چاہیئے۔
گردن کٹنا	شفا۔ قرض سے نجات ہو۔ حج کرے۔
گرجنا بادل کا	شفا ہو۔ اور کسی طرف سے خوش خبری کا ظہور ہو۔
گلاب	عزت ورتبہ بڑھے۔ شہرت ہو۔
گل سرخ	فرزند پیدا ہو۔ یا فرزند کے گھر لڑکا پیدا ہو۔
گیند ڈنڈا	مالدار عورت سے شادی ہو۔ سسرال سے کافی جہیز ملے۔
گوشت کچا	حرام مال ملے۔ عزیزوں سے رنج ہو۔ پریشانی ہو۔
گوشت پکا	عیش کرے۔ دوکانداری کا زور ہو۔
گونگا	تکلیف، سخت مصیبت، خرابیٔ دین، زبان بندی کا حکم ملے۔
گورخر	نفع ہو۔ دولت ملے۔ اور نوکری میں ترقی ہو۔
گورستان	ندامت، پشیمانی، کسی عزیز کی وفات ہو۔
گورستان میں جانا	عزیزوں سے کنارہ کشی، کسی معاملے میں پھنس جائے۔
گوشوارہ	تجارت میں نفع ہو۔ افسری ملے یا کسی مدرسہ میں ملازم ہو۔
گوشوارہ بنانا	مرد حافظِ قرآن بن جائے۔ عورت بچہ جنے۔
گھی	خیر و برکت اور نفع ہو۔ فرزند اور لڑکی کی شادی ہو۔
گھاس	سبز دیکھے تو دولت ملے۔ خشک دیکھے تو رنج ہو۔
گھر فراخ	رزق اور مال کی کثرت۔ اولاد وآل کی برکت۔
گھر زمین پر بنانا	قوت اور شہرت حاصل ہو۔ امتحان میں کامیابی ہو۔
گھر سونے کا	گھر میں آگ لگے یا چوری ہو جائے۔

تعبیر	خواب
لڑائی، جھگڑا، فساد یا شادی ہو یا ...	گھر میں سونے کے نقش کرنا
دشمن پر غالب آئے، اور عورت سے نفع پائے۔	گھر میں جانا
بادشاہ سے دولت پائے۔	گھر میں آتش کدہ
نیک عورت اور بادشاہت ملے۔ یا ملازمت ملے۔	گھوڑا
سرداری اور رتبہ ملے۔ لاٹری کا انعام ملے۔	گھوڑا سیاہ
خوشی حاصل ہو۔ فرزند پیدا ہو یا امتحان میں پاس ہو۔	گھوڑا کمیت
بہادری میں شہرت ہو۔ کسی لڑائی میں جانے کی ملازمت ملے	گھوڑا ابلق
بہادری اور بیماری کی علامت ہے۔	گھوڑا سمند
مراد بر آئے، دربار شاہی میں جائے۔ سرداری ملے تکمیل دین	گھوڑا دوڑانا
حکومت و سرداری ملے۔ لوگ عزت کریں۔	گھوڑے پر سوار ہونا
جس کو دیکھے وہ کہیں ملازم ہو۔	گھوڑے پر کسی کو سوار دیکھنا
حکومت ملے اور گھر میں فرزند پیدا ہو۔	گھوڑی کا دودھ دیکھنا
مشقت و مصیبت کے بعد مال ملے۔	گیہوں
غم و افلاس کا حملہ ہو۔ نوکری سے جواب، روزگار میں ابتری۔	گھر تنگ دیکھنا
مغلوبی کی علامت ہے۔ مفلسی اور ناداری کی دلیل ہے۔	گھر میں دخلِ غیر
دشمن پر فتح حاصل کرے۔ امتحان میں کامیاب ہو۔	گھر میں غیر کے داخل ہونا
موت آئے، یا کسی مقدمہ میں ماخوذ ہو کر قید ہو۔	گھر کو کھودنا
شاہی منصب ملے یا عمر دراز ہو۔	گھر لوہے کا
شاہی قرب، مال و عزت کی ترقی۔	گھر میں زیادتی کرنا
افلاس یا موت کا حملہ، شامتِ اعمال۔	گھر کا منہدم ہونا
پیغامِ موت یا ناگہانی مصیبت کا سامنا۔	گھر بیچ ڈالنا
انجام بخیر۔ جنت کی بشارت۔	گھر نامعلوم جگہ

خواب	تعبیر
گل دستہ باندھنا	لڑائی جھگڑا ہو۔
گدائی کرنا	نفع ہو۔ تجارت میں ترقی ہو۔ دوکانداری میں برکت۔
ل	
لباس سفید پہننا	رتبہ اور عزت بڑھے کسی بزرگ سے ملاقات ہو۔
〃 سرخ 〃	لڑائی، جھگڑا ہو۔ عورت کو نفع پہنچائے۔
〃 سبز 〃	تکمیل دین داری، حج نصیب ہو۔
〃 سیاہ 〃	ماتم کی نشانی ہے۔
〃 پاکیزہ و عمدہ 〃	عزت و نفع حاصل ہو۔ علم دین سے باخبر ہو۔
〃 زرد 〃	بیماری آئے یا موت واقع ہو۔
〃 نیلا 〃	فکر و اندیشہ، ندامت مصیبت، لیکن بعد میں راحت۔
لڑکا خورد	بشارت، فرزند سے خوشی و راحت۔
لڑکی خورد	شاہی عہدہ ملے روزگار میں ترقی ہو۔
لڑکا بالغ	مال و دولت بڑھے۔ نوکری میں وسعت ہو۔
لڑنا جوان سے	دشمن سے مغلوب ہو۔
لڑنا غیروں سے	فساد یا بیماری کا سامنا ہو
لڑنا شہر میں	طاعون یا کوئی اور وبا پھیلے
لڑنا بادشاہ کا	کثرت مال اور ارزانی غلہ کی دلیل ہے۔
لڑکی خوب رو	راحت و نعمت ملے رتبہ بڑھے، خوشی ہو۔
لشکر	خوشی ہو۔ بارش ہو۔ کاشت کاری زیادہ ہو۔
لعل، لال	حسین عورت سے شادی ہو یا فرزند ہو۔
لکھنا اور سمجھنا	فکر اور غم ہو۔ کسی مصیبت کا پیش خیمہ ہے، صدقہ دو۔

خواب	تعبیر
لکڑی جلانا	بے چینی۔ نفاق اور لڑائی ہو۔
لگام (لجام)	علم و حکمت اور دیانت داری حاصل ہو۔
لوح	نفع۔ دولت اور قوت حاصل ہو۔
لوہا	راست بازی۔ دیانت اور دین حاصل ہو۔
لومڑی	عزیز نقصان پہنچائیں۔ کسی مکار دوست سے نقصان ہو۔
لومڑی سے کھیلنا	فریب سے مطلوب تک رسائی ہو۔
لہسن	نعمت حاصل ہو۔ کسی دعوت میں شامل ہو۔
لاٹھی	مرتبہ بڑھے، لوگوں میں حاکم ہو۔
لوطؑ پیغمبر	کامیابی حاصل ہو۔ بگڑا کام بن جائے۔

م

ماں باپ کو دیکھنا	رنج دور ہو۔ نفع ہو۔ خیر و برکت کی نشانی ہے۔
ماں باپ سے صلح	نااتفاقی ہو تو صلح ہو جائے۔ حج کی بشارت
ماں باپ کو مار ڈالنا	قرض بیماری میں مبتلا سخت پریشانی ہو، کسی مصیبت میں گرفتار
ماں کے پیٹ سے پیدا ہونا	خواب دیکھنے والا نیک اعمال نہ ہو تو توبہ کرے۔
ماش، مونگ وغیرہ	بدفال ہے۔ اس چیز کا صدقہ دے۔
ماتم کرتے دیکھنا	خوشی ہو، مراد پوری ہو۔ کسی عزیز کی شادی ہو۔
ماتم کرنا محرم میں	رزق کی تنگی، ملازمت سے برطرفی، اور کسی مصیبت کا پیش خیمہ ہے۔
ماتم کرنا گھوڑے کے ہمراہ	شیعہ کے لیے نیک فال، دوسرے مسلمانوں کے لیے بدفال ہے
مٹھائی کھانا	عزت اور رتبہ بڑھے، نوکری میں اضافہ ہو۔
مچھر	کمزور آدمی کو ہلکا بخار آئے۔ تندرست کے لیے دردسر کی نشانی ہے
مچھلی	حسین بیوی ملے یا کسی نیک و صالح عورت سے فائدہ ہو

تعبیر	خواب
رتبہ اور دولت میں ترقی۔	مچھلی کھانا
حرام کا مال ملے کسی چوری میں گرفتار ہو اور قید ہو۔	" مردہ
مایوسی کے بعد مراد حاصل ہو۔	" سے گفتگو کرنا
امانت میں خیانت کرے۔	" اٹھالینا
گمشدہ مال مل جائے یا لاٹری کا انعام نکلے یا شادی ہو۔	" زندہ
ہلاکت کی دلیل ہے۔ صدقہ و خیرات دینا چاہیئے۔	" کا پکارنا
فاسق کی رہنمائی کرے یا کافر سے دوستی ہو۔	" کو نہلانا
بدفال ہے۔ صدقہ بے تاخیر دینا چاہیئے۔	" سے کچھ مانگنا
اولاد کی طرف سے غم یا اولاد کے مرنے کی نشانی ہے۔	مشت زنی کرنا
حرام مال ہاتھ آئے یا چوری کا مال ملے۔	مردے سے مباشرت
مردہ کے عزیزوں سے مال ملے اور راحت ملے۔	مردے کو صحبت کرتے دیکھنا
عمر دراز ہو۔ بیماری سے صحت ہو۔	مردے کو اپنے بستر پر دیکھنا
مقیم ہو تو سفر کریں۔ ورنہ مسافر گھر آئے۔	مردہ دیکھنا اپنے آپ کو
فتنہ اور دشمنی کی نشانی ہے۔	مرد جوان اجنبی
مراد بر آئے۔ دوستوں سے مدد ملے۔	مرد ادھیڑ
علم، صحت اور عزت کی ترقی کاروبار میں اضافہ۔	مرد جوان اپنے آپکو بوڑھا دیکھے
عزت بڑھے اور حکومت ملے کسی اچھی جگہ ملازمت ملے	مُہر
سرداری اور حکومت ملے کسی گاؤں کا نمبردار یا ذیلدار ہو۔	مرد پیر اپنے آپکو جوان دیکھے
پشیمانی اور ندامت پائے تجارت اور ٹھیکہ داری سے نقصان	مرد جوان اپنے آپ کو لڑکا دیکھے
کسی آدمی سے فائدہ ہو یا کوئی بزرگ ملے جس سے فائدہ ہو	مرغ دیکھنا
شادی ہو یا کوئی دوست ملے یا لڑکا پیدا ہو۔	مرغی دیکھنا
شادی ملتوی ہو۔ منگنی فسخ ہو جائے۔	مرغی ذبح کرنا

خواب	تعبیر
موتی دیکھنا	شادی یا دختر پیدا ہو بہت سی دولت ملے۔
، بیچنا	ہدایت دین کرے۔ مخلوق کو فیض پہنچائے۔
، پرونا	قاریٔ قرآن بنے یا کعبہ شریف کی زیارت کرے۔
، کی لڑی	فرزند پیدا ہو۔ حافظِ قرآن بنے یا کسی مسجد کا امام ہو۔
مونگا	شاہی بخشش کی دلیل ہے۔
مرغابی دیکھنا	دولت و دیانت میں مشہور ہو۔ سخاوت میں نام ہو۔
مرغ کی آواز	نیک فال ہے۔ لڑکا لڑکی پیدا ہونے کی دلیل ہے۔
مسجد	نعمت ملے دشمن کو مغلوب کرے اور بزرگوں سے فائدہ ہو
مسلح دیکھنا اپنے آپ کو	حکومت ملے۔ گاؤں کی نمبرداری یا سفید پوشی حاصل ہو۔
مسجد میں نماز پڑھنا	سفر میں بیماری حملہ کرے۔ لیکن خیریت سے گھر واپس آئے۔
محراب	اہل و عیال سے نفع اور خیر و برکت ہو۔
موذن کا اذان دینا	بیمار کے لیے موت اور تندرست کے لیے بیماری۔
موزہ پہننا	عیب پوشی کی نشانی ہے۔
مدینہ منورہ دیکھنا	کسی عالم سے فائدہ۔ عاقبت کی بہتری کی دلیل ہے۔
، ، میں مقیم ہو۔	زہد و ریاضت میں مشہور ہو
مسواک کرنا	عیال کو راحت ہو، لوگوں سے حسن سلوک کرے انجام بخیر ہو۔
مشک (کستوری)	علم، مال اور شہرت نصیب ہو۔ تنخواہ میں ترقی ہو۔
مکھی دیکھنا	کمینہ آدمی سے واسطہ پڑے۔
مکھن	نعمت حاصل ہو کسی انگریز مرد یا عورت سے فائدہ ہو۔
مکتب	فکر اور خوف لاحق ہو۔ کسی عزیز کی طرف سے دکھ ملے۔
منبر دیکھنا	دینی منصب حاصل ہو۔ کسی مسجد کی امامت ملے۔
مناجات پڑھنا	دونوں جہانوں میں سرخرو ہو۔ دل کی مراد پوری ہو۔

خواب	تعبیر
منہ سے کچھ چیز نکلنا	مال و دولت ملے۔ اور غریبوں کو بخشش دے۔
منہ میں کچھ چبانا	رزق اور نعمت غیر معمولی ملے۔
مکڑی	فریب اور مشقت سے رزق ملے۔ کسی نازک کام کا ٹھیکہ لے
موزہ پہننا	نیک بخت بیوی ملے۔ روزگار میں ترقی ملے۔ قرض کی ادائیگی
موزہ اتارنا	شادی یا جدائی۔ دوستوں سے کنارہ اور نوکری سے استعفا
منقی	موسمی دیکھے تو مال ملے ورنہ فکر و خوف لاحق ہو۔
مولی	شفا ہو حلال روزی ملے۔
موئے زہار	زیادتیٔ مال حرام اور پریشانی کی دلیل۔
مینارہ	مردِ نیک سے فائدہ پہنچے۔ رتبہ بلند ہو۔
میراثی دیکھنا	نحوست و پریشانی کی دلیل ہے۔
میراثی کو تماشہ کرتے دیکھنا	تجارت میں نقصان اور روزگار کی ابتری۔
مینہ برسنا	نزولِ رحمت ہو۔ دولت کی فراوانی۔ رزق کی ترقی ہو۔
میخ لوہے کی	فرزند پیدا ہو یا نوکری پر مستقل ہو یا تجارت کامیاب ہو۔
〃 لکڑی کی	تکمیل دین ہو۔ نماز وغیرہ کی عادت پختہ ہو۔
مشتری ستارہ دیکھنا	وزارت یا حکومت ملے یا خزانچی یا عالم بنے۔
مریخ 〃	فوجی افسر یا کوتوال بنے۔ جنگ میں جائے۔ فتح حاصل کرے
مسجد میں جانا	دولت دین و دنیا کی ملے۔
مسجد میں بے رخ قبلہ نماز	نقصِ دین ہے، پس توبہ کرے۔ صدقہ دینا چاہیئے۔
میدہ	تجارت میں نفع۔ زندگی آرام میں بسر ہو۔
موتی کھانا	حافظ بنے۔ لوگوں کو تعلیم دے۔
موتیوں کا کان میں بندا	عورت دیکھے تو فرزند ہو۔
موتی منہ سے جھڑیں	علم سکھائے، عابد اور نیکی کرے، لوگوں میں عزت ہو۔

خواب	تعبیر
مرجان	مالدار ہو اور سخی ہو۔ تجارت میں ترقی ہو۔
میکائیل فرشتہ اصلی صورت میں	مبارک فال اور بشارت ہے۔ رزق فراخ ملنے کی دلیل ہے
〃 کچھ دیں	خیر اور بزرگی ملے۔ رزق میں ترقی ہو۔
موسیٰ پیغمبر	اہل و عیال سے جھگڑا۔ بالآخر کامیابی۔
محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم	رنج و غم دور ہو۔ قرض سے نجات، قید سے رہائی۔ خوشی اور نعمت حاصل ہو۔ دونوں جہان میں مسرور رہو۔
مہر لگانا	گم شدہ مال واپس ملے۔ دوستوں سے فائدہ۔
ماں باپ کو دیکھنا	اگر فوت شدہ والدین کو دیکھے تو دین و دنیا کی نعمت حاصل ہو۔ اور اگر زندہ کو دیکھے تو تجارت میں فائدہ ہو۔
ماں کا پیار کرنا	کسی دوست سے فائدہ ہو۔
مُہر بادشاہ سے ملے	مال ملے یا امانت ملے یا نوکری ملے
مہمان کا آنا	خیر و برکت اور فراخی رزق کی دلیل ہے۔
مہمان ہونا کسی کا	جہاد اور شہادت کی دلیل ہے۔ یا کسی سے دولت ملنے کی امید ہے۔

ن

خواب	تعبیر
نابینائی	مفلس کو مبارک اور مالدار کو دلیل نقصان ہے۔
ناخن دیکھنا	کم اور بدنما پریشانی کی دلیل ہے اور بڑے اور خوشنما قوت کی دلیل ہے
〃 دراز	مراد پوری ہو اور دشمن مغلوب بیوی کا راز فاش ہو جائے۔
〃 تراشنا	شفا اور قرض ادا ہو۔ لوگوں میں عزت ہو۔
〃 ٹوٹا ہوا	کسی دوست کے مرنے کی خبر آئے۔
نارنج	حلال روزی ملے۔ دین و دنیا میں ترقی ہو۔
نافہ	مالدار، خوب صورت اور نیک بیوی ملے۔

تعبیر	خواب
عمر، رتبہ اور دولت کی ترقی۔ فرزند پیدا ہو۔	ناک دراز
حرام کا مال پائے۔ مگر توبہ کرے۔	ناک سے خون بہنا
عمر دراز ہو۔ کسی سے ملاقات ہو۔	نان بکثرت دیکھنا
تکلیف دور، عیش حاصل اور مال ملے۔	نان خطائی دیکھنا
نیک فال ہے۔ نجات پائے دین ودنیا میں ترقی ہو۔	نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر کمزور ہو یا ساقط ہو تو عمر درازی کی علامت ہے۔	نبض
فکر دور، خوشی حاصل ہو۔ عیش وعشرت میں روپیہ ضایع ہو۔	ناچ دیکھنا
حرام کا مال ملے اور جلد ضایع ہو جائے۔	نجاست یا پلیدی
بیوی حاملہ ہو۔ فرزند پیدا ہو۔	نرگس کا درخت
بیوی خوب صورت اور دولت مند ملے۔	″ ″ پھول
پریشانی اور بیماری حملہ کرے۔ لیکن جلد صحت ہو۔	″ باغ میں
بہت مال ملے۔ فضولیات میں خرچ ہو۔	نشہ شراب میں
علم، دولت یا حکومت ملے یا نوکری کا بندوبست ہو۔	نقارہ
فوجی افسر یا حاکم بنے یا کسی فوج میں ملازم ہو۔	نقارہ بجانا
عورت کو حسن کے موافق مال ملے۔ مرد کو ملازمت۔	نکاح کرنا
مفلسی دور ہو۔ دولت ملے یا کسی دوست سے فائدہ پہنچے۔	نکاح کرتے دیکھنا
حکومت ملے یا فرزند پیدا ہو یا ملازمت پر مستقل ہو۔	نگینہ
ٹھیکہ داری میں فائدہ حاصل ہو۔	نل۔ نلکا
مراد بر آئے۔ خوف دور ہو۔ سرداری ملے۔	نماز ارکان کے ساتھ
فکر روزی اور پریشان ہو۔ بیماری میں مبتلا ہو۔	نماز بے طہارت
سردار یا حاکم ہو۔ صاحب دین ہو۔	نماز کی امامت کرنا
موت کا پیغام ہے۔ صدقہ وخیرات دینا چاہیئے۔	نماز سوتے میں پڑھنا

تعبیر	خواب
مراد کے پورا ہونے اور نوکری کے ملنے کی دلیل ہے۔	نیاز پکا کر کھلانا
مفلسی اور بے روزگاری کی نشانی ہے۔	نیاز پر ختم دینا
بزرگوں سے نفع ہو۔ کاروبار میں ترقی۔	ننھیال جانا
طاقت ور اور صاحب عزت ہونے کی دلیل ہے۔	نامرد ہو جانا
رنج و مصیبت کے پیش آنے کی دلیل ہے۔	نسوار لینا
بخار اور زکام کی نشانی ہے۔	نسوار خریدنا
کسی دشمن سے مقابلہ ہو۔ مقدمہ بازی کی نوبت آئے۔	نشتر خرید کرنا
اگر کسی کا خون نکالے تو نیک ورا گر اپنا خون نکالے تو بد فال ہے۔	نشتر سے خون نکالنا
مرض دور ہو۔ لوگوں میں عزت ہو۔	نمک
خوب صورت عورت سے شادی ہو۔ عیش سے گزرے۔	نمک دان
دولت کی تلاش میں دور دراز کا سفر کرنا۔	ندی نالے میں گرنا
دین و دنیا کی بھلائی۔ ہوائی جہاز کا سفر۔	نور آسمان پر
عزت اور رتبہ بڑھے یا شادی ہو۔	نہالی دیکھنا
تکلیف دور۔ عیش حاصل۔ مگر کھائے تو بیمار ہو جائے۔	نیب
سفر کرے، دولت، بیوی، فرزند یا سرداری ملے۔	نیزہ
دل کی مراد بر آئے، محنت ٹھکانے لگے، خوشی ہو۔ مال ملے	نیل
فکر اور غم دور ہو۔ بیمار کو صحت ہو۔	نہر کی دلدل میں پھنسنا
بیماری کا حملہ ہو۔ صدقہ دینا چاہیئے۔	نہر سے گندا پانی پینا
غم دور اور خوشی حاصل ہو۔ تجارت میں ترقی ہو۔	نہر سے نئی نہر نکالنا
عمر دراز ہو۔ رنج اور سختی۔ آخر کار کامیاب ہو۔	نوح علیہ السلام پیغمبر
گمراہی کی دلیل ہے۔ توبہ کرنی چاہیئے۔	نابینا ہو جانا
منافق یا گنہ گار ہو۔ ایک عضو کو نقصان پہنچے۔	نابینا ایک آنکھ سے

خواب	تعبیر
نابینا کرنا کسی کو	گمراہ ہو۔ فسق و فجور میں شامل ہو۔
نکر سلوانا	عیش و عشرت اور کھیل کود میں روپیہ ضائع ہو۔
نکر پہننا	مرد کے لیے نیک اور عورت کے لیے بدفال ہے۔
نوکر رکھنا کسی کو	عزت اور مرتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے۔
نوکر کسی بزرگ کو رکھنا	بدفال ہے۔ جس بزرگ کو دیکھے اگر وہ زندہ ہو تو اس کی خدمت کرے۔ مردہ ہو تو اس کے لیے کچھ خدا کے نام کا دے
نارنگی دیکھنا	مبارک ہے۔ فرزند پیدا ہونے کی دلیل ہے۔
نارنگی سبز	بیماری کی دلیل ہے۔ لیکن بعد میں شفا ہو گی۔

و

خواب	تعبیر
وضو کرنا	امانت داری میں کامل ہو۔
وظیفہ	غم اور بیماری دور ہو۔ راحت ملے، نیک کام کرے۔
وعظ کہنا	عزت و رتبہ بڑھے، سردار ہو۔
وصلی بنانا	عزیزوں کی اصلاح اور فلاح کرے۔
ولائتی انجیر	ہزار دینار یا درہم پائے۔
والی (حاکم) کو کسی طرح کا نقصان پہنچے	نقصان ہو۔ اور عزت برباد ہو۔
والی کی پاؤں میں زنجیر	رتبہ بڑھے۔
ولی اللہ کو دیکھنا	عزت، دولت اور بزرگی کی نشانی
وثیقہ نویسی کرنا	سود کا روپیہ کھائے، حرام کاری میں ضائع ہو۔
ووٹ لکھنا	رزق کی تنگی اور تجارت میں نقصان ہو۔
ووٹ شمار کرنا	چند ماہ تنگیٔ رزق ہو۔ بعد میں فراخی۔
ولایت جانے کی تیاری کرنا	لوگوں میں عزت ہو۔ نوکری کا بندوبست ہو۔

تعبیر	خواب
کامیابی اور فتح مندی کی دلیل ہے۔	ولایت سے واپس آنا
مال اور نعمت ملے، تجارت میں معقول فائدہ ہو۔	وحشی جانوروں کا شکار
دشمن مطیع ہوں لوگوں میں عزت ہو۔	وحشی جانور مطیع ہو
غیب سے مال ملے۔ اور کھیتی باڑی سے نفع ہو۔	وحشی بہت سی تعداد میں
کسی عزیز کی وفات کی خبر آئے یا خود بیمار ہو۔	وراثت کا مال لینا
دولت کا نقصان۔ فکر اور غم و رنج کی دلیل ہے۔	وراثت کا جھگڑا کرنا
خلقتِ خدا کی بھلائی کے لیے رفاہِ عام کا کام کرے۔	وارث بنا کسی یتیم کا
دولتمندی اور عزت و آبرو کی ترقی کی نشانی ہے۔	وارث بنا کسی لڑکی کا
بدیوں سے توبہ کرے۔ اور نیک ہونے کی دلیل ہے	واعظ ہونا
عزت اور بزرگی اور ترقیٔ روزگار کی دلیل ہے۔	وعظ کرنا
جس کو بلائے وہ کسی مسجد کا امام مقرر ہو۔	وعظ کے لیے بلانا
فرزند پیدا ہو یا ملازمت کا بندوبست ہو۔	وعظ کی مجلس منعقد کرنا
امتحان میں کامیابی۔ ملازمت میں ترقی۔	″ ″ کتاب خریدنا
لڑکی پیدا ہو یا کسی عورت نیک سے شادی ہو۔	″ کرنا مسجد میں
سفر میں فائدہ ہو۔ تجارت میں ترقی ہو۔	″ ″ میدان میں
تجارت میں نقصان۔ کاشت میں خسارہ۔	″ ″ عورتوں میں

ہ

تعبیر	خواب
جمع شدہ مال میں سے کچھ خرچ ہو۔	ہاضمہ خراب ہونا
مال تجارت میں نقصان اور ملازمت سے برطرفی	ہیضہ ہونا
جس کو مرتے دیکھے وہ ملازمت میں مستقل ہو۔	ہیضہ سے کسی کو مرتے دیکھنا
لڑکا یا لڑکی پیدا ہونے کی دلیل ہے۔	ہزار روپیہ دیکھنا

خواب	تعبیر
ہزار روپیہ کہیں سے ملنا	کسی دوست کا خط آئے یا وہ خود آ کر ملے۔
ہزار روپیہ بنک سے نکلوانا	مال تجارت میں فائدہ۔ خریدار زیادہ آئیں۔
ہوائی ڈاک کا ٹکٹ خریدنا	دور دراز سفر میں جانے کی نشانی ہے۔
ہوا سے مکان کا گرنا	کسی بیماری میں مبتلا ہو یا کسی مقدمہ میں گرفتار ہو۔
ہوا سے درخت گرنا	ماں یا باپ کے فوت ہونے کی دلیل ہے۔
ہار ڈالنا پھولوں کا	جس کے گلے میں ڈالے وہ محبت کرے
ہار پرونا پھولوں کا	کسی خوب صورت عورت سے شادی ہو۔
ہار موتیوں کا	فرزند ہونے کی دلیل ہے یا مال ملنے کی امید ہے۔
ہار کا ٹوٹ جانا	بیوی کو طلاق دینا یا اس کے مرنے کی نشانی ہے۔
ہار کا گم ہونا	عورت دیکھے تو رانڈ ہو مرد دیکھے تو مصیبت اٹھائے۔
ہنٹر خریدنا	کسی مدرسہ کی ملازمت ملے یا چوکیدار ہو۔
ہنٹر کسی کو مارنا	جس کو مارے وہ دوست بنے
ہل کسی سے لینا	محنت اور مشقت سے روزی ملنے کی دلیل ہے۔
ہل چلانا خود	کاروبار دوکانداری کا بوجھ خود اٹھائے۔
ہل میں بیل جوتنا	کاروبار کی ترقی اور نوکر کی ضرورت۔
ہل کو اپنی گردن میں ڈالنا	عورت فوت ہو بال بچہ کا خود کفیل ہو۔
ہل کا ٹوٹ جانا	عورت دیکھے تو بیوہ ہو۔ مرد کے لیے ملازمت سے برطرفی
ہل سخت زمین میں چلانا	کسی سخت کام کی نوکری ملے
ہاکی خرید کرنا	کسی سکول یا کالج کی ملازمت ملے یا داخل ہو۔
ہاکی سے کھیلنا	بچوں کی نگرانی اور حفاظت کا عہدہ ملے۔
ہاکی سے لڑنا	میچ میں کامیابی۔ فریق ثانی پر فتح۔
ہاکی کا ہاتھ سے گرنا	میچ میں شکست ہو۔ دوستوں میں بے آبروئی ہو۔

خواب	تعبیر
ہاکی کا گم ہونا	میچ کی ٹیم سے نام خارج ہونے کی نشانی ہے۔
ہائی کلاس میں پڑھنا	عورت کے لیے بدفال، مرد کے لیے بہتری کی امید ہے۔
ہائی سکول میں جانا	مرتبہ اور عزت بڑھے۔ اقبال بلند ہو۔
ہائی سکول کھولنا	دوکان میں ترقی۔ ٹھیکہ داری میں نفع۔ ملازمت مستقل۔
ہاتھ	شادی یا دوست ملے۔ امانت دار ہو۔
ہاتھ دھونا	ناکامی ہو اور کسی چیز کے گم ہونے کی دلیل ہے۔
ہاتھ کٹا ہوا	بھائی یا فرزند کی جدائی کی دلیل ہے۔
ہاتھ میں نقش و نگار	عورت دیکھے تو آرام پائے۔ مرد دیکھے تو تکلیف اٹھائے
ہاتھ دشمن کا پکڑنا	دشمن سے صلح ہو۔ گھر میں صفائی ہو۔
ہاتھ دوست کا پکڑنا	عزت و رتبہ بڑھے۔ کلام میں تاثیر ہو۔
ہاتھا پائی عورت سے	عورت سے لڑائی اور نااتفاقی ہو۔
ہاتھی پر سوار ہونا	تکبر بے غیرتی اور رسوائی کی دلیل ہو یا طلاق دے عماری دیکھے تو مرتبہ بڑھے
〃 مست	امیروں سے فائدہ یا مصیبت اٹھائے۔
〃 سفید	مال یا عہدہ ملے یا بیٹا پیدا ہو یا بیٹے کی شادی ہو۔
ہُدہُد	عالم یا وزیر بنے یا حاکم یا کسی دفتر کا ہیڈ کلرک۔
ہدیہ یا تحفہ	دولت۔ خوب صورت بیوی یا بیٹا ملے۔
ہڈی	حرام کا مال ملے جو جلد ضائع ہو جائے۔
ہرن	غم دور۔ نیک دختر پیدا ہو۔
ہنڈولا	خوشی ہو اور کھیتی باڑی میں فائدہ
ہنسنا	بے وجہ ہنسنے سے غم ہو اور کسی طرف سے بری خبر آئے۔
ہنسنا زیادہ	کسی کے فوت ہونے کی خبر آئے۔
ہنس	خوب صورت عورت سے شادی ہو۔

خواب	تعبیر
ہالۂ آفتاب	دولت ملے یا دوستوں کا حلقہ وسیع ہو۔
ہلال	فرزند یا سرداری ملے یا کسی اچھی جگہ شادی ہو۔
ہودج	شادی خانہ آبادی اور نمبرداری یا تھانیداری ملے۔
ہوا چلتے دیکھنا	آرام و عیش میسر ہو۔ نوکری سے پنشن ملے۔
ہوا تیز	مصیبت آئے لیکن اصل خیر ہو۔
ہوا پر اڑنا	آندھی ہو تو غم و آفت کی نشانی ہے اگر زمین سے اڑے تو سفر کرے۔ فائدہ ہو۔ مگر آسمان کی طرف سے اڑنا پیغام موت ہے۔
ہود علیہ السلام	کامیابی۔ دشمن کو شکست۔ دوستوں میں ترقی۔
ہوائی جہاز دیکھنا	رتبہ بڑھے، مرتبہ بلند ہو۔ دور کا سفر پیش آئے۔
ہوائی جہاز میں سوار ہونا	شاہی عہدہ ملے۔ یا سفر آخرت کرے۔

ی

خواب	تعبیر
یاقوت دیکھنا	شادی ہو یا فرزند پیدا ہو یا دوست سے ملاقات ہو۔ ہر درجہ والے کو مبارک ہو۔ عالم کے علم اور بادشاہ کے ملک میں ترقی ہو۔ کاشتکار دیکھے تو پیداوار بڑھے۔ ارزانی غلہ ہو۔ سوداگر دیکھے تو کثیر نفع پائے۔ بیمار کو شفا ہو۔
یاسمین (چنبیلی)	نیک فال ہے۔ عورت کے لیے زیادہ اچھی ہے۔
یخ (تختۂ برف)	غم ہو مگر پینا نیک فال ہے۔ خوشی ہو رتبہ بڑھے۔
یومیہ پانا	اگر کھانا ہو تو نعمت اور دولت ملے۔ سکہ ملے تو رنج اور ندامت ہو
یعقوب علیہ السلام پیغمبر	فرزندوں کی طرف سے غم ہو۔ مگر انجام بخیر ہو۔
یوسف " " "	بہتان لگے بالآخر کامیابی ہو۔ اور کسی ملک کا حاکم مقرر ہو۔
یحییٰ " " "	فرزند ہونے کی دلیل ہے۔

خواب	تعبیر
یونس علیہ السلام پیغمبر	غم دور ہو۔ خوشی اور نعمت ملے۔
یاقوت پانا	نیک صورت و سیرت دلہن ملے یا خوبصورت لڑکی پیدا ہو۔
یشم یشب (قیمتی پتھر)	عورت بے اصل سے واسطہ پڑے۔
یشب کی انگوٹھی پانا	عورت بے اصل سے شادی ہو یا لڑکی پیدا ہو۔
〃 اپنے پاس ہونا	عورت کے ذریعہ نفع ہو۔
یکہ دیکھنا	کسی عمر رسیدہ بزرگ کی ملاقات ہو۔
〃 پر سوار ہونا	کسی بزرگ رشتہ دار سے فائدہ ہو۔
〃 خریدنا	زمین کاشت کے لیے خرید کرنے کی دلیل ہے۔
〃 خود چلانا	ہل چلانا یا کوئی سخت محنت کی نشانی ہے۔
〃 کے لیے گھوڑا خریدنا	خوب صورت عورت ملے یا فرزند پیدا ہو۔
〃 کرایہ پر دینا	لڑکا یا لڑکی کا رشتہ مل جائے۔
یکہ (تاش) کا پتہ دیکھنا	کسی کام میں نقصان ہو۔ نفع کی امید ہو۔
یٰسین (سورۂ قرآن) کا پڑھنا	نیک فال ہے۔ اور نہایت ہی بہتر ہے۔
〃 کسی بیمار کو سنانا	جس کو سنائے وہ شفا پائے۔
〃 سورۃ لکھنا	کسی عامل سے کوئی مجرب عمل ہاتھ آئے۔
〃 〃 زبانی یاد کرنا	علم حاصل ہو۔ قرآن و حدیث پڑھے۔

علم قیافہ یا نوشتۂ تقدیر

ہم خواب و رؤیا کے متعلق اوپر مفصل لکھ آئے ہیں۔ کہ انسان کس طرح عالم مثال سے کچھ دیکھ کر حالتِ غیب سے مطلع ہو جاتا ہے۔

علاوہ ازیں خود انسان کے اندر قدرتی تحریریں موجود ہیں۔ انسان کا چہرہ، پیشانی، آنکھیں

دیگر اعضاء قدرتنے کہ اس کے حرکات و سکنات بہت کچھ بتا دیتے ہیں۔

اس طرح ہاتھوں کی لکیریں اور ہاتھ و انگلیوں کی ساخت ایک قدرتی تحریر ہے جس سے آدمی بہت کچھ پڑھ سکتا ہے۔ اور گویا اس ذریعہ سے قسمت کا مطالعہ کر سکتا ہے۔

آپ نے اکثر بزرگوں یا فقیروں کو کسی شخص کی صورت دیکھ کر ان کا حال بتاتے دیکھا یا سنا ہوگا۔ نجومی ہاتھ دیکھ کر بہت کچھ بتا سکتے ہیں۔ اور ان میں سے بہت سی باتیں صحیح بھی ہوتی ہیں۔

وہ یہ سب کچھ علم قیافہ ہی کے ذریعے بتا دیتے ہیں۔ وہ انسان کے چہرہ، پیشانی اور ہاتھ سے انسانی حالات کا مطالعہ کرکے سب کچھ جان جاتے ہیں۔ اور دوسروں کو بتا دیتے ہیں۔

چونکہ یہ علوم نہایت کارآمد اور ضروری ہیں۔ ہم ذیل میں اسکی تفصیل لکھتے ہیں۔ جو ناظرین کرام کے واسطے نہ صرف ضروری بلکہ زیادہ سے زیادہ مفید ہوں گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

علم قیافہ۔ اعضاء مختلف

کچھ شک نہیں کہ قدرت نے انسان کی شکل و شباہت اور اس کی ساخت میں مختلف اقسام کے کچھ ایسے نشانات اور علامات رکھے ہیں۔ جو گویا نوشتۂ تقدیر ہے۔ قدرتی نقش و نگار صناع کی صنعت کا بہترین مظہر اور انسانی قسمت کا آئینہ ہیں۔ جسم کا ایک ایک خط و خال اور جسم کی کوتاہی طوالت اور حرکات و سکنات گویا قدرتی آئینہ ہیں۔ جن میں ہم اپنی قسمت کا چہرہ دیکھ سکتے ہیں۔

قیافہ مردانہ

انسانی بدن

سخت بدن:۔ سنجیدگی، دلیری، بہادری، مستقل مزاجی، دانش مندی اور بلند ہمتی کی نشانی ہے۔

نرم بدن:۔ کم ہمتی، بزدلی اور ذرا سی پیچیدگی سے گھبرا جانے کی علامت ہے۔

اوسط درجہ:۔ یعنی نہ زیادہ نرم اور نہ زیادہ سخت، نرم دلی۔ اخلاق و محبت، صاف دل

اور نیک مزاجی کی علامت ہے۔ ایسا آدمی نیک کاموں کی طرف زیادہ خیال رکھتا ہے۔

قد

قد سیدھا، لمبا اور جسم پتلا دبلا، دلیری، بے رحمی اور غرور کی علامت ہے۔ ایسا آدمی عیار، کفایت شعار اور مشکل سے خوش ہونے والا ہوتا ہے۔

قد کوتاہ جسم موٹا۔ حسد، وہم، فضول گوئی، بدظنی اور زود اعتقادی کی علامت ہے سخت انتقام گیر ہوتا ہے۔ مضبوط، احسان فراموش اور کم عقل۔

قد کوتاہ۔ بدن دبلا سیدھا، عاقل، بہادر اور زندہ دل مگر عیار بھی ہوتا ہے۔

جو شخص جھک کر چلنے کا عادی ہو۔ وہ رازدار، کفایت شعار اور کوئی بات معقول دلیل کے بغیر نہ ماننے والا ہوتا ہے۔

رفتار

۱۔ اگر قدم چھوٹا پڑے، رفتار تیز ہو۔ اور وہ عصبی مزاج کا ہو۔ تو ایسے آدمی کو کاروباری سمجھنا چاہیئے۔ یہ حلیم، بلند خیال اور دلیر ہوتا ہے۔

۲۔ لمبے قدم اٹھانے والا آدمی کے اندر تحریک کا مادہ موجود ہے۔ مگر یہ بر خود غلط ہو یہ نیک نام، مگر ناقابل اعتبار ہوتا ہے۔ کیوں کہ یہ بدمعاملگی کی طرف راغب ہوتا ہے۔

۳۔ آہستہ چلنے والے آدمی کا دماغ تیز، محرک اور سوچنے والا ہوتا ہے۔ دنیا کے بڑے بڑے مدبر اور انسانوں کے خیر خواہ آہستہ چلتے دیکھے گئے ہیں۔ ان میں سستی اور تاخیر بھی ہوتی ہے۔

۴۔ چپٹے پاؤں والے آدمی کے دل میں ہمدردی اور مہربانی ہوتی ہے۔

۵۔ ناہموار چال تذبذب کی علامت ہے۔ ایسا آدمی طبیعت کا کمزور ہوتا اور بہت جلد اپنا ارادہ بدل لیا کرتا ہے۔ ایسا آدمی استقلال کے ساتھ نہ تیز چل سکتا ہے اور نہ آہستہ۔ بلکہ رفتار کی حالت بدلتا رہتا ہے۔

۶۔ سینہ اور پیٹ نکال کر چلنے والا آدمی، زندہ دل، ملنسار مگر مغرور ہوتا ہے۔

۷۔ ترچھی چال چلنے والا آدمی بزرگوں کی خدمت کیا کرتا ہے۔

۸۔ چلتے وقت سر اور کمر ہلانے والا آدمی ناپاک عادت کا غلام ہوتا ہے۔

ایک جگہ میں نہ بیٹھنے والا آدمی حاسد، بخیل اور ریاد فراموش ہوتا ہے۔

آواز

۱۔ آواز بھاری اور بلند والا آدمی، مغرور، دیانت دار اور عالی ہمت ہوتا ہے۔ شجاعت بہادری اور جلال کی بھی علامت ہے۔

۲۔ کم بلند اور کمزور۔ دانش مند، کمزور اور ذی الخیالات ہوتا ہے۔

۳۔ بلند اور باریک آواز والا آدمی۔ تیز فہم، دور اندیش، خوشامد پسند اور متلون مزاج ہوتا ہے۔

۴۔ کمزور اور لرزاں آواز کا آدمی۔ کمزور، خوفناک، سست، حاسد، وہمی ہوتا ہے۔

۵۔ جلد جلد بولنے والا آدمی۔ تیز طبع، بداخلاق اور مطلب پرست ہوتا ہے۔

۶۔ رُک رُک کر باتیں کرنے والا آدمی۔ عاقل اور حلیم ہوتا ہے۔

سر کے بال

۱۔ اگر سر کے بال لمبے اور سیدھے ہوں تو ایسے بالوں والا آدمی سلیم الطبع اور رحم دل ہوتا ہے

۲۔ موٹے چھوٹے اور گھنے۔ دلیری، مضبوطی، حسن پرستی، حماقت اور شہوت پرست ہونے کی علامت ہے۔

۳۔ کنپٹی اور ابرو کے گھنے بال۔ سریع الاعتقادی، بے تمیزی، کاہلی اور فضول گوئی کی علامت ہیں۔

۴۔ مانگ کے بال گر جانا۔ خوش نصیبی کی علامت ہے۔

۵۔ سرخی مائل بال۔ حاسد۔ حیلہ باز اور مغرور ہونے کی علامات ہیں۔ مضبوط غصہ۔

۶۔ گھونگریالے بال:۔ زندہ دلی، دلیری، مضبوطی، حسن پرستی اور بے وقوفی کی علامت ہے۔

۷۔ سیاہ، نرم اور سیدھے بال۔ صلح پسندی اور خوش مزاجی کی دلیل ہے۔ ایسے آدمی کی دوستی سے نقصان نہیں ہوتا۔

۸۔ زیادہ باریک بال:۔ نازک مزاجی اور نیک مزاجی کی دلیل ہے۔

۹۔ بال سخت اور جسم قوی۔ دلیری اور بہادری کی علامت ہے۔

سر

۱۔ بڑا سر سرداری کی علامت ہے۔

۲۔ درمیانہ۔ دانش مندی کی علامت ہے۔

۳۔ چوکور:۔ علامتِ افلاس ہے۔

۴:۔ ٹیڑھا:۔ سیاہ کاری اور گنہ گاری کی علامت ہے۔

۵:۔ چھوٹا۔ بے خوف اور چور ہونے کی علامت ہے۔

پیشانی

پیشانی دیکھ کر حسن، ذہانت اور شرافت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

۱۔ گول پیشانی والا آدمی۔ پرہیز گار، سخی اور فہیم ہوتا ہے۔

۲۔ چھوٹی اور ابھری ہوئی پیشانی۔ فسادی، کم فہم اور بدنصیب ہونے کی علامت ہے۔ کم عمری، مفلسی۔

۳۔ گوشت سے پر پیشانی،۔ مغرور۔ موٹی سمجھ اور بلند حوصلہ۔

۴۔ شکن دار پیشانی۔ جس کے درمیان ایک لکیر ہو۔ جو پیشانی کو دو حصوں میں منقسم کرے۔ ایسی پیشانی والا آدمی ذہین اور عالی ہمت ہوتا ہے۔ وہ فریب سے نفرت کرتا ہے۔

۵۔ لمبی، کشادہ، ذرا باہر نکلی ہوئی پیشانی سادہ مزاجی اور دیانت داری کی علامت ہے۔

۶۔ فراخ پیشانی۔ عقل، سخاوت اور خوش خلقی کی علامت ہے۔

۷۔ جس آدمی کی پیشانی پر بالوں کے پاس چوڑائی میں ایک لمبی اور سیدھی لکیر ہو۔ اس کی عمر بیس برس ہوگی۔

۸۔ دو لکیریں ہوں تو تیس برس۔

۹۔ تین لکیریں ہوں تو ساٹھ برس۔

۱۰۔ اگر چار ہوں تو اسّی برس۔

۱۱۔ اگر پانچ ہوں تو سو برس کی عمر ہوگی۔

۱۲۔ اگر یہ لکیریں واضح اور عمیق نہ ہوں تو نصف زندگی اوسط درجہ میں بسر ہوتی ہے۔

چہرہ

۱۔ صاف چہرہ خوش قسمتی کی علامت ہے۔

۲۔ زرد چہرہ۔ دانش مندی اور ذہانت کی نشانی ہے۔
۳۔ گندمی رنگ سرخی مائل۔ خوشی کی علامت ہے۔
۴۔ بلغمی (سفید) رنگ کاہلی کی نشانی ہے۔ اور مفلسی کی دلیل ہے۔
۵۔ سیاہ رنگ۔ سودا۔ بدمزاجی اور وہم پرستی کی علامت ہے۔
۶۔ سبزی مائل۔ عورت سے زیادہ محبت کرنے کی نشانی ہے۔
۷۔ چوہے یا ہرن سے مشابہ۔ مفلسی کی علامت ہے۔
۸۔ گول چہرہ اقبال مندی کی دلیل ہے۔
۹۔ لمبوترا چہرہ۔ دانائی کی علامت ہے۔
۱۰۔ ٹیڑھا چہرہ۔ شریر ہونے کی علامت ہے۔
۱۱۔ چوڑا چہرہ۔ پرہیز گاری کی دلیل ہے

ابرو

ابرو کشادہ۔ نیک نفس ہوتے کی دلیل ہے۔
۲۔ مثالِ ہلال خمدار سخی اور معزز ہونے کی علامت ہے۔
۳۔ ابرو باریک۔ ظریف اور خوش مزاج ہونے کی علامت ہے۔
۴۔ ابرو اونچی اور سخت۔ چور ہونے کی علامت ہے۔
۵۔ ابرو چھوٹی۔ علامتِ افلاس ہے۔ اور عمر کم ہونے کی نشانی ہے۔
۶۔ ابرو آنکھ کے قریب۔ عقل مند۔ نرم دل ہونے کی علامت ہے۔
۷۔ آنکھ سے دور ہوں تو احمق اور سنگ دل۔
۸۔ دونوں ابروؤں کے درمیان زیادہ فاصلہ ہو۔ ایسا شخص زود رنج۔ سخت دل اور متلون مزاج اور ذہین ہوتا ہے۔
۹۔ اگر ابرو کے درمیان تھوڑی جگہ خالی ہو تو ایسا آدمی فہیم باخلاص اور نیک نیت ہوتا ہے۔
۱۰۔ دونوں ابرو باہم ملے ہوئے ہوں تو ایسا آدمی عاشق مزاج۔ عیاش اور مہربان طبع ہوتا ہے۔

پلکیں

۱۔ لمبی پلکیں۔ سخی اور فیاض ہونے کی دلیل ہے۔

۲۔ درمیانی نیک خصلت ہونے کی علامت ہے۔

۳۔ چھوٹی۔ چور ہونے کی علامت ہے۔

آنکھیں

۱۔ بڑی بڑی آنکھوں والا آدمی۔ حسن پرست، دلیر، سنجیدہ، زندہ دل، تیز فہم مگر حاسد اور جھوٹا ہوتا ہے۔

۲۔ چھوٹی چھوٹی آنکھیں۔ دلیر، ریاکاری، طمع، معاملہ فہمی کی علامات ہیں۔

۳۔ اندر گھسی ہوئی آنکھیں۔ فریب کاری، وہم، حسد، عیاشی، بے رحمی اور مغرور ہونے کی علامات ہیں۔ ایسا آدمی چالاک ہوتا ہے۔ اور اس کا حافظہ بھی قوی ہوتا ہے۔ لڑائی میں تندمزاج ہوتا ہے۔

۴۔ بادامی آنکھ والا آدمی۔ عیاش اور شہوت پرست ہوتا ہے۔

۵۔ گلابی ڈورے والی آنکھ۔ عشق مزاجی اور عیاشی کی دلیل ہے۔

۶۔ دور دور آنکھیں۔ ذہین اور عقلمند ہونے کی علامات ہیں۔

۷۔ قریب قریب آنکھیں۔ ریاکاری اور فریب کی دلیل ہے۔

۸۔ آنکھ میں آنکھ ڈال کر بات کرنے والا آدمی مخلص اور حافظ ہوتا ہے۔

۹۔ آنکھیں بند کرکے بولنے والا آدمی مذہب پسند ہوتا ہے۔

۱۰۔ تھوڑی سی آنکھیں بند کرکے بولنے والا۔ دغاباز، فریبی اور عیاش ہوتا ہے۔

۱۱۔ چور آنکھ سے دوسرے کی طرف دیکھنے والا شرمیلا۔ کم گو، حاسد اور چالاک ہوتا ہے تنگ دل بھی ہوتا ہے۔

۱۲۔ باتیں کرتے وقت آنکھیں چھپا لینے والا آدمی۔ نیک دل، فیاض۔ بامروت اور ملنسار ہوتا ہے۔

۱۳۔ موٹی آنکھ والا۔ حاسد۔ جھوٹا۔ لغو مگر بہادر اور امیر ہوتا ہے۔

۱۴۔ کرنجی آنکھیں۔ صاف گو۔ بے مروت۔ بدخلق۔

۱۵۔ گہرے رنگ کی آنکھیں۔ جذبہ اور تندمزاجی ظاہر کرتی ہیں۔

۱۶۔ ہلکے رنگ کی آنکھ ۔ نزاکت، استقلال، سنجیدگی اور حلم کی علامت ہیں۔

۱۷۔ نیلے رنگ کی آنکھیں۔ اعتدال کی علامات ہیں۔

گال

۱۔ گوشت سے پُر ۔مال داری کی علامت ہیں۔

۲۔ پچکے ہوئے ۔ ذہانت اور تماش بینی کے نشان ہیں۔

کان

۱۔ بڑے کان ۔عقل مند ہونے کی علامت ہے۔

۲۔ چھوٹے کان ۔ احمق ہونے کی علامت ہے۔

۳۔ متوسط ۔ دانائی اور عقل مندی کی نشانی ہے۔

۴۔ کان کی لو ۔ موٹی مفلسی کا نشان ہے۔

۵۔ کان کی لو پتلی ۔ بے وقوفی کی دلیل ہے۔

ناک

۱۔ اونچی اور بڑی ناک ۔ زیادہ غیرت اور زیادہ شہوت کی نشانی ہے۔

۲۔ کوتاہ ناک ۔ کمئ غیرت و شہوت کی علامت ہے۔

۳۔ متوسط ۔ ذہانت کی نشانی ہے۔

۴۔ نوک دار ۔ نیک بخت ہونے کی علامت ہے۔

۵۔ ٹیڑھی اور پتلی ناک ۔مفلسی کا نشان ہے۔

۶۔ فراخ نتھنے ۔ افلاس کا نشان ہے۔

ہونٹ

۱۔ موٹے ہونٹ ۔ عاشق مزاجی اور ذہانت کی دلیل ہے۔ ایسے ہونٹ والا آدمی امیر یا متوسط درجہ کا ہوتا ہے ۔کمینہ پن بھی اس میں پایا جاتا ہے۔

۲۔ پتلے ہونٹ والا عاقل ذہین شوقین مزاج ہوتا ہے۔

۳۔ بڑے ہونٹ ۔محنتی ، زود رنج ۔ سادہ دل ہونے کی علامات ہیں۔

۴۔ ہونٹ ہر وقت کھلے رہیں۔ مفلس، ظالم، سفاک اور کمینہ ہونے کی علامت ہے۔
۵۔ ہونٹ خوب ملے رہیں۔ غور و فکر کرنے والا اور کام کی طرف زیادہ توجہ کرنے والا
۶۔ سرخ ہونٹ۔ سرداری اور حکومت کی علامت ہے۔

منہ

۱۔ بڑے منہ والا آدمی۔ سادگی پسند۔ محنت شعار مگر زود رنج ہوتا ہے۔
۲۔ چھوٹے منہ والا آدمی۔ شوخ۔ عاقل۔ حسین اور تیز فہم ہوتا ہے۔
۳۔ متوسط درجہ۔ عاقل۔ دیانت دار۔

مونچھیں

۱۔ بڑی اور گھنی مونچھیں۔ سرداری۔ طاقت اور زیادتی شہوت کی علامات ہیں۔
۲۔ چھوٹی اور کم مونچھیں۔ کمزوری اور کمی شہوت کی علامت ہیں۔

ڈاڑھی

۱۔ خوب بھری ہوئی گنجان اور بڑی ڈاڑھی۔ دیانت داری۔ محنت شعاری کی علامت ہے۔ ایسا آدمی ملنسار ہوتا ہے۔
۲۔ چھوٹی ڈاڑھی۔ غرور۔ زود رنجی اور تنہائی پسندی کی علامت ہے۔
۳۔ ڈاڑھی ندارد۔ پیدائشی کمزوری اور زنانہ پن کی علامت ہے۔ ایسے شخص میں بہادری اور دلیری نہیں ہوتی۔

گردن

۱۔ اونچی گردن۔ نیک بختی کی علامت ہے۔
۲۔ کوتاہ گردن۔ منحوس ہے۔ مال دار ہونے کی علامت ہے۔
۳۔ صراحی دار۔ حکومت کی علامت ہے۔
۴۔ بھینس کی مانند۔ سرداری کی علامت ہے۔
۵۔ مثل شیر۔ پہلوانی کی علامت ہے۔
۶۔ مچھلی کی مانند۔ ناکامی کا نشان ہے۔

ٹھوڑی

۱۔ ٹھوڑی گول والا آدمی۔ عاقل مہمان نواز فیاض، ملنسار۔ ثابت قدم ہوتا ہے۔
۲۔ دراز آگے نکلی ہوئی۔ بے عقل۔ کم سمجھ۔
۳۔ ٹھوڑی میں گڑھا پڑے۔ محبت کرنے والا۔ شرمیلا۔
۴۔ ٹھوڑی ندارد۔ بزدل۔ خائف۔ نفس پرست۔
۵۔ ٹھوڑی پر گوشت نہ ہو۔ عاشق طبیعت ہوتا ہے۔
۶۔ ٹھوڑی نوکدار اور اس پر متوسط درجے کا گوشت ہو۔ تو عقلمند اور معزز آدمی ہوتا ہے

بازو

۱۔ اگر بازوؤں پر گنجان بال ہوں تو ایسا آدمی حاسد اور عیاش ہوگا۔
۲۔ اگر بازوؤں پہ بال بالکل نہ ہوں۔ تو ایسا آدمی بے فیض، غضب ناک اور سریع الاعتقاد فریب میں آجانے والا ہوتا ہے۔
۳۔ پتلے بازو والا۔ بے وفا۔ مغرور۔ شیخی باز اور فیاض۔
۴۔ پرگوشت بازو۔ حسن پرست۔ زود اعتقاد۔ افسانہ پسند۔

گلا

۱۔ گوشت سے پر گلا۔ دولت مندی کی علامت ہے۔
۲۔ کم گوشت اور لمبا۔ خوش حالی کی علامت ہے۔

زبان

۱۔ زبان سرخ۔ خوش نصیبی کی علامت۔
۲۔ ،، سفید۔ عالم باعمل اور راست گو ہونے کی دلیل ہے۔
۳۔ ،، نوکدار۔ لیکچرار یا مصنف یا گویا ہونے پر دلالت کرتا ہے۔
۴۔ ،، سیاہ۔ بدزبانی کی علامت ہے۔ فحش گوئی میں نمایاں ہو۔
۵۔ ،، پتلی۔ دانش مندی کی علامت ہے۔ اور بااخلاق ہونے کی نشانی ہے۔
۶۔ ،، موٹی۔ احمق پن اور بے وقوف ہونے کی علامت ہے۔

دانت

۱۔ چمک دار دانت۔ سرداری کی دلیل ہے۔ کسی بڑے عہدہ پر متمکن ہونے کی علامت ہے۔
۲۔ بندر، بلی، چوہا، گیدڑ کی طرح دانت مفلسی کی علامت ہیں۔
۳۔ ۲۷ دانت محنت شعاری کی دلیل ہے۔ تمام عمر روزی محنت سے ملے۔
۴۔ ۳۲ دانت علم و فضل کی دلیل ہے۔ عمر بھر ہر ایک قسم کی تکلیف اور راحت پیش آئے۔
۵۔ بے قاعدہ دانت۔ نشانِ خاطر جمعی ہے۔

ہاتھ

۱۔ سخت ہاتھ اور ہتھیلی۔ بد باطنی، بدبختی اور حاسد ہونے کی علامت ہے۔
۲۔ ہاتھ یعنی ہتھیلی نرم اور گدگدی۔ خوش بختی، شرم اور شیریں زبانی کی دلیل ہے۔
۳۔ گہرا ہاتھ اور ہتھیلی دولت مندی کی دلیل ہے۔
۴۔ نرم اور نازک ہاتھ۔ نیک بختی اور خوش قسمتی کی علامت ہے۔
۵۔ سخت اور کھردرے ہاتھ۔ بدبختی کی علامت ہے۔

سینہ

۱۔ سینہ کشادہ اور گوشت سے پُر غضبناک بیباکی مغروری مضبوطی اور مردم آزاری کی دلیل ہے۔
۲۔ بال دار سینے والا آدمی۔ خیر خواہ عام۔ کم عقل۔ کم علم اور عیاش ہوتا ہے۔
۳۔ سینہ پر بال بالکل نہ ہوں۔ تو وہ شخص نازک اندام صلح پسند آرام طلب ہوگا۔ اس کی زندگی قابل تعریف اور گفتگو عمدہ ہوگی۔

کمر

چیتے کی مانند باریک کمر۔ سرداری کی علامت ہے۔ عورت کی ہو تو وہ ایسے گھر میں بیاہی جائے
موٹی کمر:۔ اولاد کی زیادتی کی علامت ہے۔ عورت کی ہو تو مفلسی کی دلیل ہے۔
گھوڑے کی مانند کمر۔ محنت شعاری کی علامت ہے۔

ناف

۱۔ گہری اور پُر گوشت۔ اقبال مندی کی علامت ہے۔

۲ - کم گوشت ناف مفلسی کی دلیل ہے - اور عمر محنت و مشقت میں گزرے -

ران

۱ - ران پر بال بالکل نہ ہوں - تو یہ مفلسی کی علامت ہے -

۲ - بکثرت بال ہوں تو ایسا آدمی عیاش اور عورتوں سے محبت کرنے والا ہوتا ہے -

پنڈلی

۱ - بھری ہوئی اور بال دار - بہادر اور مضبوط ہونے کی علامت ہے - کم عقل اولاد کا پیارا اور خوش نصیب -

۲ - کم بال اور چھوٹی ٹانگ کا آدمی - کمزور، بزدل اور میانہ رو ہوگا -

پاؤں

۱ - لمبے چوڑے اور گوشت سے پر پاؤں والا آدمی جسم کا مضبوط، کم عقل - پرغرور ہوتا ہے -

۲ - دبلے اور نرم پاؤں والا آدمی کمزور با فہم - تیز خیال ہوتا ہے -

۳ - بہت چھوٹا پاؤں مفلسی کی علامت ہے -

۴ - چوڑا افلاس اور بیکاری کی علامت ہے -

۵ - پاؤں ٹیڑھا پڑے - اور چلنے میں تلوا زمین سے نہ لگے اور ناخن چمکدار ہوں تو ایسا آدمی درباری ہوگا - والیٔ ریاست کا مصاحب -

۶ - اگر پاؤں کا انگوٹھا اور اس کے ساتھ والی انگلی باہم ملی ہوئی ہیں - تو ایسا آدمی جھگڑالو بدمزاج - بدباطن ہوتا ہے -

۷ - اگر انگوٹھا چھوٹا اور ٹیڑھا ہو تو ہمیشہ سفر اور مصیبت پیش آئے -

۸ - اگر انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی انگوٹھے کے برابر ہو - تو یہ مالدار ہونے کی علامت ہے

۹ - اگر پاس والی انگلی چھوٹی ہو تو یہ غلامی کی علامت ہے -

۱۰ - اگر پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی اپنے ساتھ والی انگلی سے ذرا بڑی ہو تو یہ مال داری کی علامت ہے -

۱۱ - اگر پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی اپنی ساتھ والی انگلی سے بہت بڑی ہو تو منحوس ہے -

۱۲- اگر چھوٹی انگلی ساتھ والی انگلی سے چھوٹی ہو تو شہوت پرستی کی علامت ہے۔ مگر ایسا آدمی خوش قسمت ہوتا ہے۔

۱۳- اگر پاؤں کی تقریباً تمام انگلیاں برابر ہوں اور پاؤں میں پسینہ آئے۔ تو بہ صاحب اولاد ہونے کی نشانی ہے۔

ہنسی

۱- خوب زور سے قہقہے لگا کر ہنسنے والا آدمی نہ صلح پسند ہوتا ہے اور نہ عقلمند بلکہ اسکے خلاف۔

۲- صرف مسکرانے والا آدمی، گہری طبیعت اور قوی جذبات کا مالک ہوتا ہے۔

۳- دبی ہوئی ہنسی والا آدمی- فریبی- عیار اور ہر جگہ بدی کرنے والا ہوتا ہے۔

۴- اگر ہنستے ہوئے آنکھوں سے ہنسی ظاہر ہو تو وہ وفاداری، علم اور شرافت کی دلیل ہے۔

بشرہ چہرہ

۱- اگر چہرہ پر معمولی حرکت سے بھی پسینہ آجائے۔ تو گرم مزاجی، شہوت پرستی اور زود رنجی کی علامت ہے۔

۲- گوشت سے پُر چہرہ، زندہ دلی، بیباکی اور تمیز کی علامت ہے۔ مگر ایسے چہرے والا زود اعتقاد بھی ہوتا ہے۔

۳- گول اور چھوٹے چہرے والا آدمی۔ تلون مزاج اور عقلمند ہوتا ہے۔

زنانہ قیافہ

جسم

۱- فربہ گداز جسم، نیک بختی اور صاحب اولاد ہونے کی علامت ہے۔

۲- متوسط جسم- عقلمندی اور سلیقہ شعاری کی دلیل ہے۔

۳- دبلی پتلی عورت بہت کمزور لیکن عقلمند اور معاملہ فہم ہوتی ہے۔

۴- سرخ و سفید رنگ، صحت کامل، اولاد کثیر کی علامت ہے۔

۵۔ سفید۔ فربہ۔ بلغمی مزاج۔ بیمار رہے۔ نسوانی بیماری کا شکار ہو۔

قد

۱۔ پستہ قد، نامبارک، خطاکار، خودغرض، لالچی، زیور کی حریص۔

۲۔ متوسط قد، نیک بخت، سلیقہ، منتظم، اقبال مند، مالدار، شوہر کی پجاری

۳۔ دراز قد۔ نیک بخت۔ سخی۔ خوش سلیقہ۔ عقلمند۔

رفتار

۱۔ تھرک کر چلنا۔ آنکھیں مٹکا کر چلنا۔ نامبارک علامات ہیں جو عورت کو مشتبہ بناتی ہیں۔

۲۔ متوسط درجہ کی شریفانہ۔ رفتار عمدہ ہے۔ اور عورت کے نیک ہونے پر دلالت کرتی ہے۔

سر کے بال

۱۔ سیاہ باریک اور لمبے بال، حسن، ہنرمندی اور عقل کی دلیل ہے۔ ایسے بالوں والی عورت وفاداری کے کاموں میں محتاط اور ہوشیار ہوتی ہے۔

۲۔ سخت، کھردرے، موٹے اور چھوٹے بال حسد، لالچ، بخل، خودغرضی اور سخت مزاجی کی دلیل ہے۔

۳۔ سیاہ اور گھونگریالے بال مالداری اور خوش قسمتی کی علامت ہیں۔

۴۔ سرخ رنگ کے بال۔ جھگڑالو، تیز مزاج، لڑاکی اور زبان درازی کی شہادت دیتے ہیں۔

پیشانی ماتھا

۱۔ چوڑی اور فراخ پیشانی۔ مالداری، دیانتداری، فیاضی اور سخاوت کی دلیل ہے۔

۲۔ چھوٹی اور تنگ پیشانی۔ بے حیائی۔ مفلسی اور بدقسمتی کا نشان ہے۔

۳۔ اگر پیشانی پر سرخ بال کھڑے ہوں۔ تو یہ افلاس کی نشانی سمجھنا چاہیئے۔

۴۔ ابھری ہوئی پیشانی، مکروفریب بیہودگی اور جھگڑالو ہونے کی علامت ہے۔

آنکھیں

۱۔ سفید سرخی مائل آنکھیں خوشحالی کی علامت ہیں۔ اور دولتمندی کی دلیل ہیں۔

۲- بھوری سفیدی مائل - خوش نصیبی کی علامت ہے۔
۳- سرخ آنکھیں، فریب، چالاکی اور عیش پرستی کا نشان ہے۔
۴- زرد آنکھیں- تکلیف اور مصیبت کی پیش گوئی کرتی ہیں۔
۵- آنکھ کی تپلی خوب سیاہ خوش قسمتی کی دلیل ہے۔ ایسی عورت شوہر کی پیاری، صاحب اولاد، ہر دلعزیز اور شوہر کی خدمت گزار ہوتی ہے۔
۶- نیلگوں آنکھیں، چالاکی اور طوطا چشمی کی دلیل ہے۔
۷- گربہ چشم- ناقابل اعتبار، کرنجی آنکھ بھی اسی کو کہتے ہیں۔
۸- آنکھ میں تل، نشان عیش پسندی، نامبارک آنکھیں مٹکا کر چلنے والی عورت بھی ایسی ہی ہے۔
۹- سرخ و سیاہ، حلیم، فرمانبردار، شوہر سے محبت کرنے والی ہوتی ہے۔
۱۰- مست آنکھ، ناقابل اعتبار اور فریبی ہوتی ہے۔
۱۱- آہو چشم، نہایت مبارک، غریب گھر کو امیر کردے۔
۱۲- چھوٹی آنکھ، زبان درازی اور بدنصیبی کی علامت ہے۔

رخسار

۱- متوسط گوشت یعنی زیادہ پھولے ہوئے نہ ہوں۔ مبارک ہیں۔
۲- بولتے وقت یا ہنستے وقت اگر گالوں میں گڑھے پڑیں تو یہ بیوفائی اور ریاکاری کی علامت ہے

ناک

۱- لمبی ناک- غصہ اور فسادی ہونے کی دلیل ہے۔
۲- بیٹھی ناک- بیوگی کی علامت ہے۔
۳- چپٹی ناک والی عورت خاوند کی وفادار اور خدمت گزار ہوتی ہے۔

مونچھیں

۱- اگر عورت کے مونچھوں کی جگہ بال ہوں۔ تو وہ بیوگی کی علامت ہیں۔

ڈاڑھی

۱- اگر ٹھوڑی پر ڈاڑھی یا چند بال ہوں تو یہ بھی نحوست، بیوگی، ناچاری اور عدم عصمت

کی دلیل ہے۔

پستان

۱۔ سکڑے ہوئے کم گوشت۔ بدبختی۔ افلاس اور خودغرضی کی علامت ہے۔

۲۔ لمبے اور گوشت سے پُر۔ سنجیدگی اور صاحب اولاد ہونے کی دلیل ہے۔

۳۔ گول چھوٹے اور پُر گوشت۔ خوش قسمتی، شوہر پرستی اور زندگی آرام و اطمینان سے گزرنے کی علامت ہے۔

۴۔ گول۔ سخت، سعادت مندی اور مالداری کی دلیل ہے۔

ہاتھ

۱۔ نرم اور گدگدی ہتھیلی دار۔ حیاداری اور خوش قسمتی کی دلیل ہے۔

۲۔ گہری۔ دولت مندی کی علامت ہے۔

۳۔ نرم اور نازک ہاتھ۔ نیک نصیبی کا نشان ہے۔

۴۔ سخت اور کھردرے ہاتھ بدبختی کی علامت ہے۔

۵۔ اگر ہتھیلی انگلیوں سے لمبی ہو۔ تو عقل و فہم اور سلیقہ شعاری کی دلیل ہے۔

۶۔ انگلیوں سے چھوٹی ہتھیلی۔ جہالت۔ کم فہم و عقل اور کند ذہن کی علامت ہے۔

۷۔ دائیں ہاتھ کا بائیں ہاتھ سے طویل ہونا خودغرضی، بزدلی اور کم ہمتی کی دلیل ہے۔

۸۔ بایاں ہاتھ بڑا ہو۔ نیک اخلاق اور سخی ہونے کی علامت ہے۔

۹۔ انگلی سیدھی کرنے میں ہتھیلی کی طرف جھکے تو خودغرضی اور حرص کی علامت ہے۔

۱۰۔ باہر کی طرف جھکنا۔ فیاضی کی نشانی ہے۔

۱۱۔ انگلی پر انگلی کا چڑھنا، غربت کی علامت ہے۔

۱۲۔ اگر بیچ کی انگلی اوپر والی سے پتلی اور نیچے سے موٹی ہو۔ تو یہ شوقینی اور کفائت شعاری اور صفائی کی علامت ہے۔

قیافہ یدین

اس علم کو سامدرک دو دیا اور پامسٹری کہتے ہیں اس علم میں ہاتھوں کی لکیریں دیکھ کر آدمی

کے نیک و بد کے متعلق پیش گوئی کی جاتی ہے یہ علم بجائے خود نہایت وسیع ہے۔ اس کے عالم مشرق اور مغرب میں گذرے ہیں۔ یورپین زبانوں انگریزی وغیرہ میں بھی اس فن و علم کی کتابیں موجود ہیں۔ ہاتھوں کی لکیروں کو ہندی زبان میں ریکھا کہتے ہیں۔

ہاتھوں کا قیافہ

پتلا چھوٹا ہاتھ۔ صائب الرائے۔ مستقل مزاج، تیز فہم مگر حریص ہونے کی علامت ہے۔
لمبے ہاتھ۔ باریک بین۔ تفصیلات میں جانے والا۔ فکر رس بہادر ہوتا ہے۔
سخت اور مضبوط۔ مستقل مزاجی اور پھرتی کی دلیل ہے۔
نرم پھیلے ہوئے، غافل اور کاہل ہونے کی علامت ہے۔
گٹھیلے اور سخت، علم و تربیت اور عزور و خود غرضی کی علامت ہے۔
چھوٹے اور موٹے۔ جلد باز، بے سوچے سمجھے کام کرنے والا۔

قیافہ انگشت

انگوٹھا یا نر انگشت۔ ستارۂ زہرہ سے منسوب ہے۔
انگوٹھا بڑا ہو تو دانشمندی کی دلیل ہے۔ مبارک ہو۔ ذہین اور شریف ہونے کی علامت ہے۔
" چھوٹا ہو تو بے وقوفی کی علامت ہے۔
" اندر کی طرف جھکا ہوا ہو تو بخل، حرص کی دلالت کرتا ہے۔
" باہر کی طرف مائل، سخاوت کی دلیل ہے۔
" بھدا بد وضع، موٹا چھوٹا، کینہ، مجرم، گنہگار اور بد اعمال ہونے کی دلیل ہے۔
" اوسط درجہ کا سیدھا۔ اپنی ذات پر بھروسہ کرنے والا۔ محتاط۔
" انگلیوں کی طرف جھکا ہوا۔ بد مزاج۔ کم گو۔ بزدل۔
ناخن والی گانٹھ نرم۔ خدا ترس۔ فیاض۔ آزاد خیال، لاپروا، فضول خرچ، نیک، بے آزار۔ دوسروں کی رائے کی قدر کرنے والا۔
انگوٹھا باہر کی طرف مائل، مل کر کام کرنے والا، اثر پذیر، مددگار۔
ناخن والی گانٹھ سخت، انگوٹھا جھکانے سے باہر نہ جھکے، محتاط، دوراندیش، مستقل مزاج۔

منسف مزاج، کفایت شعار بلکہ بخیل، لالچی، تنگ دل، بے مروت، طوطا چشم، ضدی۔
انگوٹھے کی ناخن والی پور بڑی ہو، قوت ارادی کامل ہو، ضدی، مستقل مزاج، خود پسند۔
ناخن والی پور متوسط، اوسط درجہ ہو۔
ناخن والی پور چھوٹی کمزور ہو۔
انگوٹھے کی دوسری پور بڑی، عقل و فہم، ادراک اور قوت استدلال کامل ہو۔ عالم فصیح خوش تعبیر
" " " متوسط، علم و عقل میں متوسط ہو۔
" " " چھوٹی، کم عقل ہو۔
" " تیسری پور بڑی، محبت، دوستی اور عشق میں کامل، نرم دل۔
" " " متوسط۔ کم دوست۔
" " " چھوٹی۔ محبت اور دوستی سے بیگانہ محض سخت دل۔

انگلیاں

انگلیوں کے سرے گول نہ ہوں۔ ذرا چپٹے ہوں تو ایسا شخص مستقل مزاج، پابند وقت، خوش اخلاق، مؤدب، لائق، شائق حکومت، دوسروں کی مداخلت نہ پسند کرنے والا ہوتا ہے۔
سرے چپٹے انگلیاں نرم، صفائی پسند، خوش پوشی باقاعدگی، متوسط اخلاق کی علامت ہے۔
چوڑے سرو الی سخت اور گانٹھ دار انگلیاں۔ راست بازی، خوش اطواری، بے ریائی اور با اصول کی علامت ہے۔
انگلیاں نوک دار ہوں۔ تو وہ تذبذب، غیر مستقل مزاجی، ناکامی، سہل انگاری، محنت سے بھاگے۔ خیالی پلاؤ پکانے کی دلیل ہے۔ نیز ایسا آدمی عیش کی طرف مائل رہتا۔ اور لوگوں سے دشمنی کرتا پھرتا ہے۔
انگلیاں نوک دار نرم، ہنرمند، ماہر فن مصور، بے قابو طبیعت والا، لاپرواہ، متلون مزاج، ضدی، صاحب ارادہ۔
انگلیاں نوک دار اور سخت، عاشق مزاج، عیش پسند۔
لمبی انگلیاں، کاہل، نکتہ چین، نفاست پسند، عمدہ لباس کا شائق، محتاط، مذہب

پسند، کمزور دل، خبطی مزاج۔

چھوٹی انگلیاں، خوش طبع، بے خوف، ذہین، بلند حوصلہ، جلد غصہ میں آ جانے والا، اسی طرح جلد راضی ہو جانے والا۔ دُور اندیش بہت کم۔

انگلیاں ہتھیلی کی طرف جھکی ہوئیں، بزدل، مغرور، طامع، مکار۔

انگلیاں باہر پشت کی طرف جھکی ہوئیں۔ فیاض، فضول خرچ۔

انگلیاں بدنما ٹیڑھی اور مڑی ہوئیں، بدمزاج۔ جھگڑالو۔

انگلیاں موٹی اور بھدی۔ خودغرض اور سنگ دل۔

انگلیاں کے بڑے چھوٹے معلوم کرنے کا طریق یہ ہے۔ کہ درمیانی انگلی کو ناخن کے سرے سے لے کر اس کے آخری جوڑ تک ناپیں۔ پس اگر انگلیاں بڑی ہوں تو انہیں بڑا سمجھیں اور اگر ہتھیلی بڑی ہو تو انگلیوں کو چھوٹا سمجھیں۔

انگلیوں کا درمیانی فاصلہ

ہاتھ اور انگلیاں خوب پھیلاؤ۔ پس اگر پہلی اور دوسری انگلی کے درمیان غیر معمولی فاصلہ رہے۔ تو ایسے ہاتھ والا آدمی، آزاد خیال، خود رائے اور ضدی ہوگا۔

اگر دوسری اور تیسری انگلی کے درمیان زیادہ فاصلہ رہے۔ تو یہ غافل اور ناعاقبت اندیش ہونے کی علامت ہے۔

اگر تیسری اور چوتھی کے درمیان زیادہ فاصلہ رہے۔ تو ایسا آدمی خود رائے، آزاد منش ہوگا۔

اگر پہلی انگلی دوسری انگلی کی اوپر والی پور کے برابر یا اس سے ذرا کم ہو۔ تو ایسا شخص سخت مزاج، ظالم، متکبر اور حکومت کا شائق ہوتا ہے۔

اگر معمول سے چھوٹی ہو۔ تو ایسا شخص لیڈر نہیں بن سکتا۔

اگر درمیانی انگلی زیادہ بڑی ہو۔ تو یہ امر مایوسی، بددلی، غم پسندی اور فاسد خیال کی دلیل ہے۔ اگر زیادہ چھوٹی ہو۔ تو اوچھے پن، کم ظرفی اور بیہودہ گوئی کی علامت ہے۔

اگر تیسری انگلی دوسری انگلی کے اوپر والے پور کے نصف تک لمبی ہو۔ تو یہ خوش طبعی اور کامیاب زندگی کی علامت ہے۔

اگر اس سے زیادہ لمبی یعنی درمیانی انگلی کے برابر ہو۔ تو قمار بازی وغیرہ افعال بد کی طرف دلالت کرتی ہے۔

اگر چھوٹی ہو تو خلوت پسندی کی علامت ہے۔

اگر چوتھی انگلی، تیسری انگلی کے اوپر والے پور کے جوڑ تک ہو تو ایسا شخص فہیم و ذہین اور فصیح و بلیغ ہوتا ہے۔ اور وہ دوسروں کو قابو میں رکھ سکتا ہے۔

اگر اس جوڑ سے نیچی ہو۔ تو ایسی انگلیوں والا آدمی معاملہ فہم اور رازدار ہوتا ہے۔

اگر اس جوڑ سے اونچی ہو تو ایسی انگلیوں والا آدمی وہمی، سادہ لوح اور کند ذہن ہوتا ہے۔

اگر ہاتھ کی انگلیاں کھڑے ہونے میں ہتھیلی کی طرف جھکی ہوں۔ تو ایسا شخص مغرور، لالچی، مالدار اور دستکار ہوگا۔

اگر باہر کی طرف جھکی ہوں تو سخی، فضول خرچ۔

اگر انگلیاں ملانے سے درمیان میں شگاف نہ ہوں۔ تو یہ دولتمندی کی علامت ہے۔

اگر شگاف ہو تو متوسط الحال، فضول خرچ۔

اگر شگاف فراخ ہو۔ تو بدنصیب، فضول خرچ، مفلس ہوگا۔

ہاتھ کی جلد

باریک جلد بہت شریف، خوش خلق، شائستہ، پاکیزہ مزاج، باتمیز، ایسی جلد پتلی اور چکنی ہوتی ہے۔ مسام اور خط باریک۔

موٹی جلد۔ بداخلاق، بے تمیز، بے مروت، زبان دراز، جلد سخت، مسام موٹے اور لکیریں خوب موٹی۔

اوسط جلد، اعتدال پسند، میانہ رو، دانشمند، شریف آدمی مذکورہ بالا دونوں قسم سے مختلف۔

پہلی انگلی (سبابہ)

پہلی انگلی یعنی انگوٹھے کے پاس والی انگلی کو عربی میں سبابہ کہتے ہیں۔ اور اسے مشتری کے ساتھ منسوب کیا جاتا ہے۔

اگر یہ انگلی لمبی ہو۔ تو غور و فکر اور کفایت شعاری کی دلیل ہے۔
نوکدار، تیز فہمی کی علامت ہے۔ ایمانداری اور عقلمندی کی دلیل ہے۔
چوکور، دوستی اور محبت کی دلیل اور بہادری کی دلیل ہے۔
کدال کی شکل اندر جھکی ہوئی، مبالغہ پر دلالت کرتی ہے۔
گول، سنجیدگی اور بلند حوصلگی کی علامت ہے۔

دوسری انگلی

یہ انگلی زحل ستارہ سے منسوب ہے۔
نوکدار جھوٹی محبت، خوش طبع۔
چوکور، عقلمند اور معاملہ فہم۔
کدال کی شکل، چالاکی پر دلالت کرتی ہے۔
گول عقلمندی اور دانائی کی علامت ہے۔
چوڑا۔ وہمی، کم ہمتی۔

تیسری انگلی

اس انگلی کو یونان کے دیوتا اپالو سے منسوب کیا جاتا ہے۔
نوکدار، شوقین، ہنرمند۔
مربع۔ عقل مند۔ راست باز۔
کدال۔ کامل نقال۔
جوڑ موزوں اور مناسب، جاہ و حشمت کی دلیل ہے۔
سرا گول۔ کفایت شعاری۔
سرا چوڑا۔ بہادری۔ دانائی۔

چوتھی انگلی

یہ عطارد ستارہ سے منسوب ہے۔
نوکدار فصاحت اور علمی تحقیقات کا شوق۔

گول۔ خدا ترس۔ عابد۔

چوڑی، مستقل مزاج، حاضر جواب۔ رائے صائب۔

جوڑ موزوں۔ موجد و منصف۔

ہتھیلی

نیچی ہتھیلی امیر ہونے کی علامت ہے۔ اور میانہ روی کی دلیل ہے۔

ابھری ہوئی اونچی، فضول خرچ، ناجائز کاموں پر روپیہ برباد کرنے والا۔

اگر گڑھا پڑے۔ دولت مندی کی دلیل ہے۔

ہتھیلی بھاری اور انگلیاں چھوٹی ہوں۔ قابلیت معمولی، طبیعت میں بے قاعدگی محنت سے بھاگنے والا اور عجیب قصے کہانیاں کا شوق۔

موٹی اور سخت۔ حریص۔ لالچی۔

ہتھیلی نرم۔ خوش نصیب، با اقبال۔

کمزور گوشت سے خالی، نشان افلاس۔

رنگ سرخ، حسن و نزاکت۔

رنگ زرد۔ فسق فجور اور بے ہودگی۔

رنگ سفید۔ بے قسمتی۔

رنگ سیاہ۔ بدقسمتی۔

درمیانی انگلی کے برابر، متوسط درجہ، اوصاف مذکور۔

درمیانی انگلی سے زیادہ لمبی، عاقل ذہین۔ باریک بین، مال دار

درمیانی انگلی چھوٹی۔ بدنصیب، بخیل، حاسد، احمق۔

ناخن

اگر ناخن بڑے گول ہوں۔ تو وہ سادگی اور شرم کی علامت ہیں۔ نیک طبعی۔

اگر ناخن چھوٹے تنگ ہوں، تو جھگڑالو۔ حرکت قلب۔ بزدل۔ لالچی۔ مغرور۔ زود رنج۔ فالج گرنے کا اندیشہ۔

ناخن زیادہ چوڑے - ضدی -

ناخن پھٹے ہوئے - عصبی امراض کی علامت -

ناخن لمبے - نیک فیاض مگر جسم کمزور سینہ اور پھیپھڑا ضعیف، امراض گلو -

ناخن لمبے، رنگ نیلا - کمئی خون - جلد بیمار ہو -

ناخن لمبے، رنگ سرخ - عمدہ صحت -

ناخن سفید - بیماری کی علامت ہے -

ناخن زرد - بیماری کی علامت ہے -

ناخن سیاہ - افلاس نحوست وغیرہ کی دلیل ہے -

خطوط ید یعنی ریکھا

ہر انسان کے ہاتھوں میں لکیریں پائی جاتی ہیں - اور وہ مختلف شکل و وضع کی ہوتی ہیں - یعنی مختلف انسانوں کی لکیروں میں کچھ نہ کچھ فرق ضرور ہوتا ہے -

ان لکیروں کے متعلق ڈاکٹروں اور سائنس دانوں کا یہ خیال ہے - کہ جب بچہ شکم میں ہوتا ہے - تو اس کی مٹھیاں بند رہتی ہیں - لہذا لکیریں پڑ جاتی ہیں -

لیکن اہل نجوم ان لکیروں کو خاص اہمیت دیتے ہیں یعنی نوشتۂ تقدیر بتلاتے ہیں - وہ کہتے ہیں کہ انسان کو زندگی میں جو واقعات پیش آنے والے ہوتے ہیں - ان کے اشارات ہاتھ میں بنا دیئے جاتے ہیں - گویا وہ انسانی اعمال و انجام کی مختصر سی فہرست مضمون ہیں -

اہل نجوم - سائنس دانوں کے قول کی تکذیب و تردید کر کے کہتے ہیں - کہ اگر وہ لکیریں مٹھی بند کرنے ہی کی وجہ سے پڑ جاتی ہیں تو پھر ان میں اختلاف کیوں ہوتا ہے - اور وہ تمام آدمیوں کی یکساں کیوں نہیں ہوتیں -

غالباً سائنس کے حامی اس اعتراض کا کوئی حقیقی اور صحیح جواب اب تک نہیں دے سکے ہیں - بہر حال اہل نجوم کا عقیدہ یہ ہے - کہ ہاتھ کی لکیریں نوشتۂ تقدیر اور اسرار قسمت

ہیں۔ جو حکیم مطلق کی حکمتِ بالغہ پر دلالت کرتی ہیں۔

انگلیوں اور ہتھیلی کی لکیریں

ہتھیلی کی طویل لکیریں بعض سیدھی ہوتی ہیں اور بعض ٹیرھی۔ کچھ ایک دوسرے کو کاٹتی یا باہم ملی ہوتی ہیں۔ اور یہ مل کر خاص خاص شکلیں بھی بناتی ہیں۔

یہ اشکال کنول، مچھلی، تاج، جھنڈا، کٹار، تلوار، انسانی چہرہ سے مشابہ ہوتی ہیں۔

علاوہ ازیں انگلیوں کے سروں پر گول گول چکر اور بعض انگلیوں کے پچھلی طرف آنکھ کی سی شکل ہوتی ہے۔

۱۔ ایک بڑی اور موٹی لکیر ہتھیلی کے نیچے سے شروع ہو کر اوپر کی طرف خم کھائی ہوئی جاتی ہے۔



۲۔ اور دوسری انگلیوں کے درمیان جا کر ختم ہو جاتی ہے۔ یہ عمر کی لکیر ہے۔ اگر یہ دونوں انگلیوں کے درمیان تک چلی جاتے۔ تو عمر سو برس کی ہو گی۔ اگر ذرا دور رہ جائے تو اس کی عمر اسّی برس کی ہو گی۔ اگر اس سے بھی کم۔

تو ساٹھ برس کی۔

جو لکیریں اس لکیر کو کاٹتی ہوئی گذرتی ہیں۔ وہ بیماری کی لکیریں ہیں۔ جتنی لکیریں کاٹتی ہوئی گذریں۔ اتنی ہی بار سخت بیماریاں آئیں گی۔ بڑی لکیریں سخت بیماریوں کی اور چھوٹی معمولی بیماریوں کی ہوتی ہیں۔

مٹھی بند کرنے کے وقت کچھ لکیریں سب سے چھوٹی انگلی کے پاس آگ کے مرکز کی طرف ہُوا کرتی ہیں۔ پس وہ بیویوں کی تعداد ظاہر کرتی ہیں۔

ایک لکیر سے ایک بیوی۔ دو سے دو اور تین سے تین مراد ہوتی ہیں۔ جس قدر لکیریں چھوٹی ہوں وہ جلد مر جاتی ہیں۔ بڑی لکیروں والی زیادہ مدت تک زندہ رہتی ہیں۔

نشانات

اگر انگوٹھے پر بڑا چکر ہو۔ اور وہ موٹا بھی ہو۔ تو مالداری اور سرداری کی علامت ہے۔

انگوٹھے کے جوڑ میں پچھلی طرف جتنے بڑے نشان ہوں گے اتنے ہی بھائی ہوتے ہیں۔ اور چھوٹے نشان لڑکیوں کے ہیں۔

نشانِ ماہتاب ہاتھ میں ہونا مالداری کی علامت ہے۔

تلوار کا نشان، کٹار کا نشان، جواں مردی اور بہادری کا نشان۔

تاج چھتر۔ حکومت کی علامت ہے۔

کنول یا نیلوفر کا نشان۔ عمر دراز ہونے کی علامت ہے۔

گائے کا نشان زمیندار ہونے کی دلیل ہے۔

ہاتھی گھوڑا۔ فتح مندی کی علامت ہے۔

گاڑی۔ سوداگر ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

تیر کا نشان۔ ہمیشہ سفر میں رہنے کی علامت ہے۔

دوات۔ اہل قلم۔ اہل کار ہونے کی علامت ہے۔

کرسی۔ چوکی، پلنگ۔ آرام سے زندگی بسر ہونے کی علامت ہے۔

چوہا۔ چوری میں تمام عمر بسر ہو۔

تسبیح۔ پرہیزگار اور عابد بنے۔

ہاتھ میں عموماً چار بڑے خط یا ریکھائیں ہوتی ہیں۔ جن کے نام اہلِ نجوم نے حسب ذیل مقرر کیے ہیں

۱۔ خطِ زندگی۔ (۲) خطِ دل (۳) خطِ دماغ (۴) خط تقدیر۔

خطِ زندگی

اس خط کا تعلق جسمانی طاقت اور صحت وغیرہ سے ہے۔ علاوہ ازیں اس سے



بیماری زندگی کے گذشتہ موجودہ اور آیندہ زمانوں کے حالات معلوم ہوتے ہیں۔

اگر خطِ زندگی خوب گہرا طویل اور نمایاں اور بے عیب ہو تو یہ بیماری سے محفوظ رہنے اور طویل عمری کی علامت ہے۔

اگر یہ خط چھوٹا اور مدھم ہو۔ تو بیماری اور کم عمری کا نشان ہے۔

اگر یہ خط شروع ہی میں خطِ دماغ سے ملا ہوا ہو۔ اور پھر جلد جدا ہو گیا ہو۔ تو ایسے ہاتھ والا آدمی عاقل، محتاط۔ اعلیٰ قوت فیصلہ والا۔ ابتدائی عمر ہی سے ذمہ دار

محسوس کرنے والا ہوتا ہے۔

اگر خطِ زندگی ہتھیلی کے درمیان تک خطِ دماغ کے ساتھ چلا جائے۔ تو ایسے ہاتھ والے کو اپنے پر بھروسہ نہیں ہوتا۔ اور وہ غیر ضروری احتیاط کی وجہ سے کم کامیاب ہوتا ہے۔

اگر خطِ زندگی شروع میں خطِ دماغ سے ذرا جدا ہو۔ تو ایسے ہاتھ والا آدمی، غیر محتاط آزاد، عالی ہمت۔ اپنی ذات پر بھروسہ کرنے والا۔ موقع ضایع نہ کرنے والا۔ اور زندگی کی جدوجہد میں اپنا رستہ خود بنانے والا ہوتا ہے۔

اگر یہ خط، خطِ دماغ سے زیادہ دور ہو۔ تو ایسے ہاتھ والا آدمی آزاد۔ بے خوف شیخی باز اور جلد باز ہوتا ہے۔

خط زندگی بالعموم پہلی انگلی اور انگوٹھے کے درمیانی مقام سے شروع ہوتا ہے لیکن اگر یہ کسی ہاتھ میں پہلی انگلی کی جڑ (مشتری کے ابھار) سے شروع ہو۔ تو ایسے ہاتھ والا آدمی حکومت، عزت، دولت اور شہرت کا شائق ہوگا۔

اگر اس خط کا سرا انگوٹھے کی طرف جھکا ہوا ہو۔ تو ایسا شخص بدمزاج ہوتا ہے۔ اور وہ عورتوں کی طرف زیادہ مائل نہیں ہوتا۔

اگر خطِ زندگی سے بال سے باریک چھوٹی چھوٹی لکیریں نکلی ہوں۔ جن کا رخ نیچے کی طرف ہو۔ تو یہ لکیریں خط زندگی کے جس حصے میں ہوں۔ عمر کے اسی حصے میں سخت بیماری اور مالی نقصان ہوگا۔

اگر ان چھوٹی چھوٹی پھوٹنے والی لکیروں کا رخ بالائی جانب ہو تو یہ عروج و ترقی کی علامت ہے۔

اگر کوئی چھوٹی لکیر اوپر کی طرف جا کر پہلی انگلی کے جڑ والے ابھار مشتری تک پہنچ جائے تو خط زندگی کے جس حصے سے یہ لکیر نکلی ہے۔ اسی حصہ عمر میں عروج اور ترقی ہوگی۔

اگر کوئی لکیر خطِ زندگی سے نکل کر دوسری انگلی کی جڑ والے ابھار زحل تک چلی جائے تو یہ اپنی محنت اور کوشش سے روز افزوں ترقی کرنے کی علامت ہے۔

اگر کوئی لکیر تیسری انگلی کے جڑ والے ابھار شمس تک چلی جائے۔ تو راحت نیک نامی

اور شہرت حاصل ہو۔

اگر کوئی لکیر خطِ زندگی سے نکل کر چھوٹی انگلی کے جڑ والے ابھار عطارد تک چلی جائے۔ تو تجارتی، علمی اور فنی ترقی کرے۔

اگر ایک یا چند باریک لکیریں انگوٹھے کی جڑ یا ابھار زہرہ سے نکل کر خطِ زندگی کی طرف بڑھ جائیں۔ اور اسے کاٹ دیں۔ تو اس عمر میں بھائی بہنوں اور عزیزوں کی طرف سے نقصان پہنچے گا۔

اگر یہ لکیر خطِ زندگی کاٹ کر دماغ تک چلی جائے۔ تو عزیزوں کی مخالفت کی وجہ سے مالی نقصان اور تکلیف بھی ہو۔

اگر یہ لکیر تمام خطوط کاٹ کر خطِ دل تک پہنچ جائے۔ تو عزیزوں کی مخالفت کے سبب محبت میں ناکامی ہو۔

اگر خطِ زندگی جگہ جگہ سے ٹوٹا پھوٹا اور زنجیر دار ہو تو ایسا آدمی زیادہ بیمار رہے۔

اگر اس خط کے آخر میں چھوٹی سی آڑی لکیر ہو۔ تو یکایک موت کا حملہ ہو۔ خطِ زندگی جس جگہ ٹوٹے اور بائیں ہاتھ پر بھی اسی جگہ سے ٹوٹا ہوا ہو۔ تو موت اسی عمر میں واقع ہوگی۔

اگر یہ خط ایک ہی ہاتھ میں ٹوٹا ہوا ہو۔ اور دوسرے میں سالم ہو۔ تو بیماری سخت ہوگی۔ مگر موت سے بچ جائے گا۔

خطِ دماغ

خطِ دماغ کا تعلق دماغی قوتوں عقل وغیرہ سے ہے۔ اس سے آدمی کی سمجھ بوجھ اور ذہانت کا حال معلوم ہوگا۔

عمدہ خطِ دماغ۔ سیدھا۔ بے عیب۔ نہ زیادہ لمبا اور نہ چھوٹا۔ جو خطِ زندگی کے آغاز سے شروع ہو کر ہتھیلی کے دوسرے سرے سے ذرا ورے ہی ختم ہو جائے۔ ایسے خط والا آدمی "صحیح الدماغ" کامیاب اور ہمہ صفت موصوف ہوتا ہے۔

اگر خطِ دماغ زیادہ طویل یعنی ہتھیلی کے دوسرے کنارے تک پہنچا ہوا ہو۔ تو یہ خود غرض ہونے کی دلیل ہے۔

اگر یہ خط ہتھیلی کے بیچ میں ختم ہو جائے۔ تو لالچ اور زر پرستی کی دلیل ہے۔
اگر یہ خط سیدھا نہ ہو بلکہ آگے جاکر مریخ ابھار کی طرف مڑ جائے۔ تو ایسے خط والا آدمی چوبیس گھنٹے فراہمی زر ہی میں لگا رہے۔
اگر خط دماغی ابھار قمر کی طرف مڑ کر ابھار کے اوپر تک چلا جائے۔ تو ایسے ہاتھ والا آدمی خیالی پلاؤ پکانے والا اور وہمی و شکی ہوگا۔
اگر خطِ دماغ کی دو شاخیں ہو جائیں۔ جن میں سے ایک ابھار قمر کی طرف۔ اور دوسری ابھار مریخ کی طرف چلی جائے۔ تو ایسا شخص عالی دماغ۔ لائق۔ کامیاب ہوگا۔
اگر خطِ دماغ سے کوئی باریک سی لکیر نکل کر پہلی۔ دوسری یا تیسری انگلی کی جڑ والے ابھار تک جا پہنچے۔ تو ایسا آدمی عزت و شہرت کا طالب ہوگا۔ اور کامیاب بھی۔
اگر خطِ دماغ سے کوئی لکیر پھوٹ کر دوسری انگلی کے جڑ والے ابھار زحل تک جا پہنچے تو ایسا شخص تنہائی پسند، غمگین، مذہبی اور موسیقی کا دلدادہ ہوتا ہے۔
اگر خطِ دماغ سے نکلی ہوئی کوئی لکیر چھوٹی انگلی کے جڑ والے ابھار عطارد تک چلی جائے۔ تو ایسا شخص دماغی اور علمی تجربوں میں کامیاب ہو سکتا ہے۔
اگر خطِ دماغ انگوٹھے اور پہلی انگلی کے درمیان جگہ (جو اس کا اصل مقام ہے) پہلی انگلی کے جڑ والے ابھار مشتری سے شروع ہو۔ یا اس کی شاخ ہی مشتری تک چلی جائے تو یہ لیڈر اور حاکم ہونے کی علامت ہے۔ ایسی لکیروں والا آدمی لائق اور عالی دماغ ہوتا ہے۔

خطِ دل

اس خط کا تعلق کیفیت نفس اور طبعی رجحان کے ساتھ ہے۔ اس سے انسان کے جذبات معلوم ہوتے ہیں۔
خطِ دل مشتری کے ابھار سے شروع ہو کر ہتھیلی کے کنارہ تک آتا ہے۔
اگر خطِ دل ابھار مشتری کے آخری کنارے سے شروع ہو۔ تو ایسا شخص دیوانہ عشق اور محبوب کا پرستار ہوگا۔ شک اور بدگمانی بھی ہوگی۔ حتیٰ کہ فریقین تکلیف و غم اٹھائیں گے

اگر خطِ دل پہلی انگلی کی جڑ کے درمیان سے شروع ہو تو ایسا آدمی نیک۔ باحیا۔ معتدل مزاج۔ ہمدرد اور مستقل مزاج ہوتا ہے۔ نیز خوددار۔ محبوب سے بھی خودداری اور بے نیازی روا رکھنے والا۔

اگر خطِ دل پہلی اور دوسری انگلی کے درمیان سے شروع ہو۔ تو اس کی محبت اوسط درجہ کی ہوتی ہے۔ نفسانیت آمیز۔ ایسا آدمی بلند ہمت۔ وفادار۔ محبت کرنے والا اور چپ رہنے والا۔ معمولی بات سے بدظن نہ ہونے والا۔ نہ محبوب کی بے اعتنائیوں کو اہمیت دینے والا ہوتا ہے۔

اگر خطِ دل دوسری انگلی کے نیچے سے شروع ہو۔ تو ایسا آدمی بندۂ نفس طوطا چشم خودغرض۔ سخت مزاج۔ خاموش اور تنہائی پسند ہوتا ہے۔

خطِ دل جس قدر پیچھے ہٹ کر شروع ہوتا ہے۔ آدمی میں اسی قدر مذکورہ بالا برائیاں زیادہ ہوتی ہیں۔

اگر خطِ دل سے چھوٹی چھوٹی باریک لکیریں نکلیں۔ جن کے رخ اوپر کی طرف ہوں تو ایسا آدمی نرم دل اور محبت کرنے والا ہوگا۔

اگر خطِ دل کی لکیروں کے سرے نیچے کی طرف ہوں۔ تو ایسا شخص نرم دل اور ناکامِ محبت ہوگا۔

اگر خطِ دل میں سے کوئی شاخ (لکیر) نہ نکلے۔ تو ایسا آدمی بے مروت اور سنگ دل ہوتا ہے۔

اگر خطِ دل مذکورہ بالا مقام کے بجائے ابھارِ قمر کی طرف جاکر ختم ہو۔ تو ایسا آدمی شکی، وہمی اور غیر مطمئن ہوگا۔

اگر خطِ دل سے کوئی شاخ نکل کر خطِ دماغ سے مل جائے۔ تو ایسا آدمی نیکی کے بدلے بدی کرے گا۔ ایسے آدمی کو اولاد اور محبوب سے بھی راحت نہیں ملتی۔ کیونکہ کینے سے دل لگاتا ہے۔ اگرچہ وہ خود شریف۔ نرم دل اور محبت کرنے والا ہوتا ہے۔

اگر خطِ دل کسی مقام کے کسی ابھار کی طرف جھکا ہوا ہو۔ تو ایسے آدمی کے دل

ہیں اس ابھار کی خصوصیات نمایاں ہوں گی۔
اگر خطِ دل کا کوئی حصہ خطِ دماغ کی طرف مائل ہو۔ تو عمر کے اسی حصے میں جذبات عقل پر غالب رہیں گے۔
اگر خطِ دل پہلی انگلی کی طرف مائل ہونے کی بجائے آغازِ خطِ دماغ کی طرف جھکا ہوا ہو۔ تو جذبات پر عقل حکمران رہے گی۔ اور محبت غرض کی ہوگی۔
اگر خط دل اول سے آخر تک خطِ دماغ کے متوازی چلا جائے۔ تو ایسا آدمی بےخوف خودسر اور غصہ ور ہوگا۔ اپنی ضد پوری کرکے رہتا ہے۔ اور انجام کے خیال کے بغیر خطرے میں پڑ جاتا ہے۔
اگر خطِ دل خطِ دماغ میں مل جائے۔ تو ایسا آدمی سرگرم اور پر جوش ہوتا ہے۔ اور استقلال کا پتلا۔ پوری کوشش سے کام کرتا اور مہم سر کرتا ہے اعتدال ندارد۔ حد سے زیادہ خوشی یا غم۔ امید یا ناامیدی میں ترقی کرتا ہے یا بے حد تنزل۔
اگر خطِ دل بہت ہی خفیف ہو۔ یا بالکل نہ ہو۔ تو ایسا آدمی خودغرض۔ مکار، ظالم اور سنگدل ہوتا ہے۔
چونکہ اکثر یہ خط خط دماغ میں مل جایا کرتا ہے۔ لہذا ان دونوں باتوں میں فرق کرنا چاہیئے۔ اور یہ بات بغور دیکھنی چاہیئے۔

خط تقدیر

اگر خطِ تقدیر کلائی سے شروع ہوکر ہتھیلی کو وسط سے دو حصے کرتا ہوا۔ دوسری انگلی کی جڑ تک سیدھا چلا جائے۔ تو ایسے ہاتھ والا آدمی دولت مند۔ کامیاب اور ہرطرح خوش نصیب ہوتا ہے۔
اگر خطِ تقدیر کلائی کے پاس شروع ہی میں خطِ زندگی سے ملا ہوا ہو۔ اور آگے صاف و واضح ابھار زحل تک چلا جائے تو ایسے آدمی کی ابتدائی زندگی عزیزوں کی وجہ سے خراب ہوگی۔ لیکن آئندہ ترقی ہوگی۔
اگر خطِ تقدیر ابھار قمر سے شروع ہوکر ابھار زحل تک چلا جائے۔ تو ایسا آدمی

دوسروں کی مدد سے ترقی کرے گا۔
اگر خطِ تقدیر ابھار زہرہ سے شروع ہو تو بھائیوں اور دوستوں کی مدد سے ترقی ہو۔
اگر خطِ تقدیر ہتھیلی کے درمیان سے شروع ہوا اور اس کے بعد واضح طور پر ابھار زحل تک چلا جائے تو ابتدائی زندگی افلاس میں گزریگی۔ لیکن ۲۵ سال کے بعد عروج ہوگا۔
اگر خطِ تقدیر خطِ زندگی کے کسی حصہ سے شروع ہو۔ تو ایسا شخص ذاتی قابلیت اور جدوجہد سے ترقی کرے۔
اگر خطِ تقدیر خطِ دماغ سے شروع ہو تو زندگی ۲۵ یا ۲۸ سال تک تلخ اور اس کے بعد ذہنی اور دماغی ترقی۔
اگر خطِ تقدیر خطِ دل سے شروع ہو تو زندگی ۴۰ یا ۵۰ سال تک مصیبتوں سے لبریز مگر اس کے بعد ذرا اطمینان میں آئے۔
اگر خطِ تقدیر شروع میں درست ہو اور اوپر جا کر کہیں ختم ہو جائے تو شروع ایام آرام و اطمینان سے گزریں گے اور اس کے بعد مفلسی اور مصیبت آدبائے گی۔
اگر خطِ تقدیر ٹکڑے ٹکڑے ہو اور یہی کیفیت آخر تک ہو یا خط لہردار ہو۔ صاف حصہ اچھا رہے گا۔ اور شکستہ میں مالی نقصان ہوگا۔
اگر خطِ تقدیر سے چھوٹی چھوٹی لکیریں اوپر کی طرف رخ کی ہوں تو وہ ترقی اور اطمینان کی علامات ہیں۔
اگر خطِ تقدیر کی شاخوں کا رخ نیچے کی طرف ہو۔ تو وہ جسمانی تکلیف اور مالی پریشانی کی علامت ہے۔
اگر خطِ تقدیر میں کہیں ٹیڑھی لکیر ہو۔ تو عمر کے اسی حصہ میں تکلیف و پریشانی لاحق ہوگی اور یہ لکیر جس قدر زیادہ گہری ہوگی۔ اسی قدر زیادہ بے اطمینانی اور پریشانی ہوگی۔

ابھار یا برج

ہر انگلی کے جوڑ پر (جہاں وہ ہتھیلی سے ملتی ہے) ایک ابھار ہوتا ہے۔ جسے اہل نجوم اپنی اصطلاح میں برج کہتے ہیں۔ یہ بھی لکیروں اور خطوں کی مانند خاص اہمیت رکھتے

ہیں۔ لہٰذا ان کا ذکر بھی حسب ذیل ہے۔ ان ابھاروں کے خاص نام یہ ہیں۔

ابھار مشتری

مشتری اس ابھار کا نام ہے جو پہلی انگلی کے نیچے ہوتا ہے۔

اگر ابھار مشتری معتدل ہو۔ اور زیادہ اونچا نہ ہو اور نہ اس پر ترچھا خط ہو۔ تو ایسے ہاتھ والا آدمی ظریف۔ فیاض۔ اقتدار کا شائق۔ دلوں پر حکومت کرنے والا اور مظلوم کا حامی ہوتا ہے۔ اسی طرح وہ مکر و فریب سے متنفر اور ظالم کا مخالف ہوتا ہے۔ اس کی طبیعت میں جوش اور خودداری زیادہ ہوتی ہے۔ ایسا شخص عزیزوں سے سلوک اور دوستوں سے محبت کرنے والا۔ اور مذہب کا عاشق ہوتا ہے

اگر ابھار مشتری پر سیدھی لکیر ہو۔ یہ خوش قسمتی کی دلیل ہے۔

اگر ابھار مشتری پر ترچھی لکیر ہو۔ تو مذکورہ بالا خوبیوں کا خاتمہ کر دیتی ہے۔

اگر ابھار مشتری بہت زیادہ اونچا ہو تو ایسا آدمی مغرور، بے رحم اور ظالم ہوتا ہے۔

ابھار زحل

مقام۔ دوسری انگلی کے نیچے :۔ اگر ابھار زحل معتدل و مناسب ہو تو ایسا آدمی متانت پسند، محتاط۔ دور اندیش۔ وفادار اور دیانت دار ہوتا ہے۔ نیز مستقل مزاج۔ غصہ ور مذہب پسند، حامی آزادی۔ تنہائی پسند ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں ایسے ہاتھ والا آدمی زراعت اور دیہات کی بود و باش پسند کرتا ہے۔

اگر ابھار زحل حد سے زیادہ ہو۔ تو ایسا آدمی ضدی، وہمی، غم زدہ اور مغرور ہوتا ہے۔

ابھار شمس

مقام۔ تیسری انگلی کی جڑ کے پاس۔

اگر معتدل اور موزوں ہو۔ تو ایسا آدمی خوش طبع۔ ذہین۔ دیانت دار۔ شہرت پسند۔ خوددار۔ احسان کا بدلہ دینے والا۔ محسن۔ شعر۔ موسیقی اور مناظر قدرت کا شائق۔

اگر کمی بیشی ہو تو اس لحاظ سے اوصاف بالا کم و بیش ہوں گے۔

ابھارِ عطارد

مقام۔ چھوٹی انگلی کی جڑ کے پاس۔

اگر ابھارِ عطارد معتدل اور موزوں ہو تو ایسا شخص ذہین اور عاقل ہوگا۔

اگر ابھارِ عطارد زیادہ اونچا اور تمام ابھاروں سے زیادہ اونچا ہو۔ تو یہ فریبی اور دھوکے باز ہونے کی علامت ہے۔

ابھارِ مریخ

مقام۔ خطِ دل اور خطِ دماغ کے درمیان ہتھیلی کے کنارے پر چھوٹی انگلی کی طرف۔

اگر ابھارِ مریخ معتدل اور مناسب (اور ابھاروں سے بلند) ہو۔ تو ایسا آدمی بے خوف صاحبِ ہمت، مستقل مزاج، وفاشعار، قوتِ ارادی کا مالک۔ لڑائی جھگڑے سے بچنے والا ہوتا ہے۔ مگر جھگڑا پڑ جائے۔ تو دشمن کو نیچا دکھانے والا۔

اگر ابھارِ مریخ اعتدال سے کم ہو تو ایسا آدمی بزدل اور کم دل ہوتا ہے۔

اگر ابھار زیادہ بلند ہو تو ایسا آدمی عیاش۔ زرپرست جھگڑالو اور غصہ ور ہوتا ہے۔

ابھارِ قمر

مقام۔ کلائی اور چھوٹی انگلی کی طرف ہتھیلی کے آخر میں۔

اگر ابھارِ قمر خوب اونچا ہو۔ تو ایسے ہاتھ والا شخص احمق۔ سست۔ مردہ دل۔ مایوسی اور خیالی پلاؤ پکانے والا ہوتا ہے۔ دل لگا کر کوئی کام نہیں کرتا۔ خلوت پسند آرام طلب۔ تعویذوں اور جادو کا معتقد ہوتا ہے۔ اور شعر و ادب کا شائق۔ ایسے آدمی کی طبیعت میں جوش پیدا نہیں ہوتا۔

اگر یہ ابھار حد سے زیادہ اونچا ہو۔ تو عیاشی۔ دغابازی اور خیالی پلاؤ پکانے کی علامت ہے۔

ابھارِ زہرہ

مقام۔ انگوٹھے کی جڑ سے شروع ہو کر ایک طرف کلائی کے وسط تک اور دوسری طرف پہلی انگلی اور انگوٹھے کے وسطی مقام تک۔

اگر ابھارِ زہرہ معتدل، بلند ہو۔ تو یہ صبر، وفاداری، فیاضی اور محبت کی علامات ہیں۔ ایسا شخص لڑائی جھگڑے سے دور رہتا ہے۔ اور زندگی خوش رہ کر گزارنا چاہتا ہے۔ اچھے کپڑے پہنتا ہے۔ گہرے رنگ اور موسیقی اور مناظرِ قدرت کا شائق ہوتا ہے۔ اولاد اور بیوی سے محبت کرتا ہے۔ سوشل زندگی خوش گوار ہوتی ہے۔ حیا کا پتلا اور خود غرضی کا دشمن ہوتا ہے۔

اگر ابھارِ زہرہ معمول سے زیادہ اونچا ہو۔ اور اس پر آڑی ترچھی لکیریں بھی ہوں۔ تو یہ عیاش۔ آوارگی کی علامت ہے۔

اگر ابھارِ زہرہ بالکل نہ ہو۔ تو ایسے ہاتھ والا آدمی طوطا چشم۔ غرض مند اور بدمزاج ہوتا ہے۔

امریکہ کی پامسٹری

ہاتھ اور ہتھیلی

۱۔ جس آدمی کے ہاتھ پتلے اور چھوٹے ہوں وہ ذہین و فہیم اور صائب الرائے ہوتا ہے۔

۲۔ چھوٹے اور موٹے ہاتھ جلد بازی اور ناعاقبت اندیشی کی علامت ہے۔

۳۔ لمبے ہاتھ۔ تفصیل طلب اور بہادری کی علامات ہیں۔

۴۔ سخت اور مضبوط ہاتھ۔ پھرتی اور استقلال کی دلیل ہے۔

۵۔ ہتھیلی کا گڑھا۔ دولت مندی کی علامت ہے۔

۶۔ اونچی ہتھیلی فضول خرچی کی دلیل ہے۔

انگلیاں اور انگوٹھا

انگوٹھا۔ اس کو ستارہ زہرہ سے منسوب کیا جاتا ہے۔ انگوٹھے کا پہلا ⅓ حصہ یعنی ناخن والا عزم و ارادہ کا مظہر ہے۔ درمیانی حصہ انصاف سے اور تیسرا محبت و عشق سے منسوب ہے۔

اگر ناخن والا حصہ بڑا ہوا اور اس کی لکیریں بھی گہری اور صاف ہوں۔ تو ایسے ہاتھ

والے آدمی کا ارادہ نہایت زبردست ہوتا ہے۔

۳۔ درمیانی حصہ بڑا ہو تو وہ منصف مزاجی کی علامت ہے۔

۴۔ نیچے کا حصہ بڑا ہو۔ تو وہ عشق و محبت کی دلیل ہے۔

۵۔ اگر انگوٹھے کی اوپر والی گانٹھ نرم ہو۔ تو یہ نیکی۔ فیاضی۔ فراخ دلی۔ دانش مندی اور بے آزاری کی دلیل ہے۔

۶۔ اگر یہ گانٹھ سخت ہو۔ اور انگوٹھا اندر کی طرف مائل ہو۔ تو ایسے انگوٹھے والا آدمی۔ احمق، بخیل اور سنگ دل ہوتا ہے۔

۷۔ لمبا انگوٹھا۔ بہادری اور دانش مندی کی دلیل ہے۔

۸۔ چھوٹا انگوٹھا۔ جلد بازی اور احمق پن ظاہر کرتا ہے۔

پہلی انگلی (۱) مشتری ستارہ سے منسوب کی جاتی ہے۔

۲۔ اگر پہلی انگلی کا سرا نوکدار ہو۔ تو وہ دانش مندی اور دیانت داری کی دلیل ہے۔

۳۔ " " چوڑا ہو تو وہ بہادری ثابت کرتا ہے۔

۴ " " گول ہو تو وہ سنجیدگی، متانت اور ہمت و حوصلہ کی علامت ہے۔

۵ " " کدال کی مانند اندر کو جھکی ہوئی ہو۔ تو مبالغہ کا عادی ہونا ثابت کرتا ہے۔

دوسری انگلی:۔ یہ زحل ستارہ سے منسوب ہے۔

۱۔ اگر اس کا سرا چوڑا ہو۔ تو توہم پرستی۔ کم ہمتی کی دلیل ہے۔

۲۔ " " گول ہو۔ تو دانش مندی کی دلیل ہے۔

۳۔ " " نوک دار ہو تو خوش مزاجی کی دلیل ہے۔

۴۔ " " کدال کی مانند ہو۔ تو چالاکی، عیاری کی دلیل ہے۔

تیسری انگلی (۱) یہ اپالو یعنی یونان کے ایک دیوتا سے منسوب کی جاتی ہے۔

۲۔ اگر تیسری انگلی کے جوڑ متناسب اور موزوں ہوں۔ تو یہ مال داری اور سرداری کی علامت ہے۔

۳۔ اگر تیسری انگلی کا سرا گول ہو تو کفایت شعاری کی دلیل ہے۔

۴۔ اگر تیسری انگلی کا سرا چوڑا ہو تو بہادری دانش مندی کی دلیل ہے۔

۵۔ 〃 〃 〃 نوکدار ہو تو شائق ہنر کی دلیل ہے۔

۶۔ 〃 〃 〃 بہ شکل کدال ہو۔ تو نقالی میں کامل ہو۔

چوتھی انگلی (سب سے چھوٹی)۔ ۱۔ یہ عطارد ستارہ سے تعلق رکھتی ہے۔

۲۔ اگر چوتھی انگلی کا سرا گول ہو تو ایسا آدمی خدا ترس اور عابد ہوگا۔

۳۔ 〃 〃 〃 نوکدار ہو۔ تو فصیح اور عالم و محقق ہوگا۔

۴۔ 〃 〃 〃 چوڑا ہو۔ تو مستقل مزاج۔ حاضر جواب ہوتا ہے۔

۵ 〃 〃 〃 جوڑ موزوں اور متناسب ہوں تو عالم اور موجد ہونے کی علامت ہے

مونٹ یعنی ابھار

۱۔ مونٹ وینس۔ یہ ابھار انگوٹھے کی جڑ کے پاس ہوتا ہے۔ اور اسے زہرہ کا پہاڑ بھی کہتے ہیں۔

۲۔ اگر مونٹ وینس نمایاں اور خوب اونچی ہو۔ تو یہ ہر دل عزیزی کی علامت ہے ایسا شخص بیوی سے محبت کرتا ہے۔

مونٹ جوپیٹر۔ پہلی انگلی کی جڑ کے پاس کا ابھار۔ اس کو مشتری کا پہاڑ بھی کہتے ہیں۔

۱۔ اگر مونٹ جوپیٹر۔ خوب بلند اور واضح ہو تو یہ خود پسندی اور غرور کی علامت ہے۔ ایسا آدمی صاحب عزم اور حوصلہ مند بھی ہوتا ہے۔

مونٹ سیٹرن۔ درمیانی انگلی کی جڑ کا ابھار۔ یہ زحل کا پہاڑ بھی کہلاتا ہے۔

(۱) اگر مونٹ سیٹرن زیادہ اونچا ہو تو وہ نحوست اور مصیبت کی علامت ہے۔

مونٹ آف اپالو۔ تیسری انگلی کی جڑ کا پہاڑ۔ اسے اپالو کا پہاڑ بھی کہتے ہیں۔

اگر مونٹ اپالو خوب اونچی اور نمایاں ہو۔ تو یہ دولت مندی اور ہنرمندی کی علامت ہے

مونٹ مرکری چھوٹی انگلی کی جڑ کا ابھار۔ اسے عطارد کا پہاڑ بھی کہتے ہیں۔

اگر مونٹ مرکری۔ خوب اونچا ہو۔ تو یہ عقل اور علم کی علامت ہے۔

لائنز یا ریکھا

ا۔ ٹیبل لائن

لکیر الف ٹیبل لائن کہلاتی ہے۔ اور اس کا تعلق عمر اور رتبہ وغیرہ سے ہے
اگر ٹیبل لائن طویل اور نمایاں ہو۔ تو عمر درازی۔ آزادئ خیال اور رفئ مرتبہ ہونے کی دلیل ہے۔

اگر ٹیبل لائن پہلی انگلی تک چلی جائے۔ تو ایسے شخص کی عمر سو سال کی ہوگی۔
اگر ٹیبل لائن دوسری انگلی تک چلی جائے تو ایسے شخص کی عمر ۷۵ سال کی ہوگی۔
اگر ٹیبل لائن دوسری اور تیسری انگلی کے درمیان تک چلی جائے تو ایسے شخص کی عمر ۶۵ سال ہوگی
اگر ٹیبل لائن تیسری انگلی تک چلی جائے۔ تو ایسے شخص کی عمر ۵۰ سال کی ہوگی۔
اگر ٹیبل لائن تیسری اور چوتھی انگلی (چھنگلیا) تک چلی جائے تو عمر دس سال سے کم
اگر لائن جگہ جگہ سے ٹوٹی ہوئی ہو۔ تو جسمانی مرض اور تکلیف کی دلیل ہے۔

۲۔ مڈل نیچرل لائن

۱۔ اگر مڈل لائن کمان کی طرح خم دار اور خوب نمایاں ہو اور خم کھا کر انگوٹھے کی طرف جھک جائے تو ایسے ہاتھ والا آدمی دانش مند۔ دولت مند۔ عزت دار اور اولادِ کثیر کا باپ ہوگا۔
۲۔ اگر مڈل لائن بالکل سیدھی ہو۔ تو ایسے ہاتھ والا شخص لالچی اور حریص ہوتا ہے۔

۳۔ لائن آف لور

یہ لائن (لکیر) ہاتھ کی کلائی سے نکل کر سیدھی اوپر کو جاتی ہے (دیکھو لکیر ج صفحہ ۱۷۱)



۱۔ اگر لائن آف لور کلائی سے نکل کر دوسری انگلی کی جڑ تک سالم پہنچ جائے۔ تو ایسے ہاتھ والا آدمی دولت مند اور ذی عزت ہوتا ہے۔

اگر لائن آف لور تیسری انگلی کی طرف گئی ہو تو سرکار سے فائدہ ہو۔

۳۔ اگر لائن آف لور چھوٹی انگلی کی طرف جائے تو تجارت میں فائدہ ہو۔

۴۔ اگر لائن آف لور پہلی انگلی کی طرف جھک جائے تو سسرال سے فائدہ ہو۔

۵۔ اگر لائن آف لور درمیان سے ٹوٹی پھوٹی ہو تو مالی حالت خراب رہے۔

لائن آف لائف

لائن آف لائف۔ کلائی سے شروع ہو کر انگوٹھے اور پہلی انگلی کے درمیان پہنچ کر ختم ہو جایا کرتی ہے۔

۱۔ اگر لائن آف لائف ثابت رہے۔ اور کسی جگہ نہ ٹوٹے۔ تو نیک طینتی۔ خوش حالی اور عزت کی علامت ہے۔

اگر لائن آف لائف مڈل نیچرل سے مل جائے تو عزت اور ناموری کی علامت ہے۔

اگر کوئی لکیر انگوٹھے کی جڑ سے نکل کر لائن آف لائف کو کاٹ دے۔ تو عشق و محبت میں رنج پہنچے۔

۵۔ لائن آف میرج (یعنی شادی کی لائن)

لائن آف میرج۔ چھوٹی انگلی کے پاس ہتھیلی کے کنارے پر ہوتی ہے۔ (دیکھو ف)

اگر ایک لکیر ہو۔ تو ایک شادی ہو گی

اگر ایک سے زیادہ ہوں۔ تو اتنی ہی شادیاں ہوں گی

اگر لکیریں منہدم ہوں۔ تو اتنی بیویاں مر جائیں گی۔

یا منگنیاں چھوٹ جائیں گی۔ گہرے نشان والی زندہ رہیں گی۔
اگر لکیریں ٹوٹی ہوئی ہوں۔ تو زندگی بے مزہ گزرے گی۔ لمبی ہوں گی تو زندگی مزے سے گزرے گی۔

۶۔ لائن آف سنا

یہ ہتھیلی کے نیچے کنارے پر ہوتی ہے۔ اور یہ اولاد کی لکیریں ہیں۔
یہ لکیریں جس قدر موٹی اور گہری ہوں۔ اتنے لڑکے پیدا ہوں گے۔
جس قدر لکیریں باریک ہونگی اور چھوٹی ہونگی۔ اتنی ہی لڑکیاں پیدا ہوں گی۔
جس قدر چھوٹی چھوٹی لکیریں ہوں گی۔ اتنے بچے مر جائیں گے۔

ریکھا شاستر یا سامدرک وِدّیا

ہندی یا ہندوستانی سامدرک کا خلاصہ حسب ذیل ہے۔
عمر ریکھا۔ اگر یہ ریکھا (لکیر) کشتکا انگلی سے ترجنی انگلی تک ثابت پہنچے۔ تو یہ آدمی ۱۲۰ سال کی عمر پائے گا۔

۱۔ اگر یہ لکیر ترجنی اور مدھما کے درمیان ختم ہو جائے تو عمر سو برس کی ہوگی۔
۲۔ اگر یہ ریکھا مدھما تک ثابت پہنچے۔ تو ۷۵ سال کی عمر ہوگی۔
۳۔ اگر مدھما اور انامکا کے درمیان ختم ہو جائے تو عمر ۶۵ سال ہوگی۔
۴۔ اگر انامکا اور کشتکا کے درمیان ختم ہو جائے تو عمر ۲۵ سال ہوگی۔
۵۔ اگر کشتکا تک ثابت پہنچے۔ تو زیادہ سے زیادہ دس سال۔
۶۔ اگر یہ ریکھا ٹوٹی ہوئی ہو۔ تو تکلیف اور بیماری کی علامت ہے۔

گرہست ریکھا

۱۔ یہ ریکھا عمر کی ریکھا کے نیچے ترجنی اور انگوٹھے کے درمیان ہوتی ہے۔

۲۔ اگر گرہست ریکھا گہری۔ ثابت اور خم دار ہو۔ اور انگوٹھے کی طرف جھکی ہوئی ہو تو وہ شخص صاحبِ اولاد۔ دولت مند اور باعزت ہوگا۔

۳۔ اگر گرہست ریکھا عمر کی ریکھا سے مل جائے تو بہت تکلیف ہوگی۔

۴۔ اگر گرہست ریکھا ترجنی یا مدھما انگلی کے پاس عمر ریکھا سے مل جائے۔ تو ایسے ہاتھ والا آدمی صاحبِ اقبال۔ دولت مند اور باعزت ہوگا۔

دھن ریکھا

اگر دھن ریکھا کلائی سے نکل کر سیدھی مدھما انگلی کی جڑ تک ثابت پہنچ جائے۔ تو ایسے ہاتھ والا آدمی باعزت۔ امیر اور صاحب اقبال ہوگا۔

اگر دھن ریکھا انامکا انگلی سے مل جائے۔ تو تجارت میں دولت کمائے۔

اگر دھن ریکھا کشتکا انگلی کی طرف چلی جائے۔ تو ایسا آدمی امیر اور سخی ہوتا ہے اور وہ لوگوں کو آرام اور فیض پہنچاتا ہے۔

اگر دھن ریکھا ترجنی انگلی کی طرف مائل ہو۔ تو ایسے ہاتھ والا آدمی خوش مزاج۔ عاقل اور باعلم ہوتا ہے۔ اور اسے سسرال سے مالی فائدہ ہوتا ہے۔

سرشٹ ریکھا

یہ ریکھا عام طور پر دھن ریکھا میں شامل ہو کر انگوٹھے اور ترجنی کے درمیان گرہست ریکھا سے مل جایا کرتی ہے۔ اگر سرشٹ ریکھا ثابت رہے۔ یعنی کسی جگہ سے نہ ٹوٹے۔ تو ایسے ہاتھ والا آدمی نیک باانصاف اور ایماندار ہوتا ہے۔

اگر سرشٹ ریکھا گرہست ریکھا سے ملی ہوئی ہے۔ تو ایسے ہاتھ والا آدمی باعلم عاقل باعزت اور نامور ہوتا ہے۔

سمندر ریکھا

سمندھ ریکھا کا تعلق یہاں شادی کے ساتھ ہے۔ یہ ریکھا کشتکا انگلی کے پاس ہتھیلی

کے کنارے پر ہوتی ہے۔

اگر سمندھ ریکھا صرف ایک ہی ہو۔ تو ایک شادی ہوگی۔

اگر سمندھ ریکھا دو ہوں تو دو شادیاں۔

اگر زیادہ ہوں تو زیادہ شادیاں

سمندھ ریکھائیں جس قدر زیادہ نمایاں ہوں۔ اسی قدر شادیاں ہوتی ہیں۔ اور بیویاں زندہ رہتی ہیں۔

اگر سمندھ ریکھائیں مدھم ہیں تو بیویاں مرجاتی ہیں۔ یا منگنی ہو کر چھوٹ جاتی ہیں۔

اگر سمندھ ریکھائیں باریک ہوں۔ تو یہ مرد کے عیاش و اوباش ہونے کی علامات ہیں

اگر سمندھ ریکھائیں ٹوٹی ہوئی ہوں۔ تو بیوی سے آرام نہ ملے۔ گرہست میں تکلیف رہے

اگر سمندھ ریکھائیں لمبی اور مخلوط ہوں۔ تو زندگی آرام سے گزرے۔

سنتان ریکھا

سنتان ریکھا ہاتھ کی کلائی کے پاس ہتھیلی کے نچلے کنارے پر ہوتی ہے۔

" جس قدر لمبی اور موٹی ہوگی۔ اسی قدر لڑکے ہونگے۔ اور زندہ رہیں گے۔

" " جس قدر باریک اور چھوٹی ہوں گی۔ لڑکیاں پیدا ہوں گی۔

" " جس قدر مٹی ہوئی اور ٹوٹی ہوئی ہوگی۔ اسی قدر اولاد مرجائے گی۔

اگر " " ٹیڑھی ہو تو اولاد نالائق۔

بھراتا ریکھا

یہ بھائیوں کے متعلق ہوتی ہے۔ یہ ریکھا کلائی سے اوپر انگوٹھے کے درمیان ہتھیلی کے کنارہ پر ہوتی ہے۔ یہ ریکھا جس قدر زیادہ موٹی اور واضح ہوگی اسی قدر بھائی ہوں گے۔

باریک اور مدھم ریکھائیں بہنوں کی تعداد ظاہر کرتی ہیں۔

مچھ ریکھا

یہ ریکھا کلائی میں سے مچھلی کی مانند نکلتی ہے۔

مچھ ریکھا جس شخص کی کلائی میں ہو۔ وہ خوش قسمت، دولت مند۔ عاقل اور صاحب

تدبیر ہوتا ہے۔

خالوں یا تلوں کا قیافہ

مقامِ خال	قیافہ یعنی اثر اور نتیجہ
سر	مبارک ہے۔ اس کا اثر ہر دل عزیزی ہے۔ ہر جگہ عزت ہو۔
پیشانی	دولت مند۔ خوش نصیب۔ ذی عزت اور صاحب اقبال ہو۔
دہنی طرف	ہر دل عزیز۔ مگر بھائیوں سے آرام نہ پائے۔
ابرو	ہمیشہ سفر کرے یا ایسی جگہ ملازم ہو جہاں ہمیشہ سفر میں کام ہو۔
درمیان ہر دو ابرو	حسین بیوی ملے۔ یا خوب رو شوہر ملے یا فرزند پیدا ہو۔
داہنا گال	باقبال دولت مند ہو۔ خوش نصیب۔ خوش اخلاق۔ خوش وضع۔
بایاں گال	رنج۔ تنگ دستی۔ عیاشی، نامرادی۔ خواری۔ ناداری اور مفلسی
اوپر کا ہونٹ	نفیس طبع عیاش۔ دوستی کے ناقابل۔ مراد پائے۔
نیچے کا ہونٹ	حاسد۔ بخیل۔ فریبی۔ دھوکا باز۔ مکار۔ مطلب نکالنے والا۔
گوشۂ لب	بامراد۔ دولت مند صاحب ثروت وحیا۔ صاحب علم و حلم۔
ٹھوڑی (ذقن)	دولت مند۔ عقل مند۔ دانا۔ کم خرچ۔ سمجھ دار۔
گردن	پھانسی پائے یا قتل ہو تلوار وغیرہ سے۔
سینہ کے درمیان	خوش نصیب۔ صاحبِ اولاد۔ صاحبِ جائداد۔ صاحب علم۔
سینہ کے دائیں طرف	مطیع عورت۔ زندگی تکلیف میں بسر کرے۔
” بائیں ”	عورت سے جھگڑا کرے۔ عاشق مزاج۔
کمر	سفر کرے۔ مال ملے۔ فوج کی نوکری میں عمر بسر ہو۔
گلے اور پیٹ کے درمیان	خوش حال رہے۔ زمینداری سے فائدہ ہو۔
ہتھیلی	دولت مند رہے۔ روپے کی کثرت سے شاداں فرحاں رہے۔

ہتھیلی کی پشت	دولت مند رہے۔ لیکن آمدن کی نسبت خرچ زیادہ ہو۔

اعضاء کی پھڑکن کا قیافہ

ہر ایک عضو کے پھڑکنے کا جو اثر اور نتیجہ ہوتا ہے۔ وہ حسب ذیل ہے۔

نام عضو	اثر اور نتیجہ
ماتھا پھڑکے	ترقی تنخواہ یا نئی ملازمت ملے یا سفر درپیش آئے۔
سر پھڑکے	امید بر آئے۔
ابرو سیدھی	نفع ہو۔ یا ملازمت ملے۔
ابرو الٹی	مال ملے یا وراثت ہاتھ آئے۔
پشت	سفر کرے۔ اور مال ملے۔
آنکھ سیدھی	تہمت لگے اور بدنام ہو۔
آنکھ الٹی	بیوی سے جدا ہو۔ یا بیوی کی موت واقع ہو۔
داہنا کان	غیر متوقع نفع
بایاں کان	نامبارک ہے۔ کسی مصیبت میں پھنسے
گال سیدھا	بدفال ہے۔ کسی بیماری میں مبتلا ہو۔
گال اُلٹا	مبارک ہے۔ کوئی خوش خبری ملنے کی امید ہے۔
ہونٹ اوپر کا	کامیابی حاصل ہو۔ خوشی ہو۔
ہونٹ نیچے کا	گم شدہ چیز ملے۔ یا دوست سے ملاقات ہو۔
دونوں ہونٹ	دشمن سے مقابلہ ہو۔
ٹھوڑی	دوست یاد کرے۔
گلا گردن	نعمتیں میسر آئیں۔ نفع ہو۔ گردن کا بائیں طرف سے پھڑکنا دوست سے ملاقات کا شگون ہے۔

اثر اور نتیجہ	نام عضو
فکر اور غم ہو۔	کندھا داہنا
دشمن پر فتح ہو۔	کندھا بایاں
دوست سے ملاقات	بازو دایاں
خوشی ہو۔ عزیز سے ملاقات یا قرض سے نجات۔	بازو بایاں
خوشی کی خبر ہے۔ کہیں سے دولت ملے۔	بغل سیدھی
رتبہ بڑھے۔	بغل الٹی
دشمن پر فتح حاصل ہو۔	سیدھے ہاتھ کی پشت
سفر سے نفع ہو۔	ہاتھ کی انگلیاں
فکر اور غم لاحق ہو۔	سینہ
فکر اور پریشانی۔	پستان سیدھی
خوشیٔ فرزند۔	پستان الٹی
رنج اور فکر پیش آئے۔	دل
نقصانِ مال۔	پہلو سیدھا
سفر درپیش آئے۔	پہلو الٹا
آرام اور خوشی ملے	پیٹ
فکر کا حملہ۔ دولت ملے۔ رتبہ بڑھے۔	زانو۔ ران
دشمن سے صلح ہو۔ یا گھوڑا ملے یا فرزند پیدا ہو۔	پنڈلی
سفر سے تکلیف۔ باہر سے کوئی بری خبر ملے۔	تلوا
رتبہ بڑھے۔	پشتِ پا
رزق میں ترقی ہو۔	پنجہ
روپیہ آئے۔	دائیں ہتھیلی
نقصان ہو اور روپیہ خرچ ہو۔	بائیں ہتھیلی۔

پاسِ انفاس

علم پاس کو سرودھا دیا کہتے ہیں۔ اس علم کا تعلق سروں یعنی ناک کے سانس کے ساتھ ہے۔ یعنی دائیں بائیں سے سعد و نحس کا حکم لگایا جا سکتا ہے۔

سورج سر۔ کبھی داہنا سر تیز چلتا ہے۔ یعنی داہنے نتھنے سے تیز سانس چلتا ہے۔ پس اسے سورج سر کہتے ہیں۔

چندر سر اگر بایاں سر تیز چلے تو اس کا نام چندر سر ہوگا۔

سکھنا سر:۔ اگر ناک کے دونوں نتھنوں سے تیز اور یکساں حالت میں سانس آئے تو اسے سکھنا سر کہتے ہیں۔ ایک ایک نتھنا یکے بعد دیگرے انگلی یا ہتھیلی سے بند کرنے سے معلوم ہو جاتا ہے۔ کہ کونسا سر جاری ہے۔

کامیابی فائدہ اور آرام حاصل ہو

صبح سو کر اٹھتے ہی معلوم کر لیں۔ کہ کونسا سُر چل رہا ہے۔ پس جس طرف کا سر جاری ہو۔ اس طرف کی اپنی ہتھیلی چوم لیں۔ اس عمل سے یہ دن فائدہ اور آرام سے گزرے گا۔ سورج سر میں دائیں ہتھیلی اور چندر سر میں بائیں ہتھیلی چومنی چاہیئے۔

سُر تبدیل کرنا

سر بدلنے کا آسان طریقہ یہ ہے۔ کہ اگر سورج سر یعنی داہنا سر چلانا چاہیں۔ تو بائیں کروٹ لیٹ جائیں۔ اسی طرح داہنی کروٹ لیٹنے سے چندر سر جاری ہو جاتا ہے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے۔ کہ جو سر بند کرنا ہو۔ اس کے سوراخ میں روئی کی ایک بتی دے دیں۔ پس وہ بند ہو کر دوسرا جاری ہو جائے گا۔

حفظ صحت عمر درازی اور شفا

۱۔ اگر ہمیشہ سورج سُر میں کھانا کھائیں اور پانی چندر سُر میں پئیں۔ اور دن بھر چندر سر جاری رکھیں تو کبھی بیمار نہ ہوں یا بہت کم ہوں۔ یا خفیف مرض خفیف تکلیف دے۔ جماع

بھی سورج سر میں ہی کرنا چاہیئے۔

اس قاعدہ پر عمل در آمد کرنے سے آدمی عمرِ طبعی یعنی سو سال بلکہ اس سے بھی زیادہ حاصل کر سکتا ہے۔ اور اس پر کوئی زہر بھی اثر نہیں کر سکتا

۲۔ اگر اتفاقیہ کوئی تکلیف آپڑے۔ تو بایاں سر جاری کریں۔ تکلیف دور ہو جائے گی۔

۳۔ اگر کوئی بیماری لاحق ہو تو معلوم کریں کہ سردی سے ہوتی ہے یا گرمی سے۔ پس اگر سردی کی زیادتی سے ہو تو سورج سر جاری کریں۔ صحت ہو جائے گی۔ اور گرم چیزیں استعمال کریں۔

۴۔ اگر مرض گرمی کی زیادتی سے حملہ آور ہوا ہو۔ تو چندر سر جاری کریں۔ مرض دور ہو جائیگا ایسی حالت میں سرد چیزیں استعمال کرنی چاہئیں۔

بیوی و شوہر میں محبت و عشق

جب شوہر کا سورج سر اور عورت کا چندر سر جاری ہو۔ تو مجامعت کریں۔ پس ان میں مستقل محبت پیدا ہوگی۔ جب بیوی کا سکھنا سر جاری ہو۔ تو اس حالت میں بھی جماع کرنے کا یہی اثر ہوتا ہے۔ مگر وقت رات کا پچھلا پہر ہونا چاہیئے۔

یہ باہمی محبت کا نہایت آسان اور تیر بہدف ٹوٹکا ہے۔

حسب مرضی لڑکا یا لڑکی پیدا ہو

لڑکا پیدا ہو۔ فراغتِ ایام سے پانچویں دن جب مرد کا سورج سر اور عورت کا چندر سُر جاری ہو۔ تو ہم بستری کریں۔ پس ضرور لڑکا ہی پیدا ہوگا۔

لڑکی پیدا ہو۔ ایسی حالت میں یک جا ہوں۔ جب مرد کا چندر سر اور عورت کا سورج سر جاری ہو۔ پس لڑکی پیدا ہوگی۔

کامیابی کا گر

اگر کسی کام کے واسطے جانا چاہیں تو اس وقت جو سر جاری ہو۔ پہلے اسی طرف کا قدم اٹھائیں کامیابی حاصل ہوگی۔ اور اگر دوسری طرف کا قدم اٹھایا تو ناکامی اور ندامت ہوگی۔

مقدمہ اور کشتی میں فتح

مقدمہ کے واسطے عدالت کی طرف سورج سر میں آمادہ ہوں۔ پس ضرور کامیابی ہوگی۔

اسی طرح اگر کشتی لڑنی ہو۔ تو کشتی کے واسطے سورج سر میں آمادہ ہوں۔ پس دشمن کو پچھاڑ لیں گے۔

سوالوں کے جوابات

کامیابی یا ناکامی:۔ اگر آدمی آکر تم سے یہ سوال کرے۔ کہ میرا کام ہوگا یا نہیں۔ تو تمہیں یہ معلوم کرنا چاہیئے کہ اس وقت تمہارا کونسا سر چل رہا ہے۔ اور یہ بات غور سے دیکھنی چاہیئے کہ سوال کرنے والا تمہارے چلتے سر کی طرف بیٹھا ہے یا بند سر کی طرف۔

پس اگر وہ تمہارے سر کی طرف بیٹھا ہے۔ تو اس سے کہا جاوے کہ وہ کامیاب ہوگا۔ اور اس کا کام ضرور ہی ہو جائے گا۔

لیکن اگر وہ تمہارے بند سر کی طرف آکر بیٹھا ہو تو اس کا کام نہیں ہوگا۔ سوال کرنے والے سے کہنا چاہیئے کہ وہ جس چیز کے متعلق سوال کر رہا ہے۔ اس کا خیال دل میں پختہ کرے۔

اقسام سوالات (۱) اگر وہ آدمی اوپر دیکھ کر خیال کرے تو اس کا سوال حیوان کے متعلق ہوگا۔ یعنی عورت۔ مرد۔ لڑکے لڑکی کے متعلق یا چوپایوں کے متعلق ہوگا۔

۲۔ اگر وہ نیچے کی طرف دیکھ کر سوال کرے۔ تو سوال جڑوں کے متعلق ہوگا۔

۳۔ اگر وہ دائیں بائیں دیکھ کر سوال کرے۔ تو دہات۔ سونے چاندی وغیرہ کے متعلق ہوگا۔

سفر سے واپسی

اگر کوئی آدمی سوال کرے۔ کہ فلاں آدمی سفر سے کب واپس آئے گا۔ تو اس وقت معلوم کرو کہ تمہارا کونسا سُر چلتا ہے۔ پس اگر سورج سر چلتا ہو تو مطلوبہ شخص جلد واپس آجائے گا۔

اگر چندر سر جاری ہو تو مسافر دیر میں آئے گا۔

ملاقات اور محبت

اگر کوئی شخص ملاقات یا محبت کے متعلق سوال کرے۔ تو دیکھنا چاہیئے کہ اس وقت تمہارا کونسا سر جاری ہے۔ پس اگر سورج سُر چل رہا ہے۔ تو سوال کرنے والے کو محبت میں کامیابی ہوگی۔ اور اس کی دوست سے ملاقات ہوگی۔ لیکن اس وقت اگر چندر سر جاری ہو

تو کامیابی نہیں ہوگی۔

مرض سے شفا

اگر کوئی شخص سوال کرے کہ فلاں مریض کب تک اچھا ہو جائے گا تو دیکھیں۔ کہ جب سائل آیا تھا۔ تو اس وقت تمہارے بند سُر کی طرف آکر بیٹھا تھا یا جاری سر کی طرف۔ پس اگر جاری سر کی طرف آکر بیٹھا ہو تو اسے بتاؤ۔ کہ مریض جلد اچھا ہو جائے گا۔ اس طریق سے یہ معلوم کیا جا سکتا ہے کہ مریض کا انجام کیا ہوگا۔ یعنی وہ تندرست ہوگا یا مر جائے گا۔

اگر تمہارا سکھنا سر چلتا ہو۔ تو بیمار قریب المرگ ہوگا۔

اگر سائل کے آنے کے وقت اس کا داہنا سُر چلے۔ اور تمہارا بھی داہنا سر جاری ہو تو مریض کو شفا ہوگی۔

اگر سائل تمہارے چلتے سر کی طرف دیکھ کر سوال کرے۔ تو بھی مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

اسی طریق سے متعلقہ اور بہت سے سوالات کے جوابات دیئے جا سکتے ہیں۔ سائل کے منہ سے کچھ نکلے۔ اسے غور سے سننا چاہیئے۔

لڑکا یا لڑکی

اگر کوئی سائل سوال کرے۔ کہ میرے ہاں لڑکا پیدا ہوگا یا لڑکی۔ تو تم پہلے یہ معلوم کرو۔ کہ اس کی بیوی کو حمل ہے یا نہیں۔

حمل:۔ اب تم معلوم کرو۔ کہ سائل تمہارے بند سر کی طرف بیٹھا ہے یا جاری سر کی طرف پس اگر وہ بند سر کی طرف بیٹھا ہے۔ تو سمجھو کہ حمل ہے۔

اور اگر وہ جاری سر کی طرف بیٹھا ہو تو سمجھو کہ حمل نہیں ہے۔

لڑکا:۔ اگر سوال کے وقت تمہارا سر سورج چلتا ہو۔ اور سائل کا بھی یہی چلتا ہو۔ تو ضرور لڑکا پیدا ہوگا۔ لیکن اگر سائل کا بایاں اور تمہارا دایاں سر چلے۔ تو کم عمر لڑکا ہوگا۔ حمل فرزند میں دہنی طرف ماں بار محسوس کرتی ہے۔

اگر سائل بائیں طرف بیٹھ کر سوال کرے۔ اور تمہارا داہنا سر جاری ہو تو لڑکا ہوگا۔

لڑکی :- اگر تمہارا چندر سر جاری ہو۔ اور سائل کا بھی چندر سر جاری ہو۔ تو لڑکا نہیں۔ بلکہ لڑکی پیدا ہوگی۔ جس کی عمر دراز ہوگی۔ حمل دختر میں داہنے پہلو پر بار ہوتا ہے۔

لیکن اگر سائل کا دایاں اور تمہارا بایاں سر چلے۔ تو توام یعنی جوڑ بچے پیدا ہوں گے۔

اگر سائل دائیں طرف بیٹھ کر سوال کرے۔ اور اس وقت تمہارا بایاں سر چلتا ہو تو بھی لڑکی پیدا ہوگی۔ توام بچوں میں دونوں طرف بار ہوتا ہے۔

کاروبار یا ملازمت

اگر کوئی شخص کاروبار یا ملازمت کے متعلق سوال کرے۔ تو دیکھو اس وقت تمہارا اور سائل دونوں کے کون سے سر جاری ہیں۔

اگر دونوں کے چندر سر جاری ہوں تو کاروبار میں کامیابی ہوگی یا ملازمت مل جائے گی۔

اگر تمہارا اور سائل دونوں کے سورج سر جاری ہوں تو کامیابی نہیں ہوگی۔

اگر سائل کا چندر سر اور تمہارا سورج سر چلتا ہو۔ تو کاروبار یا ملازمت کی حالت شروع میں خراب مگر آخر کار عمدہ ہو جائے گی۔

اگر سائل کا سورج سر اور تمہارا چندر سر جاری ہو۔ تو کاروبار شروع میں اچھا اور آخر میں خراب ہوگا۔

منحوس تواریخ

عام[1] طور پر اور خاص کر شیعوں کے نزدیک ذیل کی تاریخیں منحوس سمجھی جاتی ہیں۔ کیونکہ ان میں مفصلہ ذیل حادثات واقع ہوئے۔

۱۔ ماہِ محرم از یکم لغائت ۱۰ کیونکہ ان ایام میں حضرت امام حسین اور دیگر اہل بیت نے شہادت پائی۔

۲۔ ماہ صفر یکم لغایت ۱۳ منحوس ہیں اس لیے کہ ان تاریخوں میں حضور سرورِ کائنات نے

---

[1] عام لوگوں نے اپنی طرف سے یہ باتیں ایجاد کر لی ہیں۔ ورنہ اسلام کے نزدیک کوئی تاریخ یا دن منحوس نہیں۔

بیماری سے تکلیف اٹھائی۔

۳۔ ماہِ صفر ۱۷-۱۸ بوجۂ شہادت حضرت موسیٰ رضا و ... امام حسنؓ۔

۴۔ ماہ ربیع الاول ۱ تا ۱۲ تعزیت و وفات آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و وفات امام جعفر صادق

۵۔ جمادی الاول ۱۳ و ۱۵ بوجہ وفات حضرت فاطمہؓ۔

۶۔ رجب ۳ و ۵ بوجۂ وفات حضرت امام علی نقی و وفات امام جعفر صادق۔

۷۔ رجب ۲۶ بوجۂ وفات امام موسیٰ کاظم۔

۸۔ شعبان یکم۔ ۱۴۔ عام منحوس۔

۹۔ رمضان ۱۰ و ۱۹۔ بوجہ وفات خدیجۃ الکبریٰ و مجروحی سر مبارک حضرت علی۔

۱۰۔ رمضان ۲۱ بوجہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شہادت۔

۱۱۔ ذی قعد۔ ۱۱ بوجہ وفات امام نقی۔

۱۲۔ ذوالحجہ۔ ۷ بوجہ وفات امام محمد باقر۔

کامیابی کے ایّام

اگر مندرجہ ذیل کام ذیل کے دنوں میں کیے جائیں۔ تو ان میں ضرور کامیابی ہوگی ورنہ ناکامی کا مُنہ دیکھنا ہوگا۔

دن	کام
پیر	نومولود کا نام رکھیں۔ غسل صحت کریں۔ رخصتی دلہن۔ مکان کی بنیاد رکھیں یا تبدیل کریں خرید و فروخت اور سفر کے واسطے مبارک ہے۔
منگل	غسلِ صحت۔ عمل پڑھنا، نئی چیز کھانا۔ نئے کپڑے پہننا۔ سواری کرنا اور سفر کرنا۔
بدھ	نام رکھیں۔ تعمیر مکان۔ نیا کپڑا پہننا۔ حجامت۔ ملازمت۔
جمعرات	نام رکھنا۔ نیا کھانا۔ نیا کپڑا پہننا۔ رخصتی
جمعہ	بسم اللہ تعلیم۔ نیا کپڑا پہننا۔ نو تعمیر۔ زمین جوتنا۔

ہفتہ	غسل صحت۔ تبدیلی مکان۔ ملازمت اور تجارت کے واسطے یہ دن مبارک ہے۔
اتوار	نام رکھیں۔ نئی چیز کھائیں۔ نیا کپڑا بنائیں یا پہنیں زیور پہنیں۔ تعلیم۔ عمل۔ ملازمت اور زمین جوتنا وغیرہ۔

نقشہ دیگر ایام کامیابی

پیر	شادی۔ رخصت۔ ہر نیا کام اور سفر کے واسطے سب دنوں سے زیادہ مبارک ہے
منگل	جنوب کی طرف سفر۔ اس دن شمال کی طرف سفر نہیں کرنا چاہیئے۔
بدھ	نیا کپڑا۔ زیور۔ تعمیر۔ رخصتی۔ ملازمت۔ شمال کی طرف سفر نہ کریں۔
جمعرات	نام رکھیں۔ نیا کھانا کھائیں۔ نئے کپڑے پہنیں۔
جمعہ	اس دن سفر منع ہے۔
ہفتہ	سفر۔ آغاز تجارت۔ ملازمت اور غسل صحت کریں۔
اتوار	نئی چیزیں کھائیں۔ نیا کپڑا یا نیا زیور پہنیں۔

مبارک مہینے

ذیل کے کام ذیل کے مہینوں میں کرنے سے کامیابی ہوتی ہے۔

۱۔ ساون۔ یہ مہینہ ہر نئے کام۔ نئی تجارت۔ شادی اور منگنی کے واسطے مبارک ہے۔

۲۔ بھادوں۔ اگر اس مہینہ میں کوئی کام شروع کیا جائے۔ تو تکلیف پیش آئے۔

۳۔ کنوار۔ کاتک۔ چیت۔ بیساکھ۔ ان مہینوں میں عمارت کا آغاز مبارک ہے۔

چوری یا گمشدگی

اگر کوئی چیز گم ہو جائے یا چوری ہو جائے۔ تو گمشدگی کے وقت کا نچھتر کسی جنتری میں دیکھ کر معلوم کریں۔ اور پھر نقشہ ذیل میں اس کی کیفیت ملاحظہ فرمائیں۔

قسم نچھتر	نام نچھتر	مال یا چور کی سمت	ضروری کیفیت
کانے	مرگشرا۔شبکھا۔ہست۔انرادھا ست بکھا۔اش۔اترا کھا	جنوب	دس دن کے بعد مل جائے گی۔
سماکھے	پنربس۔سواتی مول۔اترابھادرپد کرتکا پوربا۔پھال گنی۔شرون	شمال	تلاشی فضول ہے۔گم شدہ مال نہیں ملے گا۔
چندھی	آردرا مگھا۔چترا۔جیشٹھا یا بھادرپد	پچھم یا پورب کی طرف تلاش کرو	کوشش سے ایک ماہ کے اندر مل جائے گا۔
اندھی	روہنی۔پکھ۔بساکھا۔دھینشٹا ایوتی۔پوریا کھاد۔اترا پھاگنی	مشرق	تلاش کرو۔چیز ضرور مل جائے گی۔

چور شناخت کرنے کا طریقہ

دل میں چور کا خیال کر کے آنکھیں بند کریں۔ اور نقش کے کسی خانہ پہ انگلی رکھیں۔ اور ذیل کی عبارت میں ان حروف کے مطابق چور کے حالات معلوم کریں۔

دس	طن	ح ل
ی ع	م ج	ہ ز
ج م	ب ک	او

(۱) دس۔چور سفید یا سیاہ رنگ کا مرد ہے۔وہ تمہارا دشمن ہے یا تمہارے دشمن کا ایجنٹ۔پستہ قد۔لب باریک۔اس کا مکان پورب کی طرف ہے۔مگر چور واپس آئے گا۔اور تمہارا مال واپس مل جائے گا۔

(۲) طن۔چور کا رنگ گندم گوں۔داہنے پاؤں پر نشان۔بیگانہ نہیں۔یگانہ ہے۔چور دکن کی طرف گیا ہے۔چور کا پکڑا جانا اور مال کا ملنا مشکل ہے۔

۳۔ح ل۔چور کا رنگ سیاہ۔ماتھے پر نشان۔اس کا گھر جنوب کی طرف ہے۔اور وہ جنوب کی طرف بھاگا ہے۔خوب تلاش کرو۔مل جائے گا۔

۴۔ی ع۔چور کا رنگ زرد ہے۔اور اس کے بائیں پاؤں اور دائیں بازو پر نشان ہے

وہ تمہارا عزیز یا دوست ہے۔

(۵) م ج ۔ چور کا رنگ گندمی ۔ داہنے پاؤں پر نشان۔ تلاش کرو مل جائے گا۔

(۶) ہ ز ۔ چور کے منہ کا رنگ سرخ۔ وہ دشمن ہے۔ اس سے مال ملنا مشکل ہے۔

(۷) ح م ۔ چور مرد ہے جس کا رنگ سیاہ وسفید ہے۔ وہ خود تمہارا دشمن اور تمہارے دشمنوں کا دوست ہے۔ محلہ والوں سے مل کر کوشش کرو۔ چور مل جائے گا۔ مگر مال کا ملنا دشوار ہے۔

۸ ۔ ب ک ۔ چور عورت ہے۔ جس کا رنگ زرد ۔ منہ چوڑا۔ قد بڑا۔ داہنے ہاتھ پر زخم یا داغ ہے ۔ چور یگانہ ہے۔ بیگانہ نہیں ۔ مگر وہ واپس آئے گا۔ اور گم شدہ مال مل جائے گا ضرور تلاش کرو۔

۹ ۔ او ۔ چور کے بدن کا رنگ زرد۔ پستہ قد۔ اور موٹا ہے۔ اس کے بائیں پاؤں پر نشان ہے ۔ کوشش کرو۔ گیا ہوا مال مل جائے گا۔

مقدمہ کی ہار جیت معلوم کرنا

اگر مقدمہ میں ہار جیت معلوم کرنا ہو۔ تو مدعی اور مدعا علیہ کے ناموں کے حروف کے اعدادِ ابجد کے حساب سے نکال کر انہیں الگ الگ جمع کریں۔

اب ان میں سے ہر ایک کو نو پر تقسیم کریں۔ اور دونوں کی باقیوں کا مقابلہ کریں۔ پس کم باقی والا کامیاب رہے گا اور دوسرا ناکام۔ بشرطیکہ دونوں کی باقیاں طاق ہوں یا جفت۔

اگر ایک کی باقی طاق اور دوسرے کی جفت رہے۔ تو بڑے عدد والا جیت جائے گا

اگر دونوں باقی برابر رہیں۔ تو ان میں سے کم عمر جیتے گا۔

ابجد کا حساب

ہر حرف کی ایک قیمت مقرر ہے۔ جو حسب ذیل ہے۔ مذکورہ بالا عمل کے علاوہ یہ چیز اکثر جگہ کارآمد ہے۔ اس لیے اس کی تفصیل درج کی جاتی ہے۔

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰

ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

شگون نیک و بد

سعد (۱) جب آپ اپنے گھر سے کوئی کام کرنے نکلیں۔ اور آپ کی نظر دودھ۔ دہی سبزی۔ غلہ، مٹھائی یا کسی بیل پر پڑے یا پانی نظر آئے یا جنازہ ملے تو نیک شگون ہے کام ہو جائے گا۔

نحس (۱)۔ لگر بگڑی۔ چوہے چھچھوندر۔ بیمار۔ ننگے سر آدمی یا تیل۔ چربی نظر آنا منحوس ہے۔

(۲) نحس۔ اگر آپ کا کپڑا پچھلی طرف اٹک جائے یا کہیں پھنس جائے۔ نقصان ہوگا۔

(۳) نحس۔ دائیں پاؤں کا ٹھوکر کھانا منحوس ہے۔ اسی طرح اگر کوئی انسان یا حیوان بائیں ہاتھ سے راستہ کاٹ دے۔ تو منحوس ہے۔

(۴) سعد۔ اگر کوئی انسان یا حیوان سیدھے ہاتھ کی طرف سے آکر راستہ کاٹے تو وہ نیک فال ہے۔ پس کام ہو جائے گا۔

(۵) اگر بایاں پاؤں ٹھوکر کھائے تو کام نامکمل رہے گا۔

(۶) سعد۔ ہوا کا پیچھے سے آگے کی طرف کو یا دائیں سے بائیں طرف کو چلنا مبارک ہے۔

(۷) ہوا کا آگے سے پیچھے کی طرف یا بائیں سے دائیں کو چلنا منحوس ہے۔

(۸) جمعہ اور اتوار کو مغرب کی طرف نہ جائیں۔ اور پیر اور سنیچر کو مشرق کی طرف سفر نہ کریں۔ اسی طرح منگل یا بدھ کو شمال کی طرف نہ جانا چاہیئے۔ اور جمعرات کو جنوب کی طرف جانا مضر اور نقصان رساں ہے۔

سفر کے واسطے مبارک تاریخیں بلحاظ سمت

ہندی تاریخ	سمت
پرتھم ۱ر	جنوب مشرق۔ جنوب۔ جنوب مغرب۔ مغرب۔ شمال مغرب۔
دوج ۲ر	مشرق۔ مشرق جنوب۔ جنوب۔ جنوب مغرب۔

تیج ۳ر	جنوب۔جنوب مغرب۔شمال مشرق۔
چوتھ ۴ر	مشرق۔مغرب۔شمال مغرب۔شمال۔شمال مشرق۔
پنچمی ۵ر	جنوب مغرب۔مغرب۔شمال مغرب۔شمال۔شمال مشرق۔
چھٹی ۶ر	مشرق۔مشرق جنوب۔شمال مغرب۔شمال۔شمال مشرق
ستمی ۷ر	مشرق۔مشرق جنوب۔جنوب۔جنوب مغرب۔مغرب۔شمال۔شمال مشرق۔
اشٹمی ۸ر	مشرق۔مشرق جنوب۔جنوب۔جنوب مغرب۔مغرب۔
نومی ۹ر	مشرق جنوب۔جنوب۔جنوب مغرب۔مغرب۔شمال مغرب۔
دسمی ۱۰ر	مشرق۔مشرق جنوب۔جنوب۔جنوب مغرب۔شمال مشرق۔
ایکادشی ۱۱ر	جنوب۔جنوب مغرب۔مغرب۔شمال مغرب۔شمال۔
دوادشی ۱۲ر	شمال مشرق۔مشرق۔مغرب۔شمال مغرب۔شمال۔
تراوشی ۱۳ر	جنوب مغرب۔مغرب۔شمال مغرب۔شمال۔شمال مشرق۔
چودش ۱۴ر	مشرق۔مشرق جنوب۔مغرب۔شمال مغرب۔شمال مشرق۔
پورنماشی ۱۵ر	مشرق۔مشرق جنوب۔جنوب۔شمال۔شمال مشرق۔
اماوش ۱۶ر	مشرق۔مشرق جنوب۔جنوب۔مغرب جنوب۔مغرب۔

سفر کے واسطے منحوس تاریخیں بلحاظ سمت

ہندی تاریخ	سمت سفر
پرتھم ۱ر	مشرق۔شمال۔شمال مشرق۔
دوج ۲ر	مغرب۔شمال مغرب۔شمال۔شمال مشرق۔
تیج ۳ر	مشرق۔مشرق جنوب۔شمال مشرق۔
چوتھ ۴ر	مشرق جنوب۔جنوب۔جنوب مغرب۔
پنچمی ۵ر	مشرق۔مشرق جنوب۔جنوب۔

سمت سفر	ہندی تاریخ
جنوب۔ جنوب مغرب۔ مغرب	چھٹی ۶ر
جنوب مغرب۔ جنوب۔ شمال مغرب۔	ستمی ۷ر
شمال مغرب۔ شمال۔ شمال مشرق۔	اشٹمی ۸ر
مشرق۔ شمال۔ شمال مشرق۔	نومی ۹ر
مغرب۔ شمال مغرب۔ شمال۔ شمال مشرق۔	دسمی ۱۰ر
مشرق۔ مشرق جنوب۔ شمال مشرق۔	ایکادشی ۱۱ر
مشرق جنوب۔ جنوب۔ جنوب مغرب۔ مغرب۔	دوادشی ۱۲ر
مشرق۔ مشرق جنوب۔ جنوب۔ جنوب مغرب۔	تراوشی ۱۳ر
جنوب۔ جنوب مغرب۔ مغرب۔	چودش ۱۴ر
جنوب مغرب۔ مغرب۔ شمال مغرب۔	پورنماشی ۱۵ر
مغرب۔ شمال مغرب۔ شمال مشرق۔	اماوش ۱۶ر

سفر کے واسطے مبارک ایام اور شگون

نیک شگون	ایام
بشرطیکہ گھر سے نکلتے وقت سفید کاغذ یا کپڑا یا مرد ضعیف نظر آئے۔	پیر
بشرطیکہ پرندہ سفید یا سیاہ یا بھورا رنگ۔ نوجوان مرد۔	منگل
بشرطیکہ خاکی رنگ۔ لکھنے پڑھنے کا سامان۔ عالم مرد۔	بدھ
بشرطیکہ رنگ زرد چوپایہ۔ سواری۔ بوڑھا مرد۔	جمعرات
بشرطیکہ زرد رنگ۔ پالتو جانور۔ نابالغ حسین لڑکی	جمعہ
بشرطیکہ موش سیاہ رنگ۔ مرد جوان۔	ہفتہ
بشرطیکہ سرخ رنگ۔ سبز ترکاری۔ لڑکا۔ باغیچہ۔	اتوار

سفر کے لیے منحوس ایام اور شگون

ایام	منحوس شگون
پیر	نیلا رنگ۔ حشرات الارض۔ ضعیفہ
منگل	زرد رنگ۔ بندر۔ کتا۔ کنواری لڑکی۔
بدھ	رنگ سبز۔ وحشی پرندہ۔ جاہل عورت۔
جمعرات	رنگ اودا۔ پالتو پرندہ۔ نوجوان عورت۔
جمعہ	خاکی رنگ۔ جانور۔ آوارہ لڑکا۔
ہفتہ	سرخ رنگ۔ مردار خور پرندہ۔ عورت۔
اتوار	رنگ سیاہ۔ ناقابل سواری چوپایہ۔ لڑکی۔

شگون سفر

نیک شگون:۔ اگر سفر پر روانگی کے وقت حسب ذیل چیزیں نظر آئیں تو سفر کامیاب ہوگا۔ دودھ۔ دہی۔ غلہ۔ پھول۔ مچھلی۔ گھی۔ شہد۔ سرمہ۔ آئینہ۔ عورت معہ بچہ۔ گھوڑا۔ ہاتھی۔ گائے۔ مور۔ دھوبی۔ مردہ پالکی۔ پانی سے بھرا ہوا گھڑا۔

منحوس شگون:۔ حاملہ یا بیوہ عورت یا بانجھ عورت۔ کپڑا۔ مرد۔ دشمن۔ بیمار۔ سر برہنہ سرخ کپڑا۔ روئی۔ چھینک۔ تیل۔ چربی۔ ہڈی۔ چمڑا۔

اگر بوقت سفر نامبارک شگون ملے تو گیارہ دم ٹھہر کر روانہ ہوں۔ تو اس کی نحوست دور ہو جائے گی۔

اگر دوبارہ منحوس شگون ملے تو سولہ سانس قیام کر کے آگے بڑھے۔

اگر تیسری بار پھر نحس شگون نظر آئے۔ تو سفر ملتوی کرے۔ ہرگز نہ جائے۔ ورنہ سخت نقصان ہوگا۔

سفر کے مبارک ایام بلحاظ سمتِ سفر

یوم	سمت
پیر	مشرق۔ جنوب مشرق۔ جنوب۔ شمال۔ شمال مشرق۔
منگل	مشرق۔ جنوب مشرق۔ جنوب۔ شمال مغرب۔ شمال۔ شمال مشرق۔
بدھ	مشرق۔ مغرب۔ شمال مغرب۔ شمال مشرق۔
جمعرات	جنوب مغرب۔ مغرب۔ شمال مغرب۔ شمال۔
جمعہ	جنوب مغرب۔ مغرب۔ شمال مغرب۔ شمال۔
ہفتہ	جنوب مشرق۔ جنوب۔ جنوب مغرب۔ مغرب۔
اتوار	مشرق۔ جنوب مشرق۔ جنوب۔ جنوب مغرب۔ شمال مشرق۔

منحوس ایام بہ لحاظ سمت

ایام	سمت
سوموار	جنوب مغرب۔ مغرب۔ شمال مغرب۔
منگل	جنوب مغرب۔ مغرب۔
بدھ	جنوب مشرق۔ جنوب۔ جنوب مغرب۔
جمعرات	مشرق۔ جنوب مشرق۔ جنوب۔
جمعہ	مشرق۔ جنوب مشرق۔ جنوب۔
ہفتہ	مشرق۔ شمال مغرب۔ شمال۔ شمال مشرق۔
اتوار	مغرب۔ شمال مغرب۔ شمال۔ شمال مشرق۔

مبارک آغاز

اگر نقشہ ذیل کو مدِ نظر رکھ کر تعمیر شروع کی جائے۔ یا اور کسی کام کا آغاز کیا جائے۔ تو اس کا سرانجام نیک اور مبارک ہوگا۔ ہندی میں اس کو مہورت کہتے ہیں۔

کام	مبارک نچھتر	نحس دن	منحوس
بچہ کو مدرسہ میں بٹھانا	ایوتی۔ اشنی۔ مرگشر۔ آردرا۔ پرلیس۔ پکھ۔ شرون دھنشیٹا۔ چترا۔ سواتی۔ مولا۔ اشلیکھا پیدائش سے پانچواں سال مبارک ہے۔	منگل۔ سنیچر	چوتھ۔ اشٹمی نومی۔ چودش
ملازمت کرنا	اشنی۔ پکھ۔ مرگشر۔ ایوتی۔ چترا۔ انرادھا۔ ابجت ہست	اتوار۔ جمعہ۔ بدھ	۴۔ ۹۔ ۱۴
نئے مکان میں آنا	مرگشر۔ ایوتی۔ چترا۔ انرادھا۔ پھالگن ہاترا کھا اور اترا بھادرپد۔ روہنی جیٹھ۔ ماہ۔ پھاگن اور بیساکھ کے مہینے مبارک ہیں	جمعہ	۴ اور ۹ اماوش ۱۴
غسل صحت	ایوتی۔ اترا۔ پھالگن۔ اترا بھادرپد۔ پترلس۔ اترا کھا و روہنی۔ سواتی۔ اشلیکھا۔ نچھتر۔ نحس ہیں۔ باقی نیک وسعد ہیں۔	جمعہ	۴ ۹ ۱۴
رخصتی دلہن	ہست۔ اشنی۔ روہنی۔ پکھ۔ سواتی۔ اترا بھانگنی پترلیس۔ شرون۔ دھنشیٹا۔ مولا۔ مرگشر۔ ایوتی چترا۔ انرادھا اترا بھادرپد نیک ہیں۔ شادی کے سال سے طاق دن اور برس سعد ہوگا ۳۔ ۵۔ ۷ وغیرہ نیک ہیں۔	منگل سنیچر	
زیور بنوانا	اترا۔ ایوتی۔ اشنی۔ شرون۔ دھنشیٹا ہست پکھا مرگشر۔ پکھ۔ ہست۔ چترا۔ سواتی۔ روہنی۔		

ا؎ غیر مذاہب ان باتوں کو مانتے ہیں۔ اسلام ان باتوں کو جائز نہیں رکھتا۔

	نیک ہیں۔ اتوار۔منگل۔جمعرات اور جمعہ سعد ہیں۔ اور ۲-۸-۱۲ سعد۔		
دکان کھولنا	ایونی۔مرگشرا۔انرادھا۔چترا۔روہنی۔ ہست۔اشنی۔پکھ۔اترا نچھتر۔		۴-۹ ۱۲
افسر سے ملاقات کرنا	اترا۔شرون۔دھینشٹا۔مرگثر۔انرادھا ایوتی۔اشنی۔چترا۔ہست	منگل۔سنیچر	۲-۳-۵ ۷-۱۳
تخم ریزی کرنا	مولا۔مگھا۔سواتی۔دھینشٹا۔اتراپھالگن اتراکھاڈ۔اترابھادرپد۔ایوتی۔مرگثر۔ روہنی۔چترا۔انرادھا۔ہست۔اشنی	منگل سنیچر	۲-۳ ۶-۱۲

مہینوں کا اثر ولادت پر

ماہِ ولادت	اثرات اور نتائج
چیت	خود پسند۔کامیاب۔با اقبال۔خوش معاش۔
بیساکھ	〃 〃 〃 〃 〃
جیٹھ	پاکیزہ مزاج۔صابر اور قانع۔مالدار۔شہ زور۔ خوش قسمت۔
اساڑھ	〃 〃 〃 〃 〃
ساون	قول کا پکا۔سب سے فیض پانے والا۔بادشاہ کی طرف سے عزت ہو مگر عیاش ہو
بھادوں	〃 〃 〃 〃 〃 〃
کنوار۔کاتک	کامیاب کسان اور سوداگر۔خوش نصیب۔کینہ پرور۔دولت اور غلہ جمع کرے
اگنی	کنبہ پرور۔شہ زور۔مال دار۔خوش نصیب۔
پوس	〃 〃 〃 〃

ماگھ پھاگن	خوب صورت۔ دراز قد۔ خوش نصیب 〃 〃 〃

یوم پیدائش کے اثرات و نتائج

یوم پیدائش	اثر اور نتائج
پیر	عالم اور ہنر مند اور عاقل ہو۔ صاحبِ اقبال۔ مذہب اور خاندان کا دوست فیاض۔ رحم دل۔ عمر ۶۵ سال۔
منگل	جاہل۔ جھگڑالو۔ ہر دلعزیز۔ دولت مند۔ سنگ دل۔ مذہب سے بے پرواہ مزاج بلغمی۔ صفراوی۔ خونی عمر ۷۲ سال۔
بدھ	حسین۔ عاقل۔ شیریں زبان۔ عالم۔ دیندار۔ نیک دل۔ دولتمند۔ عمر سو سال۔
جمعرات	شیریں زبان۔ مالدار۔ صاحبِ عقل و فہم۔ محنت پسند۔ کثیر الاولاد۔ عمر نوے سال
جمعہ	صفائی پسند۔ اور دانش مند۔ صاحبِ علم۔ خوش پوش۔ ہوشیار عمر ۶۰ سال۔
ہفتہ	لاغر۔ غصیلا۔ نگر بہادر۔ مخالف مذہب۔ مزاج سوداوی۔ عمر ایک سو سال۔
اتوار	سخی۔ رحم دل۔ دلیر اور بہادر۔ شیرینی کا شوق۔ غصیلہ۔ شہوتی۔ مزاج صفراوی۔ عمر طبعی ۶۰ سال۔

بہ طریق دیگر

جس تاریخ کو لڑکا یا لڑکی پیدا ہو۔ اس کا نچھتر دیکھیں۔ اور ذیل کے نقشہ سے اس کے حالات معلوم کریں۔ نچھتر سے مراد چاند کی ستائیس منزلیں ہیں۔

تاریخ پیدائش کا نچھتر	نتائج اور اثرات۔ اس کا مستقبل
اسونی	بچہ صحت کے لحاظ سے اچھا اور قوی ہو۔ ہوشیار ہو۔ اور اپنے رشتہ داروں سے اچھا سلوک کرے۔
بھرنی	تندرست رہے۔ اور طاقت ور ہو۔ عقلمند۔ اور بلند ہمت ہو۔ اور راست بازی اختیار کرے۔
کرتکا	متفکر اور بخیل ہو۔ نیز بد اعمال۔
روہنی	مالدار ہو۔ نیز شیریں زبان۔ عاقل اور خوش نصیب ہو۔ لیکن اس کا حافظہ کمزور ہوگا۔
مرگرا	مغرور۔ خود غرض۔ ہوشیار اور صابر و قانع۔
آرورا	فضول خرچ۔ عیاش۔ مغرور۔ دانش مند۔
پونربس	کثیر الاولاد۔ کثیر الاحباب۔ راحت پسند۔ صاحب اقبال۔
پکھ	عقل مند۔ سلیم الطبع۔ ہوشیار۔ پرہیزگار۔ عابد۔
شلیکھا	متلوّن مزاج۔ مطلب پرست۔ چالاک۔
مگھا	والدین کا خادم۔ بیوی کا پیارا۔ صاحب نصیب و صاحب اقبال۔
پوربا پھالگن	ایسا مولود ہر کام میں مشاق۔ صاحب ہمت۔ صاحب طاقت اور دشمن پر غالب رہتا ہے۔
اترا پھالگن	سخی۔ راست باز۔ فیض رساں اور عاقل۔
ہست	دوستوں سے محبت کرے اور دشمنوں سے جنگ مغرور اور خوش قسمت۔
چترا	عقلمند۔ مالدار اور بلند ہمت۔
سواتی	رشتہ داروں اور دوستوں کا ہمدرد۔ احسان کرنے والا۔
بیساکھا	مستقل مزاج۔ ہوشیار۔ سخی۔ دولت مند۔
اترادھا	ہر فن مولا۔ کامیاب تاجر۔
جیشٹھا	افسانوں اور قصوں کا شائق۔ اور دستکاری پسند کرنے والا۔

مول	یگانوں اور بیگانوں میں ہر دلعزیز۔
پورباکھاڑ	عقلمند۔ لائق۔ محبت کرنے والا اور نیک۔ صاحب مروت۔
اتراکھاڑ	درباروں میں معزز۔ چالاک اور ہوشیار۔
شروَن	علم وفن کا عاشق۔ عقلمند اور متین۔
دھنیشٹا	ہر دل عزیز۔ دولت مند۔
ست بکھا	مال دار۔ عقل مند۔ نیک کردار۔
پوربابھادرپد	کاریگر۔ علم دوست۔ محبت پرست۔
اترابھادرپد	راست باز۔ کامیاب۔ سخی۔ عقل مند۔
ریوتی	والدین اور دوستوں کا خدمت گزار۔

تاریخوں کا نچھتر ہر جنتری میں تحریر کیا جاتا ہے۔ پس جس تاریخ ولادت ہو۔ اسی روز کی تاریخ میں نچھتر دیکھ لیں۔

بچہ کا نام رکھنا

(نجوم کے قاعدہ سے)

ذیل میں ایک نقشہ دیا جاتا ہے۔ جس میں نچھتروں کے نام اور حروف تہجی دیئے گئے ہیں۔ پس بچہ جس تاریخ پیدا ہو۔ اس تاریخ کا نچھتر جنتری سے معلوم کریں۔ اب اس نچھتر کے نیچے جو حروف لکھا ہو وہ کاغذ پر لکھ لیں اور بچہ کا ایسا نام تجویز کریں جسکے اول میں نچھتر کا حرف آتا ہو۔ مثلاً بچہ پورباپھالگن نچھتر میں پیدا ہوا ہے تو ایسا نام رکھا جائے گا۔ جس کے شروع میں حرف ک آتا ہے۔ کیونکہ اس نچھتر کا یہی حرف ہے۔ جیساکہ نقشۂ ذیل میں درج ہے پس نام کرامت علی۔ کالے خان۔ کلیان سنگھ۔ کاہن چند وغیرہ رکھا جائے گا۔ نقشہ

نچھتر	حرف	نچھتر	حرف	نچھتر	حرف
اسونی	ا	مگھا	ی	مول	ق
بھرنی	ب	پورباپھالگن	ک	پورباکھاڑ	ر

نچھتر	حرف	نچھتر	حرف	نچھتر	حرف
کرتکا	ج	اتراپھالگن	ل	اترا کھاڑ	ش
روہنی	د	ہست	م	شرون	ث
مرگرا	ہ	چترا	ن	دھنیشٹا	خ
آردرا	و	سواتی	س	ست بکھا	ذ
پوترنبس	ز	بیساکھا	ع	اترابھادرپد	ض۔ ظ
پکھ	ج	انرادھا	ف	ایوتی	غ
اشلیکھا	ط	جلیشٹھا	ص	۰	۰

فال نامہ دیوان حافظ

اہل اسلام کے علاوہ اکثر غیر مسلم بھی دیوان حافظ سے فالیں دیکھنے کے عادی ہیں۔ اور اس کے قائل ہیں۔ علاوہ ازیں شاہان اسلام اور دیگر طبقہ کے عمائدین مشکلات میں دیوان حافظ سے فال کرتے رہے ہیں۔ اور یہ امر اس بات کے ثبوت میں پیش کیا جا سکتا ہے۔ کہ یہ فالیں ضرور ہی صادق ہوتی ہوں گی۔ ورنہ اس قدر اعتقاد کیوں ہوتا۔

بہر حال ناظرین کتاب ہذا کے استفادہ کے واسطے دیوان حافظ سے فال دیکھنے کے طریقے درج ذیل کیے جاتے ہیں۔

پہلا طریق

فال کی نیت سے وضو کریں۔ لباس بھی پاکیزہ ہونا چاہیئے۔ پھر پاکیزہ اور علیحدہ جگہ میں قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھیں۔ اور تین مرتبہ سورہ الحمد پڑھ کر اس کا

ثواب خواجہ حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو بھیجیں۔ فال صبح کے وقت دیکھنی چاہیئے۔ یا دن کے پچھلے وقت بھی۔ مگر بوقت زوال فال نہیں دیکھنی چاہیئے۔

اب دیوان اٹھائیں۔ اور الحمد شریف پڑھیں۔ اور دل میں اپنے مطلب کا خیال کریں۔ اور خدائے تعالےٰ سے دعا بھی کریں۔ اس کے بعد دیوان کو داہنے ہاتھ سے کسی جگہ سے کھولیں۔ پس سب سے پہلا شعر فال ہوگا۔ اسے خوب سمجھ لیں۔

لیکن اگر اس سے مطلب صاف نہ نکلے۔ تو پھر ساتویں شعر کے مفہوم پر غور کریں۔ اور اگر بفرض محال اب بھی مقصد پورا نہ ہو۔ تو پھر ساتویں صفحہ کا ساتواں شعر پڑھ کر اس کا مطلب سمجھیں۔

مگر یاد رہے۔ کہ اگر فال پہلے شعر سے نکل آئے۔ تو پھر دیگر اشعار بغرض فال نہ دیکھیں۔

نوع دیگر

حسب طریق مذکورہ بالا باوضو ہو کر دیوان حافظ کھولیں۔ اور سات ورق الٹیں۔ اور آٹھویں ورق کے ساتویں شعر سے فال لیں۔ انشاءاللہ تعالےٰ حسب حال جواب ملے گا۔

تمت

ایک نہایت ہی پرانے اور مستند فارسی رسالہ کا

ترجمہ

اسرارِ حکمت

معروف بہ

رسالہ علم قیافہ

مترجمہ

عالی جناب حکیم محمد عزیز صاحب حکیم حاذق صالح پوری

بانذر حقوق دوامی

محمد حفیظ اللہ قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی لاہور

نے شائع کیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قیافہ

بقول حکمائے قدیم قیافہ ایک عقلی علم ہے جس کے ذریعہ سے بیرونی اعضاء کو دیکھ کر مردوں عورتوں کے نیک و بد حالات معلوم کیے جا سکتے ہیں۔ بشرطیکہ عامل کو اس میں پوری واقفیت اور لیاقت ہو ورنہ غلط ثابت ہوگا۔ اس لیے قیافہ دان کے واسطے نہایت ضروری ہے کہ جہاں تک ہو سکے۔ اس میں کافی مہارت حاصل کرے۔ تاکہ معمولی دیکھتے ہی اس کی اچھی بری خصلتوں کی پہچان کر سکے۔ اب ہم ہر ایک اعضاء کا مفصل حال بیان کرتے ہیں۔ جن کو دیکھ کر قیافہ دان نیک و بد خصائل کی نسبت اپنی رائے قائم کر سکتا ہے مثلاً سر پیشانی۔ آنکھ۔ ناک۔ کان۔ منہ۔ دانت۔ ہونٹ۔ ابرو۔ ٹھوڑی۔ رخسارہ۔ گردن۔ پشت۔ کندھے۔ بازو۔ ہاتھ۔ سینہ۔ پستان۔ شکم۔ ناف۔ ران۔ پنڈلی۔ زانو۔ پاؤں۔ پشت کف پا۔ ایڑی۔ ناخن۔ انگلیاں۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ رفتار۔ گفتار۔ فربہی۔ لاغری۔ وضع درازی اور پستی اعضاء۔ خط و خال۔ بناوٹ بدن۔ بال۔ آواز وغیرہ ان سب کی پہچان بڑے غور سے کرنی چاہیئے۔ لیکن صرف کسی ایک اعضاء کو دیکھ کر ہی نتیجہ اخذ کر لینا مناسب نہیں ہوتا۔ بلکہ دوسرے اعضاء کو بھی اچھی طرح سے دیکھیں۔ اور اس کے بعد مقابلہ کر کے رائے قائم کریں۔ کیوں کہ بعض دفعہ کسی ایک اعضاء سے بد خصلتی ظاہر ہوتی ہو تو دوسروں سے نیک سیرتی کا اظہار ہوتا ہے۔

مردوں کے متعلق قیافہ

بال

جس مرد کے بال نرم باریک اور لمبے ہوں وہ کمزور دل اور ڈرپوک ہوتا ہے۔

سرخ اور دراز بالوں والا آدمی ہمیشہ مکاری اور دغابازی اور چغل خوری میں مشغول رہتا ہے۔ جس کے بال خوب صورت اور بدن کمزور ہو اس کی عمر زیادہ نہیں ہوتی۔ اس کا دل کسی وقت فکر اور اندیشہ سے خالی نہیں ہوا کرتا۔ بال چھوٹے اور سخت ہوں تو کم عقلی دلیری اور حسن پرستی کی علامت ہوتی ہے۔ سیاہ، چکنے اور گھنے بالوں والا انسان مستقل مزاج رحم دل اور ہر کام میں ثابت قدم ہوتا ہے۔ بلا سمجھے سوچے کوئی کام نہیں کرتا۔ سیاہ اور گھونگریالے بال جس کے ہوں وہ شخص ہر کام میں سر توڑ کوشش کرنے والا ہوگا۔ مگر اس کو کامیابی حاصل نہیں ہوتی۔ فساد کرنا، شراب پینا اور عاشق مزاجی ایسی عادتیں اس میں اکثر پائی جاتی ہیں۔ جس کے بالوں کا رنگ بھورا ہو۔ وہ آدمی صلح کل۔ راستی پسند اور نیک کام کرنے والا ہوتا ہے۔ چھاتی پر بالوں کا ہونا نیک بختی۔ سچائی اور وفاداری کی نشانی ہے۔ اگر پیٹ پر ہوں تو بے وقوفی کی دلیل ہوتی ہے۔ جس شخص کے اگلے حصہ سر کے بال گر جائیں اور صاف جگہ نکل آئے تو وہ صاحب دولت۔ خوش نصیب، حاکم مزاج صاحب علم ہوگا جس کے پچھلے حصہ سر کے بال گر جائیں وہ ضدی اپنے خاندان کی عزت کا خواہش مند اور جنات کا عامل ہوتا ہے۔ جس کے تمام بدن پر بال گھنے ہوں۔ وہ شخص ہمیشہ زندگی عیاشی اور خستہ حالی میں گذارتا ہے۔

سر

جس آدمی کا سر گولائی میں خوب صورت اور بڑا ہو۔ وہ عقل مند ہر کام میں ثابت قدم پکا دیانت دار اور بلند خیال ہوتا ہے۔ جس کا سر بڑا اور چوڑا ہو وہ امیر صاحب حوصلہ اور بے حیائی کا عادی ہوتا ہے۔ لمبے اور بڑے سر والا آدمی کم عقل سست الوجود کمزور دل اور حاسد ہوتا ہے۔ اگر سر چھوٹا ہو تو کمزور چشمی اور بد نصیبی کی علامت ہے۔

پیشانی

جس شخص کے پیشانی پر بال محراب نما ہوں۔ خوش مزاج، نیک خصلت، مستقل مزاج اعتدال پسند اور صاحب حیا ہوتا ہے۔ پیشانی گول اور بڑی ہو تو ایسا آدمی جو بات کرے

اس پر پورا اترتا ہے۔ سچ کہتا ہے اور ہمیشہ نڈر رہتا ہے۔ اپنے یاروں دوستوں کو کبھی دھوکا نہیں دیتا۔ تنگ پیشانی والے آدمی کی تمام زندگی رنج و تکلیف۔ مفلسی اور بے حیائی میں گذر جاتی ہے۔ ابرو کے نزدیک پیشانی کا حصہ ابھرا ہوا ہو تو اس قسم کے آدمی میں یاوہ گوئی۔ دغا، فریب اور جھگڑا فساد ایسی خصلتیں پائی جاتی ہیں۔ جو شخص کشادہ پیشانی ہو۔ وہ صاحب تدبیر دانشمند اور خوش قسمت ہوتا ہے۔ اور ہر ایک کے ساتھ محبت رکھتا ہے۔ جس کی پیشانی پر شکن بہت ہوں۔ وہ شخص ہر وقت رنجیدہ رہتا ہے۔

ابرو

(بھویں) ابرو اگر خم دار مثل کمان خوش نما ہوں تو ایسا آدمی بہادر، مغرور۔ حسن پرست اور طالع مند۔ خوش قسمت۔ مستقل مزاج۔ بردبار، ہاتھ کا سخی اور دانا ہوتا ہے۔ بھوؤں پر بال گھنے اور بکثرت ہونا۔ جہالت۔ کم عقلی۔ بدنصیبی۔ دغابازی اور حسد کی علامت ہوتی ہے۔ گھونگریاں اور گھنی بھوؤں والا آدمی دوستی کے قابل نہیں ہوتا۔ کیوں کہ بے وقوف، جھگڑالو، تند اور مزاج کا چڑچڑا ہوتا ہے۔

چشم

(آنکھ) جس شخص کی آنکھیں سیاہ و سفید اور ان میں سرخ رگیں پراگندہ ہوں۔ وہ حسن پرست۔ نظر باز۔ عورتوں سے فائدہ اٹھانے والا ہوتا ہے۔ جس کی آنکھیں بڑی اور چمک دار ہوں گی وہ خوش طبع، فہیم، عقلمند۔ بے خوف اور دل کا پاک و صاف ہوگا۔ خواہ مخواہ بیگانوں کو اپنا دوست بنالے گا۔ آنکھیں بڑی اور اندر کی طرف گھسی ہوئی ہوں تو مغروری۔ حسد۔ دغابازی۔ بے رحمی۔ بہادری۔ تند مزاجی۔ عیاشی کی نشانی ہوتی ہے۔ مگر ایسے آدمی کا حافظہ تیز اور زیادہ تر بدمعاش اور شہوت پرست لوگوں سے میل جول رکھتا ہے۔ آنکھوں کی رنگت اگر سیاہ ہو تو عقلمندی۔ خوش مزاجی۔ نیک بختی اور پارسائی کی علامتیں ہوتی ہیں۔ جس کی آنکھیں ترچھی ہوں وہ سیاہ دل، بدنصیب۔

جھوٹا اور بدطینت ہوگا۔ سرخ آنکھوں والے انسان کا ہرگز اعتبار نہیں کرنا چاہیئے کیوں کہ یہ ہر وقت تندمزاجی، مغروری، دغابازی، خودغرضی اور حسد سے کام لیتا ہے۔ بڑی بڑی اور ابھری ہوئی آنکھوں والا آدمی سادہ مزاجی اور نیکی کو اکثر پسند رکھتا ہے۔ جس کی آنکھوں کا رنگ نیلا ہو وہ ذہین۔ قیاسی۔ عیش پسند اور امیر ہوتا ہے۔ بیل کی طرح اگر کسی کی آنکھیں ہوں۔ تو اس میں عقل بہت کم اور سمجھ ہرگز نہیں ہوتی۔ اور کوئی بات اس کو یاد نہیں رہتی۔ ادھر سنی ادھر بھول گئی۔ بدنصیب اور بدن کا موٹا تازہ ہوتا ہے۔ گربہ چشم آدمی دیکھنے میں بہت مسکین مگر داؤ پیچ کا پورا ہوتا ہے۔

ناک

بلند اور لمبی ناک والا آدمی صاحب دولت اور نیک بخت ہوتا ہے۔ جس کی ناک ہموار ہو اس میں اکثر دغابازی۔ حیلہ سازی۔ دروغ گوئی اور خودپسندی کے آثار پائے جاتے ہیں۔ آخر و اول سے ناک ایک جیسی ہو۔ مگر درمیان سے ابھری ہوئی ہو۔ تو ایسی ناک والا شخص ہر ایک کا دوست اور دوراندیش ہوتا ہے۔ عقاب کی چونچ کی مانند جس شخص کی ناک ہوگی۔ وہ دانا۔ صاحبِ علم اور دوراندیش ہوگا۔ دولت اور نیک بختی ہمیشہ اس کی مددگار رہے گی۔

کان

چھوٹے اور پتلے کان علم قیافہ کے مطابق اچھے ہوتے ہیں۔ ایسے کانوں والا آدمی دانا، فہیم۔ خوش مزاج۔ ہر ایک کا دوست۔ کفایت شعار اور وفادار ہوتا ہے۔ مگر جس کے کان موٹے اور بڑے ہوں۔ وہ جاہل۔ نادان۔ بے وقوف۔ کمزور۔ نافہم یاوہ گو۔ ہونے کے علاوہ بے ہودہ باتیں بہت کرتا ہے۔ درمیانہ کان جس آدمی کے ہوں گے۔ وہ نیک بخت۔ رحم دل۔ صاحب علم اور عقلمند ہوگا۔ بہت لمبے کان ہوں تو وہ بھی اچھے نہیں ہوتے۔

ہونٹ

حکمائے قیافہ دان لکھتے ہیں کہ جس شخص کے ہونٹ باریک اور سرخ ہوں وہ نیک بخت ۔خلیق۔نیکی پسند۔ برائی کا دشمن ہوتا ہے ۔ مگر ہونٹوں کا سیاہ ہونا بھی خراب علامت ہے ۔ بڑے اور موٹے ہونٹوں والا انسان مکار ۔ دغاباز ۔ بے وقوف ۔ سست ۔ بخیل اور بد اعتقاد ہوتا ہے ۔ اگر کسی شخص کا اوپر کا ہونٹ چھوٹا اور نچلا بڑا ہو ۔ وہ اپنی تمام زندگی بے وقوفی ۔ بدنصیبی اور سستی میں گذارتا ہے ۔ اگر اوپر کا بڑا اور نیچے کا چھوٹا ہو تو وہ ہٹ بازی ۔ آرام طلبی ۔کند ذہنی اور مکاری کی علامت ہوتی ہے ۔

نتھنے

بلحاظ علم قیافہ جس شخص کے نتھنے باریک ہوں ۔ وہ نازک مزاج اور وفادار ہوتا ہے کھلے نتھنوں والے اکثر بہادر اور جوشیلے ہوتے ہیں ۔ اگر کسی کے نتھنے تنگ ہوں تو وہ ڈرپوک اور کم حوصلہ ہوتا ہے ۔

منہ

ماہران قیافہ لکھتے ہیں کہ جس کسی کا منہ تنگ اور غنچۂ گل کی مانند ہو وہ شخص نیک بخت اور صاحب دولت ہوتا ہے ۔ اور منہ کشادہ ہونا بہادری اور جنگ جوئی کی علامت ہے ۔

دانت

جس شخص کے دانت بڑے بڑے ہوں وہ بے شرم اور شرارتی ہوتا ہے ۔ اگر دانت چھوٹے اور الگ الگ ہوں تو وہ آدمی خلیق ، دیانتدار اور ایماندار ہوتا ہے ۔ جس کے دانت چھوٹے اور آپس میں ملے ہوئے ہوں تو وہ شخص قصے کہانی سننے اور علم پڑھنے کا شوق رکھتا ہے ۔ چھوٹے اور باریک مثل دانہ انار کے خوشنما دانت ہوں تو نیک بختی اور دولتمندی کی دلیل ہوتی ہے ۔ ناہموار ہونا دانتوں کا ہنرمندی کی نشانی ہے ۔ جس کے بتیس دانت

پورے ہوں وہ ہمیشہ عیش و عشرت میں زندگی بسر کرتا ہے۔ اگر اکتیس ہوں تو دولت وسلطنت کی علامت ہوتی ہے۔ تیس دانت بھی اچھے ہوتے ہیں۔ اگر کسی کے انتیس دانت ہوں۔ تو تمام زندگی رنج اور محنت میں گذر جاتی ہے۔ بتیس سے کم دانت ہوں تو ایسا شخص ظالم بے رحم اور سخت دل ہوتا ہے۔

زبان

جس کسی کے تالو اور زبان کا رنگ سرخ ہو وہ صاحب دولت اور مال دار ہوتا ہے تالو اور زبان کی رنگت سفید ہو وہ بھی خراب ہوتی ہے۔ اگر زبان سیاہ رنگ ہو۔ تو بدبختی اور کمینہ پن کی علامت ہے۔ زبان کا موٹا اور خشک ہونا دروغ گوئی پر دلالت کرتا ہے۔ لمبی اور باریک زبان والا آدمی عاقل۔ فہیم۔ رحم دل۔ سچا۔ دوست دار اور حافظہ کا تیز ہوتا ہے۔ جو بات ایک بار سن لے۔ وہ کبھی نہیں بھولتا۔

آواز

آواز اگر بھاری اور بلند ہو تو بہادری کی علامت ہوتی ہے۔ اور ایسے آواز والا آدمی صاحب حوصلہ اور عقلمند ہوتا ہے۔ باریک اور اونچی آواز والا انسان فہیم ذہین دور اندیش۔ سچائی پسند اور عقل مند ہوتا ہے۔ جس شخص کی آواز کرخت ہو وہ بیوقوف سست اور احمق ہوتا ہے۔ جس کی آواز بات کرتے وقت لرزہ کھا جائے۔ تو وہ حاسد ہونے کے علاوہ اس کے دل و دماغ اور بدن کمزور ہوتے ہیں۔ ہمیشہ سست اور وہمی رہتا ہے۔

ٹھوڑی

از روئے علم قیافہ اگر کسی انسان کی ٹھوڑی لمبائی۔ چوڑائی۔ موٹائی اور باریکی میں درمیانہ اور خوش نما ہو وہ صاحب دولت اور نیک بخت ہوتا ہے۔ ٹھوڑی اگر پر گوشت

ہونو دیانت داری اور راست گوئی کی دلیل ہوتی ہے۔ مگر گوشت سے خالی ٹھوڑی والا آدمی بے شرم، ظالم، بے مروت، چغل باز، متکبر، چور، بدمعاش اور غصہ سے بھرا ہوا ہوتا ہے۔

رخسار

جس شخص کے دونوں رخسارے خوب صورت ہوں۔ اور بات کرتے وقت ان میں گڑھے پڑ جائیں۔ وہ صاحبِ دولت اور نیک بخت ہوتا ہے۔

چہرہ

انسان کا چہرہ پروردگار عالم نے صاف آئینہ پیدا کیا ہے۔ جس کے دیکھنے سے نیک و بد حالات معلوم ہو سکتے ہیں۔ مثلاً جس آدمی کا چہرہ پر گوشت ہو وہ صاحبِ تمیز، زندہ دل اور سمجھ دار ہوتا ہے۔ اگر چہرہ پر شکن پڑے ہوئے ہوں تو جلد بازی یاوہ گوئی، شراب خوری کی علامت ہوتی ہے۔ لمبے اور دُبلے چہرے والا آدمی زور آور۔ مردم آزار اور فریبی ہوتا ہے۔ جس شخص کے چہرے پر تھوڑی حرکت کرنے سے پسینہ آجائے۔ وہ بیوقوف، مکار، عیاش، بدزبان اور صفرادی مزاج ہوتا ہے۔ سوداوی مزاج کے انسان اکثر زرد رنج۔ چڑچڑے اور چہرے ان کے نیلگوں ہوتے ہیں۔ جس کا چہرہ سفیدی مائل ہو۔ اس کا مزاج بلغمی۔ بدن فربہ۔ بدکار اور سست الوجود ہوتا ہے۔

گردن

پتلی گردن والا آدمی دانا اور عقلمند ہوتا ہے۔ چھوٹی گردن کا ہونا مکاری، دھوکا بازی بے وقوفی اور چوری کی علامت ہے۔ جس کی گردن موٹی ہو وہ آدمی راست گو، صلح جو عقلمند، انصاف پسند اور دلاور ہوتا ہے۔

کندھے

جس شخص کے کندھے کمزور ہوں اس کے دل و دماغ کمزور ہوتے ہیں۔ اور ہر ایک سے

ڈرتا ہے۔ اگر کندھے بڑے اور موٹے ہوں تو صادق الایمانی محنت کشی۔ کند ذہنی بدقسمتی کی علامتیں ہوتی ہیں۔ درمیانہ کندھوں والا انسان دولت مند اور صاحب عقل ہوتا ہے۔ جس شخص کے کندھوں پہ بال زیادہ ہوں۔ اس کی عمر غریبی۔ تنگ دستی۔ اور مفلسی میں گذر جاتی ہے۔

بازو

ماہران علم قیافہ نے لکھا ہے۔ کہ جس آدمی کے بازو لمبے اور بڑے ہوں۔ وہ نیک بخت اور دل کا سخی ہوتا ہے۔ اگر بازو چھوٹے ہوں۔ تو ایمانداری۔ فہمیدگی اور خداپرستی کی دلیل ہوتی ہے۔

سینہ

جس کے سینہ پہ بال بہت ہوں۔ کشادہ اور پر گوشت بھی ہو۔ وہ آدمی نیک خو۔ صلح جو دولت مند ہوتا ہے۔ اگر سینہ پہ بال نہ ہوں اور نہ فراخ ہو۔ عیاشی اور مکاری کی علامت ہے۔ اس سے امید وفا نہیں ہوتی۔

پستان

دونوں پستان اگر فربہ ہوں۔ تو دولت مندی کی دلیل ہوتی ہے۔ اگر بایاں پستان دائیں پستان سے زیادہ فربہ ہو تو اس آدمی کی شادی کسی صاحب نصیب عورت سے ہوگی

پہلو

پسلی کی ہڈیاں اگر گنتی میں آٹھ ہوں تو بادشاہی کی علامت ہوتی ہے۔ جس شخص کی نو پسلی ہوں وہ بھی صاحب نصیب اور دولتمند ہوتا ہے۔ اگر دس ہوں تو ایسے آدمی کی تمام عمر فقر اور درویشی میں بسر ہوتی ہے۔ اگر گیارہ ہوں تو اس خصلت کے آدمی زاہد اور پرہیزگار ہوتے ہیں۔ جس شخص کی بارہ پسلیاں ہوں وہ ہمیشہ مفلسی اور محنت میں زندگی

بسر کرتا ہے۔ اگر تیرہ ہوں تو یہ بھی دولت و مال کی علامت ہوتی ہے۔ اگر چودہ ہوں تو وہ بھی خراب ہوتی ہیں۔

شکم

چھوٹے اور نرم پیٹ والا آدمی ڈرپوک۔ کمزور جسم۔ بدنصیب اور پرہیزگار ہوتا ہے۔ اور جس کا پیٹ بڑا اور سخت ہو وہ آدمی زیادہ کھاتا اور ہر ایک کا حسد کرتا ہے۔

ناف

جس شخص کی ناف پیٹ موٹا ہونے کی وجہ سے اندر کو گھسی ہوئی ہو۔ وہ جھوٹا۔ بزدل اور عیار ہوتا ہے۔ ناف اگر پیٹ کے برابر ہموار ہو تو نیک بختی اور رحم دلی کی علامت ہوتی ہے۔ جس کی ناف اوپر کو ابھری ہوئی ہو وہ ہمیشہ مفلس اور تنگ دست رہتا ہے۔

ٹانگیں

لمبی اور پتلی ٹانگوں والا آدمی بدنصیب۔ متکبر۔ بے وفا۔ شیخی باز ہوتا ہے۔ جس کی ٹانگیں چھوٹی اور پر گوشت ہوں وہ شخص صاحب ہمت، پختہ مزاج ہوتا ہے۔ درمیانی ٹانگوں والا راست گو، خلیق اور نیک دل ہوتا ہے۔

پاؤں

جس شخص کے پاؤں لمبے ہوں وہ پرلے درجے کا احمق اور پختہ مزاج ہوتا ہے۔ پتلے اور نرم پاؤں والا آدمی صاحب عقل، فہیم کمزور اور نیک خیال ہوتا ہے۔ لمبے اور چوڑے پاؤں جس کے ہونگے وہ کند ذہن۔ فسادی اور صاحب ہمت ہوگا۔ چھوٹے اور چوڑے پاؤں ہوں تو مغروری، مکاری، فریب کاری اور بے شرمی کی علامت ہوتی ہے۔

ہتھیلی

جس شخص کی ہتھیلی صاف ہو اور اس پر خط بہت کم ہوں وہ صاحب اولاد اور دولتمند

ہوتا ہے۔ اگر پرگوشت ہتھیلی ہو تو بہادر اور تلوار بازی کی علامت ہوتی ہے۔ پھٹا ہوا اور بہت شکن دار ہتھیلی والا آدمی بدبخت، مفلس اور وہمی ہوتا ہے۔

ناخن

ناخن سرخ اور گول ہوں دلیل صاحب اقبالی کی ہے۔ ہلالی شکل کے ناخن ہیرے کی چمکدار علامت وزارت کی ہوتی ہے۔ سفید اور زرد ناخنوں والا آدمی ہمیشہ بیماریوں میں مبتلا رہتا ہے۔ سیاہ رنگ کے ناخن خراب ہوتے ہیں۔

انگلیاں

لمبی انگلیوں والا آدمی ہمیشہ تندرست رہتا ہے اور بہت جیتا ہے۔ چھوٹی اور نرم ہوں تو عقلمندی اور خوش نصیبی کی علامت ہوتی ہے۔ جس کی انگلیاں بڑی ہوں وہ بدمعاش اور چور ڈاکو ہوتا ہے۔

قد

جس آدمی کا قد بہت لمبا ہو وہ بے وقوف ہوتا ہے۔ اور لمبے پتلے قد والا ہمیشہ سمجھ کر کام کرتا ہے۔ چھوٹے قد کا آدمی خواہ موٹا بھی ہو وہ ضدی۔ حاسد، مغرور، یاوہ گو، جھوٹا اور بدکردار ہوتا ہے۔ کوتاہ قد اور پتلا ہونا عقلمند، بہادری اور محبت کی علامت ہوتی ہے۔ علاوہ ازیں عالمان قیافہ لکھتے ہیں کہ جس شخص کی اپنی انگلیوں سے ۵۲ انگلی قد لمبا ہو تو عزت و کمال، درویشی، گداگری اور بے اعتباری کی علامت ہوتی ہے۔ اگر ۸۰ انگلی قد کی لمبائی ہو تو وہ آدمی چور۔ بے اعتبار۔ فریب کار۔ بدافعال۔ حریص اور لالچی ہوتا ہے۔ ۹۰ انگشت قد کا آدمی ادنیٰ مرتبہ میں رہتا ہے۔ اور ۱۰۰ انگشت والا بلند مرتبہ۔

عمر بلحاظ قد

علم قیافہ کے مطابق اگر کسی شخص کا قد نوے انگشت لمبا ہو تو اس کی عمر نہیں برس ہو گی۔

ے انگشت لمبا ہوگا۔ وہ پینتیس سال زندہ رہے گا۔ اگر بانوے ہو تو چالیس
ے گا۔ علیٰ ہٰذا القیاس ایک سو دس انگشت تک فی انگشت پانچ سال تک بڑھاتے
جائیں۔ حتےٰ کہ ایک سو دس انگشت والا آدمی ایک سو تیس برس کی عمر کا ہوگا۔ زاں بعد جس کا
قد ایک سو گیارہ انگشت لمبا ہو اس کی عمر ایک سو سینتیس برس ہوگی۔ اور ایک سو بارہ انگشت
اگر قد کی لمبائی ہو تو ایک سو چوالیس سالہ عمر کی دلیل ہوتی ہے۔ اسی طرح فی انگشت سات
سال زیادہ کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ ایک سو بیس انگشت قد والے کی عمر دو سو سال ہوگی جب
ایک سو بیس انگشت سے قد زیادہ ہو جائے تو عمر جاودانی کی دلیل ہوتی ہے۔ واللہ اعلم۔

رفتار

چھاتی کو تن کر چلنے والا آدمی ہر ایک بات کو بڑی آسانی سے پان لیتا ہے۔ اور اکثر
زندہ دل اور خوش مزاج ہوتا ہے۔ جو آدمی ٹیڑھی چال چلتا ہو۔ وہ بڑوں کی عزت
نہیں کرتا۔ آہستہ آہستہ چلنے والا ہمیشہ رنجیدہ۔ سست اور کند فہم ہوتا ہے۔ جو آدمی
چلتے وقت سر نیچا کرکے اور نگاہ زمین پر رکھ کر جائے۔ وہ مفلس اور بدنصیب ہوتا ہے۔

گفتار

جو آدمی بات کرتے وقت بلا حرکت یا مطلب اور صاف بات کرتا جاتا ہے۔ وہ صاحب
عقل، ایماندار، محنتی اور فراخ دل ہوتا ہے۔ جو شخص بلا موقع بات کرتے وقت ہاتھ پاؤں
بازو سر کو ہلاتا ہو وہ بے وقوف۔ خود پسند۔ شہوتی۔ متلون مزاج ہوتا ہے۔ جو شخص تیز زبانی
سے گفتگو کرتا ہے۔ اس کی کوئی بات قابلِ اعتبار نہیں ہوتی۔ کیونکہ وہ حاسد اور متکبر ہوتا ہے۔

داڑھی

جس کی داڑھی نہایت خوش نما اور بالوں سے پر ہو۔ وہ نیک دل۔ دیانت دار اور
صاحب اتفاق ہوتا ہے۔ اگر داڑھی کے بال کم ہوں اور چھوٹی ہو اس میں بدمزاجی اور فوراً غصہ
میں آجانے والی علامتیں پائی جاتی ہیں اور ایسا شخص آدمیوں میں بیٹھنا پسند نہیں کرتا جس کی
داڑھی بالکل نہ ہو وہ کمزور دل کم حوصلہ ہوتا ہے۔ اور داڑھی والی عورت منحوس ہوتی ہے۔

خال یعنی تل

جس طرح دوسرے اعضا جسمانی کے دیکھنے سے نیک و بد حالات معلوم ہو جاتے ہیں اسی طرح خال یعنی تل جو کہ سیاہ رنگ کا ایک داغ ہوتا ہے وہ بھی انسان کی اچھائی برائی پہ دلالت کرتا ہے۔ مثلاً کسی شخص کی سیدھی بھوؤں پہ تل ہو تو اسکی شادی خوبصورت صاحب نصیب عورت کے ساتھ ہوگی۔ (۲) جس آدمی کی پیشانی کی سیدھی جانب تل ہو وہ دولتمند ہوتا ہے۔ اگر الٹی طرف ہو تو مفلسی اور ناکامی کی دلیل ہوتی ہے۔ (۳) اگر داہنے رخسار پہ تل ہو تو خوش نصیبی اور مالداری کی علامت ہے۔ جس مرد کے بائیں رخسار پر تل ہو وہ ہمیشہ مفلس اور تنگدست رہتا ہے (۴) جس کی ٹھوڑی پر تل ہو۔ وہ خلیق خوش مزاج ہوتا ہے (۵) جس کے ہاتھ کی پشت پر ہو وہ دانا عقلمند اور ہتھیلی پر ہو وہ صاحب دولت ہوتا ہے۔ (۶) جس آدمی کی کلائی پہ تل ہو وہ صاحب دولت اور ہر ایک کا دوست ہوتا ہے (۷) جس کے سینہ پہ تل ہو اور اس پہ بال بھی ہوں وہ شخص شاعر بھی ہوتا ہے (۸) جس کی بغل میں تل ہو وہ بے عقل اور جھگڑالو ہوتا ہے (۹) مرد کے دائیں ہاتھ پہ تل ہو وہ صاحب اولاد ہوتا ہے (۱۰) جس کے گھٹنے پہ تل ہو وہ مالدار ہوتا ہے۔ (۱۱) جس کے شکم پہ تل ہو وہ بہت کھاتا ہے (۱۲) اگر باہر کے رخ گلے پہ تل ہو تو اس شخص کو دمہ کا مرض ہوگا (۱۳) اگر سینہ کے درمیان میں تل ہو تو خوش قسمتی کی علامت ہوتی ہے۔ (۱۵) جسکی سیدھی ران پہ تل ہو اسکو وفادار عورت ملے اور سسرال سے بہت سامان و دولت ہاتھ لگے۔

عورتوں کے متعلق قیافہ

پاؤں

جس عورت کے پاؤں خوبصورت اور نرم ہوں اور زمین پہ چلتے وقت کف پا کا پورا نشان لگ جائے وہ نیک بخت اور صاحب دولت ہوتی ہے۔ اگر پاؤں کا درمیانی حصہ زمین پر نہ لگے تو بدبختی اور بیوگی کی علامت ہوتی ہے۔ اگر پاؤں کے تلوے میں ایڑی سے لیکر

انگلیوں تک درمیان میں عورت کو خط ہو تو وہ نیک ہوتی ہے ۔

انگلیاں

جس عورت کے پاؤں کا انگوٹھا پتلا اور سرخ ہو وہ اپنے خاوند کی ہمیشہ غلام ۔ رضا جو ۔ اور فرمانبردار رہتی ہے ۔ جس کے انگوٹھے موٹے اور گندے ہوں وہ جلد بیوہ ہو جائیگی ۔ اگر سبابہ انگلی پاؤں کے انگوٹھے سے بہت بڑی ہو تو عورت کے پرشہوت ہونے کی علامت ہوتی ہے ۔ ایسی عورت غیر مردوں کی طرف زیادہ رغبت رکھتی ہے ۔ اور اپنے خاوند کو اچھا نہیں جانتی ۔ اگر یہی انگلی زیادہ لمبی ہو وہ عورت جوانی کے دنوں میں ضرور بدکار رہی ہوگی ۔ یہی انگلی اگر چھوٹی ہو ۔ بد خلقی اور تند خوئی کی دلیل ہوتی ہے ۔ اگر انگلی وسطی یعنی درمیانی پاؤں کی زیادہ لمبی ہو بدفعلی کی علامت ہوتی ہے ۔ بلکہ وہ عورت جلد بیوہ ہو جایا کرتی ہے ۔ انگلی مذکور داہنے پاؤں کی زمین پہ درست لگتی ہو وہ خاوند کا کہا قبول نہیں کرتی ۔ اور اس کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا ۔ یہی انگلی بائیں پاؤں کی اگر زمین پر پورا نشان دیوے علامت مالداری کی ہے ۔ انگشت بنصر اگر وسطی سے زیادہ لمبی ہو وہ عورت جلد بیوہ ہو جاتی ہے ۔ جس عورت کی یہی انگلی بہت چھوٹی ہو تو وہ بدخو اور ترش رو ہوتی ہے ۔ اور یہ انگلی زمین پر نہ لگے اور اوپر رہے ۔ تو اسکی قسمت میں دو خاوند ہوتے ہیں ۔ اگر انگشت خنصر پاؤں کی لمبی ہو بے شرمی بے حیائی کی دلیل ہوتی ہے ۔ بلکہ اس قسم کی عورت بہت خاوند کرتی ہے ۔ اگر یہی انگلی بہت چھوٹی ہو اور زمین پر خوب لگے تو خاوند کرنے اور بدفعلی ہونے کی دلیل ہے ۔

کمر

جس عورت کی کمر پتلی اور نازک ہو وہ دولت مند اور نیک بخت ہوتی ہے ۔ فربہ اور بے وضع کمر والی عورت ہمیشہ رنجیدہ رہتی ہے ۔

ناف

جس عورت کی ناف گہری ہو ۔ اس کو خاوند بہت چاہتا ہے ۔ اگر ناف گول اور خوشنما

ہو عیش و عشرت کی علامت ہوتی ہے۔ جس کی ناف پر زعفرانی زرد رنگ کا تل ہو وہ عورت صاحب دولت ہونے کے علاوہ لڑکے بہت جنتی ہے۔ اگر ناف بیڈول اور باہر کو ابھری ہو علامت خراب ہوتی ہے۔

شکم

جس عورت کے پیٹ پر باریک باریک نیلگوں رگیں نمودار ہوں۔ وہ بادشاہ ہوتی ہے اگر وہی رگیں سرخ برآمد ہوں۔ بدفعلی اور روا ہیاتی کی دلیل ہے۔

سینہ

جس عورت کے سینہ پر سرخ رگیں ہوں وہ صاحب اقبال۔ دانشمند اور خاوند کی دلدادہ ہوتی ہے۔ سینہ بلند اور تنگ علامت رنج و محنت کی ہے۔

پستان

جس کے پستان خوشنما سخت اور ان پر رگیں نمودار ہوں وہ عورت نیک بخت اور صاحب دولت ہوتی ہے۔ اور خاوند اس کو بہت چاہتا ہے جس کے پستان لمبے اور گوشت سے پر ہوں وہ عورت اولاد بہت جنتی ہے۔ پستانوں کا زیادہ لمبا اور بغیر گوشت کے ہونا رنجیدگی اور محنت کشی کی علامت ہوتی ہے۔ چھوٹے کم گوشت بے مغز پستان جس عورت کے ہونگے وہ ہمیشہ رنجیدہ اور مفلس رہا کرتی ہے۔ جس عورت کے پستانوں کی رنگت جلد کی سرخ ہو اسکے ہاں کوئی فرزند نہیں ہوتا۔ اگر پستان کے نیچے سرخ تل یا مسہ سرخ ہوں۔ وہ عورت ضرور پہلے لڑکا جنے گی خصوصاً مسہ یا تل جانب راست یعنی دہنی طرف ہو۔ اگر ایک پستان چھوٹا دوسرا بڑا یا ایک سخت اور دوسرا نرم ہو ایسی عورت کی تمام عمر رنج و محنت اور غم و اندیشہ میں بسر ہوجاتی ہے۔

ہتھیلی

جس عورت کے ہاتھ کی ہتھیلی نرم، نازک، سرخ اور خوش نما ہو وہ نیک بخت اور صاحب دولت ہوتی ہے۔ اگر عورت کی ہتھیلی پر کنول پھول یا کوڑی وغیرہ کا نشان ہو وہ صاحب اقبال

بلکہ بادشاہ ہوتی ہے یا اس کو مال دار خاوند ملتا ہے۔

گردن وگلو

جس عورت کی گردن اور گلا آہو کی طرح خوب صورت ہوں وہ نیک بخت اور دولتمند ہوتی ہے۔ چھوٹی باریک یا بہت بے وضع گردن علامتِ رنج و محنت اور مفلسی کی ہے۔

ٹھوڑی

جس عورت کی ٹھوڑی درمیانہ خوشنما اور گول ہو نیک بخت اور صاحبِ دولت ہوتی ہے۔ خاص کر ٹھوڑی میں چاہِ زنخدانی ہو۔ اگر کم گوشت اور لمبی ہو علامت محنت اور مفلسی کی ہے۔ اگر عورت کی داڑھی پر بال ہوں تو وہ جلد بیوہ ہو جایا کرتی ہے۔

ہونٹ

دونوں ہونٹ باریک سرخ اور درمیانہ خوب صورت ہوں نیک بختی کی علامت ہے اگر سیاہ اور لمبے ہوں مفلسی اور بیوہ ہو جانے کی دلیل ہے۔

منہ

جس عورت کا منہ نہایت خوشنما تنگ مثل غنچۂ گل کی ہو وہ نیک بخت اور صاحبِ دولت ہوتی ہے۔ فراخ اور لمبے منہ والی عورت خصوصاً ہنستے جس کے تمام دانت نظر آجائیں ہمیشہ رنج و محنت اور مفلسی میں عمر بسر کرتی ہے۔ کشادہ منہ عورتیں اکثر نفس پرست اور مغرور ہوتی ہیں۔

دانت

جس عورت کے دانت چھوٹے سفید، چمکدار مثل دانۂ انار اور خوب صورت ہوں۔ وہ نیک بخت اور مال دار ہوتی ہے۔ اونچے لمبے اور میلے دانت مفلسی اور واہیاتی کی دلیل ہے چھوٹے بڑے اور ناہموار دانت بھی خراب ہوتے ہیں۔

زبان

از روئے علم قیافہ عورت کی زبان اگر سرخ اور پتلی ہو۔ وہ نیک اور دولت مند ہوتی ہے

سفید۔ سخت اور خراب زبان والی عورت ہمیشہ خستہ مرجایا کرتی ہے۔ کالی زبان والی عورت کو اکثر اقسام مستورات سے بدتر اسکی زبان سے جو بات نکلتی جاتے وہ پوری ہوجاتی ہے۔ بدزبان بدخواور جھگڑالو بہت ہوتی

تالو

سرخ اور درمیانہ تالو کا ہونا علامت اچھی ہے۔ سفید تالو والی عورت ہمیشہ غلامی میں رہتی ہے۔ جس کا تالو زرد رنگ ہو وہ جھگڑالو مفسد اور جھوٹی ہوتی ہے۔ سیاہ رنگ تالو والی عورت ہمیشہ جھگڑے فساد اور تنگ دستی میں عمر بسر کرتی ہے۔ پر گوشت تالو والی عورت مال و دولت سے محروم رہتی ہے۔

ناک

جس عورت کی ناک خوشنما طوطے کی مانند ہو وہ اکثر نیک بخت دولت مند ہوتی ہے۔ چھوٹی ناک والی عورت کی زندگی غلامی میں بسر ہوتی ہے۔ اگر پست ہو فعل ناجائز کی علامت ہے۔ ناک کی نوک چھوٹی ہو تو ایسی عورت خدمت گاری میں رہے۔ اگر لمبی ہو غصہ والی ہو۔ اگر پست ہو خاوند اس کا مرجائے۔

رخسار

بات کرتے وقت جس عورت کے رخساروں میں گڑھے پڑجائیں۔ وہ بدچلن۔ فاحشہ ہوتی ہے۔ اور ماں باپ اس کے جلد مرجاتے ہیں۔ اور وہ اپنے خاوند سے راضی نہیں ہو سکتی۔ بلکہ دوسرے مردوں کو زیادہ چاہتی ہے۔

آنکھ

جس عورت کی آنکھیں سرخ لمبی نہایت سیاہ اور ریفیہ چشم ازحد سفید اور باریک سرخ رگیں ان میں نمودار ہوں اور سفیدئی چشم منتشر اور چمکیلی ہو وہ نیک بخت اور صاحب دولت ہوتی ہے۔ جس کی آنکھیں سرخ ہوں اس کی عمر رنج و محنت میں گذرتی ہے۔ نیلی رنگت کی آنکھوں والی عورت بدکاری اور شرارتیں بہت کرتی ہے۔ زرد چشم عورتیں اکثر صاحب عقل

...و

...ت بالوں سے پُر ہوں۔ علامت نیک بختی کی ہے۔ اگر ...ں کم ہوں رنج و محنت اور بیوہ ہو جانے کی دلیل ہوتی ہے۔ ...اپس میں پیوستہ اور دونوں کے درمیان میں بال بہت ہوں تو بدکاری ...ی علامت ہوتی ہے۔

کان

چھوٹے اور پتلے کان اچھے ہوتے ہیں۔ اگر کانوں کے کناروں پر بال ہوں وہ بدبختی اور مفلسی کی علامت ہوتی ہے۔ موٹے اور بڑے کان والی عورت بے وقوف ہوتی ہے۔

پیشانی

جس عورت کی پیشانی تین یا چار انگل چوڑی لمبی بلند اور بالوں سے صاف خوبصورت ہو۔ وہ نیک خصلت ہوتی ہے۔ اگر پیشانی پر تل ہو وہ عورت پانچ لڑکے جنے گی اور دولتمند ہوگی۔ ہنستے وقت اگر شکن نہ پڑیں تو دولت مندی کی علامت ہوتی ہے۔ جس عورت کی پیشانی پر مثلث خط نمودار ہو وہ صاحب حکومت بلکہ بادشاہ ہوتی ہے۔ پیشانی تنگ اور اس پر بالوں کا ہونا نہایت ردی علامت ہے۔

سر

جس عورت کا سر بڑا اور گولائی میں خوب صورت ہو وہ دانش مند اور مستقل مزاج ہوتی ہے۔ لمبے اور بڑے سر والی عورت بے وقوف، کمزور دل، حاسد اور سست الوجود ہوتی ہے۔ چھوٹا سر بدنصیبی کی دلیل ہے۔ سر چوڑا اور بڑا اچھا ہوتا ہے۔

بال

جس عورت کے بال لمبے سیاہ اور چمکدار خوشنما ہوں وہ نیک بخت اور دولت مند

ہوتی ہے۔ بال گندے اور سخت ہوں تو بیوہ ہو جانے کی علامت ہے۔ بال گھنے شرابی رنگ زردی مائل بکھرے ہوئے کندھوں اور سینہ پر پڑے ہیں تو اس قسم کی عورت بد خلق، یاوہ گو خود پسند ہوتی ہے۔ سیاہ اور گھنگریالے بالوں والی عورت عاشق مزاج فتنہ اور فساد برپا کرنے والی ہوتی ہے۔ سرخ اور لمبے بال جس عورت کے ہوں وہ مکار دغاباز، جھگڑالو، تند خو چسکے خور، کم عمر وعدہ کی پوری عاشق مزاج ہوتی ہے۔ جس عورت کے اگلے حصہ سر کے بال گر جائیں اور جگہ صاف نکل آئے۔ تو وہ بد نصیب بد مزاج ہوتی ہے۔ جن عورتوں کی پنڈلیوں پر زیادہ بال ہوں وہ شہوت پرست، دغاباز، یاوہ گو، بے وفا، جھگڑالو ہوتی ہیں۔ سیاہ اور لمبے بالوں والی عورت ضدی، ثابت قدم، خوش خلق، صاحب اولاد ہوتی ہے۔

رنگ و قد

عورت کے چہرہ کی رنگت اگر سرخ ہو وہ نیک بخت ہوتی ہے۔ سیاہ چمکدار ہو تو مکار، زرد ہو تو فاحشہ ہوتی ہے۔ قد جس عورت کا درمیانہ ہوگا وہ اپنے خاوند کی تابعدار خیر خواہ اور عزیز ہوگی۔ گھر کے ہر ایک کام کو عقلمندی اور ہوشیاری کے ساتھ کرے گی۔ لمبے قد والی عورت کو لذت دنیاوی کم ہوتی ہے۔ مگر رنگ و راگ اور خوش دلی کی طرف زیادہ راغب رہتی ہے۔ چھوٹے قد کی عورت فتنہ و فساد اٹھانے والی اور جھگڑالو ہوتی ہے۔ اگر اس کے ماتھے پر شکن ہو تو منحوس ہوتی ہے۔

تل

اگر کسی عورت کی سیدھی بھوؤں پر تل ہو تو اسکی شادی کسی دولت مند صاحب قوت اور خوبصورت آدمی کے ساتھ ہوگی۔ جس عورت کی بھوؤں کے درمیان تل ہو وہ دلدادہ اور وفادار ہوتی ہے۔ اگر داہنے رخسار پر تل ہو۔ اس عورت کو خوش نصیب خاوند ملتا ہے بائیں رخسار پر تل ہو اس عورت کی شادی کسی چھوٹے خاوند کے ساتھ ہوگی۔ اور سسرال میں جب جاوے تو وہاں ہر وقت جھگڑا اور فساد برپا رہے۔ ٹھوڑی پر تل ہو تو ایسی عورت صاحب نصیب اور نیک بخت ہوتی ہے۔ جس عورت کے سینہ پر تل کا نشان ہو وہ ذہین اور

وفادار اور ثابت قدم ہوتی ہے۔ کان پر تل کا نشان رکھنے والی عورت ہمیشہ رنج و فکر میں زندگی بسر کرتی ہے۔ اور اسکی اولاد بدخلق ہوتی ہے۔ اگر عورت کے دائیں ہاتھ پر تل ہو اسکے گھر اولاد ہوگی اور وہ ہمیشہ خوش حال رہے گی۔ جس عورت کے ہونٹ پر تل ہو اسکی شادی کسی دولتمند خاوند کے ساتھ ہوگی اور اس کے ہاں لڑکے زیادہ پیدا ہوں گے۔

باقی تمام حالات اور بناوٹ اعضاء کے فعل و حرکات مردوں عورتوں کے آپس میں ملتے جلتے ہیں۔ اور جن کے الگ الگ لکھنے کی ضرورت تھی وہ بدستور درج کرکے ہدیۂ ناظرین کیے جاتے ہیں۔

سوم

علم قیافہ کے جاننے والوں نے جس طرح مردوں عورتوں کی بناوٹ کے لحاظ سے



ہر ایک اعضاء جسمانی کو پہچاننے اور نیک و بد حالات معلوم کرنے کا بیان کیا ہے۔ اسی طرح چہرہ کی پہچان اور ہتھیلی کے خط یعنی ریکھا کو مقدم و افضل مانا ہے۔ چنانچہ ہاتھ کا پورا نقشہ دے کر اس کا مفصل ذکر کرنے سے پہلے۔ ناظرین کو واضح طور پر بتلا دیا جاتا ہے کہ مردوں کی دست راست یعنی داہنے ہاتھ کی ہتھیلی اور عورتوں کے دست چپ یعنی بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو دیکھا کریں۔

جس مرد یا عورت کی پیشانی پر ایک کنپٹی سے دوسری

تک خط ہو تو مال و دولت کی علامت ہوتی ہے۔ اگر دو خط ہوں درازیٔ عمر اور بادشاہی کی دلیل معلوم کرنی چاہیئے اور چار خط مفلسی اور درویشی پر دلالت کرتے ہیں۔ پانچ خط مفلسی کا نشان ہوتا ہے۔ جس کی پیشانی پر کوئی خط نہ ہو وہ شخص تارک الدنیا ہوگا۔ ان کے علاوہ پیشانی کے پانچ خط سو سال کی عمر اور چار خط اسی سال کی عمر اور تین خط ساٹھ سال اور دو خط چالیس سال اور ایک خط بیس سال کی عمر پر دلالت کرتے ہیں۔ اگر پیشانی پر کوئی خط نہ ہو وہ شخص کم عمر ہوگا۔ مثلث یا الف کی طرح سیدھا خط جس کی پیشانی پر نمودار ہو وہ صاحب دولت اور سردار ہوتا ہے۔ نیز عورتیں اس کو دوست رکھتی ہیں۔ اگر گلے میں ایک خط ہو تو علم و دانش اور دو ہوں ہنر مندی۔ اگر تین ہوں دانائی و ہوشمندی کی دلیل ہوتی ہے جس کے پنجہ کے قریب کلائی میں ایک خط ہو۔ وہ نیک بخت اور دولت مند اگر دو خط ہوں عالم و دانا۔ اگر تین خط ہوں، عابد، زاہد اور صاحب کمال ہوتا ہے۔

ہاتھ کی ہتھیلی میں خط اگر بصورت مچھلی ہو تو دولت و اقبال کی علامت ہے۔ اگر چولھے کی مانند ہو تو چوری۔ اگر چاند کی طرح ہو دولت و مال اور بہادری، اگر مربعہ ہو تو دلاوری کا نشان ہوتا ہے۔ مگر مربعہ خط والا اکثر قیدی رہتا ہے۔ اگر ہتھیلی کے آغاز سے خط شروع ہو کر اوپر کو جاتا ہوا انگشت سبابہ یا وسطیٰ تک پہنچے تو دولت و مال کی علامت ہوتی ہے۔ اگر خط مذکور مثلث خط سے گذرے تو بہت اچھا ہوتا ہے۔ اگر خنصر انگلی کی جڑ سے نکل کر خط اوپر کو جاتا ہو، سبابہ اور وسطیٰ کے درمیان ختم ہو جائے اور راستہ میں کسی جگہ نہ ٹوٹے تو درازیٔ عمر کی دلیل ہوتی ہے۔ ماہران علم قیافہ آدمی کی درازی و کوتاہیٔ عمر کا اندازہ اسی خط سے لگاتے ہیں۔ اگر ہتھیلی کے کنارے اور خطِ مذکور کے درمیان انگشتِ خنصر تک جس قدر چھوٹے خط ہوں اتنی عورتیں اس شخص کے نکاح میں آئیں گی۔ اور خط مذکور اور کلائی کے درمیان ہتھیلی کے کنارے پر جتنے چھوٹے خط نمودار ہونگے۔ اتنے ہی فرزند اس شخص کے گھر ہوں گے۔ مگر لمبے خط لڑکوں اور چھوٹے خط لڑکیوں کی دلالت کرتے ہیں۔

انگلیوں کے جوڑوں میں جو خط ہوتے ہیں اگر وہ مثل جَو کی فراخ ہوں تو فراخ دستی و ہمت اور زیادہ خرچ کرنے کی علامت ہوتی ہے۔ جس شخص کی وسطیٰ انگلی کے بطن سے تین شاخ

خط نکلتے ہوں تو اس کے دن اچھے بسر ہوتے ہیں۔ اگر خط مذکور بطن انگشت بنصر میں ہو تو اس قسم کا آدمی عورتوں سے ہمیشہ لڑتا اور جھگڑتا ہے۔ اگر ایسا خط انگشت خنصر میں پایا جائے تو زہد و پرہیزگاری کی دلیل ہوتی ہے۔ اور ایسا آدمی خدا یاد اور نیک بخت ہوتا ہے۔

باریک خط بصورت چکر جو انگلیوں میں ہوتے ہیں ان کی پہچان ماہران قیافہ نے اس طرح رکھی ہے کہ اگر ایک چکر ہو دولت و مال کی علامت اور دو چکر علم و ہنر کی دلیل اور تین چکر دولت اور نیک بختی کی نشانی اور چار چکر مفلسی اور تنگی کی وجہ اور پانچ چکر ہنر مندی، فراخ دستی اور خوشی کی دلالت ہوتی ہے۔ اور جس آدمی کی انگلیوں میں چھ چکر ہوں وہ شہوت پرست اور عیش و عشرت کا عادی ہوتا ہے۔ اور سات چکر بہادری اور دلاوری کی علامت ہوتی ہے۔ اور آٹھ چکر غضب اور غصہ کی دلیل ہوتی ہے۔ اور نو چکر دولت و سلطنت کے آثار ہوتے ہیں۔ اگر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں میں دس دس چکر ہوں تو دولت و اقبال کی علامت ہوتی ہے۔

اگر ہاتھوں کی انگلیوں کے اوپر والے بطنوں میں لمبے چکر باریک خطوں میں ہوں ان کی پہچان اس طرح کی جاتی ہے۔ کہ اگر ایک چکر ہو تو دولت و راحت اگر دو ہوں تنگی اور مفلسی، اگر تین ہوں تو گداگری اور دربدر پھرنا اور چار چکر علم و ہنر اور پانچ چکر غریبی اور خرابی کی علامت ہوتی ہے۔ اور پانچ چکر سے لے کر دس چکر ہوں تو دولت و اقبال کی دلیل ہوتی ہے۔ ہاتھوں کی انگلیوں کے بطنوں میں اگر چار پتی یعنی کنول پھول کی مانند پھول ایک سے چار تک ہوں تو دولت و مال کی علامت ہوتی ہے۔ اور چار سے نو تک دولت اور طالع مندی کی دلیل ہوتی ہے۔ اگر کسی شخص کے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں میں دو دو چکر ایسے ہوں۔ وہ فقر اور دانش میں کمال اور تارک الدنیا ہوتا ہے۔

جس عورت کے پاؤں کے تلوؤں میں کنول پھول اور چکر جس قدر زیادہ ہوں اتنی ہی دولت مند اور نیک بخت ہوتی ہے۔ اگر جو کی صورت کے خط ہوں تو سلطنت و دولت اور نیک بختی کی علامت ہوتی ہے۔ جو شخص ایسی عورت کے ساتھ شادی کرے وہ بھی صاحب دولت ہو جاتا ہے۔ اگر لمبا سا چکر ہو تو غصہ اور بدخوئی اور ترش روئی کی دلیل

ہوتی ہے۔ مگر پاؤں کے تلوے میں ایڑی سے لے کر انگلیوں تک درمیان میں ایک سیدھا خط جائے تو نیک بختی اور دولت مندی کی علامت ہوتی ہے۔

جس کے ہاتھ کی ہتھیلی میں سورج کی شکل ہو وہ صاحب اقبال اور حاکم ہوتا ہے اگر چاند کی شکل ہو تو ترقی مال و دولت کی علامت ہوتی ہے۔ اگر خط بصورت کمان ہو بہادری کی دلیل ہوتی ہے۔

پہ چہارم

از روئے علم قیافہ ہر ایک انسان میں بتیس علامات یعنی بچھن بجسب خصلت موجود ہوتے ہیں۔ جس میں ایسی خصلتیں پائی جائیں۔ وہ نیک بخت اور صاحب عزت و مرتبہ ہوتا ہے۔ اول (۱) خوش خلق نیک بختی (۲) شرم و حیا (۳) حلم و بردباری (۴) حسن وعقل اور دانائی (۵) تقویٰ پرہیز گاری (۶) اصالت اور نجابت (۷) خوش طبعی اور تیز فہمی (۸) کمالیت و عالی شانی (۹) علم و ہنر (۱۰) تواضع و خدمت گاری (۱۱) مستقل مزاجی (۱۲) احسان اور رحم دلی (۱۳) پابندی شرع اور دینداری (۱۴) لطافت اور ظرافت (۱۵) محبت و دلداری (۱۶) معتدل مزاج اور شہوت (۱۷) زندہ دلی۔
(۱۸) یار باشی و خوش معاشی (۱۹) پردہ داری و نیک خیالی (۲۰) کم کھانا (۲۱) کم سونا (۲۲) اپنے پیر و مرشد و دیگر بزرگوں کی خدمت گذاری۔ (۲۳) حقوق شناسی۔ (۲۴) اچھے کام کرنا (۲۵) سخاوت (۲۶) سخن دانی و شعر بیانی (۲۷) عبادت اور صبر و پرہیز گاری (۲۸) ہر ایک کے حق میں نیکی کرنا (۲۹) عدل و انصاف۔ (۳۰) جواں مردی و دلاوری (۳۱) مخدوم حق کی حق گذاری و خدمت گاری۔ (۳۲) خادم کی قدر دانی۔

دوم :- اب ان بتیس اعضاؤں (الجھنوں) کا بیان کیا جاتا ہے۔ جو بجسب خلقت اعضا اور صورت کے ہر ایک مرد و عورت میں پائے جاتے ہیں۔ جن کے دیکھنے سے ان کی اچھی بری خصلتیں قیافہ دان بخوبی معلوم کر سکتا ہے۔ مثلاً (۱) ناخن

(۲) آنکھ (۳) ہونٹ (۴) تالو (۵) زبان (۶) ہاتھ کی ہتھیلی (۷) پاؤں کا تلوا یہ سات اعضاء سرخ ہوتے ہیں (۸) بدن کے جوڑ (۹) دانت (۱۰) بدن کا چمڑا (۱۱) ناخن (۱۲) بال۔ یہ پانچ اعضاء تنگ اور باریک ہوتے ہیں اور (۱۳) پیشانی (۱۴) رخسارہ (۱۵) سینہ یہ تین اعضاء پُر اور فربہ ہوتے ہیں (۱۶) ناک (۱۷) دونوں پستانوں کا فاصلہ (۱۸) چشم (۱۹) ٹھوڑی (۲۰) بازو۔ یہ پانچ اعضاء لمبے ہوتے ہیں (۲۱) کندھے (۲۲) قضیب (۲۳) ران (۲۴) گردن۔ یہ چار اعضاء چھوٹے ہوتے ہیں (۲۵) پیشانی (۲۶) چہرہ (۲۷) ناخن (۲۸) سینہ (۲۹) ناک۔ یہ پانچ اعضاء بلند ہوتے ہیں (۳۰) ناف (۳۱) آواز (۳۲) عقل۔ یہ امر واضح کر دینا ضروری ہے۔ کہ عقل، سیرت۔ صورت اور مرد و عورت میں مشترک ہوتا ہے۔ مگر بعض خصلتیں مردوں کے لیے مخصوص ہوتی ہیں۔ مثلاً جواں مردی وغیرہ۔ اور بعض عورتوں کے لیے مقرر ہیں۔

ناظرین اس بات کو یاد رکھیں کہ بہ نسبت آدمیوں کے عورتوں کی رفتار۔ گفتار رنگ و روپ اور اعضاؤں کی بناوٹ وغیرہ میں بہت فرق ہے۔ چنانچہ عورتوں کا ہر ایک کام مردوں سے نرالا ہوتا ہے۔ ان کے قوائے جسمانی بھی مردوں کی نسبت کمزور ہوتے ہیں۔ اور جہالت کا مادہ ان میں مردوں سے زیادہ ہوتا ہے۔ اور اکثر بزدل، کم ہمت اور ڈرپوک ہوتی ہیں۔ مردوں کی نسبت عورتوں کا مزاج سرد ہونے اور ہمیشہ خون حیض آنے کی وجہ سے مستورات کے اعضاء لچک دار ملائم اور خوبصورت اور بدن پہ بال کم ہوتے ہیں۔

ناظرین! اگر آپ کو چاروں قسم کی عورتوں اور مردوں کے نیک و بد حالات مفصل طور پر از روئے علم قیافہ و کوک شاستر معلوم کرنے کی خواہش ہو تو خاکسار کی مؤلفہ کتاب مجربات بو علی سینا معہ کشمیری کوک شاستر کا مطالعہ فرما کر دلی مدعا حاصل کریں۔

--

ضمیمہ مجموعہ خواب نامہ صدیقی

مجموعہ خواب نامہ صدیقی کے تیسرے ایڈیشن کو چھپواتے وقت مجھے ایک میرے عزیز دوست نے تعبیر نامہ خواب کی ایک پرانی عربی کی کتاب جو نہایت ہی مستند خیال کی جاتی ہے اور جو آج سے کئی سو سال پہلے مصر میں چھپ کر مقبول عام ہو چکی ہے۔ عنایت فرمائی۔ کتاب کو دیکھنے سے معلوم ہوا۔ کہ یہ ایک بہترین تعبیر خواب کی کتاب ہے۔ پہلے تو یہ خیال آیا۔ کہ اس کا تمام و کمال ترجمہ کر کے خواب نامہ صدیقی کا حصہ دوم کر دیا جائے۔ لیکن اس خیال سے کہ ہر دو حصوں کے خریدنے سے ناظرین کرام کو زیادہ قیمت خرچ کرنی پڑیگی۔ اس کتاب کا لب لباب بطور ضمیمہ اسی میں شامل کر دیا جاتا ہے۔ مجھے اُمید ہے۔ کہ یہ حصہ شائقین تعبیر خواب کے لئے بے حد مفید ثابت ہوگا۔

خاکسار (پیرزادہ) محمد صدیق نقش بندی۔

آگ

کسی مکان کو جلتا ہوا دیکھنا۔ اس کی تعبیر یہ ہے۔ کہ صاحب مکان کو کسی مصیبت کا سامنا ہو۔ اور کسی جرم میں گرفتار ہو۔ یا کسی چوری میں پکڑا جائے۔ اور اگر آگ سے اپنے کپڑوں کو جلتا ہوا دیکھے۔ تو اس سے مراد یہ ہے۔ کہ اس کی اپنے عزیزوں اور دوستوں سے لڑائی ہوگی۔ والدین سے ناراضگی اور بھائیوں سے ناچاقی کا ہونا اس خواب کی تعبیر خیال کی جاتی ہے۔ اور اگر یہ دیکھے کہ آگ لگنے سے اس مکان یا جگہ کی بعض اشیا جل گئی ہیں۔ اور بعض باقی رہ گئی ہیں تو اس امر کی دلیل ہے کہ اس جگہ کے رہنے والوں پر کسی وبا کا حملہ ہوگا۔ اور ان میں سے بعض انتقال کر جائیں گے۔ اور بعض بیماری سے صحت یاب ہوں گے۔ اور اگر خواب میں آگ کی پوجا کرے۔ تو اس امر کی دلیل ہے کہ وہ کسی ایسے سخت

اور جابر و ظالم حاکم کے زیر حکم رہے گا۔ جو اس پر سخت ظلم کرے گا۔ اور اسے اس کی ناجائز خوشامد کرنی پڑے گی۔ آگ جلانے والی انگیٹھی یا چولھے یا تنور یا بھٹی یا اس قسم کی کوئی اور چیز کہ جس میں آگ جلائی جائے کو دیکھنا علامت اس بات کی ہے۔ کہ عنقریب وہ کسی سخت مصیبت یا بیماری یا مقدمہ یا لڑائی میں گرفتار ہوگا۔ جس سے اس کو نقصان جان و مال کے پہنچنے کا احتمال ہے

آٹا

اگر خواب میں خشک آٹا دیکھے۔ تو دولت ملنے اور مقدمہ میں فتح یابی کی نشانی ہے اور اگر آٹا کو گوندھتا دیکھے یا خود گوندھے یا گوندھنے کے لئے کسی برتن میں ڈالے تو تعبیر اس کی یہ بیان کرتے ہیں۔ کہ دیکھنے والا اپنے بہت سے دوست اور جانثار پیدا کرکے اُن سے کافی فائدہ اٹھائے اور وہ لوگ اس کے ساتھ اسی طرح مل جائیں کہ جیسے آٹا گوندھنے سے پانی اور آٹا یک جان ہو جاتے ہیں۔ گندم کا آٹا دیکھنا فراخی کی دلیل ہے۔ جو اور مکی کا دیکھنا تنگی کے مترادف ہے۔ ماش۔ چنے اور مسور اور چاول کا آٹا دیکھنے والا صاحب قسمت اور صاحب اقبال خیال کیا جاتا ہے۔

آملہ کو کچا دیکھنا آملے کا تیل بنانا آملہ کو کوٹنا آملے کا اچار ڈالنا اس امر کی دلیل ہے۔ کہ دیکھنے والا اپنے اس کام میں کہ جس پر وہ کامیابی چاہتا ہے کامیاب ہوگا۔ دماغی امراض سے کلی طور پر شفا پائے گا۔ اولاد کی طرف سے اور والدین کی طرف سے اسے ہر طرح کا آرام اور سکھ ملے گا۔ تجارت میں کامیابی اور مقدمے میں فتحیابی کی دلیل ہے۔

آسمان

آسمان کی طرف اپنے آپ کو اُڑتے دیکھنا۔ با اقبال ہونے کی نشانی ہے۔ آسمان اوّل پر جانا یا اپنے آپ کو آسمان اوّل پر دیکھنا موت کی نشانی ہے۔ یا کسی ایسے مقدمہ میں کہ جس میں کامیابی کی اُمید تھی۔ شکست کھانے کا احتمال ہے۔

آسمان دوم پر جانا دلیل ہے ترقی مراتب اور ترقی اقبال و روزگار کی۔ آسمان سوم و چہارم پر جانا۔ اس امر پر دلالت کرتا ہے۔ کہ روزگار میں ترقی اور حکومت وقت کی طرف سے کوئی خاص منصب یا انعام ملے۔ آسمان پنجم و ششم و ہفتم پر اپنے آپ کو چڑھتے دیکھنا اس امر کی طرف اشارہ ہے۔ کہ کسی ایسے ولی اور اللہ کے نیک بندے کی ملاقات حاصل ہوگی۔ کہ جس کی وجہ سے دینی و دنیاوی تمام مشکلات حل ہو جائیں گی اور بگڑے کام تمام درست ہو جائیں گے۔

آسمان سے اُترنا۔ دیکھنے والا اگر ملازم ہے۔ تو نوکری ٹوٹ جانے کا خطرہ ہے۔ اگر تجارت کرتا ہے۔ تو تجارت میں خسارہ ہوگا۔ دُکان داری اور ٹھیکہ داری میں روپیہ کا نقصان ہو۔ لوگوں کی نظروں میں عزت نہ رہے۔

آسمان سے بارش۔ اگر صرف آسمان سے بارش برستی دیکھے تو زندگی کا خطرہ ہے۔ اور اگر بادلوں سے بارش برستی دیکھے تو رحمت اور برکت کا باعث ہے۔

آواز

کسی کو آواز دینا یا کسی کی آواز سننا یا کسی حیوان کی آواز سے ڈرنا اس امر کی دلیل ہے۔ کہ کسی دُور دراز سفر میں جانے کا اتفاق ہو۔ زیادہ تر کسی غیر ملک میں جانے کا احتمال ہے۔ حیوان کی آواز یہ دلالت کرتی ہے۔ کہ اس کو ایسے ملک میں جانا پڑے گا۔ کہ جہاں کی زبان سے اسے واقفیت نہیں۔ اور ایسے لوگوں میں رہنا ہوگا۔ کہ جن کے عادات و خصائل سے وہ اچھی طرح واقف نہ ہوگا۔

انگوٹھی

انگوٹھی کا پہننا۔ عزت اور حکومت پر دلالت کرتی ہے۔ انگوٹھی فروخت کرنا۔ نقصان اور مال کا خطرہ ہے۔ انگوٹھی کا گر پڑنا۔ نوکری سے موقوفی

کی علامت ہے۔ انگوٹھی میں نگینہ لگوانا۔ یا نگینہ دیکھنا۔ شادی ہونے اور کسی امیر گھرانے سے دولت ملنے کی دلیل ہے۔ عورت دیکھے تو اسے مالدار اور حسین اور با اخلاق شوہر ملے۔ شادی شدہ ہو تو بچہ ہو۔ انگوٹھی انگلی میں تنگ آئے۔ مرد عورت یا ماں بیٹا یا ماں بیٹی یا بہو ساس میں نااتفاقی اور جھگڑے سے گزارہ ہو۔ انگوٹھی کا کھلا ہونا۔ خاندان اور دوست احباب میں عزت اور ناموری کی دلیل ہے۔ اگر عورت دیکھے تو اس کے لئے اچھی نہیں۔ خاوند کے ناراض ہونے کا امکان ہے۔ انگوٹھی چاندی یا سونے کی دیکھنا با اقبال اور باعزت ہونے کی نشانی ہے۔ لوہے۔ پیتل اور تانبا کی انگوٹھی کا دیکھنا کسی مصیبت کے پیش آنے کی دلیل ہے۔

بادام

بادام دیکھنا بادام خریدنا یا بادام فروخت کے لئے دینا۔ اس کی تعبیر یہ ہے کہ مال و عزت میں اضافہ ہو۔ کسی ایسی جگہ سے دولت دستیاب ہو کہ جس کا امکان ہی نہیں۔ بادام فروخت کرنا زیادہ خرچ اور آمدن کم کی نشانی ہے۔ مغز بادام نکالنا۔ محنت سے روزی کمانے پر دلالت کرتی ہے۔ مغز بادام کا کہیں سے مل جانا کسی عورت سے محبت کی دلیل ہے۔ مغز بادام کا چھلکا اُتارنا۔ دلالت کرتا ہے کہ کسی عزیز دوست کا راز اس کی زبان سے فاش ہو۔ یا اس کا راز کوئی اس کا دوست ظاہر کر دے۔ یا کوئی پوشیدہ راز اس کو معلوم ہو۔ جس سے اس کو رنج اور غم ہو۔ بادام کا درخت دیکھنا۔ سعادت مندی اور فرزند ہونے یا شادی ہونے کی دلیل ہے۔

باغ دیکھنا

باغ میں پھول دیکھنا علامت ہے۔ فرزند صالح کی اور امتحان میں کامیابی

کی۔ اور مقدمہ میں فتح یابی کی۔ باغ کے درخت پر پھل دیکھنا۔ دلیل ہے عزت و مرتبہ کی۔ روزی و روزگار کی فراخی۔ باغ اجڑا ہوا دیکھنا۔ اس امر پر دلالت کرتا ہے۔ کہ خاندان کے کسی بزرگ کا انتقال ہو یا پیر و مرشد یا گرو سے ان بن ہو۔ نوکری سے جواب ملے۔ دکانداری میں خسارہ ہو۔ یہ بھی احتمال ہے۔ کہ خواب دیکھنے والا خود کسی حادثہ کا شکار ہو۔

باغ فروخت کرنا۔ اس کی تعبیر یہ ہے۔ کہ قرض دار ہو۔ گھر کا اثاثہ اور ضروری اشیا فروخت کر کے گزارہ کرے۔

بُت دیکھنا

اگر ہندو خواب میں بُت کو دیکھے اور اس کی پوجا کرے تو دولت ملے۔ اگر عیسائی دیکھے تو نوکری ملے۔ اگر سکھ دیکھے تو عورت کی طرف سے رنج اور غم ہو۔ اگر مسلمان دیکھے تو گنہ گاری اور بدکاری اور بے عزتی کی نشانی ہے۔

بُت کا پوجنا۔ عبادت کی غرض سے کفر کی دلیل ہے۔ توبہ استغفار کرے۔ چاندی کا بُت دیکھنا۔ کسی حسین عورت سے محبت ہو۔ اور اس کی محبت میں گرفتار ہو۔

بستر باندھنا

بیماری اور بیماری سے موت کی دلیل ہے۔ بستر بچھانا بخار اور نزلہ کی شکایت ہو۔

بستر لپیٹنا۔ بیماری سے شفا ہو اور دکھ و غم دور ہو کر شادمانی اور خوشی نصیب ہو۔ بستر کسی کو بچھا کر دینا۔ جس کو بچھا کر دے۔ اس کے بیمار ہونے کی علامت ہے۔

بندر دیکھنا

بندر دیکھنا علامت ہے نحوست کی اور پریشانی کی۔ بندر کا تماشا دیکھنا۔

علامت ہے دشمن کے رسوا ہونے اور اس کے ذلیل ہونے کی۔ بندر کو اپنی طرف آتے دیکھنا اس امر پر دلالت کرتا ہے۔ کہ کوئی مصیبت آنے والی ہے۔

بکرا دیکھنا

بکرا سیاہ رنگ بیماری کی علامت ہے۔ سفید رنگ خوشی کا مژدہ سنانے والی خواب ہے۔ سرخ اور سفید یا سیاہ اور سفید قرض دار ہونے کی علامت ہے۔ بکرے کو ذبح کرنا اس امر کی دلیل ہے۔ کہ کوئی دشمن جو دشمنی کرنا چاہتا تھا۔ ذلیل و خوار ہو۔ بکرا فروخت کرنا دلیل ہے تندرستی کی۔ بکرے کا گوشت کھانا بکرے کو ذبح کرنا اس امر پر دلالت کرتا ہے۔ کہ خواب دیکھنے والا اگر بیمار ہے۔ تو جلد تندرست ہو جائے گا۔ اور اگر کسی مقدمہ میں گرفتار ہے تو رہا ہو جائے گا۔

جرابیں

جراب پہننا۔ دلیل اس کی یہ ہے۔ کہ کسی دور مقام کا سفر در پیش ہو۔ جو راز تم پوشیدہ رکھنا چاہتے ہو۔ وہ پوشیدہ رہے گا۔ جراب بننا۔ ان عزیزوں اور دوستوں سے کہ جن سے ناراضگی ہو دوبارہ میل ملاقات ہو جائے۔ عورت دیکھے کنواری ہو تو شادی ہو لڑکی ہو تو منگنی ہو۔ شادی شدہ ہو تو فرزند پیدا ہونے کی دلیل ہے۔ جراب خریدنا۔ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ دیکھنے والے کو کوئی ایسی چیز غیب سے دستیاب ہو گی۔ کہ جس کی وجہ سے وہ دولتمند ہو جائے گا۔

جیل خانہ دیکھنا

جیل خانہ میں اپنے آپ کو قید دیکھے تو غم و رنج سے نجات پائے۔ جیل میں کسی اور کو قید دیکھے۔ تو وہ شخص اپنے مقصد میں کامیاب ہو۔ جیل سے نکلنا

عزیزوں سے ناچاقی کی تعبیر ہے۔ حقنہ کا نیچہ تیار کرنا۔ باعث تشویش و تمنا کی ہے۔

حج

حج کی تیاری کرنا۔ رزق میں فراخی۔ دولت میں زیادتی۔ ایمان کی پختگی کی دلیل ہے۔ حج کرنا۔ گناہوں سے چھٹکارا۔ بدکاری سے توبہ۔ گنہگار سے نیک بننے کی امید ہے۔ حج کا موقعہ دیکھنا کسی بزرگ اور اللہ کے بندے سے ملاقات ہونے کی دلیل ہے۔ حج کا احرام باندھنا۔ کسی نیک مقصد کے لئے کمربستہ ہونے کی دلیل ہے۔

خانقاہ

اگر کسی بزرگ کی خانقاہ دیکھے تو نیک ہے۔ خانقاہ بنانا۔ کسی بزرگ کی وفات کی خبر آئے۔ خانقاہ گرانا۔ بیماری اور غم و رنج کی نشانی ہے۔ خانقاہ پر سجدہ کرنا دین و ایمان کی کمزوری کی دلیل ہے۔ خانقاہ کا دروازہ کھولنا۔ وبا اور بیماری کا اندیشہ ہے۔ خاندان کے بڑے بزرگ کا انتقال ہو۔

خربوزہ

اگر موسم کے دنوں میں خربوزہ خواب میں نظر آئے۔ تو نیک اور بھلائی کی دلیل ہے۔ اور اگر بے موسم کے پکا ہوا نظر آئے۔ تو فرزند پیدا ہو۔ کچا دیکھے تو لڑکی پیدا ہو۔ خربوزہ کھانا۔ نعمت اور مال زیادہ ملے۔ کسی عورت سے محبت ہو۔ اور اس سے شادی ہو۔ خربوزہ خریدنا یا فروخت کرنا۔ کسی دوست کی طرف سے خلاف قیاس کافی فائدہ ہو۔

خرگوش

خرگوش اگر سفید رنگ کا پالتو دیکھے تو شادی ہونے کی دلیل ہے۔ جنگلی خرگوش

نظر آئے تو غم و رنج کا سامنا ہوگا۔ خرگوش کو گھر میں دیکھنا۔ مال چوری جانے کا اندیشہ ہے۔ خرگوش کو بھاگتے دیکھنا۔ نمائشی دوست و احباب جو دل سے دشمن اور ارادہ سے خیر خواہ ہیں سب بھاگ جائیں۔

خطائی

نان خطائی کے دیکھنے والا کسی نیک کام میں کامیاب ہو۔ بزرگوں اور دوستوں میں عزت۔ حکومت کی طرف سے انعام۔ نوکروں اور عزیزوں سے فائدہ۔ کاروبار میں ترقی۔ زراعت میں اضافہ۔ خطائی کھانا۔ روزی حلال ملنے کی دلیل ہے۔ خطائی بانٹنا۔ کسی جگہ سے کوئی خوشخبری آئے۔ جس سے دل کو اطمینان ہو۔

دوربین

دوربین سے دیکھنا علامت ہے رنج و غم کی اور تنگ دستی کی۔ دوربین مول لینا۔ بیماری اور زکام اور سر درد کی شکائت اس کی تعبیر ہے۔ لیکن مرض سے شفا ہو۔

دھواں

اپنے مکان سے دھواں نکلتے دیکھنا اس کی تعبیر یہ بیان کی جاتی ہے۔ کہ گھر کے رہنے والے کسی وبائی مرض میں گرفتار ہو کر مدت تک بیمار رہیں۔ علاج معالجہ پر بہت سی رقم خرچ ہو۔ کارخانہ کا دھواں۔ اس بات پر دلالت کرتا ہے۔ کہ دیکھنے والے کو کسی مصیبت یا پریشانی کا سامنا ہوگا۔ منہ سے دھواں نکلنا۔ تعبیر اس کی یہ بیان کرتے ہیں۔ کہ آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہو۔ اور غم و رنج اور پریشانی میں مبتلا ہو۔

دودھ

گائے کا دودھ دیکھے تو علامت نیک ہے۔ بھینس کا دودھ دیکھے۔ تو علامت غم ہے۔ بکری بھیڑ کا دودھ دیکھے تو علامت قرض داری کی ہے۔ اور کمزوری کی ہے۔ عورت کا دودھ دیکھنا کسی مصیبت کا پیش خیمہ ہے۔ دودھ پینا کاروبار میں ترقی اور نوکری کے ملنے کا خیال ہے۔ دودھ فروخت کرنا مصیبت اور رنج میں مبتلا ہونے کا خیال ہے۔ دودھ جمانا فرزند ہونے کی دلیل ہے۔ عورت دیکھے تو لڑکی ہوگی۔ کنواری دیکھے تو بیاہ ہوگا۔ دودھ گرا دینا۔ دولت اور روپے کے ضائع ہونے کی دلیل ہے۔

دروازہ

دروازہ کھلا دیکھنا۔ وسعت رزق کی نشانی ہے۔ دروازہ بند دیکھنا۔ تنگی رزق کی دلیل ہے۔ دروازہ کھولنا۔ کسی جگہ نوکری ملنے کی تعبیر ہے۔ دروازہ اکھیڑنا۔ جس گھر کا دروازہ اکھیڑا جائے۔ اس گھر میں کسی کی موت واقع ہو۔ دروازہ کی کنڈی لگانا۔ اگر خود اپنے مکان کی ہو تو بری دلیل ہے۔ اگر کسی دوسرے مکان کی ہو تو۔ . . . . پردہ پوشی کی دلیل ہے۔

درخت

پھل دار درخت دیکھنا۔ فرزند ہونے کی دلیل ہے۔ بے پھل درخت دیکھنا بے اولادی کی تعبیر ہے۔ درخت کے پتے جھڑتے دیکھنا۔ قرض سے فارغ اور رنج و غم سے آزاد ہونے کی دلیل ہے۔ درخت پر چڑھنا۔ نوکر ہو تو تنخواہ میں ترقی ہوگی۔ تجارت پیشہ ہو تو دوکانداری میں ترقی۔ درخت کو گرتے دیکھنا

حکومت وقت باغی خیال کرے - نوکری سے موقوف ہو- درخت کی چھاؤں بیٹھنا - کسی بزرگ سے فیض حاصل ہو- اور مشکل آسان ہو- یا کسی جگہ سے دولت ہاتھ لگے -

دانت

دانت دیکھنا علامت ہے پریشانی کی- دانت کو نکالنا علامت ہے- رزق کی تنگی کی - دانت صاف کرنا - دولت اور نوکری ملنے کی اُمید ہے- دانت زیادہ لمبے دیکھنا- عیال داری زیادہ اور آمدن کم ہونے کی دلیل ہے-

ریت

گھر میں ریت دیکھنا علامت ہے دولت کی فراوانی کی - ریت نکالنا- قرض داری کی دلیل ہے- کنوئیں سے ریت نکالنا - اس امر پہ دلالت کرتا ہے کہ جمع شدہ دولت ضائع ہو- دریا و سمندر سے ریت نکالنا- دولت ملنے اور تجارت و زراعت میں برکت ہونے کی دلیل ہے- ریت کو ہوا میں اُڑتے دیکھنا- جوے یا شراب یا کسی بُرے کام میں جمع شدہ پونجی صرف ہو جائے-

روٹی

روٹی کھانا - بہتری کی علامت ہے- روٹی پکانا - نوکری ملنے کی علامت ہے- روٹی تقسیم کرنا - اس امر کی دلیل ہے- کہ صاحب خواب سخی اور اپنے ہاتھ سے غریبوں اور مسکینوں کو کھانا کھلانے والا ہو- روٹی مانگنا مصیبت اور پریشانی اور تنگ دستی کی دلیل ہے- روٹی پھینکنا - وبا اور بیماری کے آنے کا اندیشہ ہے- روٹی کا مُنہ سے نکال کر کسی اور کو دینا - اس امر پہ دلالت کرتا ہے- کہ اس کا کوئی عزیز فریب سے اس کی جائداد پر قبضہ کرے -

روئی

روئی سفید دیکھنا - نیک اور نفع بخش ہے - روئی خاکی دیکھنا علامت تنگی کی ہے - روئی خرید کرنا - مشکل کام کے حل ہونے کی اُمید ہے - روئی کاتنا - تنگی دُور ہو - اور فراخی نصیب ہو - روئی کو کاتنا - پریشانی اور مصیبت کا سامنا ہو - روئی کو آگ لگانا - مال ضائع ہونے کی نشانی ہے -

رونا

خواب میں خود رونا خوشی کی علامت ہے - کسی کو روتے دیکھنا اس کے لئے مشکل کا سامنا ہے - کسی پر رونا جس پر رویا جائے وہ اگر بیمار ہے تو صحت پائے اور اگر تندرست ہے تو بیمار ہو - آواز سے رونا علامت پریشانی کی ہے - بچے کو روتے دیکھنا - جس بچے کو روتا دیکھے وہ تندرست ہو - رونا بین کے ساتھ جس پر رویا جائے وہ سخت بیمار ہو -

ریچھ

ریچھ کو پکڑنا - دشمن پر فتح یاب اور قابو پانے کی نشانی ہے - ریچھ کو نکیل ڈالنا دشمن کے زیر ہونے کی علامت ہے - ریچھ کو نچانا - دشمن کو خستہ و خوار و ذلیل کرنے کی دلیل ہے - ریچھ کا حملہ کرنا - دشمن غالب ہو اور اس سے تکلیف پہنچے - ریچھ سے لڑنا - دشمن سے مقابلہ ہو - لیکن آخر میں فتح یابی ہو -

زبان

زبان منہ سے نکالنا - بُری باتوں اور چغل خوری اور غیبت سے پرہیز کرنے کی علامت ہے - زبان بند ہونا - تنگی اور پریشانی اور کسی مشکل

ہیں گرفتار ہونے کی دلیل ہے۔ کسی کی زبان کاٹنا۔ جس کی زبان کاٹی جائے اس کا خبردار اور دانا بعد از ہو۔

زرد

زرد رنگ کا کپڑا دیکھنا علامت ہے پریشانی اور فکر کی۔ اپنا رنگ زرد دیکھنا خوشی کی علامت ہے۔ زمین و آسمان کو زرد دیکھنا۔ اس امر کو ظاہر کرتا ہے۔ کہ وبا یا قحط نازل ہوگا۔ زرد پھول دیکھنا۔ دولت اور نوکری ملنے کا نشان ہے۔

زرگر

زرگر کو سونا دینا۔ مشکل او مصیبت میں پھنسنے کی علامت ہے۔ زرگر سے سونا لینا۔ دولت اور سعادت کی دلیل ہے۔ زرگر سے زیور خریدنا۔ خوش حالی کا نشان ہے۔

سورج

سورج چڑھتے دیکھنا۔ اگر نوکر ہو تو ترقی ہو۔ دوکاندار ہو تو دوکانداری میں ترقی ہو۔ زراعت پیشہ ہو تو زراعت میں زیادتی ہو۔ سورج کو دوپہر کے وقت دیکھنا۔ بخار اور سر درد اور زکام کی علامت ہے۔ سورج کو ڈھلتے دیکھنا۔ تنخواہ میں کمی۔ دوکانداری میں خسارہ اور زراعت میں کمی ہو۔ سورج گرہن دیکھنا علامت ہے اس امر کی کہ چلتا ہوا کاروبار کم ہو جاتے۔ ٹھیکہ داری میں نقصان ہو۔ عزیزوں اور دوستوں سے تکلیف ہو۔ ماں باپ کی طرف سے رنج ملے۔ بھائیوں سے ناچاقی ہو۔ اور خود بھی کسی مرض میں گرفتار ہو۔ لیکن چند ماہ کے بعد سب کام ٹھیک ہو جائیں

سائبان

سائبان اگر لگا یا ہوا ہو تو اس کی تعبیر یہ ہے۔ کہ ماں باپ کا سایہ سر پر

عرصہ تک رہے۔ یا اگر ماں باپ فوت ہو چکے ہوں۔ تو کسی خاندان کے بزرگ کے زیر سایہ آرام ملے۔ سائبان بند اگر خواب میں سائبان بند کیا ہوا دیکھے تو اس کا مطلب یہ ہے۔ کہ خاندان کا کوئی بزرگ فوت ہو جائے۔

ستارہ

چمکتا ہوا ستارہ دیکھنا۔ بلند اقبال اور مزید دولت کے ملنے کی نشانی ہے۔ ستارہ گرتے دیکھنا۔ صاحب خواب کسی مصیبت میں گرفتار ہو۔ لیکن صدقہ و خیرات سے بلا ٹل سکتی ہے۔ دم دار ستارہ اگر نظر آئے تو یہ بے حد منحوس ہے۔ ہو سکتا ہے کہ صاحب خواب کی موت یا اس کے گھر کے کسی عزیز کی موت واقع ہو جائے۔ ستارے زیادہ تعداد میں گرتے نظر آئیں۔ جس جگہ یا جس مکان یا گاؤں یا شہر میں خواب دیکھے۔ وہاں وبا از قسم طاعون ہیضہ یا چیچک کے پھیلنے کا احتمال ہے۔

سمندر

صرف سمندر دیکھنا۔ علم و فضل حاصل کرنے کی نشانی ہے۔ سمندر میں کودنا کسی اہم اور بڑے تعدمہ میں پھنس کر وقت اور دام خرچ کرنے کا احتمال ہے سمندر کا پانی پینا امتحان میں کامیابی کی دلیل ہے۔ سمندر کا سفر کرنا اگر جہاز میں ہو تو نوکری ملے اگر تیر کر کرے تو غیب سے خزانہ دستیاب ہوگا۔ سمندر سے مچھلی پکڑنا تعبیر اس کی یہ ہے۔ کہ کسی اعلیٰ مکتب سے اعلیٰ امتحان کی سند حاصل ہو۔ یا حکومت کے کسی عہدے پر فائز ہو کہ جہاں انصاف کے لئے لوگ آئیں۔

سورہ قرآن شریف

اگر قرآن شریف کی کسی سورہ کو دیکھے۔ یا اس کو تلاوت کرے یا اسے حفظ کرے۔ یا اس کو پڑھائے یا اس کو سنے تو اس کی تعبیر بہت نیک ہے۔ دن کے

خواب میں دیکھے تو دنیا کے تمام مطالب حاصل ہوں۔ رات کے خواب میں دیکھے تو عاقبت بخیر ہو۔ کسی قسم کا فکر و غم نہ ہو۔ تمام مقاصد دینی و دنیاوی حاصل ہوں۔ خاندان میں عزت۔ بزرگوں کے دل میں قدر۔ برابر والوں کے دل میں وقعت ہو۔ جس جگہ اور جس مجلس میں جائے۔ لوگ تعظیم کریں۔ دور دور سے لوگ ملنے کے لئے آئیں۔ کاروبار میں دن بدن ترقی ہوتی جائے۔

شیر

شیر ببر دیکھنا۔ بہادری اور صحت اور جواں مردی کی دلیل ہے۔ شیر کی آواز سننا۔ کسی جابر حاکم سے واسطہ پڑے۔ شیر سے ڈرنا۔ دشمن کا خوف جاتا رہے۔ اور وہ مغلوب ہو۔ شیر کو مارنا۔ دشمن پر فتح یاب ہو۔ بیماری سے شفا حاصل ہو۔ شیر کو پنجرے میں داخل کرنا۔ دشمن سے نجات حاصل ہو۔ کسی خطرناک چور سے مقابلہ ہو۔ جس کو گرفتار کر کے قید کرا دیا جائے۔

شہد

شہد چھتہ سے نکالنا۔ اس امر کی دلیل ہے۔ کہ گم شدہ خزانہ مل جائے۔
شہد کا کھانا۔ علم و فضل سے مالا مال ہو۔ اور لوگوں میں عزت ہو۔ شہد بیچنا۔ علم کے ذریعہ اور قرآن خوانی کے ذریعہ روپے کمائے۔ شہد کو پھینکنا۔ کسی مصیبت میں گرفتار ہو۔ مال و دولت کا خرچ ہو۔ عزیزوں سے نقصان اور عورت کی طرف سے رنج ملے۔ والدین کی جدائی اٹھانی پڑے۔

شادی

اگر اپنی شادی ہوتی دیکھے تو علامت ہے اس امر کی کہ بیمار ہو۔ یا کوئی اور غم دیکھے۔ اگر کسی اور کی شادی دیکھے۔ فلاں شخص کو مصیبت کا سامنا ہو۔ باپ کی شادی

ہوتے دیکھنا والدہ کے انتقال کرنے کی نشانی ہے۔ والدہ کی شادی ہوتے دیکھنا علامت ہے والدہ کی بیماری کی۔ بہن بھائی کی شادی دیکھنا اس امر پر دلالت کرتا ہے۔ کہ عنقریب کوئی مصیبت آنے والی ہے۔ شادی ہوتے دیکھ کر رونا علامت ہے اس بات کی کہ جس کی شادی دیکھ کر رویا وہ صاحب اقبال ہو اور اس کو کسی جگہ سے دولت ملے۔

شہر دیکھنا

شہر دیکھنا علامت ہے زیادہ رزق ملنے کی۔ شہر کی سیر کرنا۔ امتحان میں کامیاب ہونے کی دلیل ہے۔ شہر سے چیزیں خریدنا۔ کسی دوست سے ملاقات ہو یا کسی عزیز کا خط آئے۔ شہر میں مکان لینا۔ دلالت کرتا ہے کہ صاحب خواب کسی ہنر میں کامل ہو کر ترقی کرے گا۔ شہر سے نکلنا۔ امتحان میں ناکامی کی دلیل ہے۔ دوستوں میں بدنام اور بے عزت ہونے کا خطرہ ہے۔

صندوق

اگر کھلا ہوا صندوق دیکھے تو علامت ہے اس بات کی کہ مال چوری جائیگا۔ اور اگر صندوق بند دیکھے تو اس امر کی دلیل ہے۔ کہ امانت محفوظ رہے گی۔ اور مال ضائع نہ ہوگا۔ صندوق کو بند کرنا۔ نوکری سے برطرف ہونے کی علامت ہے۔ صندوق کے اندر بیٹھنا۔ کسی مقدمہ میں قید ہونے کا احتمال ہے۔ یا کسی بیماری میں گرفتار ہو۔ صندوق کو تالا لگانا پوشیدہ باتیں کہ جن کا ظاہر ہونا خطرناک ہے۔ محفوظ رہیں۔ امانت میں خیانت نہ ہو۔ نوکری پر مستقل ہو جائے۔ کاروبار و تجارت میں نقصان نہ ہو۔

صابون

صابون خرید کرنا۔ علم حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ صابون بنانا دولت و مال ملنے کی نشانی ہے۔ صابون سے ہاتھ دھونا نیکی کی طرف مائل ہونے اور برائی سے بچنے کی دلیل ہے۔ صابن سے کپڑے دھونا علامت ہے اس امر کی کہ گناہوں سے پاک ہو۔ برُے کام سے نفرت ہو۔ شراب کی عادت جاتی رہے۔ صابون کھانا اس امر پر دلالت کرتا ہے۔ کہ کہیں سے مالِ حرام ہاتھ لگے۔

صندل

صندل کا شربت پینا۔ بیماری سے صحت کی علامت ہے۔ صندل کا شربت بنانا بیمار ہونے یا کسی فکر و رنج میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ صندل خریدنا کسی حسین عورت سے نکاح ہو۔ یا خوب صورت فرزند پیدا ہو۔ صندل منہ پر ملنا لوگوں میں عزت، حکومت کی طرف سے انعام، اور خاندان میں وقعت ہو ۔ صندل کا درخت دیکھنا باقبال اور صاحب علم ہونے کی دلیل ہے۔

صراحی

صراحی خرید کرنا علامت ہے بیماری اور کسی غم کے لاحق ہونے کی۔ صراحی خالی دیکھنا آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہو۔ صراحی میں پانی بھرنا۔ دولت اور روزگار میں ترقی۔ صراحی کا ٹوٹنا بیماری سے شفا اور غم سے چھٹکارا اور مصیبتوں سے رہائی پانے کی دلیل ہے۔

صف

صف جسے چٹائی کہتے ہیں۔ اگر خواب میں نظر آئے تو پریشانی اور غم کی دلیل ہے۔ صف بچھانا تعبیر اس کی بیمار کے مرجانے کے متعلق ہے۔ صاحب خواب کو کوئی نقصان

نہیں۔ ضعف لپیٹنا۔ بیماری اور رنج و غم سے کلی شفا حاصل ہو۔ تمام پریشانیاں دُور رہوں۔

طوطا

طوطا پکڑنا علامت ہے کسی عورت کی محبت میں گرفتار ہونے کی عورت دیکھے۔ تو کسی مرد پر عاشق ہو۔ طوطا پنجرے میں بند کرنا دلیل ہے اس بات کی دوست کو تکلیف پہنچے۔ گھروالوں سے دور کسی غیر ملک میں چلا جائے۔ طوطے سے باتیں کرنا امتحان میں کامیاب ہونے کی دلیل ہے۔ اور کسی جگہ نوکری کا سلسلہ بننے کا خیال ہے طوطا فروخت کرنا۔ رنج و غم و فکر جو چند روز سے لاحق تھے سب دُور ہو جائیں۔ کسی دوست سے فائدہ ہو۔ طوطا اڑانا۔ قید سے رہائی ہو لیکن دلی مقصد کے پورا ہونے کی اُمید نہیں۔ طوطے کو مارنا۔ نحوست اور جہالت میں گرفتار ہونے کی علامت ہے۔

طبیب

طبیب سے علاج کرانا۔ صحت اور تندرستی کی علامت ہے۔ طبیب بننا۔ عقل و علم میں اضافہ ہو۔ طبیب سے جھگڑنا دلیل ہے اس بات کی کہ خواب دیکھنے والا کسی مہلک مرض میں گرفتار ہوگا۔ طبیب کو گھر میں داخل ہونے دیکھنا اس کی تعبیر یہ ہے۔ کہ جس گھر میں دیکھے اس گھر والوں پر کوئی مصیبت یا بیماری یا بیرزگاری کا حملہ ہو۔

طلاق

اپنی عورت کو طلاق دینا۔ دلیل ہے اس امر کی کہ عورت و مرد میں کمال محبت و یگانگی ہو۔ طلاق لکھنا۔ کسی مقدمہ یا جھگڑا کا فیصلہ خاطر خواہ ہو جائے۔ عورت کا طلاق مانگنا خاوند سے نفرت اور جدائی کی دلیل ہے۔ کسی عورت کو طلاق دلانا۔ اس خواب کی تعبیر یہ ہے۔ کہ وہ عورت اپنے خاوند کی تابعدار اور فرمانبردار ہو۔

طمانچہ

کسی کو طمانچہ مارنا۔ محبت اور حسنِ سلوک کی دلیل ہے۔ طمانچہ مارنا کسی بزرگ کو۔ دلیل ہے اس امر کی مارنے والا لوگوں میں ذلیل و خوار ہو اور عام رسوا ہو۔

فرج (شرمگاہ)

اگر اپنی عورت کی شرم گاہ دیکھے تو لڑکا لڑکی نابینا پیدا ہو۔ اگر کسی دوسری عورت کی شرم گاہ دیکھے تو حرام کاری کا مرتکب ہو۔ شرمگاہ کو ہاتھ لگانا دلیل اس امر کی ہے۔ کہ کسی بُرے کام کی طرف ارادہ کرے۔ عورت اگر اپنی شرم گاہ کو دیکھے تو بداعمال ہونے کی علامت ہے۔ شرم گاہ پر کسی غیر مرد کو قادر کرنا۔ عاقبت کی اور دُنیا کی خرابی کی دلیل ہے۔ شرمگاہ سے خون نکلنا مالِ حرام کے ملنے کی اُمید ہے۔

فرش

فرش بچھانا۔ رزق کی فراخی کی دلیل ہے۔ فرش پہ لیٹنا۔ صاحبِ علم ہونے کی نشانی ہے۔ فرش اینٹوں کا یا پتھر کا کرنا۔ دولتمند اور صاحبِ اولاد ہونے کی دلیل ہے۔ فرش اکھیڑنا۔ دولت اور مال کے ضائع ہونے کا احتمال ہے۔

فقیر

اپنے آپ کو فقیر کی حالت میں دیکھنا۔ عنقریب کسی جگہ سے دولت ملنے کی توقع ہے۔ فقیر سے ملاقات کرنا دل کی مراد پوری ہو۔ اور مشکلات کا خاتمہ ہو۔ فقیر سے دوستی پیدا کرنا۔ سعادت مندی اور نیک بخت ہونے کی علامت ہے۔ فقیر کو بخشیش دینا۔ ہر قسم کی بیماری سے شفا کامل حاصل ہو۔

طاعون

طاعون کی وبا دیکھنا۔ جس شہر یا قصبہ یا گاؤں میں دیکھے وہاں قحط پڑنے کا

احتمال ہے۔ اپنے آپ کو طاعون میں مبتلا دیکھنا مصیبت سے نجات پانے کی تعبیر ہے۔ طاعون کا علاج کرنا کسی نیک مقصد میں کامیابی کی تعبیر ہے۔ طاعون سے کسی کی موت دیکھنا۔ جس شخص کی موت دیکھے وہ مقدمہ سے بری اور مصیبت سے نجات پائے۔

عینک

عینک خریدنا۔ دانائی اور علم و فضل کی علامت ہے۔ عینک سے دیکھنا معاملہ فہم اور صاحب دماغ ہونے کی دلیل ہے۔ عینک توڑ دینا نوکری اور کاروبار کے چھوڑنے کی دلیل ہے۔ عینک گم ہونا۔ دلیل ہے اس بات کی کہ جس کام کو شروع کیا گیا ہے۔ اس کا انجام صحیح نہ ہو۔ وہ کام بگڑ جائے اور اس میں خسارہ ہو۔

عطر

عطر لگانا۔ نہایت ہی بہتر خواب ہے۔ اور ترقی اقبال کی دلیل ہے۔ عطر نکالنا علم حاصل کرنے اور اس میں کامیاب ہونے کا خیال ہے۔ عطر کی شیشی لینا۔ امتحان میں کامیاب ہو اور کامیابی کی سند حاصل ہو۔ عطر کسی کو دینا۔ دلیل ہے اس امر کی کہ کسی محتاج کو اس کی ضرورت کے مطابق کچھ دے۔

عاشق

خواب میں اگر کسی کو اپنے پر عاشق دیکھے تو نیک اور بہتر خواب ہے اور اگر کسی مرد یا لڑکے یا عورت پر اپنے آپ کو عاشق دیکھے تو جان و مال کے نقصان کا اندیشہ ہے۔ عاشق کو دیکھ کر بھاگنا دلیل اس امر کی ہے۔ کہ نیک کام کی طرف رغبت ہو۔ اور برے کام چھوڑ دے۔

عربی

عربی بولنا۔ مراد پوری ہونے کی دلیل ہے۔ عربی پڑھنا عالم ہونے پر

دلالت کرتا ہے۔ عربی کے اشعار پڑھ کر سنانا۔ واعظ اور لیکچرار ہونے کی تعبیر ہے۔ عربی کی لغات تیار کرنا۔ کسی مقدمہ میں جج مقرر ہونے کی دلیل ہے۔ عربی مدرسہ کھولنا۔ عاقبت اور دنیا کی بہتری کی دلیل ہے۔ عربی کا قاعدہ پڑھنا۔ نیک بختی کی دلیل ہے۔

عزرائیل (فرشتہ)

عزرائیل کا گھر میں داخل ہونا۔ بیماری اور موت کی علامت ہے۔ عزرائیل سے باتیں کرنا بیماری سے شفا پانے کی علامت ہے۔ عزرائیل سے بھاگنا۔ موت سے اور مقدمہ سے چھٹکارا ہو۔

عیسےٰ علیہ السلام کو دیکھنا

خیر و برکت کی نشانی ہے۔ عیسےٰ علیہ السلام سے ملاقات کرنا۔ طویل عمر اور صحت کی نشانی ہے۔ عیسےٰ علیہ السلام کے ساتھ آسمان پر جانا۔ مرتبہ بلند ہو۔ روزگار میں ترقی اور تنخواہ میں اضافہ ہو۔

فالودہ

فالودہ پینا۔ دل کی مراد پوری ہونے کی توقع ہے۔ فالودہ بنانا۔ کسی آدمی سے محبت اور دوستی پیدا ہو۔ فالودہ بیچنا۔ عام لوگوں کو ہدایت و گمراہی سے بچانے کی دلیل ہے۔ فالودہ تقسیم کرنا۔ لوگوں کو دین کی باتیں اور مسائل سمجھانے کی دلیل ہے

فارسی

خواب میں فارسی پڑھنا۔ دلیل ہے اس بات کی کہ صاحب خواب علم و فضل کا مالک ہو۔ فارسی کتاب کا پڑھانا۔ صاحب دولت ہونے کی دلیل ہے۔ فارسی کی باتیں کرنا۔ افغانستان یا ایران کا سفر در پیش ہو۔ فارسی کی ڈگری حاصل کرنا۔ کسی بلند مرتبہ کی ملازمت ملنے کا یقین ہے۔

فاختہ

فاختہ کا دیکھنا۔ عمل بد اور بری نیت کی نشانی ہے۔ اگر فاختہ کو پکڑے۔ تو دلیل اس کی یہ ہے۔ کہ وہ بدکاری کرتے پکڑا جائے۔ فاختہ کا بچہ لینا۔ فرزند ہونے کی دلیل ہے لیکن عمر بہت کم ہوگی۔ فاختہ کو ذبح کرنا۔ فاحشہ عورت سے تعلق چھوڑ دے۔ اور کسی نیک عورت سے تعلق پیدا کر کے نکاح کرے۔ فاختہ کو پنجرے میں ڈالنا۔ محبوب سے وصال ہو۔ دور کے کسی عزیز سے ملاقات ہو۔

قلم

قلم لینا۔ نوکری و ملازمت ملنے کی تعبیر ہے۔ قلم بنانا۔ علم حاصل کرنے کا یقین ہے۔ قلم سے لکھنا۔ حکومت کی طرف سے کسی عہدہ پر فائز ہونے کی دلیل ہے۔ یا امتحان میں کامیاب اور مقدمہ میں فتح یابی کی نشانی ہے۔ قلم گم ہونا۔ نوکری سے برخاست تجارت میں خسارہ اور زراعت میں کمی واقع ہونے کا اندیشہ ہے۔

قلمدان

قلمدان لینا۔ حکومت کا وزیر مقرر ہونے یا حکومت کے کسی بڑے عہدہ دار کا نائب مقرر ہونے کی تعبیر ہے۔ قلمدان صاف کرنا۔ عدل و انصاف سے حکومت کرنے کی دلیل ہے۔ قلمدان گم ہونا یا کسی نے چھین لینا۔ اس خواب کی تعبیر یہ ہے۔ کہ کسی کی سازش سے نوکری جاتی رہے۔ اور ملازم کو کسی وجہ سے تجارت میں خسارہ اور نقصان ہو۔

قینچی

قینچی خرید کرنا۔ اپنے ہاتھوں کسی مصیبت میں گرفتار ہونے کی تعبیر ہے۔ قینچی تیز کرنا۔ کسی عزیز و دوست پر ظلم کرنے کا خیال ہے۔ قینچی سے کپڑا کترنا۔ دوستوں سے اور بزرگوں اور عزیزوں سے محبت نہ رہے۔ آپس میں دشمنی ہو جائے۔ قینچی کا گم ہونا بچھڑے ہوئے دوست و عزیز مل جائیں۔ ماں باپ کی ناراضگی دور ہو۔ جائداد سے

کافی حصہ ملے۔ اور سب پریشانی دُور ہو۔

قاہرہ

مصر کا دارالخلافہ قاہرہ کو خواب میں دیکھنا۔ بلند اقبال اور صاحب مرتبہ ہونے کی دلیل ہے۔ قاہرہ میں اقامت۔ دلیل اس بات کی ہے۔ کہ علم کی تحصیل کا شوق ہو۔ قاہرہ سے تحفہ۔ عربی علم میں کامیاب ہو اور کسی مدرسہ کا معلم ہو۔

قصائی

قصائی کا کام کرنا۔ کسی سخت اور مشقت کی نوکری ملنے کی اُمید ہے۔ قصاب کو دوست بنانا جھگڑے اور لڑائی کی تعبیر ہے۔ قصاب سے گوشت لینا۔ بیماری سے شفا پانے کی علامت ہے۔ قصائی کا گھر میں آنا۔ تعبیر اس کی یہ ہے۔ کہ کسی کی موت واقع ہو۔ قصائی کو گھر میں خود لانا دلیل یہ ہے کہ لڑائی میں کسی کا خون کرے۔

قرآن مجید

قرآن مجید پڑھنا۔ نیک بخت اور سعادت مندی کی دلیل ہے۔ قرآن مجید خریدنا۔ نیکی کی طرف رجوع کرنے کا خیال ہے۔ قرآن مجید لکھنا۔ روزی حلال کمانے اور اس میں برکت پڑنے کی تعبیر ہے۔ قرآن مجید تقسیم کرنا۔ دولت مندی اور صاحب اقبال ہونے کی اُمید ہے۔ قرآن مجید کا ختم کرنا۔ اُمید سے بڑھ کر فائدہ ہو۔ اور غیب سے روزی میسر ہو۔

قالین

اگر قالین بچھا ہُوا دیکھے تو شادی ہو۔ اگر قالین کو اکٹھا کرے یا اکٹھا کیا ہُوا دیکھے تو کسی غم میں مبتلا ہونے کی تعبیر ہے۔ قالین بننا۔ نوکری اور تجارت میں جھگڑا پیدا ہو کر نقصان ہو۔ قالین فروخت کرنا۔ دولت مند بننے اور صاحب عزت

بننے کا خیال ہے۔ قالین کی چوری کرنا۔ کسی مصیبت کا پیش خیمہ ہے۔ صدقہ دینا چاہیئے۔

قیامت

خواب میں اگر قیامت برپا دیکھے۔ تو وبا اور بیماری کا اندیشہ ہے۔ قیامت میں اپنا حساب کتاب دیکھنا۔ آخرت میں نیک اعمال کی وجہ سے چھٹکارا پانے کی دلیل ہے۔ قیامت سے گھبرانا۔ کسی خوفناک حادثہ کے ہونے کی تعبیر ہے۔ مسور اور چنے کا صدقہ دینا چاہیئے۔

کعبہ شریف

کعبہ شریف دیکھنا۔ سعادت اور نیک بختی کی دلیل ہے۔ کعبہ کا طواف کرنا زیادتی دولت و زیادتی مال کی نشانی ہے۔ کعبہ شریف کو اپنے گھر میں دیکھنا۔ کسی بزرگ کی تشریف آوری و برکت حاصل ہونے کا یقین ہے۔ کعبہ شریف کی زیارت کے لئے تیار ہونا۔ تمام مقاصد اور تمام مرادیں پوری ہونے کی نشانی ہے۔ کعبہ کی طرف منہ کرکے نماز پڑھنا۔ فرزند ہونے کی تعبیر ہے۔

کشتی

کشتی لڑنا۔ بیماری سے صحت پانے اور مقدمہ میں فتح پانے کی علامت ہے۔ کشتی کرانا۔ گھر میں فساد اور جھگڑے کی دلیل ہے۔ کشتی دیکھنا۔ تماش بینی اور بیہودہ گوئی میں دولت صرف ہو۔ کشتی میں شکست کھانا مقدمہ میں ناکامی۔ امتحان میں فیل۔ اور نوکری کی امید سے جواب مل جائے۔ کشتی کا منصف بننا۔ جھگڑے اور فساد جو گھر میں ہوں اُن کے مٹنے کی علامت ہے۔

کستوری

کستوری خریدنا۔ دولت مندی اور عیش پسندی کی علامت ہے۔ کستوری کھانا

غم و فکر اور رنج کا سامنا ہو۔ کستوری بیچنا۔ عجب سے روزی ملے۔ اور کسی بزرگ سے فیض حاصل ہو۔ کستوری کی خوشبو سونگھنا علامت ہے کسی دلی مراد کے پورا ہونے کی۔

کیلا

کیلا کا پھل کھانا۔ نحوست کی دلیل ہے۔ کیلا خرید کرنا۔ معمولی زکام اور بخار کا احتمال ہے۔ کیلا کا درخت لگانا۔ متعدی امراض میں مبتلا ہونے کی تعبیر ہے۔ کیلا کے پتے اتارنا۔ کسی راز کے افشا ہونے کا وقت قریب ہے۔ کیلا کا باغ دیکھنا شہر یا قصبہ میں بیماری کی وبا کا احتمال ہے۔

کُتّا

کتا پالنا۔ وفادار ملازم ملنے کی امید ہے۔ کُتا سے پیار کرنا۔ کسی غیر عورت پر عاشق ہو۔ یا کسی خوبصورت لڑکے سے ناجائز تعلق ہو۔ کُتّے کو مارنا۔ بُری باتوں سے پرہیز کرے۔ اور نیکی کی طرف مائل ہو۔ اگر خواب میں یہ دیکھے کہ گھر کے پالتو کُتّے نے کاٹا ہے۔ تو گھر میں کوئی دشمن ہے۔ اور اگر یہ دیکھے کہ باہر کے کسی کُتّے نے کاٹا ہے۔ تو باہر سے اس کا کوئی دوست دشمنی کرے۔

کارد

کارد دیکھنا تعبیر اس کی یہ ہے۔ کہ عورت خوبصورت ملے۔ کارد تیز کرنا۔ کسی دشمن پر مغلوب ہو۔ کارد سے کاٹنا۔ کسی عزیز دوست سے معمولی بات پر رنجش پر قطع کلامی ہو جائے۔ کارد کا گم ہونا۔ دشمنوں کی دشمنی ختم ہو جائے اور وہ صلح کے لئے التجا کریں۔

گائے

اگر شیر دار گائے کو دیکھے تو لڑکی پیدا ہو۔ یا دولت ملے۔ اگر بغیر شیر دار

کے دیکھے۔ تو عورت کا حمل گر جانے کا اندیشہ ہے۔ گائے خرید کرنا۔ شادی ہونے کی علامت ہے۔ گائے فروخت کرنا تجارت میں نفع اور کاروبار میں ترقی کی اُمید ہے۔ گائے کی پوجا کرنا۔ ہندوؤں کے لئے باعث برکت اور مسلمانوں کے لئے باعثِ ذلت ہے۔

گاجر۔ گوبھی

ان دونوں کو خواب میں دیکھنا ترقی۔ مرتبہ اور تجارت میں فائدہ کی دلیل ہے۔ گاجر کھانا۔ اس بات کی علامت ہے۔ کہ حلال روزی میسر ہو۔ گوبھی پکانا۔ گھر کے جھگڑے اور رنج دُور ہو جانے کی علامت ہے۔

گنا

گنا چوسنا۔ اس کی تعبیر یہ ہے۔ کہ کسی عزیز دوست سے کافی فائدہ پہنچے۔ گنا فروخت کرنا دلیل ہے اس امر کی کہ کسی دوست سے ناراضگی ہو۔ یا کوئی چیز گم ہو جائے۔ یا کوئی اور نقصان ہو۔

گالی دینا

اگر کسی بزرگ کو گالی دے۔ تو تباہی و بربادی کی نشانی ہے۔ اگر کسی خورد کو گالی نکالے۔ تو اس کے نافرمان ہونے کی علامت ہے۔ اگر کوئی صاحبِ خواب کو گالی دے۔ تو رحمت کی نشانی ہے۔

گُڑ کھانا

اگر خواب میں تازہ گُڑ کھائے۔ تو فرزند ہونے کی دلیل ہے۔ اگر پُرانا گُڑ کھائے تو لڑکی پیدا ہو۔ گُڑ تقسیم کرنا اس کی تعبیر یہ ہے۔ کہ کہیں ملازمت کا بندوبست ہو۔ اور روزی فراخ ہو۔

لیموں

لیموں کھانا۔ کسی مقدمہ میں گرفتار ہو کر رہا ہونے کی علامت ہے۔
لیموں کا اچار ڈالنا۔ پریشانی اور رنج و غم کی نشانی ہے۔ لیموں کا عرق
نکالنا۔ چوری کا سُراغ ملے۔ اور گم شدہ چیز واپس مل جائے۔

لڑکا

خواب میں لڑکا دیکھے خواہ وہ اپنا ہو یا کسی کا نیک خواب ہے۔ کسی خاص جگہ
سے کوئی مال ملنے کی دلیل ہے۔ لڑکے کو روتے دیکھنا۔ کسی مصیبت کے آنے
کا احتمال ہے۔ لڑکا گود میں دیکھنا۔ مال و دولت ملے اور کاروبار میں ترقی ہو۔

لڑائی

لڑائی کرنا۔ جس سے لڑائی کی جائے۔ اس سے محبت ہو۔ ماں باپ سے
لڑائی کرنا دلیل ہے کسی مصیبت اور کسی بیماری کی۔ لڑائی کو بند کرنا۔ بیماری سے
شفا حاصل ہو۔ طبیعت کو سکون حاصل ہو۔

لباس

اگر دیکھے کہ لباس نیا پہنا ہے۔ تو کسی خوشخبری کے ملنے کی علامت ہے۔
اگر لباس پُرانا پہنے تو بیماری کی علامت ہے۔ لباس دوسرے شخص کا پہننا
کسی دوست سے حاجت پوری ہو۔ اور کوئی عزیز ضرورت کے وقت کام آئے۔
لباس فوجی۔ حکومت میں قبلہ ہو اور رتبہ میں مزید ترقی ہو۔

لحاف

لحاف اوڑھ کر سونا۔ علامت ہے بیماری اور غم و فکر کی۔ لحاف خرید کرنا

دلیل ہے کسی اُمید اور مشکل کام کے پورا ہونے کی۔ لحاف کسی اور کو دینا مرد دیکھے تو عورت کو طلاق دے۔ عورت دیکھے تو خاوند فوت ہو جائے۔

حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

حضور سرورِ کائنات کو خواب میں دیکھنا۔ دنیا کی سب نعمتوں سے افضل اور بہت ہی مبارک خواب ہے۔ کیونکہ خواب میں حضور کا تشریف لانا ثابت کرتا ہے۔ کہ صاحبِ خواب نہایت ہی اعلیٰ قسمت کا مالک ہے۔ جس کی دین و دنیا سب سے عمدہ ہو گی۔ دین و دنیا میں صاحب قسمت ہو گا۔ تمام لوگ اس کی طرف رجوع کریں گے۔ اور ہزارہا لوگ اس کے غلام ہوں گے۔

مسجد

مسجد میں جانا۔ نیک بختی اور حصول سعادت مندی کی دلیل ہے۔ مسجد بنانا روزی فراخ ہو۔ اور رزق بے حساب ملے۔ مسجد میں اذان دینا۔ بلند مرتبہ ہونے کی تعبیر ہے مسجد میں سونا۔ خدا کے حکموں کی طرف سے غافل اور بے پرواہی کی علامت ہے

مدینہ منورہ

خواب میں مدینہ منورہ کا دیکھنا دلالت کرتا ہے کہ صاحب خواب بہت ہی پرہیزگار اور متقی ہے۔ اور وہ سُنت رسول کریمؐ کا عامل ہے۔ لوگ اس کا ادب کرینگے۔ بلکہ تمام جہاں اس کی تعظیم کرے گا۔ رزق بے حساب ملے گا۔ اور زیارت روضہ مقدس کی سعادت حاصل ہو گی۔

نماز

نماز پڑھنا کسی خوشخبری کے ملنے کی علامت ہے۔ نماز یاد کرنا امتحان کی تیاری اور اس میں کامیابی کی دلیل ہے۔ نماز پڑھانا۔ لوگوں کو نیک رستہ پر چلائے اور حلال روزی ہاتھ لگے۔ نماز سے روکنا بدبختی کی علامت ہے۔ توبہ و استغفار

کرنی چاہئے۔

ناخن

ناخن کاٹنا۔ نحوست اور کسی پریشانی میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔ ناخن بڑھے ہوئے دیکھنا۔ آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہونے کی تعبیر ہے۔ ناخن چبانا کسی کی امانت میں خیانت کرنے کا احتمال ہے۔

نارنگی

سبز نارنگی دیکھنا۔ اس امر کی علامت ہے۔ کہ لڑکی پیدا ہوگی اور کہیں سے تحفہ آئے گا۔ پختہ نارنگی دیکھنا۔ لڑکا تولد ہونے کی تعبیر ہے۔ نارنگی کھانا۔ مشکلات آسان اور مقاصد میں فتح ہوگی۔ نارنگی کا باغ دیکھنا۔ مال و اولاد کی کثرت ہوگی۔

نمک

نمک کھانا۔ مال ملنے کی علامت ہے۔ نمک کسی کو دینا۔ دلیل ہے کہ وہ شخص فرمانبردار ہوگا۔ نمک پانی میں ملانا۔ ناراض دوستوں سے صلح ہو۔ کھانے میں نمک ڈالنا۔ دلالت کرتا ہے کہ صاحب خواب مبلغ یا سفیر مقرر ہوگا۔

وضو

وضو کرنا۔ نیک اور شریف خصلت ہونے کی نشانی ہے۔ وضو کرانا کسی کو نیک ہدایت اور سیدھا راستہ بتلانے کی دلیل ہے۔ وضو توڑنا کسی نیک کام کو ترک کی تعبیر ہے۔

وسمہ

وسمہ لگانا۔ تنگی گزران اور آمدنی کم ہونے کی نشانی ہے۔ وسمہ کسی کو دینا۔ اس

امر پر دلالت کرتا ہے۔ کہ بیننے والا کسی نکدیورنج میں مبتلا ہوگا۔ وسمہ خریدنا کرنا اس کی دلیل یہ ہے۔ کہ نوکری یا اولاد کی طرف سے فکر لاحق ہوگا۔

ہُدہُد

ہُدہُد پرندہ دیکھنا علامت ہے خوش حالی اور فارغ البالی اور کسی سے نفع پانے کی۔ ہُدہُد کو پکڑنا۔ اس کی تعبیر یہ ہے۔ کہ کسی نیک کام یا کسی اعلیٰ تجارت کی طرف ہاتھ بڑھائے۔ اور اس میں کامیابی ہو۔

ہاتھی

ہاتھی دیکھنا۔ کسی بلند مرتبہ پر فائز ہونے کی دلیل ہے۔ ہاتھی پر سوار ہونا تعبیر اس کی یہ ہے۔ کہ خواب دیکھنے والا کسی اعلیٰ عہدہ پر فائز ہوگا۔ ہاتھی کو مارنا علامت ہے کہ کسی بزرگ کے ساتھ لڑائی ہو۔ ہاتھی کا گھر میں آنا۔ زراعت سے کافی فائدہ ہو۔ نوکری کا بندوبست ہو جائے۔ دولت بے شمار ملے۔

یاقوت

یاقوت لینا علم حاصل کرنے کی دلیل ہے۔ یاقوت خریدکرنا کسی عہدہ پر فائز ہونیکا نشان ہے۔ یاقوت کا کشتہ کرنا۔ دلیل اس امر کی ہے۔ کہ جمع شدہ مال ضائع ہو۔ اور امانت میں خیانت ہو۔

واللہ اعلم بالصواب

تمام شد

(بار)

عملیات کی تمام کتابوں کی سرتاج یعنی کتاب

مجربات عملیات وتعویذات

مصنفہ عالیجناب حضرت صاحبزادہ مولانا محمد افضل صاحب نقشبندی قادری چشتی علیپوری

عملیات کی یوں تو سینکڑوں نہیں ہزاروں کتابیں موجود ہیں۔ لیکن اکثر کتابیں ایسے لوگوں کی تالیف ہوتی ہیں کہ جن کو اس علم سے دور کی بھی نسبت نہیں۔ اور جو کتابیں گذشتہ بزرگوں کی لکھی ہوئی ہیں ان کو چھاپنے والوں نے بے توجہی سے غلط در غلط چھاپ کر ستیاناس کر دیا ہے

یہ کتاب

عالی جناب مولوی محمد افضل صاحب نقش بندی۔ مجددی، علی پوری کے اپنے خاندان کے تمام مجرب و تیر بہدف عملیات کی خاص بیاض ہے۔ جس کے متعلق خود حضرتِ موصوف ہی فرماتے ہیں۔

کہ خدا کے فضل سے یہ کتاب ایسے ایسے نادر الوجود عملیات اور ایسے ایسے زود اثر ٹوٹکوں سے بھرپور ہے کہ جو کبھی خطا نہیں گئے۔ اور نہ ہی اگر حسب ہدایت عمل کیا گیا تو خطا جائیں گے۔ مایوسوں کو امید دلانے والی تمام مہمات اور مشکلات میں کام آنے والی یہ ایک ایسی اعلےٰ کتاب ہے۔ کہ جس کا ہر عمل اور ہر وظیفہ اور ہر نقش مجرب اور آزمودہ ہے۔

قیمت

منگانے کا پتہ

قریشی بک ایجنسی۔ کشمیری بازار لاہور

لڑکیوں اور مستورات کے پڑھنے کے لئے بہترین کتابیں

سلسلہ کتب تعلیم النساء

مصنفہ: محمد نذیر عرشی صاحب

دورِ حاضر میں اخلاق حسنہ سے عاری، دین سے بیگانہ اور اسلامی آداب سے ناواقف ہونے کی وجہ سے آنے والی نسل کی جو حالت ہے، وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ سکول کے بچوں اور بچیوں کا شوق وہ رخ اختیار کر رہا ہے جو ان کو صحیح راستہ کی بجائے غلط راستہ پر لئے جا رہا ہے اس لئے اس وقت صحیح تعلیم دینے اور صراطِ مستقیم دکھانے والی کتابیں ان کو پڑھانا بہت ضروری ہو گیا ہے اس ضرورت کے پیشِ نظر لڑکیوں کی صحیح تعلیم کے لئے اسلامی کتابوں کا یہ بہت مفید سلسلہ شائع کیا گیا ہے۔

ان کتابوں میں لڑکیوں کو دین اسلام کی تعلیم کے ساتھ ساتھ اسلامی اخلاق و آداب اور معاشرت۔ امورِ خانہ داری اور صحت و صفائی کی تعلیم بھی دی گئی ہے۔ لڑکیوں اور مستورات کے لئے اس قسم کی کتابیں بہت کم لکھی گئی ہیں اور اتنی مفید اور اعلےٰ کتابیں تو پاکستان میں کہیں دستیاب نہیں ہوتیں۔

علمائے دین نے متفقہ طور پر ان کتابوں کو بے حد پسند کیا ہے اور لڑکیوں کے لئے ان کا پڑھنا ضروری قرار دیا ہے۔

قیمت تعلیم النساء کا قاعدہ، تعلیم النساء کی پہلی کتاب تعلیم النساء کی دوسری کتاب، تیسری کتاب، چوتھی کتاب، پانچویں کتاب۔

منگوانے کا پتہ

قریشی بک ایجنسی کشمیری بازار لاہور

روحانیت اور اسلامی فلسفہ حیات کی بلند پایہ کتاب

شرح مثنوی مولانا روم

مفتاح العلوم

مصنفہ :- مولانا محمد نذیر عرشی صاحب

مثنوی مولانا روم نہ صرف ادبیات فارسی کی بلند پایہ کتاب ہے بلکہ روحانیت اور اسلامی فلسفہ حیات میں بھی اس کا پایہ بہت بلند ہے۔

دنیا کی بہت سی زبانوں میں اس کی شرحیں لکھی گئی ہیں۔ اردو زبان میں اس کی کئی شرحیں شائع ہوئیں جو اب بہت کم ملتی ہیں مفتاح العلوم اردو زبان میں مثنوی مولانا روم کی ایک ایسی شرح ہے جو اپنی خاص خوبیوں کی وجہ سے سب سے زیادہ مقبول ہے۔ درحقیقت مثنوی مولانا روم کی تمام اردو شرحوں سے مفتاح العلوم کا مقام بلند ہے اور ایسی جامع شرح اس سے پہلے کبھی نہیں لکھی گئی اس کی چند خاص خوبیاں یہ ہیں :-

مثنوی شریف کا ہر شعر جلی قلم میں لکھا گیا ہے۔ ہر شعر کے نیچے حسب ضرورت لغات۔ صرفی نحوی ترکیب اور صنائع بدائع کا بیان ہے پھر شعر کا ترجمہ بامحاورہ اور سلیس زبان میں دیا گیا ہے۔ اس کے بعد ہر شعر کی نہایت مدلل شرح جس میں حسب ضرورت آیات قرآنی اور احادیث کے حوالہ جات۔ سلف صالحین و علمائے دین کے اقوال اور دلائل سے وضاحت کی گئی ہے۔ شعر کے مطالب کی وضاحت کرتے ہوئے قدیم اور جدید دور کے مشہور شعرا کے اشعار برموقع اور برمحل دے کر اس شرح کی شان کو بلند کر دیا ہے۔ رموز تصوف اور دقیق مسائل کو اس خوبی سے حل کیا ہے کہ کوئی الجھن باقی نہیں رہتی اور ہر قابلیت کے آدمی کا ذہن اس کو قبول کرتا ہے۔ یہ وہ خاص خوبیاں ہیں جو آپ کسی دوسری شرح میں نہیں پائیں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ شرح اس قدر آسان انداز میں لکھی گئی ہے کہ معمولی پڑھا لکھا آدمی اس سے روحانی فیض حاصل کر سکتا ہے۔ مثنوی مولانا روم کے چھ دفتروں کی شرح ۱۷ حصوں میں مکمل شائع ہو چکی ہے۔ قیمت فی حصہ بلا جلد ۲۵ روپے۔ فی حصہ مجلد ۳۰ روپے مکمل سیٹ بلا جلد ۴۲۵ روپے اور مکمل و مجلد سیٹ ۵۲۵ روپے۔

ملنے کا پتہ :

قریشی بک ایجنسی ، کشمیری بازار — لاہور